## قومی نصاب برائے 2022-23

# اسلامیات (لازمی)

## جماعت اوّل تا انٹرمیڈیٹ



**قومی نصاب کونسل سیکریٹریٹ**

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان

# قومی نصاب برائے 2022-23

# اسلامیات (لازمی)

## جماعت اوّل تا انٹرمیڈیٹ


قومی نصاب کونسل سیکریٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ امر ہمارے لیے فخر کا باعث ہے کہ ہم قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ کی جانب سے پاکستان کی 75 سالہ تاریخ کا پہلا بنیادی نصاب پیش کر رہے ہیں۔ آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 25اے کے تحت تعلیم کے حق کی فراہمی کے ساتھ ساتھ، پاکستان کا قومی نصاب وطنِ عزیز کے ہر بچے کو ہر پل بدلتی اس دنیا میں پھلنے پھولنے اور خود کو اس کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لیے ضروری مہارتوں سے لیس کرنے کی غرض سے ترتیب دیا گیا ہے ۔

اس نصاب کو بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان بھر کے نوجوانوں کی معاشی، مذہبی اور سماجی ضروریات کی حساسیت کو بھی مدنظر رکھا گیاہے۔ اس نصاب کا ایک اور اہم مقصد جماعت کے کمرے میں تعلیم کے حصول میں رٹے کی حوصلہ شکنی اور علم کو اس کی روح کے مطابق سیکھنے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

تصور پر مبنی تعلیم قومی نصاب کے تمام پہلوؤں پر محیط ہے اور نصابی کتابوں، تدریس، کلاس روم پریکٹس، اور تشخیص کو ترتیب دیتی ہے تاکہ طلبہ کے سیکھنے کے نتائج کو بہتر بنایا جاسکے۔ تنقیدی سوچ کی مشقوں کی ایک بھرپور فہرست سے استفادہ کرتے ہوئے، طلبہ زندگی بھر سیکھنے کا سفر شروع کرنے کے لیے پر اعتماد ہوں گے، اپنی کمزوریوں کو تسلیم کرنے کے قابل ہوں گے اور اپنی مہارتوں کو بڑھانے کا شوق پیدا کریں گے۔

اس قومی نصاب کو ایک ملک گیر مشاورتی عمل کے ذریعے تیار کیا گیا ہے جس میں سرکاری، نجی اور غیر سرکاری شعبوں کے ماہرینِ نصاب سمیت دیگر ماہرین کی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔ اس نصاب کی تیاری میں صوبائی محکمہ ہائے تعلیم، ٹیکسٹ بک بورڈز، امتحانی محکمہ جات، تربیت اساتذہ کے ادارے، دینی مدارس، سرکاری و نجی ناشران، نجی تعلیمی ادارے اور نجی تعلیمی اداروں کی تنظیموں کے نمائندوں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا تاکہ یہ نصاب تمام پاکستانی طلبہ کی ضروریات کو پورا کر سکے۔

ہر شعبے کے تعلیم سے وابستہ ماہرین کے تجربات اور اجتماعی دانش اس نصاب کی مضبوطی کا باعث ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ شمولیت، ہم آہنگی اور امن کی بنیادی اقدار کی شمولیت اس نصاب کو حقیقی معنوں میں وطنِ عزیز کی تعلیمی امنگوں کا ترجمان بناتی ہے۔

میں اس موقع پر طلبہ، اساتذہ اور والدین سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنھوں نے پاکستان کے قومی نصاب کی تیاری میں اپنا کردار ادا کیا۔

**ڈاکٹر مریم چغتائی**

ڈائریکٹر

قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## پیش لفظ

قومی نصاب برائے اسلامیات کی تیاری کے لیے نظر ثانی کمیٹی نے انتہائی پر خلوص کوششوں اور گزشتہ نصابات کا جائزہ لینے کے بعد اس نصاب میں بہتری لانے کی حتی الامکان سعی کی ہے۔ پہلا مسودہ تیاری کے بعد تمام صوبوں اور علاقوں میں بھیجنے کے علاوہ ویب سائٹ پر بھی رکھا گیا اور بذریعہ اشتہارات مختلف سٹیک ہولڈرز کو دعوت دی گئی کہ وہ اس ڈرافٹ نصاب کے متعلق اپنی آرا و تجاویز بھیجیں۔ مزید برآں ملک بھر میں ماہرین نصابیات، تیاری کتب، امتحانات، اساتذہ، والدین اور طلبہ کے ساتھ مشاورت کی نشستیں رکھی گئیں تاکہ اس نصاب کے متعلق تجاویز حاصل کی جاسکیں۔ دینی مدارس کے وفاقات وتنظیمات کے نمائندوں نے اس نصاب کا جائزہ لینے کے بعد اس کی توثیق کی اوراسلام آباد میں تمام صوبوں، علاقوں، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ اینڈ گیریژن) اور محققین و ماہرینِ مضمون کے اجلاس میں یہ نصاب تکمیل تک پہنچا۔

نصابِ اسلامیات کی نظر ثانی کا مقصد ہے کہ یہ نصاب محض عقائد، عبادات، سیرت اور اخلاق و آداب کی معلومات تک محدود نہ رہے بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور ان کی شخصیت میں رسوخ پیدا کیا جائے۔ اس لیے نصاب میں دو دائرہ ہائے کار (Strands) کا اضافہ کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو دور حاضر کے مسائل کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل کرنے کی ترغیب دی جاسکے۔ ان میں ''حسن معاملات و معاشرت'' اور ''اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے'' شامل ہیں۔ مزید برآں نبی کریم صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے عملی پہلوؤں کو نصاب اسلامیات کا حصہ بنایا گیا تاکہ ابتدا ہی سے طلبہ کے لیے ہر معاملے میں سیرت طیبہ ایک روشن مثال کی صورت میں مشعلِ راہ ثابت ہو۔

نصاب کی تیاری میں دائرہ ہائے کار (Strands) معیارات (Standards)، حدودِ تدریج (Benchmarks) حاصل تعلّم (Learning Outcomes) اور مجوّزہ سرگرمیوں (Activities) کے علاوہ مجوّزہ تشکیلی و تکمیلی جانچ (Suggested Formative and Summative Assessment) کو بھی باقاعدہ طور پر شامل کیا گیا ہے جو نہ صرف تیاری کتب میں مدد دے گا بلکہ اساتذہ کے لیے بھی بطور سبقی خاکہ ممد و معاون ثابت ہو گا۔

نصاب میں طلبہ کے سیکھنے کے مواقع بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبہ اسلامیات کو صرف مضمون کے طور پر نہ پڑھیں بلکہ اس کو اپنی روزمرہ زندگی میں شامل عمل کر سکیں اور ایک اچھا مسلمان بن سکیں۔ نظر ثانی کمیٹی برائے اسلامیات نے نصاب کے تدریسی مواد کے اطلاق کو عام فہم اور آسان زبان میں متعارف کروانے کی تجویز دی ہے اور اساتذہ اور مصنفین کے لیے ہدایات بھی ترتیب دی ہیں جن پر عمل کرنے سے بہترین نتائج کی امید کی جاسکتی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ اس نصاب اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ اپنی ملی و قومی شناخت پر فخر کر سکیں اور اس کے ساتھ ساتھ اقوامِ عالم میں اپنی اقدار پر کاربند رہتے ہوئے بھرپور کردار ادا کر سکیں۔

# مقاصد تدریسِ اسلامیات (اول تا دوازدہم)

**نصابِ اسلامیات اول تا دوازدہم کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

ا۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدۂ ختم نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قرآن مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدقِ دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں۔

۴۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں- سچے دل سے سیرت اور اسوہ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سر انجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموز او قاف، درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق و شوق اور خشیت واخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

٦۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آدابِ معاشرت، حسنِ اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی اس کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاعِ وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاقِ حسنہ مثلاً خدمتِ خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم و ضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاقِ رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور و تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو کر ایک ذمہ دار شہری کا کردار ادا سکیں۔

۱۳۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۴۔ مسلمانوں کے تابناک ماضی پر فخر کر سکیں اور عظیم مسلمان شخصیات کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنا سکیں۔

۱۵۔ ۔اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے ۔یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انھیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۶۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں۔ جدید آلات اور ذرائع مواصلات کا مثبت اور موزوں استعمال کر سکیں۔

۱۷۔ علم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تحقیق، غور و فکر، تدبر اور پرکھنے کا جذبہ بیدار کر سکیں۔ عہد حاضر کے نئے رجحانات کو اسلامی نقطہ نظر سے سمجھ سکیں اور اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔

۱۸۔ نظریۂ پاکستان کی حقیقی روح کو قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھتے ہوئے مملکتِ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے میں فعال کردار ادا کر سکیں۔

۱۹۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں حفظانِ صحت کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنی ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

۲۰۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجر کاری اور پانی بچاؤ مہم جیسی سرگرمیوں میں پر جوش حصہ لے سکیں۔

۲۱۔ اسلامی اقدار وروایات سے متصادم اور ثقافتی یلغار سے متاثر ہوئے بغیر قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق انفرادی، خاندانی اور معاشرتی زندگی استوار کر سکیں۔

۲۲۔ مسلم شناخت کو اپنے ظاہری اعمال، کردار اور رویوں میں اختیار کر سکیں اور شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

# اسلامیات کے قومی نصاب کی ترتیب

اسلامیات کا یہ نصاب ترتیب کے لحاظ سے پہلی سے بارہویں جماعت تک ہے۔ یہ نصاب طلبہ کی طبعی عمر اور ذہنی سطح سے مطابقت اور علمی، سماجی اور مذہبی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نصاب میں استعمال ہونے والی چند اصطلاحات کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

## دائرہ ہائے کار (Strands)

قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) درج ذیل سات دائرہ ہائے کار پر مشتمل ہے:۔

1. قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم
2. ایمانیات و عبادات
3. سیرتِ طیّبہ
4. اخلاق و آداب
5. حسنِ معاملات و معاشرت
6. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام
7. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

## معیارات (Standards)

قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات دائرہ ہائے کار پر مشتمل ہے۔ ہر دائرہ کار کے الگ الگ معیار (Standard) مقرر کیے گیے ہیں۔ معیار سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ اسکول کے بارہ سالوں میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## حدودِ تدریج (Benchmarks)

نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حدودِ تدریج، معیارات کے حصول کے لیے مقرر کیے گیے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ مقرر کردہ پانچ حدودِ تدریج میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

| حدودِ تدریج | جماعتیں |
|---|---|
| اوّل | پہلی اور دوسری جماعت |
| دوم | تیسری تا پانچویں جماعت |
| سوم | چھٹی تا آٹھویں جماعت |

| | |
|---|---|
| چہارم | نویں اور دسویں جماعت |
| پنجم | گیارہویں / بارہویں جماعت |

## حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes)

نصابِ اسلامیات کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حدودِ تدریج کے حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصل تعلّم مقرر کیے گیے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور روّیوں کے بارے میں ہمارے حاصلات کے متوقع نتائج ہیں جو طلبہ کسی خاص جماعت، باب یا عنوان میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے روّیوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## مجوّزہ سرگرمیاں (Suggested Activities)

نصابِ اسلامیات کے معیارات، حدودِ تدریج اور حاصلِ تعلّم کے بہتر حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصل تعلّم مقرر کیے گیے ہیں۔ ان حاصل تعلّم میں وقوفی (Cognitive)، مہاراتی (Psychomotor)، اور رویہ جاتی (Affective) پہلوؤں کے حصول کے لیے مجوّزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) بھی شامل کی گئی ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ جہاں ممکن ہو ان سرگرمیوں کو استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ اساتذہ کرام اپنے ماحول اور موجود سہولیات کے مطابق سرگرمیوں کا انتخاب کریں گے۔

## مجوّزہ جانچ (Suggested Assessment)

مجوّزہ جانچ میں دونوں طرح کی جانچ یعنی تشکیلی جانچ اور تکمیلی جانچ شامل کی گئی ہے۔ اس اضافے کا مقصد اساتذہ کرام کو ایک سبقی خاکہ مہیا کرنا ہے تاکہ وہ مجوّزہ کتاب کے ساتھ ساتھ بہتر تدریس کے لیے حاصل تعلّم کو مدنظر رکھتے ہوئے وقتاً فوقتاً طلبہ کی جانچ کرسکتے ہیں اور نتائج کی روشنی میں اپنے طرزِ تدریس میں بہتری لاسکتے ہیں۔

# ناظرہ قرآن مجید

لازمی تدریس قرآن ایکٹ 2017 کے تحت پہلی جماعت سے پانچویں تک ناظرہ قرآنِ مجید پڑھانا لازمی ہے۔ صوبوں اور علاقوں میں ان کے صوبائی ایکٹ کی روشنی میں قرآن مجید کی تدریس کی جاسکتی ہے۔ نصاب اسلامیات میں پہلی سے پانچویں جماعت تک قرآنی قاعدہ اور تیس پارے درج ذیل ترتیب سے تجویز کیے گئے ہیں:-

| | |
|---|---|
| جماعت اوّل | قرآنی قاعدہ مع آخری چار سورتیں |
| جماعت دوم | تیسواں اور پہلا پارہ |
| جماعت سوم | دوسرا تا آٹھواں پارہ |
| جماعت چہارم | نواں تا اٹھارواں پارہ |
| جماعت پنجم | انیسواں تا انتیسواں پارہ |

**نوٹ:** ناظرہ قرآن مجید باقاعدہ تجوید کے ساتھ پڑھایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ بروقت قرآن مجید کی تکمیل کے لیے کچھ کام بطور ہوم ورک بھی تجویز کیا جاسکتا ہے۔ مزید برآں قرآن مجید کی کسی بھی ممکنہ بے حرمتی سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کو اسکول میں محفوظ مقام پر رکھا جائے اور حتی الامکان کوشش کی جائے کہ قرآن مجید بچوں کے بستوں میں نہ ہوں۔

## ترجمہ قرآن مجید

لازمی تدریس قران ایکٹ 2017 کے تحت چھٹی سے بارھویں جماعت تک ترجمہ قرآنِ مجید پڑھانا لازمی ہے۔ صوبوں اور علاقوں میں ان کے صوبائی ایکٹ کی روشنی میں ترجمہ قران مجید کی تدریس کی جاسکتی ہے۔ نصاب اسلامیات میں چھٹی سے دسویں جماعت تک ترجمہ قران پاک درج ذیل ترتیب سے تجویز کیا گیا ہے :

| جماعت | مطالعہ ٔقرآن |
|---|---|
| جماعت ششم | سورۃ الفاتحہ<br>درج ذیل انبیائے کرام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں:<br>● حضرت آدم علیہ السلام<br>● حضرت نوح علیہ السلام<br>● حضرت ہود علیہ السلام<br>● حضرت صالح علیہ السلام<br>● حضرت لوط علیہ السلام<br>● حضرت شعیب علیہ السلام<br>سورۃ الفیل تا سورۃ الناس |
| جماعت ہفتم | درج ذیل انبیائے کرام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں:<br>● حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>● حضرت موسیٰ علیہ السلام<br>سورۃ النباء تا سورۃ الھمزۃ |
| جماعت ہشتم | ● قصہ حضرت یوسف علیہ السلام (سورۃ یوسف)<br>● سورۃ الزخرف تا سورۃ الواقعہ |
| جماعت نہم | ● سورۃ المریم تا سورۃ الحج<br>● سورۃ الفرقان تا سورۃ السجدۃ<br>● سورۃ السبا تا سورۃ ص<br>● سورۃ الاحقاف |

| | |
|---|---|
| | |
| جماعت دہم | • سورۃ الانعام اور سورۃ الاعراف<br>• سورۃ یونس تا سورۃ الکھف (ماسوائے سورۃ یوسف)<br>• سورۃ المومنون<br>• سورۃ الزمر تا سورۃ الشوریٰ |

**نوٹ**

تدریس ترجمہ قران پاک کا بنیادی مقصد طلبہ کو قرآن پاک کی تفہیم ہے۔ بروقت ترجمہ قران مجید کی تکمیل کے لیے کچھ کام بطور ہوم ورک بھی تجویز کیا جاسکتا ہے۔ مزید برآں قران مجید کی کسی بھی ممکنہ بے حرمتی سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کو اسکول میں محفوظ مقام پر رکھا جائے اور حتی الامکان کوشش کی جائے کہ قرآن مجید یا پارے بچوں کے بستوں میں نہ ہوں۔

## دائرہ ہائے کار(Strands)، معیارات(Standards)اور حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks)

### دائرہ کار(Strand) ۔ا: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**معیار (Standard):** قرآن مجید (تلاوت، حفظ، ترجمہ) اور حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم (ترجمہ) اور ان کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں اپنانے کی صلاحیت پیدا کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) اوّل و دوم | حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • قرآن مجید کی درست تجوید کے بنیادی اصول (مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) قرآنی قاعدہ کی مدد سے سیکھ سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری چار سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کا تیسواں اور پہلا پارہ درست تجوید اور رموزِ اوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• تعوّذ، تسمیہ، کلمہ طیبہ اور مختصر درود شریف(صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔(ان شاءاللہ، ما شاءاللہ، الحمد للہ، یر حمک اللہ)۔<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق تین مختصر صحیح احادیث مع ترجمہ سمجھ کے ان پر عمل کر سکیں۔<br>• چھے اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ | • قرآن مجید کی درست تجوید کے ساتھ (مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) تلاوت کرنے کی اہلیت پیدا کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے دوسرے پارے سے لے کر انتیسویں پارے تک قرآن مجید درست تجوید اور رموزِ اوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتیں حفظ کر کے نماز اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، کلماتِ طیبات، ثناء، تشہد، درود شریف، دعائے قنوت، تسبیحات اور مسنون دعائیں مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• کلمات طیبات: سبحان اللہ، اللہ اکبر، جزاک اللہ خیرا، استغفر اللہ، لا حول و لا قوۃ الا باللہ، مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق پندرہ مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ سمجھ کے ان پر عمل کر سکیں۔<br>• اکیس اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) نہم و دہم** |
| • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کا ترجمہ یاد کر سکیں۔ | • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (حصہ چہارم و پنجم) کے تراجم کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کے تراجم کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• ان احکام کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں ہدایت ورہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتوں (سورۃ اللیل تا سورۃ الھمزۃ) کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر کے نماز میں اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• منتخب کردہ مسنون دُعائیں اور کلمات ترجمہ اور مفہوم کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موزوں مواقع پر ان کو پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• بائیس (22) مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) ذہن نشین کر سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• 33 اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ | • منتخب سورتوں میں دیے گئے احکام کو سمجھ کر عملی زندگی میں ہدایت ورہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی تدوین اور اِس کی حفاظت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حفاظت و تدوین حدیث (عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، عہدِ صحابہ) کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• بیس (20) مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) ذہن نشین کر سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• چالیس اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ |

**حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) یازدہم/دوازدہم**

- قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتوں (بمطابق متفقہ ترجمہ قران مجید ایکٹ 2017) کے ترجمہ ومفہوم کو سمجھ سکیں۔
- منتخب سورتوں میں دیے گئے احکام کو سمجھ کر عملی زندگی میں ہدایت ورہنمائی حاصل کر سکیں۔
- قرآن مجید کے اسماء، مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات اور فضائلِ قرآن کے بارے میں جان سکیں۔
- علمِ حدیث میں کتب حدیث کا تعارف (صحاح ستہ اور کتب اربعہ)، احادیثِ قدسیہ اور حدیث کی اقسام کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- حفاظت و تدوین حدیث (دورِ ثانی وثالث) کے بارے میں اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔

پندرہ (15) مستند احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) سمجھ سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

## دائرہ کار(Strand)۔۲:ایمانیات وعبادات

### الف:ایمانیات

**معیار:(Standard )** عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت وختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لاسکیں اور سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام مخلوقات کے خالق ہیں۔<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان لے آئیں کہ تمام انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>• اس بات پر ایمان رکھیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں اس بات پر ایمان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں اور ان کتابوں اور رسولوں کے نام بتا سکیں۔ | • پانچ بنیادی عقائدِ اسلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کی ضرورت واہمیت سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• ان عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انھیں اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور یہ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات تکمیلی اور ہمیشہ کے لیے رہنے والی ہیں اور دنیاو آخرت میں کامیابی کا ذریعہ صرف اسوہ حسنہ پر عمل کرنے میں ہی ہے۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم تفصیل سے جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں عقائدِ اسلام کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کو تفصیلی طور پر سمجھ سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ | • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کر سکیں۔<br>• عقیدۂ توحید ورسالت پر ایمان مضبوط کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ |

| | |
|---|---|
| آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے مکمل طور پر واقفیت حاصل کرتے ہوئے اُسوۂ حسنہ کی صدقِ دل سے اتباع کریں۔<br>• فرشتوں، آسمانی کتب، آخرت اور تقدیر پر ایمان مضبوط کر سکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ | آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے مکمل طور پر واقفیت حاصل کرتے ہوئے اُسوۂ حسنہ کی صدقِ دل سے اتباع کریں۔<br>• فرشتوں، آسمانی کتب، آخرت اور تقدیر پر ایمان مضبوط کر سکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ |

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) یازدہم / دوازدہم |
|---|
| • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کر سکیں۔<br>• عقیدۂ توحید ورسالتِ محمدی ﷺ پر ایمان مضبوط کر سکیں۔<br>• فرشتوں، آسمانی کتب اور آخرت پر ایمان مضبوط کر سکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کر سکیں۔ |

**ب:عبادات**

معیار(Standard) :

ارکانِ اسلام اور دیگر عبادات میں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اصل روح کو جان کر اپنی زندگی ان کے مطابق گزاریں اور ان کے روحانی ومعاشرتی فوائد حاصل کریں۔

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) اوّل ودوم | حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، پنجگانہ نمازوں کے نام جان لیں اور یہ کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے اور رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔<br>• عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ | • پانچ ارکان اسلام کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی میں ان کی پابندی کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت واتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت وفرضیت جان کر اپنی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) نہم ودہم** |
| • اسلامی عبادات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلامی عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (کلمہ شہادت، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ) کے | • اسلام میں عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (نماز، روزہ، زکوٰۃ وعشر، حج وقربانی) کے احکام ومسائل سمجھ سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ | • اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ |

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) یازدہم / دوازدہم |
|---|
| • اسلام میں عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت و اثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (نماز، روزہ، زکوۃ و صدقات، حج و قربانی) کے فلسفے اور فضائل و مسائل کو سمجھ سکیں۔<br>اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ |

## دائرہ کار (Strand) ۔۳: سیرتِ طیّبہ

**معیار (Standard)**

اپنے دلوں میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور ادب پیدا کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیّبہ کے ہر پہلو سے آگاہی حاصل کریں اور یہ جان لیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتَم النبیین ہیں آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر عمل کرنا ہی دنیا و آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) اوّل و دوم | حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔<br>• نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کے متعلق جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ اور تعلیمات کی پیروی کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی دائرہ کار ہے۔ | • حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مبارکہ سے لے کر غزوات تک سیرت طیبہ کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ایمان وعقیدت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) نہم و دہم** |
| • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و | • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و |

| | |
|---|---|
| اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے واقعات (غزوات سے لے کر معرکہ ٔموتہ تک) سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات حسنہ (تواضع، بردباری اور عفوودرگزر) سے آگاہ ہو کر انہیں اپنی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں (بطور سربراہ خاندان، بطور سیاسی مدبر اور سپہ سالار ) سے آگاہی حاصل کر کے اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے واقعات (فتح مکہ سے لے کر وصال نبی تک) سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات حسنہ (بچپن اور جوانی کے واقعات، ذوقِ عبادت، سخاوت وایثار، صلہ ٔرحمی، خواتین کے ساتھ حسنِ سلوک) سے آگاہ ہو کر انہیں اپنی زندگی میں اپنا سکیں<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں (بطور سرچشمہ ہدایت اور اندازِ تربیت) سے آگاہی حاصل کر کے اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

| حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) یازدہم/دوازدہم |
|---|
| • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں<br>• سیرتِ طیبہ کی روشنی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صفات حسنہ بطور سربراہ خاندان، سربراہ ریاست، سپہ سالار اور معاشی مصلح سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ |

## دائرہ کار (Strand) ۔۴: اخلاق و آداب

### معیار (Standard)

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) اوّل ودوم | حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • قرآن وسنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے متعلق جان سکیں۔<br>• اسلامی آدابِ زندگی کے متعلق جان کر اس کا عملی زندگی میں مظاہرہ کر سکیں۔<br>• والدین، اساتذہ اور بڑوں کے ادب کے متعلق جان سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ تمام انسان اور جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ | • قران وسنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ جیسے سچائی، ایفائے عہد اور عفوودرگزر وغیرہ کے متعلق جان کر اپنی زندگی میں لاگو کر سکیں۔<br>• سادگی، رواداری، گفتگو کے آداب، رحم دلی، وقت کی پابندی اور کفایت شعاری کے متعلق جان کر انھیں اپنی زندگیوں کا حصہ بنا سکیں۔<br>• اچھی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی |

| | |
|---|---|
| | خدمت کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/ تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/ تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • قرآن و سنت کی روشنی میں صداقت و امانت، صبر و تحمل، میانہ روی، نظم وضبط، سخاوت وایثار اور مساوات جیسے اعلیٰ اخلاق و اقدار کو اپنا سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں آدابِ زندگی مثلاً گفتگو کے آداب، مجلس، کھانے پینے، تعلیم و تعلّم اور قومی املاک ووسائل کے استعمال کے آداب کو سمجھ کر ایک مثالی اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھ سکیں۔<br>• بُری عادات مثلاً چوری، ریاکاری، نمود و نمائش اور حرص ولالچ سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات سے بخوبی واقف ہو سکیں۔ | • قرآن و سنت کی روشنی میں قرآن و سنت کی روشنی میں شکر و قناعت، امانت و دیانت، اخلاص و تقوی اور پردہ پوشی جیسے اعلیٰ اخلاق و اقدار کو اپنا سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بری عادات مثلاً تکبر، حسد، جھوٹ، غیبت وبہتان، جادو، ستاروں کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) یازدہم / دوازدہم |
|---|
| • قرآن و سنت کی روشنی میں اجتماعی خیر خواہی، احترامِ انسانیت، معاشرتی ربط کے آداب جیسے اعلیٰ اخلاق و اقدار کو جان سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اخلاق رذیلہ مثلاً (تعصب، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی اور بدعنوانی) سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ لے سکیں۔ |

## دائرہ کار (Strand) ۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت

### معیار (Standard)

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

| **حدودِ تدریج/ تدریس( Benchmarks ) اوّل ودوم** | **حدودِ تدریج/ تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم** |
|---|---|
| نوٹ: دائرہ کار (Strand) حسنِ معاملات و معاشرت اوّل ودوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • حقوق العباد، دیانت داری اور باہمی تعلقات کے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے اجمالی طور واقف ہو سکیں۔<br>• اپنے حقوق و فرائض کو سمجھتے ہوئے ایک مثالی مسلمان، محبِ وطن اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔<br>• روز مرہ زندگی میں بری عادات سے اجتناب کرتے ہوئے اپنے تمام معاملات خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکیں۔ |

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تاہشتم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم |
|---|---|
| • قرآن وسنت کی روشنی میں حسنِ معاملات ومعاشرت مثلاً عدل و احسان، کسبِ حلال، قانون کا احترام، امن وسلامتی، امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور اتحادِ ملی کو سمجھ کر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• حقوق العباد سے منسلک فرائض کے متعلق اسلامی تعلیمات اور اُن کی اہمیت سے واقف ہو سکیں تاکہ روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | • قرآن وسنت کی روشنی میں حسنِ معاملات ومعاشرت مثلاً قسم کے احکام ومسائل، گواہی کے احکام ومسائل، ہمسایوں کے حقوق، سود کی حُرمت، اسلامی ریاست اور جہاد فی سبیل اللہ کے تصور کو سمجھ سکیں۔<br>• حسنِ معاملات ومعاشرت سے منسلک دیے گیے موضوعات کے متعلق اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |
| حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) یازدہم / دوازدہم | |
| • قرآن وسنت کی روشنی میں حسنِ معاملات ومعاشرت مثلاً اساتذہ، معاون عملہ، زوجین، اولاد اور بیوہ کے حقوق وفرائض کے تصور کو سمجھ سکیں۔<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں حسنِ معاملات ومعاشرت مثلاً وراثت اور نکاح وطلاق کے بارے میں اسلامی تعلیمات کو سمجھ سکیں۔<br>• حسنِ معاملات ومعاشرت کے تحت دیے گئے موضوعات کے متعلق اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | |

## دائرہ کار(Strand) ۔۶:ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

### معیار (Standard)

انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام رحمہم اللہ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تاپنجم |
|---|---|
| • انبیائے کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام) کا مختصر تعارف جان سکیں۔<br>• یہ جان لیں کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ کے پہلے نبی ہیں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہیں آئے گا۔<br>• حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کی زندگیوں | • انبیاء کرام علیہم السلام (حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحٰق علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کی حیاتِ طیبہ اور ان کے اوصاف سے واقف ہو سکیں۔<br>• خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالاتِ زندگی، دینی خدمات اور سیرت وکردار کو اجمالی طور پر جان کر انہیں مشعلِ راہ بنا کر دنیا وآخرت کی کامیابی حاصل کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| کے واقعات سے مختصراً آگاہی حاصل کر سکیں۔ | |
| **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) نہم و دہم** |
| • مشاہیر اسلام کی حیاتِ طیبہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلام کی مشہور شخصیات کی دینی اور روحانی خدمات کو جان کر اُن کی قابلِ رشک زندگیوں سے رہنمائی حاصل کر سکیں نیز مسلمانوں کی عظمت کی بحالی کا شعور اُجاگر ہو سکے۔<br>• اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صوفیائے کرامؒ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہو سکیں نیز اُن کی اتباع کا ذوق پیدا ہو سکے۔ | • چند مشاہیر اسلام کی حیاتِ طیبہ کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• اسلام کی مشہور شخصیات کی دینی اور روحانی خدمات کو جان کر اُن کی قابلِ رشک زندگیوں سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، صحابیات کرام، صوفیائے کرام اور علماو مفکرین کی پاکیزہ زندگیوں کے بارے میں جان کر اُن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

| **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) یازدہم/دوازدہم** |
|---|
| • عہد خلافت راشدہ میں دینی اور سماجی خدمات کو جان کر اُس سنہری دور سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• آئمہ اہلِ بیت اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی دینی اور سماجی خدمات کو جان کر اُسے رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• صوفیائے کرام رحمہم اللہ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہو سکیں اور اُن کی اتباع کا ذوق پیدا کر سکیں۔ |

## دائرہ کار(Strand) ۔۷:اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

### معیار(Standard)

اسلامی تہذیب وتمدن کے خدّوخال کی پہچان کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل (قومی اور بین الاقوامی) کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں اور اس کی روح کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کر سکیں اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ سمجھیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں اسلامی، اخلاقی اور روحانی اقدار وروایات کو فروغ دے سکیں نیز یہ کہ غم وخوشی کے موقعوں پر اسلامی و غیر اسلامی تہذیب میں امتیاز کر سکیں۔

| **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) اوّل ودوم** | **حدودِ تدریج/تدریس(Benchmarks) سوم تا پنجم** |
|---|---|
| **نوٹ:** دائرہ کار(Strand) اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے اوّل ودوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • "پاکیزگی نصف ایمان ہے" اس حدیث کے پیشِ نظر اسلامی تہذیب کی خصوصیات اپناتے ہوئے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• قدرت کے خوبصورت مظاہر (پانی اور پودوں) کی اہمیت، استعمال اور حفاظت کے بارے میں اسلامی تعلیمات جان کر عمل کر سکیں |

| | |
|---|---|
| | • انسانی جان ومال اور عزت کی حفاظت سمجھتے ہوئے صحت و تندرستی ،حادثات سے بچنے کی تدابیر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تاہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں علم کی ضرورت و اہمیت کو سمجھتے ہوئے علم کے حصول کے لیے کوشاں ہو سکیں۔<br>• ناگہانی آفات میں اور ماحول کی بہتری کے لیے ملک و قوم کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کے استعمال کے آداب سے آگاہ ہو کر ان سے استفادہ کر سکیں۔ | • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں خود اعتمادی وخود انحصاری اور ذہنی صحت اور جسمانی ریاضت کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• اسلام میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت کو سمجھ کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تہذیب تمدن کے امتیازات سے روشناس ہو کر معاشرے میں اپنا اسلامی تشخص بر قرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) یازدہم / دوازدہم |
|---|
| • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں قانون کی پاسداری کی اہمیت سمجھ کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• نشاۃ ثانیہ اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں سمجھ کر اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھ کر مثبت کردار ادا کر سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔ |

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت اوّل)

# نصابی خاکہ (جماعت اوّل)

## دائرہ کار۔۱: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-01-A-__]

### الف۔ ناظرہ قرآن مجید

**حاصل تعلّم**

- قرآنی قاعدہ کے ذریعے تجوید کے قواعد مثلاً دُرست مخارج کے ساتھ حروف تہجی، اشکال اور اصوات کو سمجھ سکیں۔
- قرآن مجید کی آخری چار سورتیں تجوید کے ساتھ پڑھ سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-01] آدابِ تلاوت کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-01-A-02] حروفِ تہجی کی اشکال اور اصوات کی پہچان کر سکیں۔
- [SLO:I-01-A-03] اعراب مثلاً زبر، زیر، پیش، جزم، تشدید، مد، کھڑی زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-01-A-04] تجوید کے قواعد (قلقلہ اور غنہ) سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-05] دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔
- [SLO:I-01-A-06] قاعدے کی تختیاں تجوید کے قواعد (قلقلہ، غنہ) اور اعراب کے مطابق پڑھیں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حروف تہجی کی اشکال، اصوات اور اعراب کی پہچان کریں گے اور مخارج کے ساتھ ادا کریں گے۔

تکمیلی جانچ: قرآنی قاعدے کو درست مخارج اور تجوید کے ساتھ پڑھ کر سنائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قراءت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈ کی مدد سے حروف تہجی کی مختلف اشکال کی پہچان کروائی جائے۔

## ب۔ حفظ قرآن

### حاصلِ تعلّم

- سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور تجوید کے ساتھ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-07]سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-08]سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-09]سورتیں پڑھتے وقت تجوید کے قواعد کا خیال رکھ سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-10]سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ روزمرہ معمولات میں تلاوت کر سکیں۔ |

### مجوّزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** وقتاً فوقتاً سورتوں کے حفظ کا جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کی تجوید کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

مختصر سوالات کے ذریعے سورتوں کے مضامین کا جائزہ لیا جائے گا۔ مثلاً

- الفاتحہ کسے کہتے ہیں؟
- سورۃ الفاتحہ کے مزید نام بتائیں۔
- سورۃ الاخلاص میں کس چیز کا ذکر کیا گیا ہے؟

### مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- مقابلہ حسن قراءت کرایا جائے اور بہترین قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- آیات کی ترتیب کے لحاظ سے زبانی مشق کروائی جائے۔ ایک طالب علم پہلی آیت پڑھے اور دوسرا طالب علم دوسری آیت اور اسی ترتیب سے باقی طلبہ اگلی آیات پڑھیں۔

## ج۔ حفظ و ترجمہ

### حاصلاتِ تعلّم

- کلمہ طیبہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (ان شاء اللہ، ماشاء اللہ)۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
|---|---|
| • [SLO:I-01-A-13]کلمہ طیبہ مع ترجمہ یاد کریں۔<br>• [SLO:I-01-A-14]کلمہ طیبہ اور مذکورہ کلمات روزمرہ زندگی میں استعمال کریں۔ | • [SLO:I-01-A-11]کلمہ طیبہ کی اہمیت وفضیلت جانیں۔<br>• [SLO:I-01-A-12]روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے مجوّزہ کلمات کے معانی ومفاہیم سمجھیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ کا ان شاءاللہ اور ماشاءاللہ روزمرہ معمولات میں بروقت بولنے کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** طلبہ کلمہ طیبہ مع ترجمہ پڑھ کر سنائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کمرہ جماعت میں کلمہ طیبہ کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں گے۔
- جن مواقع پر ان شاءاللہ، ماشاءاللہ کا استعمال کیا جاتا ہے ان کی نشاندہی کریں گے۔
- کلمہ طیبہ کے الفاظ اور ان کے مطالب کو ملانے کی سرگرمی کروائی جائے۔
- طلبہ کو مناسب مواقع پر بسم اللہ، الحمدللہ اور جزاک اللہ کہنے کی مشق کرائی جائے۔

## د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

### حاصلِ تعلّم

- ایک مختصر مستند حدیث مبارک (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ کر روزمرہ زندگی میں اِس کی تعلیمات پر عمل کرسکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-17]روزمرہ زندگی میں اس حدیث کی تعلیمات پر عمل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-15]حدیث شریف کا مطلب جان لیں۔<br>• [SLO:I-01-A-16]حدیث شریف کے معنی ومفہوم سے آگاہ ہوں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ حدیث شریف کے مفہوم کو مختصراً بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** حدیث شریف کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں گے اور اِس کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- صاف ستھری چیزوں اور گندگی کا موازنہ کرنے کے حوالے سے سرگرمیاں کروائی جائیں جیسا کہ اردگرد کا ماحول اور جسمانی صفائی وغیرہ۔
- کمرا جماعت اور اسکول کے دیگر حصوں کو صاف رکھنے کی عملی مشق کرائی جائے۔

## ہ۔ دعائیں (زبانی)

علم میں اضافے کی دُعا

### حاصلِ تعلّم

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-18]دعا کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-01-A-19]دعا کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-01-A-20] تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔(**الرَّحْمٰنُ** )نہایت مہربان(، **الرَّحِيْمُ** )ہمیشہ رحم فرمانے والا(، **الْمَلِكُ** )بادشاہ

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-21]دعا کو دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔
- [SLO:I-01-A-22]دعا کو اپنی روزمرہ زندگی میں مانگنے کے عادی بن سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** دعا کو یاد کر کے بوقت ضرورت اسے پڑھنے کا معمول بنائیں گے۔

**تکمیلی جانچ:** طلبہ دعا کے مفہوم کو مختصر بیان کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- دعاؤں کے استعمال کے مواقع متعارف کروائیں۔
- طلبہ دعاؤں کے استعمال کے مزید مواقع تلاش کریں اور جماعت میں پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات و عبادات [SLO:I-01-B-__]

### الف۔ ایمانیات:

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-B-01] توحید کے عقیدے سے آگاہ ہو سکیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کا خالق و مالک اور یکتا ہے۔
- [SLO:I-01-B-02] اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-B-03]سورۃ الاخلاص کے لفظ "احد" کو بخوبی سمجھ سکیں۔
- [SLO:I-01-B-04]اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں پر شکر ادا کر سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا چارٹ تیار کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** توحید کے معنی اور تمام کائنات کے خالق کی پہچان کر سکیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- ارکانِ ایمان سے متعلق بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ویڈیو دکھائی جائے۔
- طلبہ میں مختلف تصاویر تقسیم کریں اور انہیں دو حصوں میں بانٹنے کو کہیں:

۱۔وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی براہِ راست تخلیق کردہ ہیں جیسے انسان، حیوانات، نباتات و جمادات وغیرہ

۲۔وہ چیزیں جنھیں انسان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت ، علم اور عقل سے بناتے ہیں مگر جن کا حقیقی خالق اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

**ب۔ نبوت ورسالت**

حاصل تعلّم

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیھم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا اوراس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-05]عقیدہ ختم نبوت کو سمجھیں۔<br>• [SLO:I-01-B-06]یہ سمجھ سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی بھی کوئی نبی یارسول نہیں ہوگا۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-07]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر یقین پختہ کرسکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-08]خاتم النبیین کے معنی بتائیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: طلبہ ختم نبوت کے مفہوم کے بارے میں مختصراً بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست میں سے آخری نبی کا نام منتخب کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا نام "محمد" نقطے ملاکر مکمل کریں۔
- کلمہ طیبہ میں رسالت کے ذکر کو مذکورہ موضوع سے منسلک کریں۔

**ب۔عبادات**

الف۔ ارکان اسلام کا تعارف:کلمہ طیبہ

حاصل تعلّم:

- ارکانِ اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں اور کلمہ طیبہ کا مفہوم اور اُس کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہوسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-09]ارکان اسلام کے ناموں سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-10]کلمہ طیبہ کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-11]کلمہ طیبہ کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں<br>• [SLO:I-01-B-12]کلمہ طیبہ یاد کرسکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-13]ارکان اسلام کے نام بتاسکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-14]کلمہ طیبہ کا ترجمہ سمجھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: کلمہ طیبہ کے دونوں حصّوں میں فرق کر سکیں گے۔

تکمیلی جانچ: کلمہ طیبہ کے مفہوم کو مختصراً بیان کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ارکان اسلام کا چارٹ بنوا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ نماز/مسجد واذان**

حاصل تعلّم

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اوراذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔
- یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے اور نماز کی مسلمان کی زندگی میں کیا اہمیت ہے۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-15]یہ جان سکیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• [SLO:I-01-B-16]اذان سننے کے آداب کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-17]یہ جان سکیں کہ نماز کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔<br>• [SLO:I-01-B-18]پانچ نمازوں کے نام جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-19]اذان سننے کے آداب پر عمل پیرا ہوں۔<br>• [SLO:I-01-B-20]اپنے بڑوں کے ساتھ مسجد جانے کی صورت میں مسجد کے احترام کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: صبح، شام، رات اور دوپہر کی نمازوں کے ناموں کو وقت کی تصاویر کے ساتھ ملائیں۔

تکمیلی جانچ: پنجگانہ نمازوں کے نام ترتیب وار لکھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کروائی جائے۔
- نماز کے ناموں کا چارٹ تیار کر کے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## دائرہ کار۔۳: سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO:I-01-C-__]

**الف۔ ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم:** نبی آخر الزمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-01]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ (مہینہ، جگہ وغیرہ) کے بارے میں بنیادی معلومات سے آگاہ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-03]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حالات اور معجزات کے بارے میں مختصراً جان سکیں |

| | |
|---|---|
| ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-02]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین، دادا، چچا، اور رضاعی والدہ کے اسماء گرامی سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO:I-01-C-04]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین اور سرپرستوں کے اسمائے گرامی بتا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے تعارف اور خاندان کے بارے میں بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: طلبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاندان کے افراد کے نام اور ان کے رشتوں کو (کالم الف) کو کالم (ب) میں ملائیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:** نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دادا، والد، چچا اور رضاعی والدہ کے اسمائے گرامی کا چارٹ تیار کریں۔

**ب۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاق حسنہ**

**حاصل تعلم**

• نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاق حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-05]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-06]صادق اور امین کے مفاہیم سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-07] طلبہ سچائی اور امانت داری کی خصوصیات کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-08]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کو جان کر جذبہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پیدا ہو سکے۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً سچائی او ر امانت داری سے متعلق عملی نمونے کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: صادق اور امین کے الفاظ کے مفاہیم کے بارے میں بتائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت اور امانت کے واقعات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔
• طلبہ سچ بولنے کے مواقع کے بارے میں روز مرہ زندگی سے مثال پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO:I-01-D-__]

**معیار**

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

**الف۔ اچھے اخلاق**

**حاصل تعلم**

- قرآن وسنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں اور اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-01] قرآن وسنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-02] عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: اچھے اور برے کاموں کی فہرست کالم بنا کر ایک چارٹ کی صورت میں تیار کریں گے۔

تکمیلی جانچ: اچھے اخلاق اور برے اخلاق کی تصاویر کی نشاندہی کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اچھے اخلاق سے متعلق طلبہ کی عمر کے مطابق ویڈیو دکھائی جائے۔
- طلبہ اپنے احساسات بیان کریں جب کسی نے ان کے ساتھ بد سلوکی اختیار کی ہو اور اپنے ردّ عمل کا اظہار کریں۔

**ب۔ سلام کرنا**

**حاصل تعلم:**

- سلام کرنے کی اہمیت، طریقہ اور آداب سے آگاہ ہو سکیں اور روزمرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-03] سلام کا مطلب، طریقہ، آداب اور اس کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-D-04] سلام کو سنت کے طور پہ جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-05] اپنی روزمرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-01-D-06] سلام کا جواب اور دیگر آداب اپنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سلام کے معنی کے بارے میں مختصر بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: سلام کے عملی نمونے کا جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سلام کے حوالے سے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتیں تلاش کر کے جماعت میں پیش کریں۔
- اسکول اور اس سے باہر سلام میں پہل کرنے کی عادت اپنائیں۔

## دائرہ کار۔۵: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام [SLO:I-01-E-__]

**الف۔ انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف**

حاصل تعلیم: قرآن وسنت کی روشنی میں:

- انبیائے کرام علیہم السلام کی خصوصیات اور صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں اور یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت دوم)

| | |
|---|---|
| حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-E-01]انبیائے کرام علیہم السلام کے مبعوث ہونے کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-E-02]انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-E-03]انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-E-04]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے آخری نبی ہونے پر ایمان پختہ کر سکیں۔ |
| **مجوزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کا مختصر اًتعارف بیان کریں گے۔<br>**تکمیلی جانچ:** معروضی سوالات کے ذریعے انبیائے کرام علیہم السلام کی بعثت کے مقصد اور صفات کے بارے میں بتائیں گے۔ | |
| **مجوزہ سرگرمیاں**<br>• انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات بالخصوص نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے معجزات چارٹ کی صورت میں کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

# نصابی خاکہ (جماعت دوم)

دائرہ کار۔ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-02-A-]

**الف۔ ناظرہ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم:**

- قرآن مجید کے پہلے اور تیسویں پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-01] حروفِ تہجی کے مخارج سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-02-A-02] رموزِ اوقاف کو پہچانیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-03] پارہ نمبر ۳۰ اور پہلے پارے کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں۔<br>• [SLO: I-02-A-04] دورانِ تلاوت رموزِ اوقاف کا خیال کریں۔<br>• [SLO: I-02-A-05] دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔ |

**جانچ**

**تشکیلی جانچ:** تصاویر کی مدد سے مخرج کی پہچان کریں گے اور درست مخارج کے ساتھ تلفظ ادا کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** پارہ نمبر 30 اور پارہ نمبر 1 کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق اور روانی سے تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے رموزِ اوقاف کی مشق کریں۔

**ب۔ حفظ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- سورتوں کو حفظ کرکے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں اور معوذتین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-06] معوذتین سے متعارف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-07] معوذتین کی اہمیت اور فضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-08] معوذتین کو حفظ کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-09] طلبہ رات کو سونے سے پہلے معوذتین پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

**جانچ**

**تشکیلی جانچ:** معوذتین کا پس منظر بتائیں گے اور بتائیں گے کہ یہ سورتیں کب پڑھی جاتی ہیں؟

**تکمیلی جانچ:** معوذتین کی درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مقابلہ حسن قرآت کروایا جائے۔
- بہترین قرآت کرنے والے کو انعام دیا جائے۔

## ج۔ حفظ و ترجمہ

### حاصل تعلم:

- تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر اُن کا استعمال کر سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (بسم اللہ، الحمد للہ، یرحمک اللہ، جزاک اللہ)۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-10] تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف کے معانی و مفاہیم سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-11] دیے گئے کلمات کے معانی سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-12] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا نام مبارک سنتے اور پڑھتے وقت درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-13] روز مرہ زندگی میں ان کلمات کو مواقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

### مجوّزہ جانچ:

**تشکیلی جانچ:** وقتاً فوقتاً مذکورہ کلمات کے استعمال کا جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف، بسم اللہ، الحمد اللہ، یرحمک اللہ اور جزاک اللہ کے کلمات کو ان کے تراجم کے سامنے چسپاں کریں گے۔

### مجوّزہ سرگرمیاں:

- جماعت میں کلمات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔
- طلبہ کو بتایا جائے کہ جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف ضرور پڑھیں اور لکھیں۔

## د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

### حاصل تعلم:

- دو مختصر مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ سمجھ کر روز مرہ زندگی میں اِن کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-14] احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-02-A-15] احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-16] روز مرہ زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

### مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کو سمجھ کر پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسم گرامی کے ساتھ درود شریف پڑھیں گے۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عنوان کو بیان کریں گے۔

### مجوّزہ سرگرمیاں:

| |
|---|
| • احادیث مبارکہ سے متعلق دی گئی تصاویر میں رنگ بھریں۔ |

**ہ۔ دعائیں (زبانی)**

والدین کے لیے دُعا

**حاصلِ تعلّم:**

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کرکے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-17] دعا کو پڑھنے کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہو سکیں ۔<br>• [SLO: I-02-A-18] دعا کے معانی ومفہوم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-19] تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔<br>، (**القُدُّوسُ**) جملہ نقائص وعیوب سے پاک (، **السَّلَامُ**) سلامتی دینے والا (، **المُؤمِنُ**) امان بخشنے والا | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-A-20] دعا کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دعا کے عربی متن اور ان کے موضوع سے متعلق تصاویر کو آپس میں ملائیں گے۔

تکمیلی جانچ: دعا کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی پڑھیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- دعا کو یاد کرکے روزانہ اسے پڑھنے کا معمول بنائیں۔
- دعا سے متعلق ویڈیو دکھائی جائے۔
- دعاؤں سے متعلق موضوع کے مطابق طلبہ رول پلے کریں گے مثلاً دعا سے متعلق کوئی مکالمہ پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات

**الف۔ ایمانیات** [SLO: I-01-B-]

**الف۔ آسمانی کتب اور فرشتے**

حاصل تعلّم

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی کتب نازل کی ہیں اور یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ بھی سمجھ سکیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-01] ارکان ایمان سے متعارف ہو سکیں۔(بطور اعادہ)<br>• [SLO: I-02-B-02] فرشتوں کی خصوصیات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-03] آسمانی کتابوں کے نزول کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-04] چار بڑے فرشتوں کے نام بتا سکیں ۔<br>• [SLO: I-02-B-05] جن انبیائے کرام پر کتابیں نازل ہوئیں ان کے نام بتا سکیں ۔<br>• [SLO: I-02-B-06] چار آسمانی کتابوں کے نام بتا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-07] فرشتوں، آسمانی کتابوں، انبیائے کرام علیہم السلام پر ایمان کو پختہ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-08] قرآن مجید کو آخری آسمانی کتاب جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ارکان ایمان کے ناموں کے سامنے ترتیب وار نمبر تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: ارکان ایمان، آسمانی کتب اور جن انبیاء کرامؑ پر یہ کتابیں نازل ہوئیں اور چار بڑے فرشتوں کے نام بتائیں گے / لکھیں گے۔

فرشتوں کی خصوصیات بذریعہ معروضی سوالات متعارف کروائی جائیں۔

## ب۔ آخرت

حاصل تعلّم

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-09] عقیدہ آخرت کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-10] عقیدہ آخرت کے تصور کے مطابق جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: آخرت کے موضوع سے متعلق مختصراً وضاحت ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں گے۔

تکمیلی جانچ: معروضی سوالات کے ذریعے آخرت سے متعلق طلبہ کی سمجھ بوجھ کا جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- دنیا اور آخرت کے معانی بتائے جائیں۔
- نیک اعمال اور برے اعمال کی فہرست تیار کر کے لائیں۔
- یوم آخرت کے مزید ناموں سے واقف ہوں گے۔

## ب۔ عبادات

**الف۔ روزہ**

حاصل تعلّم

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رُکن ہے اور روزے کی فضیلت اور اوقات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-02-B-11] روزہ کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-12] رمضان المبارک کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-13] روزے کی سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔ | • [SLO: I-02-B-14] روزہ کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ارکان اسلام کے ناموں کے سامنے ترتیب وار نمبر تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: روزے کا مختصر تعارف بیان کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- روزہ رکھنے کی نیت اور افطار کرنے کی دعا کا چارٹ بنوا کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ عیدین اور اسلامی تہوار**

حاصل تعلّم

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں اور پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-15] یہ جان سکیں کہ عید الفطر رمضان المبارک کے بعد آتی ہے۔<br>• [SLO: I-02-B-16] یہ جان سکیں عید الاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔<br>• [SLO: I-02-B-17] دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-18] عیدین کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ:

- عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے مواقع پر کیے جانے والے اعمال بتائیں۔
- رمضان المبارک میں نیکیوں کے فضائل بتا سکیں۔

تکمیلی جانچ: عید الاضحیٰ کے موقع پر کس نبی کی سنت کو دہرایا جاتا ہے؟ اسی طرز پر مزید سوالات پوچھے جائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- عید کے دن کی سنتیں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائی جائیں۔
- جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تقریبات کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔

دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-02-C-]

الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور اطاعت

حاصل تعلّم

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت مُحمّد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت واطاعت ایمان کا لازمی جُزو ہے۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاندان اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت، بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-C-01] حضرت مُحمّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ اور گھرانے کے متعلق بنیادی معلومات جان سکیں۔(بطور اعادہ) | • [SLO: I-02-C-03] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتوں کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔ |
| • [SLO: I-02-C-02] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت اور اطاعت کے معنی ومفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔ | • [SLO: I-02-C-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت کو ایمان کا لازمی جزو بنا سکیں |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مثالوں کے ذریعے طلبہ بتائیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت واطاعت کا جذبہ کس طرح اپنے اندر پیدا کرسکتے ہیں۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور اطاعت کے مفاہیم کو مختصراً بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت کو اجاگر کرنے کے لیے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتوں میں کوئی سی پانچ سنتیں تلاش کرکے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائی جائیں۔

ب۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ

**حاصل تعلّم**

- حضرت مُحمّد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی، نرم مزاجی، رحم دِلی، ایفائے عہد اور عفو و درگزر کے بارے میں جان سکیں اوران اَخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-C-05] نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو درگزر کے مفاہیم کے بارے میں جان سکیں۔ | • [SLO: I-02-C-08] اخلاق حسنہ کی افادیت کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہوسکیں۔ |
| • [SLO: I-02-C-06] ان موضوعات کے بارے میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے واقفیت حاصل کرسکیں۔ | |
| • [SLO: I-02-C-07] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رحم دلی، ایفائے عہد، عفو درگزر کے حوالے سے واقعات سے آگاہ ہوسکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مختلف منظر ناموں کو پڑھ کر طلبہ مذکورہ اخلاق کے حوالے سے اپنی رائے پیش کریں گے۔

تکمیلی جانچ: رحم دلی، ایفائے عہد اور عفوودرگزر کے موضوعات کی مختصر اًوضاحت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ سبق میں موجود واقعات کے علاوہ اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دیگر واقعات تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب [SLO: I-02-D-]

**الف۔ اسلامی آدابِ زندگی**

**حاصلِ تعلّم:**

- قرآن وسنّت کی روشنی میں روزمرّہ زندگی کے آداب جان سکیں۔
- کھانے پینے اور گفتگو کے آداب جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اِن آداب پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-01] کھانے پینے اور گفتگو کے آداب کی روزمرہ زندگی میں افادیت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-02] کھانے پینے کے آداب کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں ۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً مذکورہ آداب کے حوالے سے چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: کھانے پینے اور گفتگو کے آداب کے درست اور غلط طریقوں میں تصاویر کی مدد سے فرق کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کھانے کے آداب کی سنّتیں تلاش کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ بڑوں کا ادب**

**حاصلِ تعلّم**

- قرآن و سنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-03] والدین، اساتذہ اور بڑوں کے احترام کی اہمیت کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-04] والدین، اساتذہ کے احترام کو عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً والدین، اساتذہ اور بڑوں کے ادب کے احترام کے حوالے سے جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: سبق سے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے گا۔ روزمرہ زندگی سے مختلف صورتوں میں طلبہ بڑوں کا ادب کیسے کریں گے؟

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- والدین اور بڑوں کے ادب کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ سے مثالیں تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

- والدین اور بڑوں کے احترام کے حوالے سے کوئی موزوں ویڈیو دکھائی جائے۔
- روز مرہ زندگی میں آپ اپنے بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟ اپنے استاد اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

### ج۔ جانوروں سے اچھا سلوک

حاصل تعلّم

- جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں اور جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-05] جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔ <br>• [SLO: I-02-D-06] جانوروں کے ساتھ بد سلوکی کے مضمرات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-D-07] جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: سبق سے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے گا۔ جانوروں کے ساتھ اپنے ذاتی تجربہ سے آگاہ کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ جانوروں سے حسن سلوک کے حوالے سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلّم سے واقعات تلاش کر کے لائیں۔

## دائرہ کار۔۵: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام

[SLO: I-02-E-]

### الف۔ انبیائے کرام علیہم السلام

حاصل تعلّم:

- انبیائے کرام میں سے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا تعارف اور اُن کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>▪ [SLO: I-02-E-01] حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔ <br>• [SLO: I-02-E-02] حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: <br>• [SLO: I-02-E-03] حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات کو مختصراً اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔ <br>• [SLO: I-02-E-04] حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے ان پر عمل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات کو نمبرات کی مدد سے ترتیب دیں۔

تکمیلی جانچ: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات اپنے الفاظ میں بتائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے متعلق کوئز منعقد کروایا جائے۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت سوم)

# نصابی خاکہ (جماعت سوم)

**دائرہ کار۔۱: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم** [SLO: I-03-A-]

| **الف۔ ناظرہ قرآن مجید**<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن مجید کے پارہ ۲ تا ۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | |
|---|---|
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-A-01]طلبہ حروفِ تہجی کے مخارج کے بارے میں جانیں۔<br>● [SLO: I-03-A-02] رموزِ اوقاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔<br>● [SLO: I-03-A-03] تلاوت کے آداب سے واقفیت حاصل کریں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-A-04] پارہ نمبر ۲ تا ۸ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔<br>● [SLO: I-03-A-05] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |

مجوّزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** تصاویر کی مدد سے مخرج کی پہچان کریں گے اور درست مخارج کے ساتھ تلفظ ادا کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** پارہ نمبر ۲ تا ۸ کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق اور روانی سے تلاوت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے رموز اوقاف کی مشق کریں۔
- مقابلہ حسن قرأت کرایا جائے اور بہترین قرات کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

## ب۔ حفظ قرآن

حاصل تعلّم

- سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب دُرست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-06] سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب کی درست تلفظ اور مخارج کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-07] سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب یاد کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-08] مذکورہ سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ تلاوت کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔

تکمیلی جانچ: سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب زبانی سنائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سورۃ الکوثر ، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب کے پس منظر سے متعلق معلومات اکٹھی کر کے لائیں۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

حاصل تعلّم

- اللہ اکبر ، استغفر اللہ ، جزاک اللہ خیراً کے معانی و مفاہیم جان سکیں اور ان کلمات کو موقع کی مناسبت سے روزمرہ زندگی میں پڑھ سکیں۔
- درود ابراہیمی کو دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ یاد کر کے کثرت سے درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔
- ثناء اور سورۃ فاتحہ کے ترجمہ سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-12] ان کلمات کو روزمرہ زندگی میں مواقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-13] ہر دعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھنے کی عادت اپنا سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-14] ثنا اور سورۃ الفاتحہ دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں ۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-09] دیے گئے کلمات کے معانی ومفاہیم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-10] درودِ ابراہیمی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-11] ثنا اور سورۃ الفاتحہ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: طلبہ سے مقدس کلمات، درود ابراہیمی، ثنا اور سورۃ الفاتحہ کو فرداً فرداً پڑھایا اور ان کا معانی و مفہوم سنا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مقدس کلمات، درود ابراہیمی، ثنا اور سورۃ الفاتحہ حفظ و ترجمہ سننے کا ماہانہ جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ثناء اور سورۃ الفاتحہ کے چارٹ تیار کروا کر کمرہ جماعت میں لگائیں۔
- ان کلمات کے پڑھنے کی عملی مشق کروائی جائے۔
- درود ابراہیمی کی آڈیو سنیں۔

**د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم**

- چار مختصر مستند احادیث مبارکہ سمجھ سکیں اور ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-16] اپنی روزمرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-15] مذکورہ احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہو سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عربی متن اور انکے تراجم کو کالم کی صورت میں ملائیں۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے موضوعات کو مختصراً بیان کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مثالوں کی مدد سے احادیث مبارکہ کے مفہوم کی وضاحت کی جائے۔

**ہ۔ دعائیں (زبانی)**

- کھانے سے پہلے کی دعا اور کھانے کے بعد کی دعا
- ان دعاؤں کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-17] دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-18] دعاؤں کے معانی ومفاہیم سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-19] چھ اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (الْمُهَيْمِنُ) نگہبانی اور حفاظت فرمانے والا (الْعَزِيْزُ) عزت بزرگی اور غلبہ والا (الْجَبَّارُ) بہت زبردست عظمت والا (الْمُتَكَبِّرُ) سب سے اعلیٰ و اَرفع بڑائی والا (الْخَالِقُ) پیدا کرنے والا (الْبَارِئُ) عدم سے وجود میں لانے والا | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-20] دعاؤں کو دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کریں۔<br>• [SLO: I-03-A-21] دعاؤں کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں مانگنے کے عادی بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دعاؤں کے عربی متن اور ان کے عنوانات سے متعلقہ تصاویر کو آپس میں ملائیں گے۔

تکمیلی جانچ: دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی سنائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- دعاؤں سے متعلق موزوں ویڈیو دکھائی جائے گی۔
- طلبہ کو دعا مانگنے کے آداب سکھائیں۔

## دائرہ کار۔ ۲: ایمانیات وعبادات

### الف۔ ایمانیات

[SLO: I-03-B-]

**الف۔ توحید کا تعارف**

**حاصل تعلّم**

- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدے کا معنی ومفہوم جان سکیں اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی جان کر اس کی نعمتوں کا شکر ادا کر سکیں اور عملی زندگی میں توحید کے تقاضے سمجھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-01] ارکانِ ایمان کا مختصر تعارف حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-03-B-02] توحید کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-03] اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا وحدہ لاشریک کے طور پر ادراک کر سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-04] سورہ اخلاص اور کلمہ طیبہ کی تعلیمات سے واقف ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-06] اللہ تعالیٰ کی عظمت کو جان کر اس کی نعمتوں پر شکر ادا کرنے کی عادت اپنائیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO: I-03-B-05] عملی زندگی میں توحید کے تقاضوں کو سمجھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ارکانِ ایمان کی مختصراً وضاحت کریں گے اور اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: توحید کا تقاضا کیا ہے؟ اس بارے میں مختصراً پیراگراف تحریر کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اللہ تعالیٰ کی صفات کی فہرست بنوائی جائے۔
- اسمائے حسنیٰ کی آڈیو سنائی جائے۔
- بچوں کو سیر پر لے جا کر اللہ تعالیٰ کی قدرت و عظمت سے متعارف کیا جائے۔

**ب۔ نبوت و رسالت**

**حاصلِ تعلّم:**

- نبوت اور رسالت کا معنی، مفہوم اور ضرورت کو سمجھ سکیں۔
- انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات سے واقف ہو کر ان کی تعظیم و تکریم بجالا سکیں۔
- رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو نبی آخر الزماں جان کر عقیدہ ختم نبوت کو مضبوط کر سکیں اور سیرت و سنت کے مطابق ڈھال سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-03-B-07] نبوت اور رسالت کا مفہوم اور ضرورت و اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-08] رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو نبی آخر الزماں جان کر عقیدہ ختم نبوت کی عظمت و اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-09] انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات سے واقف ہو کر انکی عظمت و شان سمجھ سکیں۔ | • [SLO: I-03-B-10] عقیدۂ ختم نبوت کو پختہ کریں۔<br>• [SLO: I-03-B-11] اپنی زندگی کو نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے مطابق ڈھالیں۔<br>• [SLO: I-03-B-12] عملی زندگی میں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور تمام انبیائے کرام علیہم السلام کی تعظیم و تکریم بجالائیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عقیدۂ ختم نبوت کا مفہوم مختصراً بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: انبیاء کرام علیہم السلام کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے اور تمام نبیوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کریں گے۔ / معروضی سوالات حل کریں گے

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور انبیاء کرام علیہم السلام کی امتیازی صفات سے متعلق فہرست تیار کریں۔
- ختم نبوت کے حوالے سے ایک حدیث شریف ساتھیوں کو بتائیں۔

**ب۔ عبادات**

**الف۔ کلمہ شہادت:**

حاصل تعلّم

- [SLO: I-03-B-13]ارکان اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں۔
- [SLO: I-03-B-14]کلمہ شہادت مع ترجمہ یاد کر سکیں۔
- [SLO: I-03-B-15]کلمہ شہادت کا مفہوم اور اہمیت جان سکیں۔

ب۔ اذان اور موذن

حاصل تعلّم:

- یہ جان سکیں کہ اذان اسلامی شعائر میں سے ہے اور اذان و موذن کی فضیلت اور اذان کے آداب سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-16] اذان کی فضیلت و آداب سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-03-B-17] مستند احادیث کی روشنی میں موذن کی فضیلت کے بارے میں جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-18] اذان سننے کی فضیلت جانتے ہوئے ادب اور خاموشی سے اذان سنیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً اذان سننے کے آداب سے متعلق جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: کمرہ جماعت میں طلبہ اذان کے آداب کا عملی مظاہرہ کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں:

- ارکان اسلام کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کروائی جائے۔

ج۔ وضو

حاصل تعلّم

- یہ جان سکیں کہ وضو نماز کی بنیادی شرط ہے اور وضو کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-19] وضو کی فضیلت و آداب کے بارے میں جانیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-20] یہ جان لیں کہ وضو نماز کے لیے ضروری ہے۔ |

مجوّزہ جانچ:

تشکیلی جانچ: وضو کے آداب کے متعلق پوچھا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: وضو کی فضیلت کے بارے میں سنا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ وضو کا طریقہ اپنے والدین سے سیکھ کر اس پر عمل کریں۔ (گھریلو سرگرمی)
- وضو کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں مستند احادیث تلاش کر کے لائیں اور ساتھیوں کو بتائیں۔

د۔ نماز

**حاصل تعلّم**

- نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں اور نمازوں کی تعداد، رکعات اور ناموں سے واقف ہو سکیں اور روز مرہ زندگی میں نمازوں کا اہتمام کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-03-B-21] نماز کی فضیلت و آداب کے بارے میں جانیں۔
- [SLO: I-03-B-22] نمازوں کے اوقات اور رکعات کی تعداد بتائیں۔
- [SLO: I-03-B-23] نماز کی فضیلت کے بارے میں مستند احادیث مبارکہ سے کوئی مثال دیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-03-B-24] عملی زندگی میں نماز کی فضیلت و آداب جانتے ہوئے نماز پڑھنے کی عادت کو پختہ کریں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نماز کی اہمیت وفضیت سے متعلق بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: پنجگانہ نمازوں کے نام کے سامنے رکعات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ نماز کا عملی طریقہ اپنے والدین سیکھ کر اس پر عمل کریں۔
- نماز کے اوقات کے بارے میں چارٹ بنا کر لگائیں۔

**د۔ قبلہ و مسجد**

**حاصل تعلّم**

- قبلہ و مسجد کا تعارف، اہمیت جان سکیں اور ان کے ادب و احترام کو اپنی زندگیوں میں شامل کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-03-B-25] قبلہ کا تعارف (مع قبلہ اوّل) اور اُس کی اہمیت جانیں۔
- [SLO: I-03-B-26] مسجد کی فضیلت و آداب جانیں۔

**صلاحیت:**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-03-B-27] قبلہ و مسجد کے ادب و احترام کو اپنی زندگی میں شامل کریں۔
- [SLO: I-03-B-28] مسجد کے آداب کا عملی نمونہ پیش کریں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: طلبہ مسجد کی فضیلت اور آداب کے بارے میں اپنی ذاتی معلومات ساتھیوں کو بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: مسجد کے آداب فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔ خانہ کعبہ کی ابتدائی تاریخ کی وضاحت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو خانہ کعبہ کے تعارف اور اس کی تعمیر کی کوئی ویڈیو دکھائی جائے۔
- عالم اسلام کی چند تاریخی مساجد کی تصاویر کا البم تیار کریں / presentation کروائیں۔

## دائرہ کار۔ ۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-03-C-]

| |
|---|
| الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ (قبل از بعثت)<br>حاصل تعلّم<br>● پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-C-01] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت اور بوقت ولادت معجزات اور بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات جان سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-02] حضرت ابو طالب کی اپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم سے محبت اور کفالت کے بارے جان سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-03] سفر شام کے متعلق بتا سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-04] حلف الفضول کے متعلق بیان کر سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-05] مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کے متعلق بیان کر سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-06] حجر اسود کی تنصیب کے متعلق آگاہ کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-C-07] پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف واقعات سے سبق آموز پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے عملی زندگی بہتر بنائیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے ابتدائی واقعات ترتیب وار بتائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: بذریعہ سوالات پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے بارے میں طلبہ کی حاصل شدہ معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● طلبہ سے حلف الفضول اور حجر اسود کی تنصیب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے کردار پر مکالمہ کروایا جائے۔<br>● نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی قبل از بعثت حیات طیبہ پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ |

| |
|---|
| ب۔ خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت و امانت اور حسن معاملات<br>حاصل تعلّم<br>● صداقت و امانت اور حسن معاملات کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-C-08] صداقت و امانت اور حسن معاملات کا مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO: I-03-C-09] صداقت اور امانت اور حسن معاملات کے اثرات کے بارے میں جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-C-10] حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے صداقت و امانت اور حسن معاملات کی اہمیت جانتے ہوئے اسے روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ |

| |
|---|
| تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسنِ معاملات سے متعلق اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: صداقت وامانت کا مفہوم اور اسکے اثرات بیان کریں گے۔<br>نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسنِ معاملات سے متعلق کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ سے ان کی ذاتی زندگی کے سچ بولنے کے واقعات سنے جائیں گے۔<br>• خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت وامانت کے بارے میں جماعت میں مذاکرہ کیا جائے۔<br>• خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسنِ معاملات کے بارے میں جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |

<table>
<tr><td colspan="2">ج۔ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری اور صبر و تحمل<br>حاصلِ تعلّم<br>• رواداری اور صبر و تحمل کا مفہوم اور سیرت طیبہ سے رواداری اور صبر و تحمل کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-C-11] رواداری کا مفہوم اور سیرت طیبہ سے رواداری کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-C-12] صبر و تحمل کے مفہوم سے متعارف ہو سکیں اور اسوہ حسنہ کو جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-C-13] رواداری صبر و تحمل جیسی صفات کو اپنی زندگی میں شامل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: طلبہ رواداری، صبر و تحمل کے متعلق اظہار خیال کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری اور صبر و تحمل سے متعلق کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• رواداری کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری کے چند واقعات ذہن نشین کریں۔<br>• جماعت میں باہمی بات چیت کروائی جائے کہ موجودہ دور میں کیسے رواداری اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا جا سکتا ہے۔</td></tr>
</table>

## دائرہ کار۔ ۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-03-D-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ سچ کی اہمیت<br>حاصلِ تعلّم<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں سچائی کی اہمیت جان سکیں اور سچ کے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات جان کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-D-01] سچائی کی اہمیت کے حوالے سے قرآن وسنت کی روشنی میں معلومات حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-03-D-02] سچ کے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-D-03] جھوٹ سے اجتناب اور سچائی کو اپنا کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔</td></tr>
</table>

| |
|---|
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً مذکورہ ادب کے حوالے سے چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: سیرت طیبہ سے سچائی سے متعلق واقعات بیان کریں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• سچ کے فوائد پر طلبہ گفتگو کریں۔<br>• اپنے روزمرہ کے معمولات میں سچ بولنے سے حاصل ہونے والے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔ |

| | |
|---|---|
| ب۔ گفتگو کے آداب<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• خوش کلامی کی اہمیت سمجھ لیں اور نرم کلامی سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ ہو کر روز مرّہ زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-D-04]خوش کلامی کی اہمیت و فوائد سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-03-D-05]غیبت چغل خوری، برے القاب و الفاظ سے اجتناب کرتے ہوئے اچھے الفاظ اور شائستہ لب ولہجہ میں گفتگو کر سکیں۔<br>• [SLO: I-03-D-06]احادیث کی روشنی میں نرم کلامی سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-D-07]گفتگو کے آداب کو روزمرہ کی زندگی میں اپنائیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً گفتگو کے آداب کا چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے۔<br>تکمیلی جانچ: | |
| مجوّزہ سرگرمیاں:<br>• اچھی گفتگو کے اداب و فوائد کی فہرست تیار کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

### دائرہ کار۔۵: حسن معاملات و معاشرت

[SLO: I-03-E-]

| | |
|---|---|
| الف۔ باہمی تعلقات<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں اور حُسنِ سلوک سے آگاہ ہو سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-E-01]حقوق العباد کی اہمیت سے واقف ہوں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-E-03]حقوق العباد کا خیال رکھتے ہوئے حسن سلوک کا مظاہرہ کریں۔ |

| | |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-03-E-02]والدین، اساتذہ کرام، بہن بھائیوں، رشتے داروں اور پڑوسیوں، ساتھیوں اور خواتین وغیرہ کے حقوق سے آگاہ ہوں۔ | ▪ [SLO: I-03-E-04]باہمی تعلقات کو استوار اور مستحکم رکھنے کے لیے آپس میں مثبت انداز میں پیش آئیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: طلبہ حقوق العباد کی اہمیت کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت کی وضاحت کریں گے۔<br>مذکورہ لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں چند سطریں تحریر کریں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● آپس میں حسن معاملات سے متعلقہ امور کی فہرست بنوائی جائے۔<br>● حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم تَهَادُوا تَحَابُّوا ۔(آپس میں تحفہ دیا کرو اس سے محبت بڑھے گی۔) کے مطابق ایک دوسرے کو تحائف دینے کی ترغیب دینے کی سرگرمی کا اہتمام کیا جائے۔<br>● طلبہ باہمی تعلقات خراب کرنے والے امور کی مثبت انداز میں نشان دہی کریں گے۔ | |

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام

[SLO: I-03-F-]

| | |
|---|---|
| الف۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام<br>حاصل تعلّم<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● مذکورہ انبیائے کرام علیہم السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں اوراپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-F-01]حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی سے مختصراً آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-02]حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھرانے کے بارے میں جان سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-F-03]حضرت ابراہیم علیہ السلام ، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کی زندگی کے واقعات سے رہنمائی حاصل کر کے انھیں روزمرہ زندگی میں اپنائیں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-04]حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اطاعت کے واقعہ سے سبق حاصل کر کے اپنے والدین کے فرماں بردار بن سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی کے اہم واقعات پر روشنی ڈالیں۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعات کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے اور واقعات سے حاصل ہونے والے اسباق کا بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔<br>● حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت کی نمایاں صفات کی فہرست تیار کریں۔ | |

| |
|---|
| ب۔ امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ |

| |
|---|
| **حاصل تعلّم**<br>● امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کے خاندان اور حالاتِ زندگی کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی دینِ اسلام کے لیے خدمات سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-F-08] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی میں وفائے رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے جذبے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں عملی نمونہ پیش کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-F-05] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پہ متعارف ہوں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-06] قبول اسلام اور صدیق کا لقب حاصل ہونے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-07] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سیرت و کردار اور دین اسلام کے لیے خدمات سے آگاہ ہوں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: معروضی طرز پر امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالاتِ زندگی سے متعلق جائزہ لیا جائے گا۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>● امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غار ثور میں کردار کے متعلق طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔<br>● امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کو سامنے رکھتے ہوئے اچھے دوست کی خصوصیات تحریر کریں۔ |

## دائرہ کار۔۷: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے [SLO: I-03-G-]

| |
|---|
| **الف۔ صحت و تندرستی**<br>**حاصل تعلّم**<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● حفظانِ صحت کی اہمیت اور اصولوں کو جان سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-G-02] صفائی کے مختلف اصولوں اور طریقوں پر عمل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-G-01] قرآن و سنت کی روشنی میں صفائی کی اہمیت اور اصولوں کو جانیں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں صفائی کا جائزہ لیا جائے گا۔ / حفظانِ صحت کے مختلف اصولوں پر مبنی ایک تصویری چارٹ تیار کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: صفائی کی اہمیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان گروہی مباحثہ کروایا جائے گا۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>● طلبہ صفائی سے متعلق احادیث اور سنتیں تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔<br>● ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ کی تفسیر کے ذریعے پانی کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا جائے۔ |
| ● طلبہ کو حفظان صحت کے اصولوں پر مبنی دستاویزی فلم دکھائیں تا کہ وہ جان سکیں کہ اپنی صحت کا خیال کیسے رکھ سکتے ہیں۔<br>● مختلف جماعتوں کے درمیان مقابلہ صفائی منعقد کیا جائے۔ |

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت چہارم)

# نصابی خاکہ (جماعت چہارم)

دائرہ کار: باب ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم[SLO: I-04-A-]

| | |
|---|---|
| **الف۔ ناظرہ قرآن مجید**<br>**حاصل تعلّم**<br>• قران مجید کے پارہ ۹ تا ۱۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-01] رموزِ اوقاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-02] پارہ نمبر ۹ تا ۱۸ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔<br>• [SLO: I-04-A-03] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: طلبہ حروف تہجی کے مخارج اور صفات کی وضاحت کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: پارہ نمبر 9 تا 18 کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• مخارج اور صفات ایک تصویری چارٹ کی صورت میں کمرا جماعت میں آویزاں کیے جائیں۔ | |

| | |
|---|---|
| **ب۔ حفظ قرآن مجید**<br>**حاصل تعلّم**<br>• سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون کو حفظ کر سکیں اور انھیں درست تلفظ کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-A-04]سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون سے واقفیت حاصل کریں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-05] مذکورہ سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ تلاوت کریں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: سورتوں کے مضامین کو مختصراً بیان کریں گے۔ / طلبہ دو دو کے جوڑوں میں اظہار خیال کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی درست تلفظ کے ساتھ زبانی تلاوت کریں گے۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون کے پس منظر سے متعلق معلومات اکٹھی کر کے لائیں۔ | |

- سورتوں کے موضوعات پر مبنی پوسٹرز (Posters) بنائے جائیں۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

حاصلِ تعلّم

- سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم، سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ، رَبَّنَا لَکَ الْحَمد، سُبْحَانَ رَبِّیَ الْأَعْلٰی کو مع ترجمہ یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان کر انھیں اپنی نمازوں میں پڑھ سکیں۔
- سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں اور التحیات کے ترجمے سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-06] رکوع، قومہ، سجدے اور تشہد کی تسبیحات کے معانی و مفاہیم سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-04-A-07] سورۃ الکوثر کے پس منظر سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-04-A-08] سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-A-09] نماز پڑھتے وقت تسبیحات کے معانی و مفاہیم کو ذہن میں رکھیں۔<br>• [SLO: I-04-A-10] رکوع، قومہ، سجدے اور تشہد کی تسبیحات، التحیات اور سورۃ الکوثر کے معنی و مفہوم کو جان کر انھیں اپنی نمازوں میں پڑھیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: التحیات کا پس منظر کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔/ **طلبہ جوڑوں میں ایک دوسرے کو تسبیحات نماز، التحیات، سورہ کوثر مع ترجمہ سنائیں گے۔**

تکمیلی جانچ: مکمل تسبیحات اور التحیات زبانی سنائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- التحیات کی آڈیو سنائی جائے۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصلِ تعلّم

- پانچ مختصر صحیح احادیث مبارکہ سمجھ سکیں (بمطابق ضمیمہ)۔ ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-A-11] احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>▪ [SLO: I-04-A-12] احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-13] اپنی روزمرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عربی متن اور ان کے تراجم کو کالم کی صورت میں ملائیں گے۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے موضوعات کو مختصراً بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مثالوں کی مدد سے احادیث کے مفہوم کی وضاحت کی جائے۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

| |
|---|
| بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا، بیت الخلا سے باہر نکلنے کی دعا<br>حاصل تعلّم<br>• ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-14] دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ سکیں۔<br>• [SLO: I-04-A-15] دعاؤں کے معانی ومفاہیم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد سکیں۔<br>• [SLO: I-04-A-16] چھے اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ اَلْمُصَوِّرُ (شکل وصورت اور امتیازی شان عطا کرنے والا) اَلْغَفَّارُ (بہت بخشنے والا) اَلْقَھَّارُ (سب پر غالب) اَلْوَھَّابُ (بہت عطا فرمانے والا) اَلرَّزَّاقُ (رزق دینے والا) اَلْفَتَّاحُ (بڑا مشکل کشا بند راستے کھولنے والا | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-17] دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بنیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: دعاؤں کے عربی متن اور ان کے عنوانات کو آپس میں ملائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی پڑھیں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• دعاؤں کا چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• دعاؤں سے متعلقہ موضوع کے مطابق طلبہ عملی نمونے پیش کریں۔ |

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات

### الف۔ ایمانیات

[SLO: I-04-B-]

| |
|---|
| معیار<br>عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت وختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ |
| الف۔ فرشتوں پر ایمان<br>حاصل تعلّم<br>• تمام فرشتوں پر ایمان لانے کے حکم سے آگاہ ہو سکیں اور مشہور فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں جان سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-B-01] فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق جان کر یہ سمجھ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-04] چند مشہور فرشتوں کے ناموں اور ذمہ داریوں کے |

| | |
|---|---|
| لیں کو وہ گناہوں سے معصوم ہیں۔<br>• [SLO: I-04-B-02]تمام فرشتوں پر ایمان لانے کے حکم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-04-B-03]مشہور فرشتوں کے نام اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ ذمہ داریوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | متعلق گفتگو کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-05]یہ بتا سکیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے حکم کے پابند ہیں اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات مبارک کہ ان کی مدد کی محتاج ہر گز نہیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: فرشتوں اور انسانوں کی خصوصیات میں مماثلت اور فرق کو (Venn Diagram) کی مدد سے تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں وضاحت کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- کائنات میں سے ایسی نشانیوں کی فہرست بنائیں جس میں فرشتوں کی خدمات کا اظہار ہوتا ہو۔

ب۔ آسمانی کتابوں اور صحائف پر ایمان

حاصل تعلّم

- آسمانی کتابوں اور صحائف پر ایمان کے حکم سے آگاہ ہو کر آسمانی کتابوں کے نام اور جن نبیوں پر آسمانی کتب اور صحائف نازل ہوئے ہیں ان کے اسمائے گرامی سے آگاہ ہو سکیں اور قرآن مجید کی فضیلت و انسانی زندگی میں اس کی اہمیت جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-06]آسمانی کتابوں پر ایمان کی اہمیت و حکم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-07]آسمانی کتابوں کے نام اور جن انبیائے کرام پر یہ کتابیں نازل ہوئیں ان کے اسماء گرامی جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-08]قرآن مجید کی فضیلت اور زندگی میں اہمیت جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-09]آسمانی کتابوں پر ایمان کو پختہ کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-10]قرآن مجید سے قبل آنے والی آسمانی کتب کے احکام کے منسوخ ہونے کے متعلق بتا سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-11]قرآن مجید کی فضیلت اپنے الفاظ میں مختصراً بیان کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: آسمانی کتابوں کے ناموں کے سامنے انبیاء کرام علیہم السلام کے نام تحریر کریں گے۔ / **طلبہ گروہوں کی شکل میں انبیائے کرام علیہم السلام (ہر گروہ ایک) کے بارے میں تفصیلات بیان کریں گے۔**

تکمیلی جانچ: آسمانی کتابوں پر ایمان سے کیا مراد ہے؟ نیز قرآن مجید کی فضیلت و اہمیت پر مختصراً پیراگراف تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- تمام آسمانی کتابوں کے نام اور انبیائے کرام کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔

## ب۔ عبادات

**الف۔ روزہ (صوم)**

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- روزے (صوم) کا معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت، مقاصد و فوائد اور احکام جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-04-B-12] تمام ارکان اسلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔ (اعادہ)<br>▪ [SLO: I-04-B-13] روزے کا معنی و مفہوم، فرضیت، اہمیت و فضیلت کے متعلق جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-14] رمضان المبارک میں اعتکاف اور شب قدر کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-15] روزے کے حقیقی مقاصد اور فوائد کے متعلق گفتگو کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-16] رمضان المبارک میں عبادت کرنے کی ترغیب اور اسکے فضائل سے آگاہ ہو کر اس کا احترام کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: روزے کا معنی و مفہوم اور مقصد و فوائد کے بارے میں مختصراً بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: رمضان میں بری عادات سے بچنے کے لیے مختلف صورتوں میں آپ کا عمل کیا ہو گا؟ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- سورۃ القدر اور شب قدر کے حوالے سے ایک مختصر پیراگراف تحریر کریں گے۔
- ماہ رمضان میں روزے کی اہمیت و فضیلت کے حوالے سے طلبہ اسمبلی یا کمرا جماعت میں معلومات پیش کریں۔ **(Presentation)**

## ب۔ حقوق اللہ

**حاصل تعلّم**

- اللہ تعالیٰ کو خالق، مالک، رازق اور معبود سمجھتے ہوئے اس کے حقوق جان سکیں اور دعا کی اہمیت جان کر عملی زندگی میں اس کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-17] اللہ تعالیٰ کے حقوق کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-04-B-18] دعا کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-19] اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر شکر ادا کرنے کے عادی بن سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-20] دعا کی فضیلت جان کر عملی زندگی میں دعا مانگنے کی عادت اپنا سکیں۔<br>● [SLO: I-04-B-21] تکلیف اور مصیبت میں صبر و استقامت اور توکل کا مظاہرہ کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: طلبہ اظہار خیال کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق کیا ہیں اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کو کس طرح استعمال کیا جائے؟

تکمیلی جانچ: ” مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- دعا کی اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور مستند حدیث مبارک تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے ان کے مفاہیم کی وضاحت کریں۔

## ج۔ تلاوتِ قرآن مجید

حاصلِ تعلّم

- تلاوت کے احکام و آداب سے آگاہ ہو سکیں اور ان پر عمل کر سکیں اور مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-22] آخری آسمانی کتاب کے طور پر قرآن مجید کا تعارف جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-23] دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے قرآن مجید کی اہمیت، عظمت و فضائل سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-24] مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-B-25] تلاوت کے احکام و آداب پر عمل کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-B-26] اس بات پر ایمان پختہ کر سکیں کہ قرآن مجید ہی کلام اللہ ہے اور ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے۔<br>▪ [SLO: I-04-B-27] قرآن مجید پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب حاصل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: قرآن مجید کی عظمت اور فضائل پر کمرا جماعت میں معلومات پیش کی جائیں گی۔

تکمیلی جانچ: قرآن مجید کے حقوق تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب پر مشتمل چارٹ جماعت میں آویزاں کریں۔
- "فضائل قرآن" کے عنوان کے تحت طلبہ کے درمیان مضمون نویسی کا مقابلہ کروایا جائے۔

## دائرہ کار: باب ۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-04-C-]

**الف۔ نزولِ وحی کا واقعہ**

حاصلِ تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ اور نزول وحی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-01] حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں:<br>i. نزول وحی<br>ii. نزول وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کردار<br>iii. سورۃ العلق کی ابتدائی آیات کے مطابق علم کی اہمیت | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-02] حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کلمات (صلہ رحمی، مصیبت زدوں کا بوجھ اٹھانے، ناداروں کی مدد، مہمان نوازی، آفتوں میں دوسروں کے کام آنے) کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عظمتِ کردار سے آگاہ ہو کر اس کی پیروی کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

**تشکیلی جانچ: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج شدہ پہلوؤں کو کہانی کے طور پر طلبہ کو سنایا جائے گا۔ ان سے متعلق سوالات بھی پوچھے جائیں گے۔**

تکمیلی جانچ: /ہفتہ وار / مہینہ وار ٹسٹ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- پہلی وحی کی آیات مع ترجمہ سنائی جائیں۔
- علم کی اہمیت وفضیلت کے بارے میں آیات قرآنی ومستند احادیث مبارکہ تلاش کر کے لائیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- نزولِ وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کلمات کے حوالے طلبہ اسمبلی / جماعت میں بتائیں گے۔

ب۔ دعوت وتبلیغ

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں دعوت وتبلیغ کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہوسکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-03] دینِ اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت، اہمیت اور درج ذیل کے بارے میں جان سکیں:<br>i. دعوتِ اسلام کا آغاز (اہلِ خاندان واقربا)<br>ii. سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والی شخصیات<br>iii. قریشِ مکہ کی مخالفت<br>iv. حضرت ابو طالب کا کردار<br>v. صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-04] مذکورہ واقعات کو ترتیبِ زمانی سے اپنے الفاظ میں بیان کرسکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-05] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کی وجہ سے امت پر دعوت وتبلیغ کی ذمہ داری کو بیان کرسکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-06] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات اور ثابت قدمی سے سبق حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی میں نمونہ پیش کرسکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مذکورہ پہلوؤں کو کہانی کی صورت میں ترتیب وار بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: قریشِ مکہ کی مخالفت اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی ثابت قدمی سے متعلق واقعات اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کے مقابلے منعقد کئے جائیں۔
- سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والی ہستیوں کے ناموں کی فہرست بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔

ج۔ ہجرتِ حبشہ (اولیٰ وثانیہ)

حاصل تعلّم

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور ہجرتِ حبشہ سے آگاہ ہوسکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-07] ہجرت کا مفہوم اور ہجرتِ حبشہ کے بارے میں جان | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-11] مذکورہ واقعات کو ترتیب کے لحاظ سے اپنے الفاظ میں |

| | |
|---|---|
| سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-08]ابتدائی سالوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-09]نجاشی اور اس کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-04-C-10]حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نجاشی کے دربار میں تقریر کے اہم نکات سے واقف ہو سکیں۔ | بیان کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-12]مشکلات پر صبر کرنے کی عادت اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہجرت اولیٰ کے متعلق واقعات کو کہانی کی صورت میں ترتیب وار بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: نجاشی کی شخصیت کے اہم پہلو اور حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر کے اہم نکات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نقشے، گلوب یا گوگل میپ کی مدد سے حبشہ / ایتھوپیا کی نشاندہی کریں۔

## د۔ شعبِ ابی طالب

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور شعب ابی طالب سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-13]شعب ابی طالب کا تعارف جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-14]حضرت ابو طالب کے کردار اور محصورین کی مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-15]محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-16]اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے کے عادی بن سکیں۔<br>● [SLO: I-04-C-17]شعب ابی طالب کے واقعہ کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔ |

**تجویز جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: حضرت ابو طالب کا کردار اور محصورین کی مشکلات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- جزیرہ نما عرب کے نقشے یا گوگل میپ کی مدد سے مختلف مقامات (مکہ مکرمہ، طائف، شعب ابی طالب) کی نشاندہی کریں۔

## ز۔ عام الحزن

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-18]عام الحزن کا معنی ومفہوم جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-20]پریشانی اور غم کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و |

| | |
|---|---|
| [SLO: I-04-C-19] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار سے واقف ہو سکیں۔ | اصحابہ وسلم کے طرز عمل کو اپنا سکیں ۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات واقعات سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: عام الحزن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار کے اہم پہلوؤں کی فہرست بنائی جائے۔
- حضرت ابو طالب اور سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے ناموں پر مبنی فہرست بنائی جائے۔

**و۔ سفر طائف**

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور سفر طائف سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-C-21] سفر طائف کا مقصد اور سرداروں کے رویے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-C-22] اہل طائف کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی دعا سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-C-23] سفر طائف کے واقعات جان کر صبر و تحمل اور برداشت جیسی خصوصیات کو اپنا سکیں ۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات واقعات سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: سفر طائف کا مقصد، سرداروں کا رویہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا صبر و تحمل مختصراً تحریر کریں۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- سفر طائف کا واقعہ کہانی کی صورت میں بتائیں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-04-D-]

**الف۔ سادگی**

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- سادگی کا مطلب اور مفہوم، فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں سادگی اپنا سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-D-05] عملی زندگی میں سادگی اپنا سکیں اور نمود و نمائش سے دور رہ سکیں۔ | علم<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-D-01] سادگی کا مطلب اور مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-02] سادگی اور بناوٹ و تکلف میں فرق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-03] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی میں سادگی کی مثالوں سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-04] سادگی کے فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: سادگی کا مطلب و مفہوم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے سادگی کی کوئی ایک مثال تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: سادگی کے فوائد اور بناوٹ کے نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کسی بھی تقریب کا مشاہدہ کر کے ساتھیوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں کہ اس میں سادگی کا اہتمام کیا گیا یا نہیں۔
- سادگی کے فوائد اور نمود و نمائش کے نقصانات پر مکالمہ کرایا جائے۔

**ب۔ آداب مجلس**

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں مجلس کا مفہوم، آداب اور مقاصد کو سمجھ سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-D-09] مجلس کے مقاصد اور ان کی اقسام (دینی، خوشی، غمی وغیرہ) کے پیش نظر ان میں شرکت کر سکیں۔ | علم<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-D-06] مجلس کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-07] مجلس کے آداب سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-08] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں آداب مجلس کے واقعات جان سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مجلس کے مفہوم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے آداب مجلس کے حوالے سے کوئی ایک واقعہ تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: مجلس کے اختتام اور آداب ایک خاکے کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اسکولوں اور باہر مختلف مجالس کا مشاہدہ کریں اور ان کی فہرست مرتب کریں کہ وہاں کن آداب کا خیال رکھا گیا ہے اور کون سی باتوں کا خیال نہیں رکھا گیا۔
- اختتامِ مجلس کی دعا یاد کروائی جائے۔

**ج۔ وقت کی پابندی**

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں اور عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-D-13]اپنی جماعت اور زندگی کے دیگر معاملات میں نظام الاوقات پر عمل کر سکیں<br>▪ [SLO: I-04-D-14]عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-D-10]وقت کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-11]نظامِ فطرت سے وقت کی پابندی کے اصول سیکھ سکیں۔<br>• [SLO: I-04-D-12]اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے روزمرہ معمولات (**Routine**) تلاش کر کے ایک جدول بنائیں اور طلبہ اپنے یومیہ معمولات (**Routine**) کا جائزہ لے کر جدول میں تحریر کریں۔

تکمیلی جانچ: مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ سے دن بھر کی سرگرمیوں بشمول نماز اور تلاوت کے نظام الاوقات پر مبنی جدول بنوایا جائے۔
- طلبہ اپنے ایک دن کا جائزہ لیں اور اپنے ساتھیوں کو بتائیں کہ وقت کی پابندی کا کیا فائدہ ہوا اور وقت کی پابندی نہ کرنے پر کیا نقصان اٹھانا پڑا۔

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاشرت و معاملات

[SLO: I-04-E-]

| | |
|---|---|
| **الف۔ دیانت داری**<br>**حاصل تعلّم**<br>**قرآن و سنت کی روشنی میں:**<br>● دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں دیانت داری کی مثالیں جان سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-E-01]دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-02]تمام معاملات میں دیانت داری کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-03]دیانت داری اور بد دیانتی میں فرق کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-04]سیرت طیبہ کی روشنی میں دیانت داری کی مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-04-E-05]دیانت داری کے معاشرتی اور معاشی ثمرات سے آگاہ ہو کر دیانت داری کے اصولوں پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: دیانت داری کا مطلب و مفہوم اور سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی ایک واقعہ تحریر کریں گے۔ بذریعہ چیک لسٹ جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: دیانت داری کی معاشرے میں اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک کا ترجمہ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>● طلبہ ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جو وہ اپنی عملی زندگی اور کھیل کود وغیرہ میں دیانت داری سے سرانجام دیتے ہیں اور اس کے متعلق ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیالات کریں۔<br>● دیانت داری کے ثمرات اور بد دیانتی کے اثرات کا موازنہ کر کے لائیں۔<br>● دیانت داری سے متعلق ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔ | |

| | |
|---|---|
| **ب۔ حقوق العباد (خدمت خلق)**<br>**حاصل تعلّم**<br>**قرآن و سنت کی روشنی میں:**<br>● خدمت خلق کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت سمجھ سکیں اور عملی زندگی میں خدمت خلق کی صفت کو اپنا سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-04-E-06]خدمت خلق کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-04-E-07]خدمت خلق کی ضرورت و اہمیت سمجھ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-04-E-08]سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-E-10]دورِ حاضر کے مسائل کا ادراک کرتے ہوئے خدمت خلق کے لیے اپنے آپ کو تیار کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-11]عملی زندگی میں خدمت خلق کی صفت کو اپنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| خدمتِ خلق کے واقعات جانیں۔<br>• [SLO: I-04-E-09]روز مرہ زندگی میں خدمت خلق کی مختلف صورتوں کا جائزہ لے سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: خدمت خلق کی مختلف صورتوں میں اپنے کردار کا جائزہ لیں گے اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: خدمت خلق کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے کوئی ایک واقعہ اور خدمت خلق کی ضرورت واہمیت تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کو کسی رفاہی ادارے کا دورہ کرایا جائے تاکہ وہ وہاں رہنے والے لوگوں کے خیالات جان سکیں۔
- خدمت خلق کے بارے میں اسکول یا محلے کی سطح پر پراجیکٹ کروایا جائے۔

ج۔ وطن سے محبت (ذمہ دار شہری)

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہو سکیں، وطن کی اہمیت سے سمجھ سکیں اور وطن کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-E-12]وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-13]نظریہ پاکستان کی روشنی میں وطن کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور وطن کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-14]ہم وطنوں کے ساتھ ہر قسم کی تفریق سے بالاتر ہو کر مثبت تعلقات رکھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-E-15]اپنے آپ کو ملکی سلامتی اور ترقی کے لیے تیار کر سکیں۔ | • [SLO: I-04-E-16]اسلامی جمہوریہ پاکستان سے عملی طور پر محبت کا مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-04-E-17]روز مرہ زندگی میں جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات اپنائیں۔<br>• [SLO: I-04-E-18]اچھے شہری کی ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے اس پر عمل کریں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وطن سے محبت کی اہمیت اور ہم وطنوں سے مثبت تعلقات کے بارے میں مختصراً بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات ایک خاکے کی صورت میں تحریر کریں۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ایک ذمہ دار شہری ہونے کی حیثیت سے طلبہ اپنے ارد گرد کے ماحول کا مشاہدہ کریں اور وطن سے محبت کے سلسلے میں اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں کہ کس طرح اپنے وطن کی خدمت کی جاسکتی ہے۔
- ان چیزوں اور اعمال کی نشاندہی کریں جن سے وطن کی محبت کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات چارٹ پر لکھ کر جماعت میں آویزاں کریں۔

دائرہ کار: باب ٦: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام:

[SLO: I-04-F-]

| |
|---|
| الف۔ حضرت داؤد علیہ السلام:<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی کے نمایاں واقعات سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-04-F-01]حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی کے چند واقعات جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-F-02]حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزات کے متعلق مختصراً آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-03]حضرت داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی کے وصف سے آگاہ ہو سکیں۔ | ▪ [SLO: I-04-F-04]حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات و واقعات کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-05]حضرت داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی کے وصف کی روشنی میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حمد و ثنا کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات زندگی اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق ایک کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات زندگی کو نمبرات کی مدد سے ترتیب دیں گے۔ / مشق معروضی و موضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کی شخصیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔ |

| |
|---|
| ب۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعارف، حالات و واقعات جان سکیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی سے رہنمائی حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-04-F-06]حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-04-F-07]حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے حالات و واقعات اور معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-04-F-09]حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صفات کے متعلق جان کر اپنی عملی زندگی میں انھیں اپنا سکیں ۔ |

| | |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-04-F-08]فرعون کی نافرمانی اور عبرت ناک انجام کے بارے میں سمجھ سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق ایک کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کو نمبروں کی مدد سے ترتیب دیں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- نقشے یا گوگل میپ کی مدد سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاقہ کی نشاندہی کریں۔

ج۔ امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

**حاصل تعلّم**

- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں اور ان کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-F-10]امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-11]امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام قبول کرنے کا واقعہ جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-12]امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فاروق کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-13]امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ راشد خدمات کے بارے میں جان سکیں۔ | • [SLO: I-04-F-14]امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں ۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ راشد خدمات کی فہرست تیار کریں گے۔ (کوئی سی پانچ)

تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام کا واقعہ اور فاروق کا لقب ملنے کی وجہ مختصراً تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی اور صفات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بطور خلیفہ راشد خدمات تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

د۔ امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

**حاصل تعلّم**

- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی اور خدمات اجمالی طور پر جان سکیں اور اپنی زندگی میں ان کی سیرت سے رہنمائی حاصل

| | |
|---|---|
| کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-F-15]امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-16]امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق وعادات اور سخاوت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-17]امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذوالنورین کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>• [SLO: I-04-F-18]امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات کے بارے میں جان سکیں۔ | صلاحیت:<br>• [SLO: I-04-F-19]اپنی زندگیوں میں امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں مختصراً بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق، سخاوت اور لقب ملنے کی وجہ مختصراً تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سر گرمیاں

- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔
- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بطور خلیفہ راشد خدمات تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

## دائرہ کار۔۷: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

[SLO: I-04-G-]

<table>
<tr><td colspan="2">

**الف۔ صفائی کی ضرورت واہمیت**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- صفائی کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں اور اپنی عملی زندگی میں صفائی کے فوائد واثرات سے آگاہ ہو سکیں اور اس کا اہتمام کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-04-G-01]صفائی کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں۔
- [SLO: I-04-G-02]اپنے ماحول میں صفائی کے مسائل سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO: I-04-G-03]اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں بطور مسلمان اپنا کردار ادا کر سکیں۔

</td><td>

**صلاحیت:**

- [SLO: I-04-G-04]اپنی عملی زندگی میں صفائی کے فوائد واثرات سے آگاہ ہو سکیں اور اس کا اہتمام کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً صفائی کے مسائل اور ان کے تدارک کا جائزہ چیک لسٹ کی صورت میں لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: صفائی کی اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک کا ترجمہ تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- سیرت طیبہ سے صفائی کی اہمیت کا کوئی ایک واقعہ تلاش کر کے لائیں۔
- اپنے اسکول میں ہفتہ وار صفائی مہم کا اہتمام کریں۔
- روزانہ کی بنیاد پر اپنے کمرہ جماعت کی صفائی کا اہتمام کیا جائے
- اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے کی ترغیب پیدا کریں۔

</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">

**ب۔ پانی کی اہمیت**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال سے متعلق آگاہ ہو سکیں اور عصرِ حاضر میں پانی کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کرتے ہوئے پانی کا درست استعمال کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-04-G-05]پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال سے متعلق آگاہ ہو سکیں۔

</td><td>

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-04-G-08]پانی کے ضیاع کے نقصانات جان کر روزمرہ زندگی میں پانی کا درست استعمال کر سکیں۔

</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-04-G-06]عصرِ حاضر میں پانی کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-04-G-07]پانی کے ضیاع سے بچنے کے حوالے سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عصرِ حاضر میں پانی کے مسائل اور ان کے حل میں اپنا کردار تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ "پانی بچاؤ مہم" میں بھرپور حصہ لیں۔
- دورِ حاضر میں پانی اور توانائی کے دیگر وسائل کو بچانے کے طریقوں کی ایک فہرست بنا کر جماعت میں اس کا تذکرہ کریں۔
- پانی کی حفاظت کے متعلق طلبہ کو کوئی دستاویزی فلم دکھائی جائے۔
- پانی کے ضیاع کے نقصانات کے حوالے سے پوسٹر (Posters) بنائے جائیں گے۔
- ثم لتسألن يومئذ عن **النعيم** کی تفسیر کے ذریعے پانی کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت پنجم)

# نصابی خاکہ (جماعت پنجم)

دائرہ کار: باب ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-05-A-]

الف۔ ناظرہ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- قرآن مجید کے پارہ ۱۹ تا ۲۹ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموز او قاف کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-A-01] طلبہ حروفِ تہجی کے مخارج کے بارے میں جانیں۔<br>• [SLO: I-05-A-02] رموزِ او قاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-05-A-03] تلاوت کے آداب سے واقفیت حاصل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-04] پارہ نمبر ۱۹ تا ۲۹ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔<br>• [SLO: I-05-A-05] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ہر ایک پارے کے بعد منتخب آیات کی تلاوت کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: پارہ نمبر ۱۹ تا ۲۹ کی مختلف آیات کی درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کی قرات کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرات سنائی جائے۔
- مقابلہ حسن قرات کرایا جائے اور بہترین قرات کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزئی کی جائے۔
- اسمبلی کے شروع میں طلبہ قرات کریں۔

ب۔ حفظ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- آیت الکرسی، سورۃ الفیل اور سورۃ القریش دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں اور ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-06] آیت الکرسی کی اہمیت سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-07] آیت الکرسی سورۃ الفیل اور سورۃ القریش کے مفاہیم سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-08] ان سورتوں کے احکامات سے حاصل ہونے والے سبق پر روز مرہ زندگی میں عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-09] حفاظت کے لیے صبح و شام آیت الکرسی پڑھنے کا معمول بنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورت کی تکمیل کے بعد فلیش کارڈز پر لکھی گئی آیات کو ترتیب دیں گے۔

تکمیلی جانچ: آیت الکرسی، سورۃ الفیل اور سورۃ القریش کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- آیۃالکرسی کے متعلق کوئی مستند حدیث مبارک تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔
- ایک دوسرے کو مذکورہ سورتیں و آیت یاد کر کے سنائیں۔

**ج۔ حفظ وترجمہ**

درود ابراہیمی، دعائے قنوت، منتخب دعائیں

**حاصل تعلّم**

- دی گئی دعاؤں کو یاد کر سکیں اور ان کے معانی و مفاہیم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو روز مرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-A-10] درود ابراہیمی اور دعائے قنوت مع ترجمہ یاد کر سکیں
- [SLO: I-05-A-11]رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

  اور

  رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ﴿٤٠﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾

  کی دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-05-A-12] 9 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (**اَلْعَلِيْمُ** (بہت جاننے والا) **اَلْقَابِضُ** (روزی تنگ کرنے والا) **اَلْبَاسِطُ** )روزی میں فراخی دینے والا( **اَلْخَافِضُ** )منکرین و متکبرین کو پست کرنے والا( **اَلرَّافِعُ** )بلند کرنے والا( **اَلْمُعِزُّ** (عزت دینے والا) **اَلْمُذِلُّ** (ذلت دینے والا( **اَلسَّمِيْعُ** )بہت زیادہ سننے والا( **اَلْبَصِيْرُ** )سب کچھ دیکھنے والا

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-A-13] درود ابراہیمی اور دعائے قنوت حفظ کریں۔
- [SLO: I-05-A-14] دی گئی مسنون دعاؤں کو اپنی روز مرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔
- [SLO: I-05-A-15] درودِ ابراہیمی کے فضائل بتانے کے قابل ہو سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں درود ابراہیمی اور مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: درود ابراہیمی، دعائے قنوت اور منتخب دعائیں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- درود ابراہیمی اور دعائے قنوت کی آڈیو سنائی جائے۔
- ہر چار طلبہ کے گروہ کو منتخب دعاؤں کا متن دیا جائے اور دیے گئے مواد میں سے طلبہ تراجم تلاش کر کے تحریر کریں۔

**د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم**

- چھ مختصر مستند احادیث مبارکہ سمجھ سکیں اور ان احادیث مبارکہ کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-05-A-16] احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-17] احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-05-A-18] اپنی روز مرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: بذریعہ سوالات احادیث کے مفہوم اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق سے متعلق جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: کوئی سی تین مستند احادیثِ مبارکہ کے تراجم تحریر کریں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• احادیث مبارکہ کے عربی متن کو پڑھ کر عنوانات تحریر کریں۔<br>• احادیث مبارکہ کے عربی متن کو ان کے متعلق تراجم کے ساتھ ملائیں۔(فلیش کارڈز) | |

| | |
|---|---|
| ہ۔ مسنون دعائیں (زبانی)<br>گھر داخل ہوتے وقت کی دعا، گھر سے نکلنے کی دعا، سفر کی دعا<br>حاصل تعلّم<br>• ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ **(عربی متن افضل ہے لیکن مفہوم بھی یاد کیا جاسکتا ہے)** | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-19] دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-05-A-20] دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کریں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-21] دعاؤں کو اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بنیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: دعاؤں کی افادیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: منتخب دعائیں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• تصویر کو دیکھ کر درست دعا پڑھ کر سنائیں۔<br>• دعاؤں کو یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ | |

**دائرہ کار: باب ۲: ایمانیات وعبادات**

**الف۔ ایمانیات**

[SLO: I-05-B-]

| |
|---|
| **الف۔ آخرت**<br>حاصل تعلّم |

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- ارکان ایمان کا تعارف حاصل کر سکیں۔(بطور اعادہ)
- عقیدہ آخرت کے معنی و مفہوم اور اہمیت و اثرات کو سمجھ سکیں اور آخرت میں جواب دہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-B-01]ارکان ایمان کا تعارف حاصل کر سکیں۔(بطور اعادہ)<br>▪ [SLO: I-05-B-02]عقیدہ آخرت کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-03]عقیدہ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-04]آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ کر دنیا اور آخرت کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-05]عقیدہ آخرت کے اثرات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-B-06]آخرت میں جوابدہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ:عقیدہ آخرت کا معنی و مفہوم اور دنیا و آخرت کے باہمی تعلق کو بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ:عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر کوئی سے پانچ اثرات تحریر کریں گے۔/مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ترازو کی تصویر میں اچھے اور برے اعمال تحریر کریں۔دائیں طرف نیک اعمال (بھاری پلڑہ) اور بائیں طرف برے اعمال لکھے جائیں گے۔
- طلبہ کے درمیان ایسا مذاکرہ کرایا جائے جس میں دنیا اور آخرت کی زندگی کا فرق مثالوں سے واضح ہو۔
- دوسرے مذاہب میں آخرت کے تصور کے بارے میں بنیادی معلومات جانیں۔

ب۔ختم نبوت اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- عقیدہ ختم نبوت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کی عملی صورت کو آپ صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں اور ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-B-07]عقیدہ ختم نبوت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-08]رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو ہمیشہ کے لیے آخری نبی اور رسول جانتے اور مانتے ہوئے یہ سمجھ سکیں کہ آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول مبعوث نہیں ہو گا۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-B-12]عقیدہ ختم نبوت پر غیر متزلزل یقین کا اظہار کر سکیں۔<br>● [SLO: I-05-B-13]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔<br>● [SLO: I-05-B-14]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علیٰ |

| | |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-05-B-09]اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سنتِ نبوی کے مفہوم سے واقف ہوسکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-10]اللہ تعالیٰ کے احکامات کی عملی صورت کو آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-11]سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔ | آلہ واصحابہ وسلم سے جذبہ محبت کو فروغ دیتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے نقش قدم کی پیروی کرسکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سنتوں میں سے جن پر آپ عمل کرتے ہیں ان کے بارے میں لکھیں اور جن پر مستقبل میں عمل کریں گے ان کے متعلق بھی لکھیں۔

تکمیلی جانچ: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت اور شرعی حیثیت سے متعلق کوئی ایک قرآنی آیت اور ایک مستند حدیث مبارک تحریر کریں۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے موضوع پر طلبہ کے درمیان ایک مذاکرہ کا اہتمام کیا جائے
- طلبہ اپنے روزمرہ معاملات کا جائزہ لیں کہ وہ کون کون سی سنت پر عمل کرتے ہیں فہرست بنائیں۔

**ب۔ عبادات**

الف۔ زکوٰۃ

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- زکوٰۃ کا معنی ومفہوم، اہمیت، فضیلت، فرضیت، احکام اور اثرات جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-B-15]زکوٰۃ کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-16]زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کرسکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-17]زکوٰۃ کی فرضیت واحکام سے واقف ہوسکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-18]اسلامی نظام معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-19]زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-20]زکوٰۃ، عشر اور صدقہ میں فرق کو جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-B-21]عملی زندگی میں صدقات وخیرات کی ترغیب حاصل کرسکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں زکوٰۃ کا مفہوم اور فرضیت واحکام کے بارے میں معلومات تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: زکوٰۃ ادا کرنے کے معاشرتی زندگی پر اثرات تحریر کریں گے اور زکوٰۃ کے مال کی تصاویر کے سامنے ان کا نصاب لکھیں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- تمام مصارفِ زکوٰۃ کا چارٹ بنایا جائے۔
- طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے بچا کر جمع کریں اور اس سے مستحقین کی مدد کریں تا کہ ان میں انفاق فی سبیل اللہ کی عادت پیدا ہو سکے۔

ب۔ جمعۃ المبارک کی فضیلت

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- یوم جمعہ کے فضائل اور نماز جمعہ کے احکام و آداب، اہمیت اور معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-05-B-22]یوم جمعہ اور نماز جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-23]نماز جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-24]نماز جمعہ کے احکام وآداب جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-25]یوم جمعہ کو کثرت سے درود شریف پڑھنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-26]نماز جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-05-B-27]اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے جمعۃ المبارک کی اہمیت کو جانتے ہوئے باہمی تعلقات میں بہتری لا سکیں ۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نماز جمعہ کے آداب ایک فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں نماز جمعہ کے احکام اور معاشرے میں نماز جمعہ کے فوائد تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- جمعہ کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں۔
- نماز جمعہ میں شریک ہو کر مشاہدہ کریں کہ اس سے کس قسم کے معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

ج۔ عیدین

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- عیدین کا تعارف، اہمیت، احکام، آداب اور معاشرتی فوائد جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-05-B-28]عیدین کا تعارف و اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-29]عیدین کی نماز کے احکام و آداب جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-B-30]فطرانہ و قربانی کی روح سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-05-B-32]عیدین کو اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق منا سکیں ۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-05-B-31]عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عید الفطر اور عید الاضحیٰ پر ۲ منٹ کی تقریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عیدین کی نماز کا طریقہ، احکام اور آداب تحریر کریں گے۔/ مشتق معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ سے عیدین کے اثرات اور مصروفیات کے بارے میں رپورٹ لکھوائی جائے۔
- دیگر ممالک میں عیدین کے تہوار کیسے منائے جاتے ہیں طلبہ جماعت میں مذاکرہ کریں۔
- فطرانہ کے مقصد کے بارے میں چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- پاکستان میں جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کیسے منایا جاتا ہے اس پر کمرا جماعت میں مذاکرہ کرایا جائے۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-05-C-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ معراج النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن وسنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-C-01]اسرا اور معراج کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO: I-05-C-02]سفر معراج کے واقعہ سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں<br>● [SLO: I-05-C-03]مسجد اقصیٰ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی امامتِ انبیائے کرام علیہم السلام کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO: I-05-C-04]سفر معراج کے موقع پر نماز کے عظیم تحفے کے متعلق جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-C-05] بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اور عرش معلّٰی کا مطلب سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-05-C-06]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عظیم معجزہ معراج اور اس کے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: سفر معراج سے متعلق واقعات کو ترتیب سے اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: اسرا، معراج، بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اور عرش معلّٰی کی وضاحت کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>● معراج کے سفر کے دوران حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم جن مقامات پر تشریف لے گئے اور جن انبیائے کرام علیہم السلام سے ملاقات ہوئی ان کی فہرست تیار کریں۔<br>● طلبہ سیرت کی کسی کتاب سے سفر معراج کے متعلق پڑھ کر کوئی واقعہ بیان کریں۔<br>● مسجد اقصیٰ کی تصاویر یا دستاویزی فلم دکھائی جائے۔</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">ب۔ بیعت عَقبہ اولیٰ وثانیہ<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن وسنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-C-07]بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-08]بیعت عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-09]فروغ اسلام میں بیعت عقبہ کے دور رس نتائج کا جائزہ لے سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-C-10]اسلامی نکتہ نظر سے بیعت کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: بیعت عقبہ اولیٰ وثانیہ کے بارے میں معلومات بیان کریں گے۔</td></tr>
</table>

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: بیعت عقبہ کی شرائط اور فروغِ اسلام میں اس بیعت کے نتائج تحریر کریں گے۔/ مشق معروضی و موضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• بیعت عقبہ کی شرائط کے متعلق طلبہ کے درمیان گفتگو کرائی جائے۔<br>• بیعت عقبہ میں شامل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے ناموں کا چارٹ بنائیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| ج۔ ہجرتِ مدینہ<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-C-11] ہجرت کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-12] ہجرتِ مدینہ کے تناظر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کردار اور امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-13] اہل مدینہ منورہ کی جانب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے استقبال کے متعلق جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-14] ہجرتِ مدینہ منورہ کے واقعات، اسباب اور نتائج مختصر طور پر جان سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-15] ہجرت مدینہ منورہ کے حوالے سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (سفر مدینہ اور غارِ ثور) اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (میزبان رسول) کے کردار کے متعلق بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-C-16] دعوت دین میں حکمت و دانائی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: ہجرت مدینہ کے واقعات ترتیب وار بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: ہجرت مدینہ کے اسباب اور نتائج کے حوالے سے پیراگراف تحریر کریں گے۔/ مشق معروضی و موضوعی سوالات۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• ہجرت کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں ایک سیر حاصل گفتگو کریں۔<br>• سفر ہجرت کا نقشہ بنائیں۔<br>• اہل مدینہ منورہ کی جانب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے استقبال کے موقع پر پڑھے جانے والے اشعار (طلع البدر علینا) کو مل کر پڑھیں۔<br>• طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ ہجرت مدینہ منورہ کی اسلامی تاریخ میں کیا اہمیت ہے اور ہجری کیلنڈر کا آغاز ہجرت مدینہ منورہ سے ہوا۔<br>• اسلامی مہینوں کے ناموں کا ایک چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| د۔ مؤاخاتِ مدینہ<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔ | |
| علم | صلاحیت |

| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-05-C-17]مواخات مدینہ کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہوں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-18]مواخات مدینہ کے تناظر میں اخوّت اور بھائی چارہ کے تصور کو سمجھیں۔ | ▪ [SLO: I-05-C-19] مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں اور مؤاخاتِ مدینہ کی ہمیشہ کے لیے اہمیت کو جانیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-20] معاشرے میں مؤاخات اور بھائی چارہ کے فوائد اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ ہوں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مؤاخات مدینہ کے تناظر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کن کن صحابی کو بھائی بھائی بنایا؟ فہرست تیار کریں گے۔

تکمیلی جانچ: بھائی چارے کے فوائد اور اس کے اثرات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- آج کے دور میں مواخات کی ممکنہ صورتوں پر گفتگو کریں۔

ہ۔ مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-C-21]مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے متعارف ہوں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-22] عہد نبوی میں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر کے متعلق جانیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-C-23] روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حوالے سے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت جانیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-24] مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی فضیلت اور تاریخی، تعلیمی و معاشرتی اہمیت سے آگاہ ہوں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی فضیلت اور تاریخی اہمیت مختصراً تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سمعی و بصری معاونت سے طلبہ کو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر اور توسیع کے بارے میں بتایا جائے۔
- مختلف ادوار میں مسجد نبوی کی تصاویر تلاش کر کے لائیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

و۔ میثاقِ مدینہ

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-C-25]میثاقِ مدینہ سے متعارف ہوں۔
- [SLO: I-05-C-26]میثاق مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہوں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-C-27]میثاق مدینہ کی اہمیت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان کر روزمرہ زندگی میں وعدے کی پاسداری کریں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: میثاق مدینہ کے واقعے اور پس منظر کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: میثاق مدینہ کن قبائل کے درمیان طے پایا؟ اس کے نتائج تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- موجودہ دور میں میثاق مدینہ کی روشنی میں اتحاد و اتفاق کی ضرورت پر مذاکرہ کرائیں۔

**ز۔ غزوات**

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-C-28]جہاد کا حقیقی تعارف جانیں۔
- [SLO: I-05-C-29]غزوہ اور سریہ کے معنی و مفہوم اور فرق جانیں۔
- [SLO: I-05-C-30]غزوات کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ ہوں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-05-C-31]غزوہ بدر، احد اور خندق کے پس منظر اور واقعات کے متعلق جانیں۔
- [SLO: I-05-C-32]غزوات کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد و اثرات کو جانیں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غزوہ بدر، احد، خندق کے الفاظ کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: غزوہ بدر، احد اور خندق کے ناموں کے سامنے ان کے اثرات تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- جزیرہ نما عرب کے نقشے کی مدد سے مذکورہ غزوات کا ترتیب زمانی کی روشنی میں چارٹ بنائیں۔

## دائرہ کار: باب ۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-05-D-]

**الف۔ رواداری**

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- رواداری کا معنی و مفہوم، اہمیت اور معاشرتی فوائد و اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>■ [SLO: I-05-D-01]رواداری کا معنی ومفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>■ [SLO: I-05-D-02]سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔<br>■ [SLO: I-05-D-03]نجران کے مسیحیوں کے واقعہ کے تناظر میں رواداری کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>■ [SLO: I-05-D-04]رواداری کے معاشرتی فوائد واثرات جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-05] اسلامی تعلیمات اور اسوہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں گروہی، مذہبی، مسلکی، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے اجتناب کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ:رواداری کا معنی ومفہوم اور سیرت طیبہ سے کوئی ایک مثال پیش کریں گے۔

تکمیلی جانچ:رواداری کے معاشرتی فوائد اور اثرات تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- رواداری اور برداشت کے متعلق تقریری مقابلے کا انعقاد کیا جائے۔
- گروہی، مذہبی، مسلکی، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے گریز کے متعلق گفتگو کی جائے۔

**ب۔عفوودرگزر اور رحم دلی**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- عفوودرگذر اور رحم دلی کے معانی ومفاہیم، اہمیت اور معاشرتی فوائد واثرات جان سکیں اور عفوودرگزر اور رحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>■ [SLO: I-05-D-06]عفوودرگذر اور رحم دلی کے معانی ومفاہیم جان سکیں۔<br>■ [SLO: I-05-D-07]عفوودرگزر اور رحم دلی کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>■ [SLO: I-05-D-08]سیرتِ نبوی کی روشنی میں عفوودرگزر اور رحم دلی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-D-09]عفوودرگزر اور رحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں ۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے عفوودرگزر اور رحم دلی کا کوئی واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ:عفوودرگزر اور رحم دلی سے متعلق قرآن کی کسی ایک آیت قرآنی کا ترجمہ تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اپنے رویے کا جائزہ لیں کہ اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہوجائے تو کیا وہ اپنے دوست یا بہن بھائی سے معذرت کرتے ہیں۔اس سے متعلق ایک خاکہ

| |
|---|
| مرتب کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| ج۔ کفایت شعاری<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• کفایت شعاری کا مفہوم، اہمیت جان سکیں اوراسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں اوراپنی ذاتی زندگی میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-10] کفایت شعاری کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-D-11] کفایت شعاری اور بخل میں فرق کر سکیں۔<br>• [SLO: I-05-D-12] کفایت شعاری کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-05-D-13] اسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-05-D-14] سیرت نبوی میں کفایت شعاری کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-D-15] دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کفایت شعاری کی اہمیت سے روشناس ہو سکیں اور اپنی ذاتی زندگیوں میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں ۔ |
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ میں کفایت شعاری کا کوئی ایک واقعہ بتائیں۔<br>تکمیلی جانچ: اسراف اور بخل سے کیا مراد ہے؟ نیز اسراف و بخل کے نقصانات اور کفایت شعاری کے فوائد کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے طلبہ اپنے جیب خرچ اور بچت پر مشتمل گوشوارہ بنائیں۔<br>• طلبہ ان کاموں کی فہرست بنائیں جہاں جہاں کفایت شعاری سے کام لیا جاسکتا ہے مثال کے طور پر بجلی، پانی اور گیس وغیرہ کے استعمال میں۔ | |

## دائرہ کار۔۵: اہلیت۔ حسنِ معاملات و معاشرت

[SLO: I-05-E-]

| | |
|---|---|
| الف۔ ایفائے عہد<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• ایفائے عہد کا معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت جان سکیں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی روشنی میں روزمرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔ | |
| علم | صلاحیت |

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-E-01]ایفائے عہد کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-E-02]ایفائے عہد کی اہمیت وفضیلت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-05-E-03]حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ایفائے عہد کی مثالیں جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-E-04]ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات بیان کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-E-05]روز مرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں ۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ایفائے عہد کے فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: ایفائے عہد کا معنی و مفہوم اور اہمیت وفضیلت سے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ سے ایک مثال تحریر کریں۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اپنے وعدہ پورا کرنے کے بارے میں کمرا جماعت میں اظہار خیال کریں اور وعدہ پورا کرنے کی عادت کو اپنانے کا مصمم ارادہ کریں۔
- طلبہ ایفائے عہد کے متعلق اپنے ذاتی تجربات سے ہم جماعت طلبہ کو آگاہ کریں۔

ب۔ اسلامی اخوت

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- اسلامی اخوت کے معنی ومفہوم، اہمیت اور فوائد کو جان سکیں اور روز مرہ زندگی میں اخوت وبھائی چارہ کی فضا قائم کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-E-06]اسلامی اخوت کے معنی ومفہوم کو جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-E-07]اسلامی اخوت کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-E-08]حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار وصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اخوت کے واقعات جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-E-09]اسلامی اخوت کے فوائد سے آگاہ ہو سکیں اور روز مرہ زندگی میں اخوت وبھائی چارہ کی فضا قائم کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-E-10]اسلامی اخوت کو فروغ دیتے ہوئے دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی وہمدردی کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: اسلامی اخوت کی اہمیت اور فوائد کے بارے میں معلوت تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں سے اخوت وبھائی چارے کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کے درمیان اخوت کے عنوان پر پوسٹر بنانے کا مقابلہ کرایا جائے تاکہ ان میں اخوت اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا ہو اور وہ رنگ ونسل، زبان اور فرقہ پرستی کو بھلا کر آپس میں پیار ومحبت سے مل جل کر رہیں۔
- مؤاخات مدینہ کے تناظر میں اسلامی اخوت کے بارے میں ایک مباحثہ منعقد کریں۔

| |
|---|
| ج۔ بری عادات سے اجتناب (چغل خوری)<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● چغل خوری کے معنی و مفہوم، انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>■ [SLO: I-05-E-11] چغل خوری کے معنی و مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>■ [SLO: I-05-E-12] چغل خوری کے متعلق وعید جان سکیں۔<br>■ [SLO: I-05-E- 13] چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-E-14] اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: طلبہ چغل خوری کے نقصانات موضوع پر ایک مباحثہ منعقد کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: چغل خوری کا مفہوم اور اس کے متعلق وعید کے بارے میں معلومات تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات |
| مجوّزہ سرگرمی<br>● چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں۔ |

## دائرہ کار: باب ٦: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام

[SLO: I-05-F-]

| |
|---|
| الف۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالاتِ زندگی، معجزات اور صفات کے بارے میں جان سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-F-01] حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی ولادت اور پرورش کے واقعات جان سکیں۔<br>● [SLO: I-05-F-02] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-05-F-03] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO: I-05-F-04] قرآن مجید کی روشنی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اپنی ماں کی گود میں کلام کے بارے میں جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-F-05] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ، تعلیمات اور صفات کے بارے میں بیان کر سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے واقعات کو بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات اور معجزات مختصراً تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمی<br>• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔ |

<table>
<tr><td colspan="2">ب۔ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ<br>حاصل تعلم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے حالات زندگی، فضائل، اخلاق و عادات اور صفات کے بارے میں جان سکیں اور ان صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-F-06] امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی پرورش، حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ نکاح، اولاد، مشہور لقب اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-07] آیت مباہلہ کے تناظر میں امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا مقام و مرتبہ جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-08] امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت، عدالت، اخلاق و عادات، سخاوت اور علمی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-F-09] امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی صفات جان کر روزمرہ زندگی میں ان کو اپنائیں۔<br>• SLO: I-05-F-10] امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی اسلام کے لیے خدمات کے متعلق بتا سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-11] امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت کے واقعات بیان کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے حالات زندگی اور اسلام کے لیے ان کی خدمات کے بارے میں ایک پیراگراف تحریر کریں<br>تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے اخلاق و عادات، سخاوت، علمی فضیلت، عدالت اور شجاعت جیسی صفات میں سے کسی ایک صفت کے سامنے اس سے متعلقہ ایک واقعہ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات</td></tr>
<tr><td colspan="2">د۔ صوفیائے کرام:<br>• حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ<br>حاصل تعلم<br>مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی سے آگاہی حاصل کر کے ان کی تعلیمات سے استفادہ کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-05-F-12]مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالات زندگی اور مقام و مرتبہ کے متعلق جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-13]ان صوفیائے کرام کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>● [SLO: I-05-F-14] اشاعت اسلام کے لیے ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | ▪ [SLO: I-05-F-15]مذکورہ صوفیائے کرام کی تعلیمات سے عملاً استفادہ حاصل کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-16]ان کے بلند رتبہ مقام کے پیش نظر ان صوفیائے کرام کا ذکر ادب و احترام سے کریں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی تعلیمات و تصانیف کے بارے معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی کوئی سے پانچ صفات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔<br>مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کے دینی، روحانی، معاشرتی اثرات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ | |

## دائرہ کار: باب ۷: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے

[SLO: I-05-G-]

| | |
|---|---|
| الف۔ حادثات سے بچنے کی تدابیر<br>حاصل تعلم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت کی ضرورت و اہمیت کو جان سکیں، ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-G-1]انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت کی ضرورت واہمیت کو جانیں۔<br>● [SLO: I-05-G-2]ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہوں۔<br>● [SLO: I-05-G-3]عصر حاضر میں ناگہانی صورتوں میں اپنے تحفظ کی تدابیر سے آگاہی حاصل کریں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-05-G-4]اسلامی تعلیمات کی پیروی کرتے ہوئے حادثات کے مواقع پر اپنا کردار ادا کریں۔ |
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: عصر حاضر میں حادثات سے بچنے کی تدابیر اختیار کرنے کے مختلف طریقے تحریر کریں گے۔<br>حتمی جانچ: انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت کی اہمیت کے بارے میں قرآن و سنت سے کوئی مثال تحریر کریں گے۔ | |
| مجوزہ سرگرمیاں<br>● ٹریفک پولیس اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے کمرا جماعت میں ایک سرگرمی منعقد کی جائے۔<br>● طلبہ کو "ابتدائی طبی امداد" اور مختلف "حادثات سے بچنے کی تدابیر" پر مشتمل دستاویزی فلم دکھائی جائے۔ | |

- ابتدائی طبی امداد اور مختلف حادثات سے بچنے کی تدابیر پر مشتمل پوسٹر بنوایا جائے۔

ب۔ پودوں اور درختوں کی اہمیت

حاصلات تعلم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پودوں اور درختوں کی اہمیت اور فوائد جان سکیں اور پودوں اور درختوں کی حفاظت اور استعمال کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-G-5] اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پودوں اور درختوں کی اہمیت جانیں۔<br>• [SLO: I-05-G-6] پودوں اور درختوں سے حاصل ہونے والے فوائد کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-05-G-7] ماحولیاتی تبدیلی میں پودوں اور درختوں کے کردار کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-G-8] پودوں اور درختوں کی حفاظت اور استعمال کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پودوں اور درختوں کی حفاظت کی تدابیر اور ان کے درست استعمال کے بارے میں تحریر کریں گے۔

حتمی جانچ: پودوں اور درختوں سے حاصل ہونے والے فوائد کی فہرست بنائیں۔

مجوزہ سرگرمیاں

- اپنے اسکول اور محلے میں کسی شجر کاری مہم میں حصہ لیں اور اپنے حصے کا پودا لگائیں۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت ششم)

# نصابی خاکہ (جماعت ششم)

دائرہ کار۔۱: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم[SLO:I-06-A-__]

**الف۔ ترجمہ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- منتخب سورتوں کے تراجم اور مفاہیم کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-01]درج ذیل سورتوں کے ترجمہ کو سمجھ سکیں:<br>سورۃ الفاتحہ<br>حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضرت لوط علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں۔<br>سورۃ الفیل تا سورۃ الناس<br>• [SLO:I-06-A-02]ان سورتوں کے پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-06-A-03]کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) بیان کر سکیں اور منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-04]ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔ |

**معاون مواد:**

- قرآن مجید میں تکرار سے آنے والے چند الفاظ کی فہرست
- افعال کے مختلف صیغوں کی پہچان

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:**

- مذکورہ سورتوں کے مضامین کا مرکزی خیال بیان کریں گے۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش
- مختلف سورتوں میں دیے گئے انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کو کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:**

- منتخب سورتوں کی تفہیم کا ٹیسٹ لیا جائے گا/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔/

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے ترجمہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔
- انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص سے متعلق چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

**ب۔ حفظ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق حفظ کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-A-05]سورۃ الزلزال، سورۃ العٰدیٰت، سورۃ القارعۃ، سورۃ التکاثر، سورۃ العصر، سورۃ الھمزۃ کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کر سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-A-06]ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورۃ کی تکمیل کے بعد سورتوں کے درست تلفظ اور ادائیگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- معروف قراء کی آڈیو یا ویڈیو تلاوت طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔
- دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔
- مسابقہ حسنِ قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

**ج۔ حفظ و ترجمہ**

**حاصل تعلّم**

- منتخب قرآنی، مسنون دعائیں اور کلمات مع تراجم حفظ کر سکیں اور عملی زندگی میں پڑھنے کے عادی بن جائیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-A-07]حضرت آدم علیہ السلام کی دعا رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ (سورۃ الاعراف آیت ۲۳)اور رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا(سورۃ الکھف آیت ۱۰) مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔
- [SLO:I-06-A-08]کلمات طیبات (مثلاً چھے کلمے) معنی و مفہوم کے ساتھ سمجھ سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-A-09]مذکورہ دعائیں اور کلمات طیبات کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھ سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں اور کلمات درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ کو عصمت انبیا کے متعلق آگاہ کیا جائے اور انھیں بتایا جائے کہ انبیائے کرام کی یہ دعائیں در حقیقت امت کو سکھانے کی غرض سے مانگی گئی ہیں۔
- طلبہ کے درمیان دُعائیں، مسنون کلمات اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔
- قرآن مجید سے چند انبیا کرام علیہم السلام کی دعاؤں کی خطاطی کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**حاصل تعلّم**

- منتخب احادیث مع ترجمہ سمجھ کر پڑھ سکیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-10]سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ پڑھیں۔<br>(عربی متن مع ترجمہ یاد کرنا افضل ہے)<br>• [SLO:I-06-A-11]سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-12]ان احادیث مبارکہ کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات ہر حدیث مبارک کی تکمیل کے بعد طلبہ کے فہم کا جائزہ لیا جائے گا / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: منتخب احادیث کے مرکزی مضامین کا تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان احادیث مبارکہ اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

**حاصل تعلّم**

- منتخب دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-13]منتخب دعاؤں کو درست تجوید کے مطابق حفظ کر سکیں جیسے:<br>i. صبح، شام کی دعا<br>ii. مریض کی عیادت کی دعا<br>iii. مرض سے بچنے کی دعا | • [SLO:I-06-A-15] مذکورہ دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

- [SLO:I-06-A-14] ۹اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔
(اَلْحَکَمُ)فیصلہ فرمانے والا(اَلْعَدْلُ)خوب انصاف کرنے والا(اَللَّطِیْفُ)بہت لطف و کرم فرمانے والا(اَلْخَبِیْرُ)ہر چیز کی خبر رکھنے والا(اَلْحَلِیْمُ)بردبار اور حلم والا(اَلْعَظِیْمُ)عظمت و بزرگی کا مالک(اَلْغَفُوْرُ)بے انتہا بخشش و مغفرت فرمانے والا(اَلشَّكُوْرُ)شکر کا بدلہ دینے والا قدر دان(اَلْعَلِيُّ)سب سے بلند و برتر

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ دعاؤں کی فضیلت و اہمیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ دعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ دی گئی دعاؤں کی فضیلت اور اہمیت کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔
- صبح شام کی دعا روزمرہ کی بنیاد پر کمرۂ جماعت میں پڑھنے کا معمول بنائیں۔
- اپنے اردگرد کے ساتھیوں میں سے کسی کے بیمار ہونے پر کمرا جماعت میں اجتماعی طور پر مریض کے لیے شفایابی کی دعا کرنے کا معمول بنائیں۔

## دائرہ کار۔۲:ایمانیات وعبادات[SLO:I-06-B-__]

### الف۔ایمانیات

الف۔ توحید کی اہمیت اور اثرات

حاصل تعلّم

- عقیدہ توحید کے معنی و مفہوم اور دلائل کی روشنی میں توحید اور شرک میں فرق جان سکیں اور عملی زندگی میں عقیدہ توحید کے اثرات کو سمجھتے ہوئے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-01] اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدہ توحید کے معنی، مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-02]توحید کے دلائل جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-03]عقیدہ توحید کے حقیقی تصور کو سمجھ کر توحید اور شرک میں فرق بتا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-04]عقیدہ توحید کے عملی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-05]عقیدہ توحید کے تقاضوں کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ:عقیدہ توحید کے عملی زندگی پر اثرات کے بارے میں پوسٹر (**Poster**) بنائیں۔

تکمیلی جانچ: توحید اور شرک میں فرق اور توحید کے دلائل کا تفصیلاً تحریری جائزہ لیا جائے گا۔/معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- توحید کے موضوع پر قرآن مجید کی دو آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں اور ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔
- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سنوائے جائیں اور چند اسمائے حسنیٰ مثلاً **احد** ، **خالق** ، **مالک** کے معانی پر مذاکرہ کریں۔
- روزمرہ زندگی میں توحید کے تقاضے کیسے پورے کیے جاسکتے ہیں، جماعت میں گفتگو کریں۔

ب۔ نبوت ورسالت

حاصل تعلّم

- نبوت ورسالت کا معنی ومفہوم اور انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کا مقصد جان سکیں۔
- عقیدہ ختم نبوت پر پختہ ایمان رکھتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-06]عقیدہ نبوت ورسالت کے معنی ومفہوم اور اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-07]انبیائے کرام علیہم السلام کی بعثت کا مقصد سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-08]انبیاء کرام علیہم السلام کی مشترکہ صفات خصوصاً عصمت انبیاء کرام علیہم السلام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-09]نبی اور رسول کا فرق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-010]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے فضائل وخصائص (مثلاً ختم نبوت، معراج نبوی، مقام محمود، شفاعت کبریٰ اور حوض کوثر وغیرہ) کے بارے میں سمجھ سکیں<br>۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-11]بیان کر سکیں کہ مختلف انبیائے کرام کی بعثت کا مقصد کیا تھا۔<br>• [SLO:I-06-B-12]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ:

تشکیلی جانچ: نبی اور رسول میں فرق بیان کریں نیز انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کے مقصد کا بذریعہ معروضی سوالات تحریری جائزہ لیا جائے گا۔۔/طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے فضائل وخصائص (ختم نبوت، معراج نبوی، مقام محمود، شفاعت کبریٰ اور حوضِ کوثر) میں سے ہر ایک کے بارے میں تین سے پانچ سطریں تحریر کریں۔/معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- انبیائے کرام علیہم السلام کی چند خصوصیات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صفات مبارکہ کی فہرست بنائیں۔
- اذان کے بعد کی دعا پڑھنے پر شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حصول کے حوالے سے جماعت میں بیان کیا جائے۔

- انبیاء کرام علیہم السلام کے چند معجزات تلاش کر کے لکھیں۔

## ب۔ عبادات

### الف۔ اسلام میں عبادات کا جامع تصور

حاصل تعلّم

- اسلام میں عبادت کے جامع تصور کو سمجھ سکیں اور عبادات میں خشوع و خضوع اخلاص اور احسان کا معنی و مفہوم سمجھتے ہوئے عملی زندگی میں اس کے تقاضے پورے کر سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-B-13]اسلام میں عبادات کا مفہوم اور اس کا جامع تصور تحریر کر سکیں۔
- [SLO:I-06-B-14]اسلام میں عبادت کی اقسام (فرض، سنت، نفل وغیرہ) کے متعلق جان سکیں۔
- [SLO:I-06-B-15]اسلام میں عبادت کی اہمیت جان سکیں۔
- [SLO:I-06-B-16]یہ جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی عبادت اور معرفت کے لیے پیدا کیا ہے۔
- [SLO:I-06-B-17]حدیث جبریل کے حوالے سے عبادت میں خشوع، خضوع، اخلاص اور احسان کا معنی و مفہوم بتا سکیں۔
- [SLO:I-06-B-18]عبادات الٰہی میں دوام اور استقامت کی اہمیت سمجھ سکیں۔

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-B-19]عبادات کی اصل روح کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کے تقاضے پورے کر سکیں۔
- [SLO:I-06-B-20]عبادات کی اصل روح کو سمجھ کر عملی زندگی میں عبادت کا رجحان پیدا کر سکیں۔

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حدیث جبریل کے حوالے سے معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عبادات کی اہمیت، مقصد اور عبادات اور معاملات کے باہمی تعلق کی وضاحت کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- روزمرہ زندگی میں کی جانے والی عبادات کی مختلف صورتوں کی فہرست بنا کر چارٹ پر آویزاں کریں۔
- عبادت الٰہی سے متعلق دو آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ تلاش کر کے لکھیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

### ب۔ طہارت و پاکیزگی

حاصل تعلّم

- طہارت و پاکیزگی کے معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت اور ظاہری و باطنی ثمرات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-B-21]طہارت و پاکیزگی کا معنی و مفہوم بیان کر سکیں۔
- [SLO:I-06-B-22]طہارت و پاکیزگی کی فضیلت و اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-06-B-23]طہارت و پاکیزگی کی مختلف صورتیں (وضو، غسل اور تیمم وغیرہ) اور ان کے احکام و آداب کو سمجھ سکیں۔
- [SLO:I-06-B-24]طہارت (وضو، غسل، تیمم) اور عام صفائی کے درمیان فرق بتا سکیں۔
- [SLO:I-06-B-25]طہارت و پاکیزگی کے ظاہری اور باطنی تصور میں فرق سمجھ سکیں۔

صلاحیت:

- [SLO:I-06-B-26]ظاہری اور باطنی طہارت کے فوائد و ثمرات سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ظاہری اور باطنی طہارت کا مفہوم اور فوائد و ثمرات کے بارے میں مختصر پیراگراف تحریر کریں۔

تکمیلی جانچ: طہارت و پاکیزگی کی مختلف صورتوں (وضو، غسل، تیمم) کے احکام اور آداب تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طہارت و پاکیزگی کی اہمیت کے بارے میں سبق میں دی گئی احادیث مبارکہ کے علاوہ کوئی دو مستند احادیث مبارکہ تلاش کر کے لکھیں۔
- عملی زندگی میں طہارت کی روحانی اور جسمانی برکات پر مذاکرہ کریں۔
- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں طہارت و پاکیزگی کے لیے پانی کے صحیح استعمال پر جماعت میں مباحثہ کروایا جائے۔

ج۔ نماز کی فرضیت و اہمیت

حاصل تعلّم

- نماز کی اہمیت و فضیلت، شرائط، ارکان، آداب اور باجماعت نماز کی اہمیت کے بارے میں جان کر عملی زندگی میں نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-B-27]نماز کی فرضیت و فضیلت جان سکیں۔
- [SLO:I-06-B-28]جان بوجھ کر نماز چھوڑنے کی وعید کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-06-B-29]نماز کی شرائط، فرائض، سنتوں میں فرق، آداب، اور باجماعت نماز کی اہمیت کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-06-B-30]نماز کی حکمت اور اس کے معاشرتی، روحانی اور جسمانی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-B-31]نماز کی فرضیت اور فوائد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نماز کی فرضیت واقعے کی صورت میں بیان کریں گے۔۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: نماز کی فرضیت و فضیلت کے بارے میں کوئی ایک آیت قرآنی و مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ گھروں سے نماز کی ادائیگی کا عملی طریقہ سیکھیں۔ |

## دائرہ کار۔ ۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ سلم [SLO:I-06-C-__]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور مدنی معاشرے کا قیام<br><br>حاصل تعلّم<br>• مدنی معاشرے کے قیام، مسائل و مشکلات، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر مسلمانوں اور دیگر قبائل کے مابین عمرانی معاہدہ، اصحابِ صفہ اور مواخات کے بارے میں آگاہ ہو سکیں اور مواخات مدینہ کی روشنی میں بھائی چارہ کے عالمگیر تصور کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کا نفاذ کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-01] نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابِہ وسلم کی مدینہ منورہ آمد پر اہل مدینہ کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ (مسجد قبا کی تعمیر، استقبال وغیرہ)<br>• [SLO:I-06-C-02] عہد نبوی میں مسجد نبوی کی تعمیر اور فضیلت کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-03] ہجرت کے بعد مسلمانوں کو درپیش مسائل و مشکلات کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-04] اصحابِ صُفہ کا تعارف جان کر اُن کی تعلیمی، تبلیغی اور دعوتی سرگرمیوں سے آگاہ ہو کر اپنی عملی زندگی میں استفادہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-05] عہد نبوی میں مسجد نبوی کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>• [SLO:I-06-C-06] مدنی معاشرے کی تشکیل میں مواخات کی اہمیت بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-07] مواخاتِ مدینہ کی روشنی میں اخوت اور بھائی چارہ کے عالمگیر تصور کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اس کا نفاذ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-08] مدنی معاشرے کے قیام کی اصل روح کو سمجھ کر معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: مواخات مدینہ کی مدنی معاشرے کی تشکیل میں اہمیت بیان کریں۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مدینہ منورہ آمد پر اہل مدینہ کا کیا ردِ عمل رہا؟ تفصیلات تحریر کریں۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں انجام دیے جانے والے مختلف امور اور معمولات کی فہرست بنوائی جائے۔<br>• مواخات میں شامل چند مہاجرین اور انصار کے ناموں کی فہرست بنائیں۔</td></tr>
</table>

- طلبہ کے درمیان مواخات کی چند عملی صورتوں پر گفتگو کرائی جائے۔
- چند اصحابِ صُفہ کی خدمات پر مذاکرہ/نوٹ لکھوایا جائے۔

ب۔ ریاست مدینہ کا قیام

حاصل تعلّم

- ریاست مدینہ کے قیام کے مقصد کو جان سکیں۔

**(داخلی وخارجی امور، مہاجرین کی آبادکاری، میثاق، تحویل قبلہ)**

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-09]اسلامی ریاست کے تصور کی روشنی میں ریاستِ مدینہ کے قیام کے مقصد کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-10]مہاجرین کی آبادکاری میں انصار کے ایثار و قربانی کے متعلق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-11]ریاستِ مدینہ کو لاحق داخلی و خارجی خطرات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دفاعی تدابیر کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-12]میثاقِ مدینہ کے پس منظر، اہمیت اور اس کی نمایاں دفعات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-13] تحویل قبلہ کا واقعہ، اس کی وجوہات اور اس کی روشنی میں اتباعِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور تسلیم و رضا کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-14]میثاقِ مدینہ کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-15]ریاست مدینہ کی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے وطن عزیز کے نظم ونسق پر عملدرآمد میں اسوہ حسنہ سے رہنمائی حاصل کر کے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ریاست مدینہ کے قیام کا مقصد نکات کی صورت میں تحریر کریں۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: انصار کی ایثار و قربانی کی کوئی دو مثالیں واقعات کی صورت میں تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- میثاقِ مدینہ کی پانچ اہم دفعات کا چارٹ بنوایا جائے۔
- مسجد ذوالقبلتین کی تصویر تلاش کی جائے یا بنوا کر چارٹ پر چسپاں کرائی جائے۔

ج۔ ریاست مدینہ کا استحکام: جہاد، غزوہ بدر

حاصل تعلّم

- ریاست مدینہ کے استحکام کے پیش نظر جہاد کی اہمیت اور غزوہ بدر کی تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-16]جہاد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-17]جہاد کی فرضیت اور فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-18]غزوہ اور سریہ کے معنی، مفہوم اور ان کے مابین فرق کو جان کر غزوات نبوی کے پس منظر کو جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-19]غزوہ بدر کا پس منظر، اسباب، تیاری کے بارے میں حقائق جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-20]غزوہ بدر میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نمایاں کردار سے واقف ہو سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-21]غزوہ بدر کے واقعات اور غزوہ بدر کے موقع پر رونما ہونے والے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-22]غزوہ بدر کے جنگی قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک سے تعلیم کی اہمیت سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-23]غزوہ بدر کے نتائج جان کر ان کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: جہاد کی فرضیت و فضیلت کے بارے میں ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوۂ بدکا واقعہ نکات کی صورت میں تفصیلاً تحریر کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- چند بدری صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی فہرست بنوائی جائے۔ / حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شجاعت کے بارے میں نوٹ لکھوایا جائے۔
- غزوہءبدر سے متعلقہ چارٹ تیار کیا جائے جس میں شرکاء کی تعداد، شھداءبدر اور کفار کے مقتولین سے متعلقہ تفصیلات مذکور ہوں۔
- طلبہ سے غزوہ بدر کے بعد ۲ ہجری میں نازل ہونے والے احکام مثلاً روزے کی فرضیت، صدقہ فطر، عیدالفطر اور زکوٰۃ کے نصاب وغیرہ کی فہرست بنوائیں۔

### د۔ غزوہ اُحد

**حاصل تعلّم**

- غزوہ احد کی تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں اور مشاورت کی اہمیت کو سمجھ کر عملی زندگی میں لاگو کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-24]غزوۂ اُحد کا پس منظر، اسباب، مشاورت اور جنگی تیاری کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-25]منافقین اور اُن کے مکروہ کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-26]غزوۂ اُحد میں رونما ہونے والے معجزات اور واقعات کے بارے میں بیان کر سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-27]غزوۂ اُحد میں بچوں اور خواتین کے کردار کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-28]غزوۂ اُحد کے شرکا مہاجرین و انصار اور خصوصاً حضرت | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-29]غزوۂ اُحد کے نتائج و اثرات کو سمجھ کر مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-30]غزوۂ اُحد کے تناظر میں مشاورت کی اہمیت کو سمجھ کر اپنی زندگی میں اس سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| علی کرم اللہ وجہہ، حضرت حمزہ، حضرت طلحہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے لیے جانثاری کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غزوۂ اُحد میں رونما ہونے والے معجزات کی فہرست بنائیں گے۔

تکمیلی جانچ: غزوۂ اُحد کا پس منظر، اسباب اور نتائج کے بارے میں بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون کا تحریری جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- غزوہ اُحد کے واقعات نقشے کی مدد سے بیان کیے جائیں۔
- غزوہ اُحد کے چند شہداء کی فہرست بنوائی جائے۔
- کمرہ جماعت میں غزوہِ اُحد میں خواتین کے کردار پر مذاکرہ کرایا جائے۔

## ہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت اور اطاعت

### اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی

**حاصل تعلّم**

- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت واطاعت کے موضوع کو جان کر اطاعت کے تقاضوں کو پورا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-31] یہ جان سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم سے محبت و عشق رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔<br>• [SLO:I-06-C-32] آگاہ ہو سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے فضائل ومناقب اور کمالات عالیہ کیا ہیں۔<br>• [SLO:I-06-C-33] یہ سمجھ سکیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔ | • [SLO:I-06-C-34] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ وصحابہ وسلم کی نسبت سے اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-35] حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی محبت کے جذبے سے سرشار ہو کر اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-36] روزمرہ زندگی کے معمولات میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم سے محبت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اطاعت کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں اطاعت رسول پر تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کے اظہار کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کیے جانے والے معمولات کی فہرست بنائیں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- گروپ کی صورت میں رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہِ خیال کریں۔

- **"اطاعت اور حُبِ رسول** صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم **تقاضائے ایمان"** کے عنوان پر تقریر کروائی جائے۔
- نبی کریں صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت واطاعت پر ایک آیت قرآنی تلاش کر کے لائیں اور کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔

و۔ حضرت **محمد رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم **کا بچوں کے ساتھ حسن سلوک**

حاصل تعلّم

- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بچوں سے حسن سلوک کے حوالے سے حیات طیبہ کے مختلف واقعات سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-37]حضرت محمد رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا بچوں کے ساتھ حُسنِ سلوک جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-38]حضور صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی بچوں خصوصاً حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ محبت وشفقت کے چند واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-39]یہ سمجھ سکیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کس طرح بچوں کی تربیت کا اہتمام فرماتے تھے۔(خصوصاً حضرت اُسامہ بن زید، حضرت انس بن مالک اور حضرت سیدہ امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم)<br>• [SLO:I-06-C-40]یتیم بچوں کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے حُسنِ سلوک کے بارے میں آگاہ سکیں۔(خصوصاً اولادِ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ)<br>• [SLO:I-06-C-41]حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں کے ساتھ خوش طبعی، دلجوئی اور حوصلہ افزائی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ یہ بتائیں کہ:<br>• [SLO:I-06-C-42]روزمرہ زندگی میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی شفقت ومحبت اور تربیت کے پہلوؤں کی عملی پیروی کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں سے دلجوئی کے واقعات کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں کے ساتھ خوش طبعی کے متعلق ایک پیراگراف تحریر کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اُن بچوں کے ناموں کی فہرست بنوائیں جنھوں نے براہِ راست حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے بچپن میں تربیت حاصل کی۔
- حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے بچوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے واقعات پر مذاکرہ کروایا جائے۔

ز۔ حضرت **محمد** صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم **کا ایفائے عہد**

حاصل تعلّم

| |
|---|
| • نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کی روشنی میں ایفائے عہد کے حوالے سے واقعات سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-48]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ سے سبق حاصل کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-43]ایفائے عہد کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-44]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مکّی زندگی سے ایفائے عہد کی چند مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-45]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں غیر مسلموں سے ایفائے عہد کی چند مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-46]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی ایفائے عہد کے حوالے سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تربیت کے بارے میں حقائق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-47]ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: سیرتِ طیبہ سے ایفائے عہد کی مثالیں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں گے/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• ایفائے عہد کے متعلق مستند احادیثِ مبارکہ کا چارٹ بنوایا جائے۔<br>• طلبہ کی زندگی میں ایفائے عہد کی عملی صورتوں کے متعلق مذاکرہ کیا جائے۔ |

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب [SLO:I-06-D-__]

| |
|---|
| الف۔ مشاورت کی اہمیت:<br>حاصلِ تعلّم<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں مشاورت کے معنی ومفہوم، احکام، فوائد وثمرات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں مشاورت کی صورتوں کو اختیار کر سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-06]اپنی زندگی میں مشاورت کی عملی صورتوں کو اختیار کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-01]مشاورت کے معنی ومفہوم کو جان کر اس کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-02]قرآن وسنت کی روشنی میں مشاورت کے احکام و |

| | |
|---|---|
| آداب سے سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-03]رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں مشاورت سے متعلق آپ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کے طرزِ عمل کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-04]آپ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کے اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم خصوصاً خلفائے راشدین اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشاورت کے چیدہ چیدہ واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-05]روز مرہ زندگی کے معاملات میں مشاورت کے فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مشاورت سے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیات طیبہ سے کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مشاورت کے فوائد و ثمرات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مشاورت کی اہمیت سمجھتے ہوئے اپنی روزمرہ زندگی میں مشاورت پر عمل پیرا ہونے کے فوائد واثرات اپنے گھر والوں اور ہم جماعتوں کو بتائیں۔
- کمرہ جماعت اور درسگاہ کے اصول وضوابط کی تشکیل، طلبہ کی مشاورت سے کی جائے۔

ب۔ صبر و تحمل:

حاصل تعلّم:

- قرآن وسنت کی روشنی میں صبر و تحمل کے معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت کو جان کر اس کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-07]صبر و تحمل کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-08]صبر و تحمل کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-D-09]سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں صبر و تحمل کی مثالیں سمجھ کر اس صفت کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں۔<br>• [SLO:I-06-D-10]اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے صبر و تحمل کی مثالیں جان کر اُن سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-11]روزمرّہ معاملات میں صبر و تحمل اختیار نہ کرنے کے نقصانات کا جائزہ لے کر ان سے بچنے کی کوشش کریں ۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: صبر و تحمل کے فوائد اور عدم برداشت کے نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: صبر و تحمل کا معنی و مفہوم اور اہمیت و فضیلت کے بارے میں آیت قرآنی و مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اُسوۂ حسنہ سے صبر و تحمل کے دو ایسے واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- تین قسم کے صبر، صبر علی الاطاعہ، صبر عن المعصیہ، صبر علی المصیبہ کی روزمرہ مثالوں پر تبصرہ کروایا جائے۔
- روزمرہ زندگی میں چند ایسے مواقع کی فہرست بنائیں جہاں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چند اہم مواقع کے متعلق چارٹ بھی بنائیں۔

ج۔ اسلامی آدابِ زندگی (راستے، سفر اور عوامی مقامات کے استعمال)

حاصلِ تعلّم:

- قرآن و سنت کی روشنی میں راستے، سفر اور عوامی مقامات کے استعمال کے آداب سے آگاہ ہو کر ذمہ دار شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-12] اسلامی آداب کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-13] راستے، سفر، عوامی مقامات کے استعمال کے آداب سے متعلق اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-14] سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم روشنی میں آدابِ زندگی کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-15] اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے آدابِ زندگی کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-16] روزمرہ زندگی میں ان آداب کو ترک کرنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی خرابیوں کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-17] راستے، سفر، عوامی مقامات کے استعمال کے آداب پر عمل کر کے ان کے فوائد و ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-18] آدابِ زندگی اختیار کر کے اور مہذب طریقوں پر عمل کر کے سچے مسلمان اور اچھے شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: راستے، سفر اور عوامی مقامات کے آداب نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے آدابِ زندگی کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروہ آدابِ زندگی کے کسی ایک مذکورہ موضوع پر مکالمہ کرے۔
- طلبہ جماعت میں بتائیں کہ وہ روزمرہ زندگی میں کون کون سے آدابِ زندگی پر کتنا عمل کرتے ہیں۔
- عوامی مقامات کے استعمال کے آداب کے متعلق کمرا جماعت میں تصاویر پر مبنی چارٹ آویزاں کیا جائے۔
- راستے، سفر اور دیگر عوامی مقامات کے آداب کے بارے میں خاکہ پیش کریں۔

د۔ بری عادات سے اجتناب

حاصلِ تعلّم

- قرآن و حدیث کی روشنی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی جیسی برائیوں کے نقصانات جان کر عملی زندگی میں ان سے اجتناب کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں: |
|---|---|
| • [SLO:I-06-D-24]عہدِ رسالت میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کے واقعات میں موجود سبق کو سمجھ کر ان سے گریز کر سکیں۔ | • [SLO:I-06-D-19]چوری، غصب اور دھوکا دہی کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-20]اسلام میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مذمت اور وعید کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-21]روز مرہ زندگی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مختلف صورتوں اور مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-22]چوری، غصب اور دھوکا دہی کے دنیوی اور اُخروی نقصانات کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-23]کسی جگہ سے ملنے والی گمشدہ اشیا(لُقطہ) کے بارے میں بنیادی اسلامی احکامات کا شعور حاصل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: چوری، غصب اور دھوکا دہی کو مثالوں کے ذریعے بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: چوری، غصب اور دھوکا دہی کی وعید کے بارے میں ایک آیت اور حدیث تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کمرہ جماعت میں چوری سے اجتناب پر خاکہ پیش کریں۔
- طلبہ روز مرہ زندگی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مختلف صورتوں (نقل کرنا، دوسروں کی چیزیں، بلا اجازت لے لینا وغیرہ) پر مشتمل چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت [SLO:I-06-E-__]

**الف۔ حقوق العباد**

**حاصلِ تعلّم**

- قرآن وسنت کی روشنی میں حقوق العباد سے واقفیت حاصل کر کے روز مرہ زندگی میں اس کا عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں: |
| • [SLO:I-06-E-04]اپنی عملی زندگی میں والدین اور بڑوں کی فرمان برداری اور خدمت کی فضیلت کو سمجھتے ہوئے اسے اپنا شعار بنا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-05]اسلام میں صلہ رحمی کی فضیلت، قطع رحمی کی ممانعت اور ان کے دنیوی و اخروی فوائد و نقصانات کو جان کر عمل کرنے والے بن سکیں۔ | • [SLO:I-06-E-01]حقوق العباد کا معنی اور مفہوم بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-02]حقوق العباد کی ادائیگی کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-03]والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے متعلق جان سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

| |
|---|
| تشکیلی جانچ: صلہ رحمی کی فضیلت، قطع رحمی کی ممانعت اور ان کے دنیوی واخروی فوائد و نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: والدین کے حقوق کے بارے میں نکات کی صورت میں فہرست تیار کریں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ جائزہ لیں کہ وہ اپنے والدین اور بڑوں کی خدمت کس کس انداز میں کرتے ہیں اور اس کا تذکرہ جماعت میں کریں۔<br>• رشتہ داروں کے حقوق پر مشتمل دو مستند احادیثِ مبارکہ (متن کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر تحریر کرتے ہوئے اُن کے موضوع پر آپس میں تبادلہِ خیال کریں۔<br>• والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک پر ایک تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| ب۔ عدل و احسان<br><br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و حدیث کی روشنی میں عدل و احسان کی اہمیت صورتوں اور مثالوں کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ایک مثالی مسلمان بن سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-06]عدل و احسان کا معنی و مفہوم اور ان کے درمیان فرق بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-07]عدل و احسان کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں<br>• [SLO:I-06-E-08]سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے معمولات کی روشنی میں عدل و احسان کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-09]روز مرہ زندگی میں عدل و احسان کی مختلف صورتوں کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-10]عدل و احسان کے معاشرتی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-11]روز مرہ زندگی سے عدل و احسان کی مثالیں بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-12]عدل و احسان کی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: عدل و احسان کی اہمیت و فضیلت اور انفرادی و معاشی اثرات پر مختصر نوٹ تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: عدل و احسان کے بارے میں سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں سے ایک ایک مثال تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• خلفائے راشدین کے عدل و احسان کے واقعات پر مذاکرہ منعقد کروایا جائے۔<br>• طلبہ روز مرہ زندگی میں عدل و احسان کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

| |
|---|
| ج۔ اسلام میں رفاہ عامہ کی اہمیت |

| |
|---|
| **حاصلِ تعلّم**<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں رفاہِ عامہ کی اہمیت، صورتوں اور مثالوں کو سمجھ کر معاشرے کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-13]رفاہ عامہ کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• رفاہ عامہ کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-14]سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں رفاہ عامہ کی مثالوں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-15]اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے رفاہ عامہ کی مثالوں سے آگاہی حاصل کریں۔<br>• [SLO:I-06-E-16]روز مرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں اور مثالوں کو سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-17]رفاہ عامہ کے معاشرتی اثرات کا تقابلی تجزیہ پیش کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-18]رفاہ عامہ کے دنیوی واخروی فوائد کو سمجھ کر ان کو اپنی عملی زندگی میں اپناتے ہوئے معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور کی زندگیوں سے رفاہ عامہ کی ایک ایک مثال بیان کریں گے۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال-<br>تکمیلی جانچ: رفاہ عامہ کی اہمیت وفضیلت اور معاشرے پر اثرات پر پیراگراف تحریر کریں گے۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• خلفائے راشدین کے عہد میں رفاہِ عامہ کے مختلف کاموں کی فہرست بنائیں۔<br>• طلبہ روز مرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ رفاہ عامہ کے مختلف کاموں میں عملی شرکت کریں۔ مثلاً پودے لگانا، راستے میں پڑی رکاوٹ دور کرنا، سڑک پار کرانا وغیرہ اور ان موضوعات سے متعلق پوسٹر بنائے جائیں۔ |

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام [SLO:I-06-F-__]

### معیار(Standard)

| |
|---|
| **الف۔ امھات المومنین (حضرت خدیجہ، حضرت عائشہ اور حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن)**<br>**حاصلِ تعلّم**<br>• امّہات المومنین کا اِجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور حضرت خدیجہ، حضرت عائشہ اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہن کے حالاتِ زندگی کا مطالعہ کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-01]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-02]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت وکردار اور ان کی دینی ومعاشرتی خدمات سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-05]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی گھریلو زندگی کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی کو ان کے اسوہ کے مطابق مثالی بنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO:I-06-F-03]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-04]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی دینی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت وکردار اور ان کی دینی خدمات مختلف واقعات کی مدد سے اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے علم حاصل کرنے کے شوق اور ان کی گھریلو زندگی کے بارے میں تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہا کی حیات طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد اور وفات شامل ہوں۔
- ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اسلام کی سربلندی کے لیے مالی خدمات پر مذاکرہ کروائیں۔
- ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی علمی خدمات سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کا اہتمام کریں۔

**ب۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ**

**حاصل تعلّم**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولادِ مبارکہ کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور دینِ اسلام کے لیے ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-06]نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ (بیٹوں اور بیٹیوں) سے متعارف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-07]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اپنے بیٹے اور بیٹیوں کے ساتھ شفقت ومحبت کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-08]بناتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی صفات، عبادت وریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-09]بناتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی دین اسلام کے لیے خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-10]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بیٹیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی سیرت وکردار سے آگاہ ہو کر اس سے سبق سیکھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: رسول اللہ کی اولاد کے لیے شفقت کے بارے میں کوئی سے دو واقعات بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: رسول اللہ کی بیٹیوں کی دینِ اسلام کے لیے خدمات پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اولادِ مبارکہ پر معلوماتی چارٹ تیار کریں جس میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، لقب، عمر، اولاد اور وفات شامل ہوں۔
- نبی آکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اولادِ مبارکہ پر جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔

ب۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

حاصل تعلّم

- حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء کے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو کر ان کی خصوصیات کو عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-11]خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-12]آپ رضی اللہ عنہا کے مقام و مرتبہ اور سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-13]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے محبت اور ان کی حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے مشابہت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-14]آپ رضی اللہ عنہا کی صفات: شرم و حیا، عبادت و ریاضت، سادگی، محنت و جفاکشی اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-15]حضرت سیدہ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنہا اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح سے سادگی کا سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-16]تسبیحاتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں جان کر اس پر عمل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-17]آپ رضی اللہ عنہا کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے طرزِ زندگی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زندگی سے شرم وحیا، عبادت، سادگی اور محنت کے حوالے سے ایک ایک مثال بیان کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ کے حالت زندگی اور مقام و مرتبہ کے بارے میں معلومات کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فضائل پر مشتمل چارٹ بنوا کر آویزاں کیا جائے۔
- طلبہ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی امتیازی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔
- "ہم روزمرہ زندگی کے معاملات میں کس طرح حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زندگی سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں"۔ اس موضوع پر تقریری مقابلے کا اہتمام کیا جائے۔

ج۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم: حضرت طلحہ بن عبید، حضرت زبیر بن عوام، سعد بن ابی وقاص و سعید بن زید، ابو عبیدۃ بن جراح و عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں عشرہ و مبشرہ کا مختصر تعارف اور انکے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو کر ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-18]عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مفہوم ان کے اسمائے گرامی اور ان کی فضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-19]<br>• [SLO:I-06-F-20]مذکورہ صحابہ کرام کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-21]مذکورہ صحابہ کرام کی دینی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-22]مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی امتیازی خصوصیات کا موازنہ کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-23]عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عشرہ مبشرہ کی سیرت و کردار کے بارے میں معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عشرہ مبشرہ کے ناموں کے سامنے ان کے سوانح عمری (**Biography**) تحریر کیے جائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کی امتیازی خصوصیات پر مشتمل چارٹ بنائیں۔
- طلبہ والدین / اساتذہ کرام کی مدد سے مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، القابات، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔
- عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

---

د۔ صوفیائے کرام (حضرت عبداللہ شاہ غازی، حضرت حسن بصری، حضرت بایزید بسطامی، حضرت جنید بغدادی رحمھم اللہ)

**حاصل تعلّم**

- حضرت عبداللہ شاہ غازی، حضرت حسن بصری، حضرت بایزید بسطامی، حضرت جنید بغدادی رحمھم اللہ کا مختصر تعارف اور ان کے حالاتِ زندگی سے آگاہ ہو کر ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-24]قرآن وسنت کی روشنی میں تصوف کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-25]مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالات زندگی، مقام ومرتبہ اور کرامات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-26]ان کے اخلاق وصفات اور اشاعتِ اسلام کے لیے ان کی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-28]مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ علیہ کے حالات زندگی سے سبق حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں اچھے اوصاف پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-F-27]تصوف وروحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کی اشاعتِ اسلام کے لیے کی جانے والی کوششوں پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کے اخلاق وصفات کے حوالے سے مختلف واقعات کی مدد سے ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے نام، القابات، ولدیت، پیدائش، عمر، تصانیف اور وفات وغیرہ شامل ہوں۔
- مذکورہ مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرا جماعت میں مکالمہ کریں۔

ہ۔ علماء ومفکرین (حضرت امام جعفر صادق، امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ)

**حاصل تعلّم**

- حضرت امام جعفر صادق، امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی اور مقام و مرتبے سے واقف ہو کر ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-29]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کی مختصر حالات زندگی، مقام و مرتبہ اور امتیازی خصوصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-30]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے اخلاق وصفات اور علمی و فقہی کارناموں کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-31]ان کے اخلاق وصفات اور اشاعتِ اسلام کے لیے ان کی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-32]تصوف وروحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-33]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے اعلیٰ افکار و کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھالیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے حالات زندگی اور مقام و مرتبہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کی امتیازی خصوصیات پر ایک فہرست تیار کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اساتذہ کی مدد سے مذکورہ شخصیت کی زندگی مثلاً ان کے نام، القاب، پیدائش، تلامذہ، تصانیف، وفات وغیرہ پر مشتمل معلومات حاصل کریں۔
- مذکورہ شخصیت کے علمی، فقہی اور معاشرتی خدمات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

و۔ فاتحین

**حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ**

حاصل تعلّم

- حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعارف جان سکیں اور ان کی بہادری اور عظمت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-34]غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-35]حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی حالاتِ زندگی، شجاعت و قیادت اور جہادی کارناموں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-36]حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے لقب سیف اللہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-37]معرکوں میں فتح کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کے موئے مبارک کی برکت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ<br>• [SLO:I-06-F-38] حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فتوحات اور کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اُن کی قائدانہ صلاحیتوں، بہادری اور عزم و ہمت سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی فتوحات کے بارے میں معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی بہادری کے واقعات میں سے کوئی سے دو واقعات تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- جماعت میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی فتوحات کے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

## دائرہ کار۔ ز: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے [SLO:I-06-G-__]

الف۔ انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت اور تحفظ کے مختلف پہلوؤں کو سمجھ کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-01]انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-02]وبائی امراض کے دوران حفاظت سے متعلق اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-06]روزمرہ زندگی میں ماحول کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-G-03]ماحول کی حفاظت کے مختلف پہلوؤں مثلاً ہوا، پانی اور زمین کی صفائی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-04]ماحول کی حفاظت میں شجر کاری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-05]اسلام میں صوتی آلودگی (بے جا شور) کی مذمت کو سمجھ سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: تاریخِ اسلام سے صوتی آلودگی کی مذمت کے بارے میں کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: ماحول کی حفاظت کے طریقوں پر ایک تصویری خاکہ بنائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- شجر کاری سے متعلق مستند احادیثِ مبارکہ پر مشتمل چارٹ بنا کر اسکول میں لگائیں۔
- طلبہ اپنے گھر، سکول اور محلے میں صفائی اور شجر کاری کے فروغ کی مہم چلائیں۔
- طلبہ پانی کے ضیاع سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل پوسٹر بنائیں۔
- متعدی وبائی امراض اور ماحول کی آلودگی سے بچنے کی تدابیر پر مذاکرہ کروایا جائے۔

ب۔ جانوروں کی اہمیت اور ان کے حقوق

حاصلِ تعلّم

- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جانوروں سے حُسنِ سلوک کے بارے میں جان کر روزمرہ زندگی میں جانوروں کے حقوق کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-07]جانوروں، پرندوں اور حشرات الارض کی مختلف اقسام (فائدہ مند اور نقصان دہ، پالتو اور جنگلی) کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-08]جانوروں پر رحم کے بارے میں اسلامی تعلیمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-09]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے جانوروں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ رحم دلی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-10]اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جانوروں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ حُسنِ سلوک کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-11]دین اسلام کی روشنی میں روزمرہ زندگی میں جانوروں کے حقوق اور تحفظ کا خیال رکھ سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: جانوروں سے حسن سلوک کے بارے میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سے کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: جانوروں کی مختلف اقسام کا تصویری خاکہ بنائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اُن جانوروں کی فہرست بنائیں جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔
- جانوروں کے حقوق کے بارے میں طلبہ مستند احادیثِ مبارکہ تلاش کریں۔
- جانوروں کے ساتھ حُسنِ سلوک سے متعلق طلبہ اپنے ذاتی واقعات ایک دوسرے کو سنائیں۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت ہفتم)

## نصابی خاکہ (جماعت ہفتم)

دائرہ کار۔ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-07-A-__]

| | |
|---|---|
| الف۔ ترجمۂ قرآن مجید<br>حاصل تعلّم<br>• منتخب سورتوں کے تراجم اور مفاہیم کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-01] حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں اور سورۃ النباء تا سورۃ الھمزۃ کے ترجمہ کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-A-02] ان سورتوں کے پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-A-03] کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) بیان کر سکیں اور منتخب سورتوں کے قرانی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-04] ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔ |
| معاون مواد:<br>• قرآن مجید میں تکرار سے آنے والے چند الفاظ کی فہرست<br>• افعال کے مختلف صیغوں کی علامتی پہچان | |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ:<br>• مذکورہ سورتوں کے مضامین کا مرکزی خیال بیان کریں گے۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>• مختلف سورتوں میں دیے گئے انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کو کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ:<br>• منتخب سورتوں کی تفہیم کا ٹیسٹ لیا جائے گا/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے ترجمہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔<br>• انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص سے متعلق چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔ | |

| |
|---|
| ب۔ حفظ قرآن<br>حاصل تعلّم |

- درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق حفظ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-05] سورۃ التین، سورۃ العلق، سورۃ القدر، سورۃ البینۃ کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-06] ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورۃ کی تکمیل کے بعد سورتوں کے درست تلفظ اور ادائیگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- تجوید کے اصولوں پر مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔
- طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے ترجمہ قرآن مجید پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔
- مسابقہء حسن قراءت کروایا جائے اور بہترین قرائت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

## ج۔ حفظ و ترجمہ

**حاصل تعلّم**

- منتخب قرآنی، مسنون دعائیں اور کلمات مع تراجم حفظ کر سکیں اور عملی زندگی میں پڑھنے کے عادی بن جائیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-07] حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا (القصص آیت:۲۴)<br>• [SLO: I-07-A-08] حضرت نوح علیہ السلام کی دعا (سورۃ نوح آیت نمبر ۲۸) مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-09] دی گئی قرآنی دعاؤں کو یاد کر سکیں، ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-A-10] مسنون کلمات مع مفہوم یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کا معمول بنا سکیں<br>• [SLO: I-07-A-11] سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم<br>• [SLO: I-07-A-12] یاحی یاقیم برحمتک استغیث |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں اور چھٹا کلمہ درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ دی گئی دعائیں اور کلمات کی خطاطی (کیلیگرافی) کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ متعلقہ مواقع پر دعائیں پڑھنے کا عملی مظاہرہ کریں۔
- طلبہ کے درمیان دُعائیں، مسنون کلمات اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

- منتخب احادیث مع ترجمہ سمجھ کر پڑھ سکیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-13] سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ کر پڑھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-14] روزمرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ کے فہم کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: منتخب احادیث کے مرکزی مضامین کا تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان احادیث مبارکہ کی بنیادی تعلیمات پر گفتگو کروائی جائے۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

حاصل تعلّم

- منتخب دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-15] منتخب دعاؤں کو درست تجوید کے مطابق حفظ کریں۔<br>• [SLO: I-07-A-16] شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعا<br>رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ * وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ<br>• [SLO: I-07-A-17] آئینہ دیکھنے کی دعا<br>اَللّٰهُمَّ أَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِي فَحَسِّنْ خُلُقِي<br>• [SLO: I-07-A-18] نظر بد سے بچنے کی دعا<br>• أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-A-20] مذکورہ مسنون دعاؤں کو مع ترجمہ یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ |

- [SLO: I-07-A-19] 12 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔(الْكَبِيْرُ)بہت بڑا(الْحَفِيْظُ)محافظ و نگہبان(الْمُقِيْتُ)قوت دینے والا اور روزی عطا کرنے والا(الْحَسِيْبُ)جمیع امور میں کفایت کرنے والا ہر چیز کا حساب رکھنے والا(الْجَلِيْلُ)بلند مرتبہ اور بزرگی والا(الْكَرِيْمُ(بہت کرم کرنے والا) الرَّقِيْبُ (بڑا نگہبان) الْمُجِيْبُ)ہر ایک کی دعا کو قبول کرنے والا(الْوَاسِعُ)وسعت و فراخی عطا کرنے والا(الْحَكِيْمُ)حکمت و تدبر والا(الْوَدُوْدُ)بہت محبت کرنے والا(الْمَجِيْدُ)عالی مرتبت اور بزرگی والا(الْبَاعِثُ)موت کے بعد زندگی عطا کرنے والا

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ دعاؤں کی فضیلت واہمیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔/مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مذکورہ دعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ دی گئی دعاؤں کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں۔
- طلبہ کے درمیان مسنون دُعائیں مع ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔
- مذکورہ دعاؤں سے متعلق پوسٹر بنائے جائیں۔

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات [SLO: I-07-B-__]

### الف۔ ایمانیات

الف۔ عقیدہ ختمِ نبوت

حاصل تعلّم

- عقیدہ ختم نبوت کے تقاضوں کی اہمیت اور اس کے تحفظ کے بارے میں جان کر عملی زندگی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ رآن و سنت کی روشنی میں: |
| • [SLO: I-07-B-01] ختم نبوت کے معنی و مفہوم جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-B-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کو آخری نبی مانتے ہوئے اس عقیدے کو مضبوط کر سکیں۔ |
| • [SLO: I-07-B-02] اس بات سے واقف ہو سکیں کہ عقیدہ، ختم نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ والی الہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی اہم خصوصیت ہے۔ | • [SLO: I-07-B-05] یہ پختہ یقین کر سکیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت آخری، تکمیلی اور جامع شریعت ہے جس کی بدولت گزشتہ تمام شریعتیں منسوخ ہو چکی ہیں۔ |
| • [SLO: I-07-B-03] یہ بات سمجھ سکیں کہ ختم نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ والی الہ واصحابہ وسلم کا منکر دائرہ اسلام سے مکمل طور پر خارج ہے۔ | • [SLO: I-07-B-06] عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے کردار کا جائزہ لے۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO: I-07-B-07] عقیدہ ختم نبوت اور اس کے تقاضے پورے کرتے ہوئے مبلغ اسلام بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے اپنی تجاویز پیش کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کوششوں کے بارے میں بذریعہ تفصیلی مضمون / معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ختم نبوت کے موضوع پر قرآن مجید کی آیت کریمہ اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں، اس کا چارٹ بھی بنوایا جائے۔
- سورۃ احزاب کی آیت نمبر چالیس مع ترجمہ یاد کروائی جائے۔
- عقیدہ ختم نبوت کے عنوان پر تقریری مقابلہ کرایا جائے۔

## ب۔ فرشتوں پر ایمان

**حاصل تعلّم**

- فرشتوں کے تصور، تخلیق اور صفات کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کر سکیں

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-B-08] فرشتوں کے تصور اور اُن کی تخلیق کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-09] یہ سمجھ سکیں کہ فرشتوں پر ایمان لانا اسلام کے بنیادی عقائد کا جزو لازم ہے۔<br>• [SLO: I-07-B-10] فرشتوں کی صفات خصوصاً معصوم عن الخطا ہونے کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-11] قرآن و سنت میں مذکور چند فرشتوں کے ناموں اور اُن کی ذمہ داریوں (مثلاً کراماً کاتبین وغیرہ) کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-12] یہ سمجھ سکیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اپنے احکام کی انجام دہی کے لیے فرشتوں سمیت کسی بھی مخلوق کی محتاج نہیں ہے۔ | • [SLO: I-07-B-13] اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں پر ایمان پختہ کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں ان کے ادب واحترام کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اُن کے متعلق تعظیمی رویہ اختیار کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-14] یہ بیان کر سکیں کہ فرشتوں کے وجود کا انکار، توہین اور تمسخر اڑانا ایمان کے منافی ہے۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: قرآن میں مذکورہ فرشتوں کے نام پڑھ کر ان کی ذمہ داریاں فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: فرشتوں سے متعلق قرآن پاک کی ایک آیت مع ترجمہ حوالے کے ساتھ تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

- چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں فرشتوں کا ذکر ہو۔

| |
|---|
| • قرآن وسنت میں مذکورہ چند فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں پر مشتمل فہرست بنائیں۔ |

ج۔ آسمانی کتابوں پر ایمان

حاصلِ تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں آسمانی کتب اور صحائف کے نزول کا مقصد جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-B-15] اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر الہامی کتب اور صحائف نازل کیے ہیں۔<br>• [SLO: I-07-B-16] آسمانی کتب اور صحائف میں فرق اور اُن کے نزول کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-17] یہ سمجھ سکیں کہ قرآن مجید ہی اللہ تعالیٰ کی وہ واحد اور آخری کتاب ہے جو ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے۔<br>• [SLO: I-07-B-18] قرآن مجید کی خصوصیات اور اس کی اعجازی شان سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-19] تمام آسمانی کتب پر ایمان رکھیں اور الہامی کتب میں صرف قرآن مجید کو ہی مکمل ضابطۂ حیات سمجھتے ہوئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: آسمانی کتب اور صحائف میں فرق بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: قرآن کا اعجاز کیا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ ترتیبِ زمانی سے الہامی کتب اور جن انبیائے کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں اُن کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔
- چند انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست بنائیں جن پر صحائف نازل کیے گئے۔
- قرآن مجید کی حفاظت سے متعلق آیتِ کریمہ (سورہ الحجر) مع ترجمہ یاد کروائیں۔

## ب۔ عبادات

الف۔ روزہ اور اس کی فضیلت

حاصلِ تعلّم

- روزے کے احکام، اہمیت وفضیلت اور ماہِ رمضان کی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں تقویٰ اختیار کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-07-B-24] ماہِ رمضان میں نبی کریم کے معمولات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-25] روزے سے حاصل ہونے والے روحانی، جسمانی اور معاشرتی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-26] مکمل دینی آداب کے ساتھ روزہ رکھنے والے اور عملی زندگی میں تقویٰ اختیار کرنے والے بن سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں:<br>● [SLO: I-07-B-20] روزہ کا معنی و مفہوم اور مقصد (تقوی) جان سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-21] روزہ کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-22] روزہ کے احکام و آداب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-23} ماہِ رمضان میں بدنی و مالی عبادات بالخصوص تلاوتِ قرآن مجید، قیام اللیل (تراویح)، شب قدر، اعتکاف کرنے، سحری کرنے، افطار کروانے اور صدقہ و خیرات کی فضیلت کو سمجھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ماہِ رمضان کی جانے والی بدنی اور مالی عبادات کی فہرست کالم کی صورت میں بنائیں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: "روزہ کا اہم ترین تقوی کا حصول ہے۔" تقویٰ کے بارے میں قرآن وحدیث سے مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ماہِ رمضان کا آغاز ہوتے ہی اس کے آداب واحکام اسمبلی میں بتائے جائیں۔
- رمضان المبارک میں کیے جانے والے مسنون کاموں کی فہرست بنوائیں
- حدیث مبارک کی روشنی میں شب قدر کی دعا یاد کرائی جائے۔
- رمضان المبارک کی برکات و ثمرات حاصل نہ ہونے کی وجوہات پر مذاکرہ کروایا جائے۔

**ب۔ نمازِ جنازہ اور دیگر نمازیں**

**حاصل تعلّم**

- نمازِ جنازہ اور دیگر مذکورہ نماز کی فضیلت سے آگاہ ہو کر عبادت کرنے کی عادت اپنا سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-07-B-31] نمازِ جنازہ کے معاشرتی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-32] تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، استسقاء تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد اور حاجات کی نمازوں اور اُن کی فضیلت جانتے ہوئے انھیں پڑھنے کا اہتمام کریں۔<br>● [SLO: I-07-B-33] مختلف عبادات ادا کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب اور خوشنودی حاصل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-07-B-27] نمازِ جنازہ کی اہمیت و فضیلت کو جان سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-28] نمازِ جنازہ کے احکام و آداب سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-29] تعزیت اور قبرستان کے آداب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-07-B-30] خسوف و کسوف کی نمازوں کے متعلق جان سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، استقاء، تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد، حاجات خسوف اور کسوق کی نمازوں کے اوقات اور فضیلت مختصراً تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: نماز جنازہ کے احکام و آداب اور اہمیت و فضیلت کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔ / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- نماز جنازہ اور دیگر مذکور نمازوں کا طریقہ اور اُن میں پڑھی جانے والی دُعائیں اپنے گھر سے سیکھیں۔
- مسنون اور نفلی نمازوں کی رکعات اور اُن کے اوقات کی فہرست بنائیں۔
- سجدہ سہو اور سجدہ تلاوت کے احکامات گھر یا مسجد سے سیکھیں۔

ج۔ دعا کی اہمیت و فضیلت

حاصل تعلّم

- دعا کی فضیلت و اہمیت اور قبولیتِ دعا کی مختلف صورتوں سے آگاہ ہو کر دعا مانگنے کے عادی بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-B-34] دعا کے لغوی اور اصطلاحی معنی جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-35] دعا کی فضیلت و اہمیت سے آگاہ ہوں سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-36] دعا کی قبولیت میں حمد و ثنا اور درود شریف کی فضیلت و اہمیت سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-37] دعا کے آداب، قبولیت دعا کے مواقع اور دعا کی قبولیت کی مختلف صورتوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-38] قبولیت کا یقین رکھتے ہوئے ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی عادت کو اپنائیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: دعا کی قبولیت کی مختلف صورتوں کا نکات کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: دعا کے لغوی و اصطلاحی معنی اور دعا کی قبولیت میں درود شریف کی فضیلت تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- دُعا کی فضیلت سمجھتے ہوئے اپنی دُعا کے قبول ہونے کا کوئی واقعہ سنائیں۔
- روز مرہ زندگی میں مختلف مواقع کی مسنون دعاؤں کو یاد کر کے پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید و احادیث مبارکہ کی مدد سے آگاہ کیا جائے کہ حرام کمائی و خوراک دُعا کی قبولیت میں اہم رکاوٹ ہے۔
- طلبہ قبولیتِ دُعا کے اہم مواقع کی فہرست بنائیں۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-07-C-__]

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور مدنی معاشرے کا استحکام

حاصل تعلّم

- مدنی معاشرے کے مسائل، مشکلات اور ان کے حل کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اقدامات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-01] منافقین (رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی سلول وغیرہ) اور ان کے مکروہ کردار اور سازشوں کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-02] مدینہ منورہ میں یہود کے تین بڑے قبائل (بنو نضیر، بنو قینقاع، بنو قریظہ) کی سازشوں کے متعلق آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-03] غزوہ بنو قینقاع اور بنو نضیر کے اسباب اور مختصر واقعات جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-04] یہود کی سازشوں اور ان کے سدباب کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اقدامات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-05] ان غزوات کے نتائج کا جائزہ لے کر اپنی عملی زندگی کے لیے سبق حاصل کرسکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بنو نضیر، قینقاع اور بنو قریظہ کی سازشوں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اقدامات مختصراً تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوہ بنو قینقاع اور بنو نضیر کے اسباب اور نتائج نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اساتذہ کی مدد سے قرآن وحدیث میں مذکور منافقین کی چند صفات وعلامات پر مذاکرہ کریں۔
- یہود کے نمایاں قبائل اور اُن کے سرداروں کے ناموں پر مبنی چارٹ بنائیں۔ منافقت کے ذاتی نقصانات کا جائزہ لیں۔

**الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے ماہ وسال (مدنی دور)**

**غزوہ خندق**

**حاصل تعلّم**

- غزوہ خندق کے بارے میں تفصیلی معلومات سے واقفیت حاصل کرسکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-06] غزوہ خندق کے پس منظر اور اسباب سے آگاہ ہوسکیں۔ (منافقین اور یہود کا کردار)<br>• [SLO: I-07-C-07] غزوہ خندق میں رونما ہونے والے واقعات و معجزات خاص طور پر حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت کے بارے میں آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-08] غزوہ خندق کے سلسلے میں ہونے والی مشاورت (حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور جنگی تیاریوں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-09] غزوہ خندق میں خواتین کے کردار (مثلاً حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا) کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-10] غزوہ خندق کے نتائج واثرات کا جائزہ لے | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-11] غزوہ خندق کی کامیابی کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-12] غزوہ خندق سے اپنی زندگی کے لیے عملی نکات حاصل کرسکیں۔ |

| | |
|---|---|
| سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غزوہ خندق میں رونما ہونے والے معجزات کو کہانی صورت میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوہ خندق کا پس منظر، اسباب اور نتائج کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نقشے یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے غزوہ خندق کا جغرافیائی محلِ وقوع سمجھایا جائے۔
- غزوہ خندق کے متعلق ایک معلوماتی پوسٹر بنوائیں۔
- غزوہ خندق میں حضرت سلمان فارسی، حضرت صفیہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کردار کے متعلق مذاکرہ کرایا جائے۔

---

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ وسال (مدنی دور)

**غزوہ بنو قریظہ**

**حاصل تعلّم**

- غزوہ بنو قریظہ کے اسباب اور دیگر واقعات کے بارے میں مختصراً جان سکیں اور یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-13] غزوہ بنو قریظہ کے اسباب (یہود کی بدعہدی وغیرہ) کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-14] غزوہ بنو قریظہ کے واقعات کے بارے میں مختصراً واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-15] غزوہ قریظہ میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کردار کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-16] غزوہ بنو قریظہ کے نتائج کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-17] یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتیجے میں مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-18] یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتائج سے عملی نکات (تحمل، معاملہ فہمی وغیرہ) جان کر انھیں اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غزوہ بنو قریظہ کے اسباب اور واقعات مختصراً بیان کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: غزوہ بنو قریظہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کردار پر تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- غزوہ بنو قریظہ کے متعلق قرآن مجید کی آیت پڑھائی جائے۔
- ۵ ہجری تک ہونے والے غزوات کی زمانی ترتیب کے ساتھ فہرست بنوائیں۔

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)

صلح حدیبیہ

حاصلِ تعلّم

- صلح حدیبیہ سے متعلق تفصیلی معلومات سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-19] صلح حدیبیہ کے پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-20] صلح حدیبیہ کے واقعات و معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-21] بیعت رضوان اور اس کے پس منظر سے واقف ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی عظمت بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-22] معاہدہ صلح حدیبیہ کی تحریر کے تناظر میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ادبِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-23] حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ کے واقعہ کے تناظر میں ایفائے عہد کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-24] صلح حدیبیہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-25] صلح حدیبیہ کی شرائط جان کر ان کا تنقیدی جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-26] صلح حدیبیہ کے مثبت نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لیتے ہوئے اپنی عملی زندگی کے لئے عملی نکات حاصل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: صلح حدیبیہ کا پس منظر، اسباب اور معجزات اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: بیعت رضوان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ایک پیراگراف کی صورت میں تحریر کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ کے واقعات ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔
- صلح حدیبیہ کے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔
- طلبہ کے درمیان صلح کرانے کے متعلق ایک خاکہ تیار کرایا جائے۔

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمی سرگرمیاں

حاصلِ تعلّم

- معلم انسانیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مسجد نبوی میں تعلیمی سرگرمیوں کے واقعات سے متعارف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-27] معلم انسانیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے تعلیم وتربیت کے اسلوب کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-28] حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت، خدمات اور تعلیمی سرگرمیوں سے واقفیت حاصل کرسکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-29] مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اسلام کی پہلی درسگاہ "صُفّہ"، اس کے قیام کے مقصد اور تعلیمی وتربیتی سرگرمیوں (مثلاً قرآن، حدیث، تزکیہ نفس، زبانوں کا سیکھنا) سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-30] سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کے واقعات کو سمجھ کر عملی زندگی میں تعلیم کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اسلام کی پہلی درسگاہ "صُفّہ"، اس کے قیام کے مقصد اور تعلیمی وتربیتی سرگرمیوں کے بارے میں نوٹ لکھیں۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کو واقعات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اساتذہ کرام حضرت ارقم رضی اللہ عنہ کے گھر میں قائم تعلیمی درسگاہ کے متعلق طلبہ کو آگاہ کریں۔
- طلبہ اصحابِ صفہ (خصوصاً مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والے) چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ناموں کی فہرست بنائیں۔
- چند کاتبین وحی رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش ولقب، عمر، مروی احادیث کی تعداد، وفات پر مشتمل چارٹ بنوائیں۔
- مسلمانوں کو لکھنا پڑھنا سکھانے کو بدر کے قیدیوں کا فدیہ مقرر کرنے سے علم کی اہمیت کے بارے میں طلبہ جماعت میں تبادلۂ خیال کریں۔

**الف۔ عہد نبوی صلاللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ وسال (مدنی دور)**

**نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم بطور داعی امن**

**حاصل تعلّم**

- اسلام میں امن وسلامتی کی اہمیت اور قیام امن کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی سے واقف ہو سکیں اور اپنی عملی زندگی میں امن کا مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-31] اسلام میں امن وسلامتی کی اہمیت کے بارے میں شعور حاصل کرسکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-32] اس بات سے واقف ہو سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ذات گرامی امن وسلامتی کا محور ہے۔<br>• [SLO: I-07-C-33] قیام امن کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-34] سیرتِ نبوی سے قیام امن کے لیے کیے گئے | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-35] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کو مشعل راہ سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں امن وسلامتی کا مظاہرہ کرسکیں۔ |

| | |
|---|---|
| اقدامات کی چند مثالیں جان سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: اسلام میں امن وسلامتی کے موضوع پر ایک آیت اور ایک حدیث تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: امن کے قیام کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- صلح حدیبیہ میں رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی امن پالیسی کے تناظر میں امن وسلامتی کی اہمیت پر مذاکرہ کرایا جائے۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے قیام امن کے لیے کیے جانے والے چند معاہدوں کی فہرست بنائیں۔

**ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

**حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا صبر وشکر**

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین کی مکی ومدنی زندگی سے صبر وشکر کے واقعات جان کر اپنی عملی زندگی میں ان عظیم صفات کو شامل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-36] صبر وشکر کی فضیلت اور اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-37] سیرت طیبہ (مکی اور مدنی زندگی) سے صبر کے مختلف واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-38] سیرتِ طیبہ (مکی اور مدنی زندگی) سے شُکر کے مختلف واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-39] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ میں اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو صبر وشکر کی ترغیب وتلقین کے واقعات کی اہمیت جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-40] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں صبر وشکر جیسی عظیم صفات کو اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-41] صبر وشکر جیسی صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا کر معاشرے کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غم وخوشی کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا طرز عمل کیا تھا؟ مثالوں کی مدد سے واضح کریں گے۔۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: صبر وشکر کے معاشرے پر اثرات وقواعد کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- صبر وشکر کے متعلق دو آیات کریمہ اور دو مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔
- طلبہ اپنی عملی زندگی میں صبر وشکر کا کوئی واقعہ سنائیں۔
- غم وخوشی کے مواقع پر صبر وشکر کی مختلف صورتوں کی فہرست بنوائی جائے۔

ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا سادہ طرزِ زندگی اور قناعت

حاصلِ تعلّم

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے سادگی و قناعت کی مثالیں جان کر عملی زندگی میں نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-42] سادگی، قناعت اور فضیلت کا مفہوم بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-43] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے سادگی اور قناعت کی مثالوں سے اہم نکات اخذ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-44] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت میں اہل بیت اطہار، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سادگی و قناعت کی ترغیب و تلقین سے متعلق واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-45] اسوۂ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سادہ طرزِ زندگی اور قناعت کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-46] سادگی اور قناعت جیسی صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا کر معاشرے میں اعتدال قائم کرنے کا ذریعہ بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے سادگی اور قناعت کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: سادگی اور قناعت کی مدد سے معاشرے میں اعتدال کیسے قائم رکھا جائے مختصراً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سادگی اور قناعت کے متعلق دو مستند احادیثِ مبارکہ تلاش کر کے لکھیں۔
- طلبہ سے روزمرہ زندگی میں سادگی اور قناعت کی عملی صورتوں (کھانا، پینا، لباس وغیرہ) پر مشتمل فہرست بنوائی جائیں۔

ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی

حضرت محمد رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا اندازِ گفتگو

حاصلِ تعلّم

- اسوۂ حسنہ کی روشنی میں آدابِ گفتگو جان کر ان آداب پر عمل کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-47] اسوہ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے آدابِ گفتگو سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-C-48] سیرت طیبہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے فصیح و بلیغ اندازِ گفتگو کی نمایاں مثالیں بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-C-49] تعلیم و تربیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اندازِ گفتگو کو جانیں۔ | • [SLO: I-07-C-51] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عمدہ اندازِ گفتگو کو روزمرہ زندگی میں اپنائیں۔<br>• [SLO: I-07-C-52] ان آداب پر عمل کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں سلیقے، شائستگی اور نرم مزاجی سے گفتگو کریں۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO: I-07-C-50] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے لوگوں بشمول سامعین کی ذہنی سطح کا خیال رکھتے ہوئے ان سے گفتگو کرنے اور ان کی بات کو توجہ سے سننے کے بارے میں جانیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: رسول اللہ کے فصیح و بلیغ اندازِ گفتگو کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: قرآن و سنت کی روشنی میں آدابِ گفتگو ایک فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• گفتگو کے آداب پر آیات کریمہ اور مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔<br>• طلبہ سے گفتگو کے آداب پر مشتمل چارٹ بنوا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ سے جماعت میں مکالمہ کروایا جائے جس میں آدابِ گفتگو کو مدِ نظر رکھنے کی تربیت کی جائے۔ | |

دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-07-D-__]

| | |
|---|---|
| معیار<br>اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔ | |
| الف۔ میانہ روی<br>حاصل تعلّم<br>• سیرت طیبہ صلی اللہ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی روشنی میں میانہ روی کی اہمیت و فضیلت اور روزمرہ زندگی میں میانہ روی کی مختلف صورتوں کو سمجھ کر اعتدال کا راستہ اختیار کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-01] میانہ روی کے معنی و مفہوم کو بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-02] میانہ روی کے معنی اہمیت و فضیلت سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-03] سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے میانہ روی کی چند مثالیں جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-04] اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی زندگیوں سے میانہ روی کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-06] زندگی کے تمام پہلوؤں کھانا پینا، سونا کھیلنا، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وغیرہ میں افراط و تفریط کے نقصانات کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-D-07] زندگی کے تمام امور میں میانہ روی اور اعتدال کا راستہ اختیار کریں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-D-05] روزمرہ زندگی کی میں میانہ روی کی مختلف صورتوں اور ان کے فوائد سے آگاہی حاصل کریں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات مبارکہ سے میانہ روی کی کوئی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: میانہ روی کے ذاتی اور معاشرتی فوائد کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کمرا جماعت میں میانہ روی کے متعلق مستند حدیثِ مبارک کی روشنی میں مذاکرہ کروائیں۔
- طلبہ فہرست بنائیں کہ افراط و تفریط کی مختلف صورتیں کیا ہو سکتی ہیں۔

**ب۔ سخاوت و ایثار**

**حاصل تعلّم**

- اسوہ حسنہ کی روشنی میں سخاوت و ایثار کی اہمیت اور اس کی مختلف صورتوں کو جان سکیں اور بخل کے نقصانات کو سمجھ کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-D-08] سخاوت اور ایثار کا معنی و مفہوم بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-09] سخاوت، ایثار اور بخل میں فرق جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-10] سخاوت اور ایثار کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-D-11] بخل کی وعید اور اس کے نقصانات کو جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-12] سخاوت اور ایثار کی مختلف صورتوں (مالی، بدنی اور علمی) کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-D-13] اُسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرتِ مبارکہ سے سخاوت و ایثار کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-14] معاشرتی زندگی میں سخاوت و ایثار کے فوائد کا جائزہ لے کر انھیں اپنائیں۔<br>• [SLO: I-07-D-15] معاشرتی فلاح و بہبود کے لیے سخاوت و ایثار جیسی صفات کو اپنا کر اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: سخاوت اور ایثار کے معاشرتی فوائد اور بخل کے نقصانات کا موازنہ کالم کی صورت میں کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگی سے سخاوت و ایثار کی کوئی سے دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی

سوالات /موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سر گرمیاں

- طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے جمع شُدہ رقم کے ذریعے فلاحی کاموں میں اپنا حصہ ڈالیں / طلبہ جمع شدہ رقم اسکول کی جانب سے کسی فلاحی ادارے وغیرہ کو امداد کی صورت میں دیں گے۔
- نشاندہی کریں کہ روز مرہ زندگی میں سخاوت اور ایثار کی ضرورت کن کن مواقع پر پیش آتی ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ بخل سے پناہ مانگنے کی مسنون دُعا پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔
- بخل سے بچنے کی دعا جماعت میں ایک دوسرے کو بتائیں۔

ج۔ تعلیم اور تعلّم کے آداب

حاصل تعلّم

- تعلیم و تعلّم کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے طریقہ تدریس اور اساتذہ وطلبہ کے حقوق و فرائض کو جان کر ایک باادب طالب علم بن سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:

- [SLO: I-07-D-16] تعلیم و تعلّم کے مفہوم بتائیں۔
- [SLO: I-07-D-17] تعلیم و تعلّم کے آداب سمجھیں۔
- [SLO: I-07-D-18] علم دین کی فضیلت جان سکیں۔
- [SLO: I-07-D-19] حصولِ علم کے لیے سوال کرنے اور سفر کی اہمیت سے آگاہ ہوں۔
- [SLO: I-07-D-20] اُستاد اور وسائل علم (کتاب، قلم، کاغذ، اسکول اور عملہ وغیرہ) سے محبت اور اُن کے احترام کی اہمیت سمجھیں۔

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-07-D-21] اُستاد اور طلبہ کے چند حقوق و فرائض کا جائزہ لیں۔
- [SLO: I-07-D-22] بامقصد اور نافع علم کے حصول کی جدو جہد کر سکیں۔
- [SLO: I-07-D-23] قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں ایک باادب طالب علم بن سکیں۔

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ایک باادب طالب علم کی خصوصیات کیا ہونی چاہییں؟ قرآن و سنت کی روشنی میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: تعلیم و تعلّم کے مفہوم اور حصول علم کے لیے سوال کرنے کی اہمیت پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/معروضی سوالات /موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سر گرمیاں

- حصولِ علم کے متعلق دو آیات کریمہ اور دو احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں گے۔
- صحابہ کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سامنے علم حاصل کرتے ہوئے جن آداب کا خیال رکھتے تھے ان پر خاکہ پیش کریں۔

د۔ بری عادات سے اجتناب

| ریاکاری اور نمود و نمائش |
|---|
| حاصل تعلّم |
| • قرآن و حدیث کی روشنی میں ریاکاری کے نقصانات سے آگاہ ہو کر ان عادات سے اجتناب کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-D-24]ریاکاری اور نمود و نمائش کا مفہوم بیان کر یں۔<br>• [SLO: I-07-D-25]ریاکاری کی مذمت اور وعید کی اہمیت کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-D-26]ریاکاری کے مختلف مواقع (بدنی و مالی عبادات میں، محافل، عمومی معاملات وغیرہ) سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-07-D-27]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرتِ مبارکہ سے ریاکاری اور نمود و نمائش کی مذمت کے بارے میں اہم تعلیمات جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-28] عملی زندگی میں ریاکاری اور نمود نمائش سے ہونے والے نقصانات (تکبر اسراف، حسد، چشم بد، دوسروں کی دل آزاری اور جانی و مالی نقصان وغیرہ) کا جائزہ لیں۔ | • [SLO: I-07-D-29]ریاکاری اور نمود و نمائش کے نقصانات جان کر عملی زندگی میں ان سے محفوظ رہنے کی کوشش کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-30]عبادات میں ریاکاری سے اجتناب کرتے ہوئے خلوص اپنا سکیں۔ |

| مجوّزہ جانچ |
|---|
| تشکیلی جانچ: تکبر، اسراف، حسد، دوسروں کی دل آزادی اور نظر بد کی مذمت کے بارے میں تعارف مع احادیث تحریر کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔ |
| تکمیلی جانچ: ریاکاری اور نمود و نمائش سے بچنے کے حوالے سے سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |

| مجوّزہ سرگرمیاں |
|---|
| • عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کس طرح نمود و نمائش اور ریاکاری سے بچتے ہوئے اخلاق کو اپنا سکتے ہیں؟<br>• ریاکاری کی مختلف صورتوں کے بارے میں طلبہ کے درمیان ایک مکالمہ کروایا جائے۔<br>• مختلف تقریبات میں ہونے والی نمود و نمائش کی مثالوں کی فہرست بنائیں۔<br>• ریاکاری کے مختلف مواقع (بدنی و مالی عبادات، محافل، عمومی معاملات) کے بارے میں خاکہ پیش کریں۔ |

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت [SLO: I-07-E-__]

| معیار |
|---|

| |
|---|
| باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔ |
| الف۔ حقوق العباد<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن و سنت کی روشنی میں حقوق العباد کی اہمیت جان کر مہمان، خواتین، مسافر اور دوستوں سے حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-07-E-01] حقوق العباد کی اہمیت جانیں۔<br>● [SLO: I-07-E-02] میزبانی کی فضلیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مہمانوں اور مسافروں کے حقوق سے آگاہی حاصل کریں۔<br>● [SLO: I-07-E-03] دیگر مذاہب کی نسبت اسلام میں خواتین کو دیے گئے خصوصی حقوق کو جان کر اُن کے مقام کو سمجھیں۔<br>● [SLO: I-07-E-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے مختلف لوگوں سے حُسنِ سلوک اور اس کی روشنی میں خواتین کے احترام سے واقف ہوں۔<br>● [SLO: I-07-E-05] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت مبارکہ سے مذکورہ حقوق العباد کی مثالوں کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-07-E-06] مذکورہ حقوق العباد کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے معاشرے کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائیں۔<br>● [SLO: I-07-E-07] ساتھیوں (ہم جماعت، رفیق کار، محلے دار، ہم سفر وغیرہ) کے ساتھ حُسن سلوک کرنے والے بننے کی کوشش کریں۔<br>● [SLO: I-07-E-08] دین اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں صوفیائے کرام، بزرگانِ دین، علمائے کرام اور اپنے بڑوں کا احترام اور چھوٹوں پر شفقت کرنے والے بن سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حقوق العباد کی اہمیت پر سیرت مبارکہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے لی گئی مثالوں کے ذریعے تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: طلبہ اظہار خیال کریں کہ وہ گھر، اسکول اور محلے میں حقوق العباد کا اہتمام کس طرح کرتے ہیں؟ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● خواتین، مہمانوں، مسافروں اور ساتھیوں کے حقوق کے موضوع پر آپس میں تبادلۂ خیال کریں۔<br>● طلبہ اظہارِ خیال کریں کہ وہ جماعت اور محلے میں اپنے دوستوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ |
| ب۔ نظم وضبط اور قانون کا احترام<br>حاصل تعلّم<br>● قران و سنت کی روشنی میں نظم وضبط اور قانون کے احترام کے بارے میں جان کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-E-09] نظم وضبط کے معنی ومفہوم جان سکیں ۔<br>• [SLO: I-07-E-10] نظم وضبط کی ضرورت واہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-11] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت مبارکہ سے نظم و ضبط کی مثالوں کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-12] نظامِ کائنات اور اسلامی عبادات (باجماعت نماز، روزہ، حج وغیرہ) سے نظم وضبط کا سبق سیکھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-13] ملکی قوانین کو سمجھتے ہوئے اُن پر عمل درآمد کے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-E-14] انفرادی اور اجتماعی زندگی میں نظم وضبط اور قانون کی بالادستی اور احترام کے فوائد واثرات کو سمجھتے ہوئے انہیں اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ملکی قوانین کی اہمیت بیان کریں۔ نیز کوئی سے تین ملکی قوانین پر عمل درآمد کے فوائد تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: نظم وضبط کے قیام کے لیے ہم کن اسلامی عبادات سے رہنمائی لے سکتے ہیں؟ ناموں کے ساتھ وضاحت بھی تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کائنات میں نظم وضبط سے متعلق دو قرآنی آیت مع ترجمہ پر مبنی چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ نظام کائنات اور اسلامی عبادات سے نظم وضبط کی دیگر مثالیں (متن کے علاوہ) تلاش کریں۔
- طلبہ یہ جائزہ لیں کہ وہ اپنی روزمرہ زندگی (گھر اسکول، محلہ، کھیل کا میدان، عوامی مقامات وغیرہ) میں کس طرح نظم وضبط پر عمل کر سکتے ہیں۔
- ملکی قوانین (ٹریفک قوانین، امن عامہ وغیرہ) کے فوائد پر اظہارِ خیال کر سکیں۔

## ج۔ کسب حلال

**حاصل تعلّم**

- قرآن وسنت کی روشنی میں کسبِ حلال کی اہمیت وفضیلت کو سمجھ کر مستقبل میں اس خصوصیت کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-15] کسبِ حلال کا معنی ومفہوم بتائیں۔<br>• [SLO: I-07-E-16] کسبِ حلال کی فضیلت واہمیت سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-E-17] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، سیرتِ اہل بیتِ اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روشنی میں کسبِ حلال کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-20] کسبِ حلال کے فوائد اور کسبِ حرام کے نقصانات کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-E-21] کسبِ حرام سے بچتے ہوئے کسبِ حلال اختیار کرنے والے بنیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-E-18]کسبِ حلال کے مختلف ذرائع سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-E-19]کسبِ حرام کے مختلف ذرائع خصوصاً سود رشوت، ظلم، غصب، جوئے، ملاوٹ اور ذخیرہ اندوزی وغیرہ کی حرمت کے بارے میں جائزہ لے سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سود، رشوت، ظلم، غصب، جوئے، ملاوٹ، ذخیرہ اندوزی میں سے کوئی سے تین موضوعات پر احادیث کی روشنی میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: وہ کون سی برائیاں تھیں جو حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب کی وجہ بنیں؟ فہرست کی صورت میں بیان کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کسبِ حلال سے متعلق دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کسبِ حلال اور کسبِ حرام کے مختلف اثرات پر غور و فکر کریں۔
- طلبہ کسبِ حلال کے فوائد اور کسبِ حرام کے نقصانات پر مشتمل فلیش کارڈز بنائیں۔

**د۔ قومی املاک و وسائل کے استعمال کے آداب**

حاصل تعلّم

- وسائل کے استعمال کے احکام، آداب اور تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں اور املاک کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ کہ قرآن و سنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-22] قومی املاک و وسائل کی اہمیت کے بارے میں آگہی حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-E-23]قومی املاک و وسائل کے استعمال میں امانت داری کی اہمیت کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-E-24]قومی املاک و وسائل کے استعمال کے احکام و آداب جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-25]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، سیرتِ اہل بیت اطہار و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے قومی املاک و وسائل میں امانت داری کی مثالیں جانیں۔<br>• [SLO: I-07-E-26]قومی املاک و وسائل کی حفاظت کے فوائد اور ضیاع کے نقصانات کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-27]قومی املاک و وسائل کا استعمال امانت داری اور دیانت داری سے کرنے والے بنیں۔<br>• [SLO: I-07-E-28]قومی املاک و وسائل کی حفاظت اور ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔<br>• [SLO: I-07-E-29]قومی املاک و وسائل کو نقصان پہنچانے کو ایک جرم سمجھ سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

| |
|---|
| تشکیلی جانچ: قومی املاک ووسائل کے استعمال کی جائزہ صورتوں اور ناجائز صورتوں کا موازنہ کالم کی صورت میں کریں۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہارِ خیال۔<br>تکمیلی جانچ: امانت داری کے بارے میں سیرت مبارکہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے چند مثالیں تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• قومی املاک ووسائل کی اہمیت اور ان کے احکام و آداب پر طلبہ کے مابین مکالمہ کرائیں۔<br>• سرکاری وسائل (سرکاری گاڑی، سٹیشنری، بجلی، گیس، پانی، لیپ ٹاپ، کمپیوٹر، جنگلات وغیرہ) کے ناجائز استعمال کی صورتوں کا جائزہ لیں اور اس عمل سے بچنے پر تبادلہ خیال کریں۔ |

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام [SLO: I-07-F-__]

<table>
<tr><td colspan="2">معیار:<br>امہات المومنین کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">• الف۔ حضرت حفصہ، حضرت زینب بنت خزیمہ، حضرت ام سلمہ اور حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہن<br>حاصلِ تعلّم<br>• مذکورہ امہات المومنین کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور انکے حالات زندگی کا تفصیل سے مطالعہ کر سکیں اور ان کی صفات کو اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-01] امہات المومنین کی شخصیات سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-F-02] قرآن مجید کی روشنی میں امہات المومنین کے مقام سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-07-F-03] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت کے بارے میں جانیں۔<br>• [SLO: I-07-F-04] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت و کردار اور ان کی دینی و علمی خدمات کی اہمیت کا جائزہ لیں۔</td><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-05] امہات المومنین کی عظمت اور مقام کے متعلق بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-F-06] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت کے بارے میں جان کر ان کا کردار اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون امہات المومنین کے اخلاق اور دینی و عملی خدمات کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی گھریلو زندگی کے بارے میں مختصراً تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• مذکورہ ام المومنین رضی اللہ عنہن کی حیات طیبہ پر مشتمل نوٹ تحریر کریں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقاب، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد،</td></tr>
</table>

| |
|---|
| اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔<br>• ام المومنین سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔ |

| | |
|---|---|
| ب۔ حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ<br>حاصل تعلّم<br>• حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالاتِ زندگی اور ان کی سیرت سے آگاہ ہو کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-07] حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی جانیں۔<br>• [SLO: I-07-F-08] آپ رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار سے تفصیلاً واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-F-09] رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ و سلم کی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے محبت کے متعلق جان سکیں ۔<br>• [SLO: I-07-F-10] آپ رضی اللہ عنہ کی صفات، عبادت و ریاضت، مصالحت اور سیاسی تدبر کے روشن پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-11] رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ و سلم کی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے محبت کو جان کر اس سے سبق حاصل کریں۔<br>آپ رضی اللہ عنہ کی صفات، عبادت و ریاضت، مصالحت اور سیاسی تدبر کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھیں۔<br>• [SLO: I-07-F-12] حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی دین اسلام خصوصاً قیامِ امن کے لیے حکمتِ عملی اور خدمات کو سمجھ کر ان کی سیرت کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کے بارے میں کوئی سی دو مستند احادیث تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار اور نبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ان سے محبت بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون جائزہ لیا جائے گا۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر نوٹ لکھیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش ولقب، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔<br>• ”حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی زندگی سے صلح جوئی اور امن کے بارے میں ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں“۔ جماعت میں مذاکرہ کروایا جائے۔<br>• ”حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے کارہائے نمایاں کی فہرست بنائیں۔<br>• حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ کے بارے میں احادیث تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔ | |
| ج۔ حضرت سیدہ زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا<br>حاصل تعلّم | |

| |
|---|
| • حضرت زینب بنتِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تعارف اور خدمات کو سمجھ کر ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-13] حضرت زینب بنتِ علی رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی کے بارے میں آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-07-F-14] آپ رضی اللہ عنہا کے مقام و مرتبہ اور سیرت و کردار کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-F-15] حضرت زینب بنت علی رضی اللہ عنہا کی صفات، عبادت و ریاضت، علم و شجاعت اور فصاحت و بلاغت آگاہ ہو کر سبق سیکھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-16] حضرت زینب بنت علی رضی اللہ عنہا کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے اُسوہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا ئیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیرت و کردار کے بارے میں معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات لیا جائے گا۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی دین اسلام کے خدمات فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی امتیازی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔<br>• حضرت حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیرت اور صفات و کردار کے بارے میں کمرہ جماعت میں مذاکرہ کریں۔ |

| |
|---|
| • **ج۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم: حضرت عبد اللہ بن عباس, حضرت اُبَی بن کعب اور حضرت زید بن ثابت، حضرت ابوہریرہ، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم**<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں مذکورہ صحابہ کا مختصر تعارف اور ان کے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو سکیں اور ان کے کردار اور خصوصیات کو عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-17] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالات زندگی و مقام و مرتبہ سے اجمالی طور پر واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-F-18] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی امتیازی خصوصیات کے بارے میں جانیں۔<br>• [SLO: I-07-F-19] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-F-20] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی دینی خدمات اور مختصر طور کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-21] ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگی بہتر بنائیں۔ |

| مجوّزہ جانچ |
|---|
| تشکیلی جانچ: مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالات زندگی اور مقام و مرتبہ کے بارے میں کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی امتیازی خصوصیات ایک فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• طلبہ مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی تبصرہ کریں / نوٹ لکھیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد اولاد، صحبت نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا عرصہ اور وفات شامل ہوں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |

| د۔ صوفیائے کرام: | |
|---|---|
| • حضرت بہاؤ الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ<br>**حاصل تعلم**<br>• مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی سے آگاہی حاصل کر کے ان کی تعلیمات سے استفادہ کر سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-22] قرآن و سنت کی روشنی میں تصوف کا معنی و مفہوم جانیں۔<br>• [SLO: I-07-F-23] مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالات زندگی اور مقام و مرتبہ سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-F-24] ان کے اخلاق وصفات اور کرامات سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-F-25] اشاعت اسلام، تصوف و روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-F-26] ان کی تعلیمات سے عملاً استفادہ حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-F-27] ان کے بلند رتبہ مقام کے پیش نظر ان صوفیائے کرام کا ذکر ادب و احترام سے کریں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی تعلیمات و تصانیف کے بارے معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی کوئی سے پانچ صفات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔<br>• مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کے دینی، روحانی، معاشرتی اثرات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ | |

| ہ۔ علماء و مفکرین |
|---|

### حاصلِ تعلّم

- حضرت امام بخاری، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی اور مقام و مرتبے سے واقف ہو کر عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-F-28]مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کی مختصر حالاتِ زندگی، مقام و مرتبہ اور امتیازی خصوصیات سے واقف ہوں۔ | • [SLO: I-07-F-31]مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کی تعلیمات و تصنیفات سے آگاہ ہو کر ان سے سبق حاصل کریں۔ |
| • [SLO: I-07-F-29]مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کے اخلاق وصفات اور علمی و فقہی کارناموں کی اہمیت جانیں۔ | • [SLO: I-07-F-32]مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کے اعلیٰ افکار و کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھالیں۔ |
| • [SLO: I-07-F-30]مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کی زندگی کے دلچسپ واقعات کا جائزہ لیں۔ | |

### مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کے علمی اور فقہی کارناموں کے بارے میں کوئی سے تین واقعات تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہارِ خیال۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمھم اللہ کے اخلاق وصفات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔(کوئی سے پانچ)۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

### مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ مذکورہ شخصیات میں سے کسی ایک کی تصنیف پر معلوماتی گفتگو کریں۔
- طلبہ مذکورہ شخصیات میں سے کسی آیک حالاتِ زندگی اور تعلیمات پر مذاکرہ کریں۔
- مذکورہ شخصیات میں سے کسی ایک کی حدیث وفقہ کے حوالے سے علمی خدمات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

## و۔ فاتحین

### حاصلِ تعلّم

- موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد رحمتہ اللہ علیہم کا تعارف جان سکیں اور ان کی بہادری اور عظمت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-F-33]غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہوں۔ | • [SLO: I-07-F-37]غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے روشن کردار کو اپناتے ہوئے اسلام کی تبلیغ واشاعت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |
| • [SLO: I-07-F-34]مذکورہ فاتحین رحمتہ اللہ علیہم کے حالاتِ زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہوں۔ | • [SLO: I-07-F-38]ان کی بہادری اور عزم وہمت سے سبق حاصل کر کے اپنے عمل میں بہتری لائیں۔ |
| • [SLO: I-07-F-35]ان کی فتوحات اور اعلیٰ کردار کے مختلف پہلوؤں کی اہمیت سے واقفیت حاصل کریں۔ | |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-F-36]مراکش اور اندلس کی فتح کے حوالے سے طارق بن زیاد اور موسیٰ بن نصیر رحمۃ اللہ علیہم کی حکمتِ عملی اور جذبہ ایمانی کو سمجھ سکیں۔ | |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: مذکورہ فاتحین کی فتوحات کے بارے میں معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ فاتحین کی بہادری کے واقعات میں سے کوئی سے دو واقعات تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ مذکورہ فاتحین کی زندگی کے بارے میں مثلاً ان کے علاقے اور فتوحات وغیرہ پر مشتمل تبصرہ کریں۔<br>• جماعت میں مذکورہ فاتحین کے حالات زندگی سے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔<br>• مذکورہ فاتحین کے فتح کئے گئے علاقوں کی نقشے کی مدد سے نشاندہی کریں۔ | |

## دائرہ کار۔۷: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے [SLO: I-07-G-__]

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| **الف۔ اسلام میں علم کی اہمیت:**<br>حاصل تعلّم<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں علم کی اہمیت، اقسام جان کر معاشرے کی فلاح و بہبود میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-G-01] اسلام میں دینی علوم کے مآخذ سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-G-02]اسلام میں مختلف علوم (دینی و سائنسی) کے حصول کی فضیلت و اہمیت جانیں۔<br>• [SLO: I-07-G-03]علوم کی اقسام (نافع اور غیر نافع) کا فرق جانیں۔<br>• [SLO: I-07-G-04]یہ سمجھیں کہ دینِ اسلام تفکر و تدبر اور سائنسی تحقیق و تعلیم کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔<br>• [SLO: I-07-G-05]اس بات سے آگاہ ہوں کہ ریاستِ مدینہ اور خلافتِ راشدہ میں علم کے فروغ کے لیے کیا کیا اقدامات کیے گئے۔<br>• [SLO: I-07-G-06]مسلمان سائنسدانوں کی سائنسی علوم کی تحقیق، ترویج و اشاعت اور امتِ مسلمہ کی ترقی میں ان کا کردار کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-G-07] دینی و سائنسی علوم میں بھرپور دلچسپی لیں۔<br>• [SLO: I-07-G-08]سائنسی علوم کے حصول میں دینی تعلیمات کو پیش نظر رکھیں۔<br>• [SLO: I-07-G-09]دینی و سائنسی علوم حاصل کر کے معاشرے کی فلاح و بہبود میں اپنا کردار ادا کریں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: ریاست مدینہ اور خلافت راشدہ میں علم کے فروغ کیلئے کئے گئے اقدامات تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: علم نافع اور غیر نافع کی اپنے الفاظ میں بیان کریں گے اور نافع علم کے حصول کے بعد معاشرت کی فلاح و بہبود میں اپنے کردار کو واضح کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |

| |
|---|
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• طلبہ علم کی اہمیت سے متعلقہ دو آیات مبارکہ اور دو احادیث مبارکہ (سبق کے علاوہ) تلاش کریں۔<br>• "دورِ حاضر میں دینی اور سائنسی علوم کے حصول کی اہمیت" کے موضوع پر مذاکرہ کروائیں۔<br>• طلبہ چند مسلم سائنسدانوں کے ناموں اور اُن کے مشہور کارناموں پر مشتمل چارٹ کریں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔ |

| | |
|---|---|
| **ب۔ اسلام اور امن عامہ**<br>**حاصل تعلّم**<br>• قرآن و سنت کے مطابق امن عامہ کا مفہوم، اہمیت، انفرادی و اجتماعی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو کر امن کے قیام کا عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-G-10] امنِ عامہ کا معنی و مفہوم بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-G-11] امنِ عامہ کی اہمیت کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-G-12] یہ جانیں کہ السلام علیکم دوسروں کی سلامتی کے لیے ایک دُعا اور پیغام ہے۔<br>• [SLO: I-07-G-13] اپنے اور دوسروں کے جان و مال اور عزت کی سلامتی کی تاکید کو جانیں۔<br>• [SLO: I-07-G-14] اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور اہلِ بیت اطہار و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرتِ مبارکہ کی روشنی میں امن عامہ کی مثالوں کا جائزہ لیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-G-15] امن و سلامتی کے انفرادی اور اجتماعی فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-G-16] دورِ حاضر میں ہر سطح پر امن کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کر سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: امن و سلامتی کے انفرادی اور اجتماعی فوائد و ثمرات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔<br>تکمیلی جانچ: ایک قومی اور ایک بین الاقوامی ادارے کا نام اور ذمہ داریاں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• امن و سلامتی کے متعلق دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کریں۔<br>• امن و سلامتی کے لیے قائم شدہ قومی و بین الاقوامی اداروں کے ناموں اور ذمہ داریوں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔ | |

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت ہشتم)

## نصابی خاکہ (جماعت ہشتم)

دائرہ کار۔ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم[SLO : I-08-A-__]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ ترجمہ قرآن مجید<br>حاصل تعلّم<br>• منتخب سورتوں کے تراجم اور مفاہیم کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان تعلیمات پر عمل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-A-01] قصہ حضرت یوسف علیہ السلام (سورۃ یوسف)<br>سورۃ الزخرف تا سورۃ الواقعہ کے ترجمہ کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-08-A-02]{ان سورتوں کے پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-08-A-03]کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) بیان کر سکیں اور منتخب سورتوں کے قرانی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-08-A-04]ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>معاون مواد:<br>• قرآن مجید میں تکرار سے آنے والے چند الفاظ کی فہرست<br>• افعال کے مختلف صیغوں کی علامتی پہچان</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ:<br>• مذکورہ سورتوں کے مضامین کا مرکزی خیال بیان کریں گے۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>• مختلف سورتوں میں دیے گئے انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کو کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ:<br>• منتخب سورتوں کی تفہیم کا ٹیسٹ لیا جائے گا/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قراءت سنائی جائے/ مسابقہ حسن قراءت کروایا جائے اور بہترین قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔<br>• طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کرکے ترجمہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔<br>• انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص سے متعلق چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔</td></tr>
</table>

**ب۔ حفظ قرآن**

**حاصل تعلّم**

- درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق حفظ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-A-05] درج ذیل سورتوں کو درست تلفظ، تجوید اور لہجہ کے ساتھ حفظ کر سکیں:<br>سورۃ البلد، سورۃ الشمس، سورۃ اللیل، سورۃ الضحیٰ اور سورۃ الانشراح۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-08-A-06] مذکورہ سورتوں کو نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورۃ کی تکمیل کے بعد سورتوں کے درست تلفظ اور ادائیگی کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ تجوید پر مبنی آڈیو یا ویڈیو سنوائی جائے اور طلبہ اسکی مشق کریں۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مقابلہ حسن قراءت کروایا جائے اور بہترین قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔
- تجوید کے اصولوں پر مبنی کسی معروف قاری کی مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں نیز نوٹ بک پر تجوید کے اصولوں کا خاکہ بنائیں۔

**ج۔ حفظ و ترجمہ**

**حاصل تعلّم**

- منتخب قرآنی مسنون دعائیں اور کلمات مع تراجم حفظ کر سکیں اور عملی زندگی میں پڑھنے کے عادی بن جائیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-A-07] قرآنی دعا (سورۃ البقرۃ آیت: ۲۸۶)، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا (سورۃ طٰہٰ: آیت ۲۵-۲۸) مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-A-08] دی گئی قرآنی دعاؤں کو یاد کریں، ان کے معنی و مفہوم کو یاد کر سکیں۔<br>• حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ<br>• لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِين<br>• سُبحانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ<br>• 12 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ ( الشَّهِيْدُ ) حاضر و موجود اور مشاہدہ فرمانے والا ( الْحَقُّ ) سچا سچائی اور حق کا مالک ( الْوَكِيْلُ ) جملہ اُمور میں کارساز ( الْقَوِيُّ ) بہت طاقت ور ( الْمَتِيْنُ ) بہت مضبوط اور | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-A-09] مسنون کلمات مع مفہوم یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کا معمول بنائیں۔<br>• [SLO: I-08-A-10] ان دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی بالخصوص نماز میں مانگیں۔ |

| | |
|---|---|
| شدید قوت والا (**الْوَلِيُّ**) دوست اور حمایت فرمانے والا (**الْحَمِيْدُ**) لائقِ تعریف اچھی خوبیوں والا (**الْمُحْصِي**) کائنات کی ہر شے کو شمار میں رکھنے والا (**الْمُبْدِئُ**) آفرینش کی ابتداء کرنے والا (**الْمُعِيْدُ**) دوبارہ پیدا کرنے والا (**الْمُحْيِي**) زندگی عطا کرنے والا (**الْمُمِيْتُ**) موت دینے والا | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں اور چھٹا کلمہ درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ دی گئی قرآنی دعاؤں کی خطاطی (کیلیگرافی) کریں اور ترجمہ خوشخط لکھیں۔
- طلبہ اپنے گھر والوں کو مذکورہ دُعائیں سنائیں اور انہیں روزمرہ زندگی میں پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔
- طلبہ کو ان مسنون کلمات واذکار کے فضائل بتائے جائیں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

**حاصل تعلّم**

- منتخب احادیث مع ترجمہ سمجھ کر پڑھ سکیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-08-A-11] آٹھ مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ سکیں۔ | • [SLO: I-08-A-12] ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ کے فہم کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: منتخب احادیث کے مرکزی مضامین کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- احادیث میں بیان کردہ تعلیمات کی روشنی میں بتائیں کہ وہ اپنی روزمرہ زندگی میں ان تعلیمات کو کب اور کیسے عمل میں لا سکتے ہیں؟

ہ۔ دعائیں (زبانی)

**حاصل تعلّم**

- منتخب دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-08-A-13] درج ذیل دعاؤں کو درست تلفظ اور تجوید کے ساتھ یاد کر سکیں۔ | • [SLO: I-08-A-18] درج ذیل دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-08-A-14] عافیت کی دعا<br>اللّٰهُمَّ إِنِّي أسألک العفو و الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ<br>• [SLO: I-08-A-15] ہر معاملہ میں حُسنِ خاتمہ کی دُعا<br>اللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ<br>• [SLO: I-08-A-16] لباس پہننے کی دُعا<br>اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَاقُوَّةٍ<br>• [SLO: I-08-A-17] میزبان کے لیے دُعا<br>اللَّهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي، وَاسْقِ مَنْ سَقَانِي | |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: مذکورہ دعاؤں کی فضیلت واہمیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیاجائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• طلبہ دی گئی دعاؤں کی فضیلت واہمیت کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں۔<br>• طلبہ کے درمیان مسنون دُعاؤں اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔ |

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات [SLO: I-08-B-__]

### الف۔ایمانیات

| |
|---|
| **الف۔ تقدیر پر ایمان**<br>**حاصل تعلّم**<br>• تقدیر پر ایمان کے تصور اور اہمیت سے واقف ہو سکیں اور اس کی روح کو سمجھ کر اللہ تعالیٰ پر توکل کو مضبوط کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-08-B-01] تقدیر کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-02] یہ سمجھ سکیں کہ عقیدہ قضاوقدر کا انکار دین اسلام کی بنیادی تعلیمات کے منافی ہے۔<br>• [SLO: I-08-B-03] عقیدۂ تقدیر کے تصور، اہمیت اور اقسام کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-04] تقدیر اور تدبیر کے باہمی تعلق کی معرفت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-05] تقدیر کے متعلق پائی جانے والی غلط فہمیوں کو دور کر کے یہ جان سکیں کہ انسان اپنے اعمال اور فیصلوں کا خود ذمہ دار اور جوابدہ ہے۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-07] عقیدہ تقدیر پر ایمان پختہ کر کے دعا کا اہتمام کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-08] عقیدۂ تقدیر کی روح کو سمجھ کر اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے اُس کی رضا اور تقسیم پر راضی رہنے والے بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-08-B-06] تعمیرِ سیرت میں عقیدۂ تقدیر کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عقیدہ تقدیر سے کیا مراد ہے؟ تقدیر اور تدبیر کے باہمی تعلق کی وضاحت کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: عقیدہ تقدیر کے تعمیرِ سیرت پر اثرات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔(کوئی سے پانچ)۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کے سامنے توکل اور تدبیر کے صحیح تصور کو اجاگر کیا جائے۔
- "توکل علی اللہ" کے موضوع پر تقریر کا اہتمام کریں۔
- تقدیر کے متعلق سوال کے بارے میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی جانب سے دیے جانے والے جواب کے متعلق مذاکرہ کریں۔
- سورۃ المؤمن میں مذکور تفویض امر سے متعلقہ آیت مبارکہ طلبہ کو سمجھائیں۔(وَاُفَوِّضُ اَمرِی اِلَی اللّٰہ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیرٌ بِالعِبَاد)

**ب۔ عقیدۂ آخرت**

**حاصل تعلّم**

- عقیدہ آخرت سے متعلق تفصیلی معلومات سے واقف ہو کر ایمان پختہ کر سکیں اور عقیدہ آخرت کی روح کو سمجھ کر اپنی زندگی گزار سکیں۔

| علم | صلاحی |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-08-B-09] آخرت کے معنی و مفہوم بتا سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-10] عقیدۂ آخرت کے تصور اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-11] حوضِ کوثر، شفاعتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ اٰلہ واصحابہ وسلم اور مقام محمود کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-12] میزان، صراط اور اعمال کے حساب و کتاب کے مراحل کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-13] یہ سمجھ سکیں کہ عقیدہ آخرت کا انکار دین اسلام کی بنیادی روح کے منافی ہے۔<br>• [SLO: I-08-B-14] جزا و سزا اور جنت و جہنم کے تصور کو سمجھ کر اُس پر ایمان پختہ کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-15] عقیدۂ آخرت کی روح کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی اس کے مطابق گزار سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-16] تعمیرِ سیرت میں عقیدۂ آخرت کے نفسیاتی، معاشرتی، انفرادی اور اجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حوض کوثر، شفاعتِ رسول اور مقام محمود کا تعارف بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: میزان، صراط اور اعمال کے حساب و کتاب کے مراحل کے بارے میں معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- جنت اور جہنم سے متعلقہ دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے لکھیں۔

- شفاعتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم وَاَصحابِہٖ وَسلّم کا حقدار بنانے والے اعمال طلبہ کو بتائیں۔
- ایمانِ مفصل اور ایمانِ مُجمل مع ترجمہ پر مبنی چارٹ بنائیں۔

**ج۔ خشیت الٰہی**

**حاصل تعلّم**

- قرآن وسنت کی روشنی میں خشیت الٰہی اور فکر آخرت کی اہمیت سے واقف ہو کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-08-B-17] خشیت الٰہی اور فکرِ آخرت کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-18] خشیت الٰہی اور فکر آخرت کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-19] اسوہء نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم ، سیرت اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خشیت الٰہی اور فکرِ آخرت کی مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-20] یہ سمجھ سکیں کہ رضائے الٰہی کے حصول کے لیے خشیت الٰہی ایک اہم ذریعہ ہے<br>• [SLO: I-08-B-21] خشیت الٰہی اور فکر آخرت کے ایمانی وروحانی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-22] خشیت الٰہی اور فکرِ آخرت کی روشنی میں اعمال صالحہ کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-23] برے عقائد، اعمال اور اخلاق رذیلہ سے اجتناب کر تے ہوئے اپنی روزمرہ زندگی کے اعمال سرانجام دے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: خشیت الٰہی اور فکرِ آخرت کی مثالوں کو اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم سیرت بیت اطہار اور سیرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روشنی میں واضح کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: فکرِ آخرت کے ایمانی وروحانی اثرات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ نیز عقیدہ آخرت کا آپ کی عملی زندگی پر کیا اثر ہوا بیان کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- خشیت الٰہی اور فکر آخرت کے متعلق دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیثِ مبارکہ تلاش کر کے فہرست بنائیں۔
- طلبہ محاسبہ نفس کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ آج کن ناپسندیدہ اعمال سے اجتناب کیا ہے۔
- طلبہ خشیت الٰہی اور فکر آخرت کے موضوع پر باہمی مکالمہ کریں۔

## ب۔ عبادات

**الف۔ زکوٰۃ کی فضیلت واہمیت**

**حاصل تعلّم**

- قرآن وسنت کی روشنی میں زکوٰۃ کے احکام اور اہمیت وفضیلت کے بارے میں تفصیلی مطالعہ کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-29] زکوٰۃ کے دینی، معاشی اور معاشرتی فوائد کا جائزہ لے کر اس کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-24] زکوٰۃ و عشر کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-25] زکوٰۃ کی فرضیت، اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-26] یہ جان سکیں کہ نصاب زکوٰۃ کیا ہے اور کن کن اشیاء پر زکوٰۃ لازم ہوتی ہے اور کن چیزوں پر عشر لازم ہوتا ہے۔<br>• [SLO: I-08-B-27] زکوٰۃ کے مصارف جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-28] زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی وعید اور نقصانات کو سمجھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: زکوٰۃ کے دینی، معاشی اور معاشرتی فوائد کا جائزہ لیں۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: زکوۃ نہ ادا کرنے کی وعید کے بارے میں ایک آیت مع ترجمہ، تشریح اور زکوۃ نہ ادا کرنے کے نقصانات تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نصابِ زکوٰۃ اور مصارفِ زکوٰۃ کا چارٹ بنائیں۔
- طلبہ کو ایسے فلاحی ادارے کا دورہ کروائیں جو زکوٰۃ و صدقات سے چلتے ہیں۔
- طلبہ کمرہ جماعت میں اپنے جیب خرچ سے کی گئی مدد کا تذکرہ کریں۔
- صدقات (واجبہ و نافلہ) کی صورتوں پر اساتذہ کرام کمرہ جماعت میں طلبہ سے تبادلہ خیال کریں۔

**ب۔ حج اور اس کی عالمگیریت**

**حاصل تعلّم**

- قرآن و سنت کی روشنی میں حج کے بارے میں تفصیلی معلومات اور حج اور عمرے کا فرق جان سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-37] حج کے روحانی، معاشی اور معاشرتی فوائد کا جائزہ لے کر استطاعت کی صورت میں حج و عمرہ کرنے والے بن سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-30] حج اور عمرہ کے معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-31] حج اور عمرے کا فرق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-32] حج اور عمرہ کے شرعی احکام اور فضیلت اور استطاعت کے باوجود حج نہ کرنے کی وعید سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-33] حج کی عالمگیریت، جامعیت اور اُمتِ واحدہ کے تصور کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-34] حج اور عمرہ کے مناسک (شرائط، ارکان اور آداب) کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-08-B-35] یہ جان سکیں کہ جس طرح حرمین شریفین میں نیک کام کرنے سے ثواب میں اضافہ ہو جاتا ہے اسی طرح گناہ کی سنگینی بھی دو چند ہو جاتی ہے۔<br>• [SLO: I-08-B-36] روضہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور دیگر مقامات مقدسہ کی زیارت کی فضیلت سمجھ سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حج اور عمرے کا فرق بیان کریں گے نیز حج کی فرضیت کے حوالے سے ایک آیت مع ترجمہ تحریر کریں گے۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مناسک حج کی ترتیب، مع شرائط، ارکان اور آداب تحریر کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو مناسکِ حج اور عمرہ سے متعلق کوئی ویڈیو دکھائی جائے۔
- تلبیہ کے کلمات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں اور یاد کر کے ایک دوسرے کو سنائیں۔
- حج اور عمرہ کے آغاز سے اختتام تک مناسکِ حج اور عمرہ کی ترتیب پر مبنی فہرست بنائیں۔
- حج کے روحانی، معاشی، معاشرتی فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔

## ج۔ اسلامی عبادات کے تقاضے اور اثرات

**حاصل تعلّم**

- عبادت اور عبدیت کے مفہوم کو سمجھتے ہوئے اپنی زندگی کے تمام پہلوؤں کو اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق ڈھال سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-38] عبادت کے معنی اور حقیقی مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-39] عبدیت (بندگی) کے وسیع مفہوم اور مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-40] اسلام میں تمام عبادات کے تصور اور مقاصد کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-B-41] اللہ تعالیٰ کی عبادت حقیقی روح کے مطابق کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-B-42] بیان کر سکیں کہ زندگی کے تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے احکام کی اطاعت کرنا عبادت ہے۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: اسلامی عبادات کا مقصد کیا ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: اسلام میں عبدیت کے مفہوم کو واضح کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- عبادت اور عبدیت کے مفہوم پر احادیث کی روشنی میں مذاکرہ کروائیں۔

دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-08-C-__]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی عہد)<br>نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دعوت و تبلیغ کی عالمگیریت و آفاقیت<br>حاصل تعلّم<br>• دعوت تبلیغ کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دعوتی خطوط سے متعارف ہو سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-01] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دعوت کی عالمگیریت اور آفاقیت کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-02] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی جانب سے جزیرۃ العرب اور دیگر ممالک کے مختلف فرماں رواوں کو بھیجے گئے سفراء اور دعوتی خطوط کی اہمیت جانیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-03] سیرت طیبہ کی روشنی میں قومی و بین الاقوامی تعلقات کے اصولوں کو سمجھنے اور داعی اسلام بننے کا جذبہ پیدا کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-04] حکمت و تدبر کی اہمیت سمجھتے ہوئے دعوت و تبلیغ میں افراط و تفریط سے بچ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-05] سورۃ النحل کی آیت ۱۲۵ کے تناظر میں دعوت و تبلیغ کی حکمت جان کر اسے اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے فرماں رواؤں کو بھیجے جانے والے خطوط کا مقصد تحریر کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دعوتی خطوط کا اسلوب تحریر کریں نیز داعی اسلام کی خصوصیات تحریر کریں گے۔ (کوئی سے تین)۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی جانب سے مختلف ممالک کے فرماں رواؤں کو بھیجے گئے اہم نامہ ہائے مبارکہ کے مقامات نقشے یا گلوب کی مدد سے واضح کیے جائیں اور ایک چارٹ بنائیں جس میں بھیجے گئے سفیر کا نام، بادشاہ یا امیر کا نام، جغرافیائی محلِ وقوع اور اُس خط کے اثرات کو نمایاں کیا جائے۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دعوت کی عالمگیریت و آفاقیت پر مذاکرہ کرائیں۔</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی عہد)<br>غزوہ خیبر<br>حاصل تعلّم<br>• غزوہ خیبر سے متعلق واقعات سے تفصیلاً آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-08-C-06] غزوہ خیبر کا پس منظر، اسباب اور جنگی تیاری کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-07] خیبر کے علاقے کی جغرافیائی حیثیت اور وہاں موجود قلعوں کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-08] غزوۂ خیبر میں رونما ہونے والے معجزات اور واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-09] غزوہ خیبر میں فاتح خیبر حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی فضیلت، شجاعت اور امتیاز کے بارے میں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-10] غزوہ خیبر کے موقع پر مہاجرین حبشہ خصوصاً حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی واپسی کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-11] غزوہ خیبر کے نتائج واثرات کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-08-C-12] غزوہ خیبر کے نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے کر اسے اپنی زندگی میں مشعلِ راہ بنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: غزوہ خیبر کے موقع پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شجاعت کا واقعہ کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: غزوہ خیبر کے موقع پر حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی واپسی کے بارے میں ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔ نیز بتائیں گے غزوہ خیبر کے نتائج کیا تھے۔۔/ معروضی سوالات /موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کو نقشے، گلوب یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے غزوہ خیبر کے محلِ وقوع کے متعلق سمجھنے میں مدد کی جائے۔
- خیبر کے مختلف قلعوں کی فہرست تیار کرائی جائے اور اس پر مذاکرہ کرایا جائے۔
- طلبہ کو غزوہ خیبر کے بعد ہونے والے واقعات مثلاً عمرہ ءقضا کے متعلق بتایا جائے۔
- غزوہ خیبر کے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد پر ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں۔

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ وسال (مدنی عہد)

معرکہ مؤتہ

حاصل تعلّم

- معرکہ مؤتہ سے متعلق تفصیلات وواقعات سے واقف ہو سکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-13] معرکہ مؤتہ کے پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-14] معرکہ مؤتہ کے واقعات اور معجزات کے بارے میں | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-18] معرکہ مؤتہ کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے عسکری اور سیاسی فوائد کا جائزہ لیں۔ |

| | |
|---|---|
| سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-15] حضرت جعفر طیار، حضرت عبد اللہ بن رواحہ اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم کی شجاعت اور شہادت کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-16] حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے لقب سیف اللہ، کردار اور اس موقع پر عسکری حکمتِ عملی سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-17] معرکہ مؤتہ کے نتائج و اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حضرت خالد بن ولید، حضرت جعفر طیار، حضرت عبد اللہ بن رواحہ، حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی دو کی شجاعت پر پیراگراف تحریر کریں گے۔

۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: معرکہ مؤتہ کا پس منظر، اسباب اور معجزات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون لیا جائے گا۔۔/ معروضی سوالات / موضوع سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نقشے، گلوب یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے معرکہ مؤتہ کا جغرافیہ سمجھنے میں مدد دی جائے۔
- غزوہ مؤتہ کے روم اور فارس پر مرتب ہونے والے اثرات پر مذاکرہ کرایا جائے۔

**الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی عہد)**

**خصائص و شمائل**

**حاصل تعلّم**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خصائص و شمائل سے واقفیت حاصل کر سکیں اور ان اخلاق و عادات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-19] شمائل و خصائص کے معنی و مفہوم سے واقفیت ہوں۔<br>• [SLO: I-08-C-20] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حلیہ مبارک اور حسن بے مثال کے متعلق بتائیں۔<br>• [SLO: I-08-C-21] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا شجرہ نسب جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-C-22] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اعضائے مبارکہ سے متعلق معجزات سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-08-C-23] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے نشست | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-24] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سراپاءِ اقدس سے ماخوذ محاسن اور اخلاق و عادات کو اپنی عملی زندگی میں اپنائیں۔ |

| | |
|---|---|
| وبرخاست، ملنے جلنے اور آدابِ گفتگو کی تفصیلات جانیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا حلیہ مبارک تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: روزمرہ زندگی میں سراپائے اقدس سے ماخوذ عملی اخلاق وعبارات (چلنا، اُٹھنا، بیٹھنا، تبسم، خوشی اور غصہ) کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیاجائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا حلیہ مبارک عربی، اردو یا انگریزی میں سنوایا جائے۔
- حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی حدیث شریف کی روشنی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حلیہ مبارکہ کا چارٹ کمرہ جماعت میں آویزاں کیا جائے۔
- روزمرہ زندگی میں سراپائے اقدس سے ماخوذ عملی اخلاق وعادات مبارکہ (چلنا، اٹھنا، بیٹھنا، تبسم، خوشی اور غصے کے چہرہ انور پر اثرات وغیرہ) کے متعلق مذاکرہ کرایا جائے۔

**ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

**نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی معاشرتی تعلیمات (حجاب، عفت وپاکدامنی، ملاقات، اجازت طلب کرنا)**

**حاصل تعلّم**

- مدنی معاشرے کی تشکیل میں معاشرتی احکام کے نزول سے آگاہ ہو سکیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی معاشرتی تعلیمات سے واقفیت حاصل کر سکیں اور ان تعلیمات کو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنا کر معاشرے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-25] مدنی معاشرے کی تشکیل میں معاشرتی احکام کے نزول سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-08-C-26] محرم اور غیر محرم رشتوں کے مفہوم اور احکام وآداب کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-08-C-27] عفت وپاکدامنی اور حجاب کے احکام وآداب کو جانیں۔<br>• [SLO: I-08-C-28] عفت وپاکدامنی اور حجاب کے بارے میں اسوۂ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار، امہات المومنین اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی سیرت سے مثالیں سمجھیں۔<br>• [SLO: I-08-C-29] ملاقات اور استیذان کے احکام کو سیرتِ طیبہ کی مثالوں سے سمجھیں۔<br>• [SLO: I-08-C-30] محفل اور تنہائی میں حیا اور پاکدامنی کے تقاضوں کو سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-C-31] مذکورہ صفات کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنا کر معاشرے میں عفت وپاکدامنی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: حجاب اور پاکدامنی کے احکام و آداب قرآن وسنت کی روشنی میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: ملاقات اور استیذان کے بارے میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے چند مثالیں تحریر کریں/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• سورۃ المؤمنون اور سورۃ النور کی آیات کے تناظر میں عفت و پاکدامنی کی وضاحت کی جائے۔<br>• ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شخصیات کی روشنی میں حیا اور پاکدامنی کی اہمیت کے متعلق مضمون لکھیں۔<br>• محفل اور تنہائی میں حیا اور پاکدامنی کے تقاضوں پر ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں۔ |

**دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب [SLO: I-08-D-__]**

| | |
|---|---|
| **معیار**<br>اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔ | |
| **الف۔ مساوات**<br>**حاصل تعلّم**<br>● قرآن وسنت کی روشنی میں مساوات کے معنی و اہمیت سے واقف ہوں اور عدل و مساوات میں فرق کو سمجھ کر اس پر عمل کر سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-08-D-01] مساوات کے لغوی اور اصطلاحی معنیٰ بتائیں۔<br>• [SLO: I-08-D-02] مساوات کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-08-D-03] عدل اور مساوات میں فرق کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-08-D-04] اسوہء نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، سیرت اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مساوات کی مثالوں کو جانیں۔<br>• [SLO: I-08-D-05] مختلف شعبہ ہائے زندگی میں مساوات اور عدم مساوات کی صورتیں سمجھیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-D-06] ریاستِ مدینہ میں مساوات قائم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے کر اپنے لیے عملی نکات واضح کریں۔<br>• [SLO: I-08-D-07] انفرادی اور اجتماعی زندگی میں مساوات کے اثرات سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اس پر عمل کریں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: عدل اور مساوات میں فرق کو سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے مثالوں کے ذریعے واضح کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: زندگی کے مختلف شعبوں میں مساوات اور عدم مساوات کی صورتیں کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |

مجوّزہ سرگرمیاں

- حدیث "ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اموالکم ولکن ینظرالی قلوبکم واعمالکم (صحیح مسلم، حدیث:۴۶۵۸) کے تناظر میں مساوات پر تقریری مقابلہ منعقد کروائیں۔
- مساوات کے موضوع پر اقوال زریں جمع کریں۔
- مساوات سے متعلق علامہ اقبال کے اشعار تلاش کر کے لکھیں۔

ب۔ اخوت اسلامی اور اتحاد ملی

حاصل تعلّم

- اخوت اسلامی اور اتحاد ملی کے معنی ومفہوم، ضرورت واہمیت کو سمجھتے ہوئے دور حاضر میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-08-D-08] اخوت اسلامی اور اتحاد ملی کا معنی ومفہوم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-09] اخوت اسلامی اور اتحاد ملی کی ضرورت واہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-10] دور حاضر میں فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے اتحادِ ملی کی ضرورت واہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-08-D-11] امتِ مسلمہ کے مسائل کے حل کے لیے اتحادِ ملی کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-12] امتِ مسلمہ کے مسائل کے حل کے لیے اتحادِ ملی کی افادیت کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-13] عالمی اخوتِ اسلامی کی روشنی میں امتِ مسلمہ کے مسائل مثلاً کشمیر، فلسطین وغیرہ کے حل کے لیے اظہارِ یکجہتی کریں۔<br>• [SLO: I-08-D-14] دورِ حاضر میں ہر سطح پر اتحادِ ملی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: دور حاضر میں فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اپنی تجاویز تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: امت مسلمہ کے مسائل کے حل کیلئے اتحاد ملی کی افادیت پر تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اتحاد واتفاق کے متعلق آیات یا مستند احادیث (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔
- "دورِ حاضر میں اتحاد کی اہمیت" کے موضوع پر مضمون نویسی کا مقابلہ کرائیں۔
- طلبہ گروپ کی صورت میں اتحاد کی اہمیت پر مشتمل آیات واحادیث کو سامنے رکھتے ہوئے مذاکرہ کریں کہ اتحاد معاشرے کی فلاح وبہبود کے لئے کیوں ضروری ہے۔
- اخوت اسلامی سے متعلق علامہ اقبال کے اشعار تلاش کر کے لکھیں۔

ج۔ بری عادات سے اجتناب

بد گمانی سے پرہیز

حاصل تعلّم

- بد گمانی کا معنی و مفہوم سمجھ کر اس کے معاشرتی نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے بد گمانی سے پرہیز کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں :<br>• [SLO: I-08-D-15] بد گُمانی کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-16] سورۃ الحجرات کی روشنی میں بد گمانی اور دوسروں کے معاملات میں غیر ضروری مداخلت کی ممانعت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-17] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم، سیرت اہلِ بیتِ اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حُسنِ ظن اور سوءِ ظن سے گریز کی مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-18] روز مرہ زندگی میں بد گُمانی کے معاشرتی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-D-19] دوسروں کے معاملات میں بے جا مداخلت کرنے سے گریز کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-20] بد گُمانی کے نقصانات سمجھ کر روز مرہ زندگی میں بد گمانی سے پرہیز کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم، سیرت اہل بیت اطہار اور سیرت صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حسن ظن پر عمل اور سوئے ظن سے گریز کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: روز مرہ زندگی میں بد گمانی اور دوسروں کے معاملات میں غیر ضروری مداخلت کے معاشرتی نقصانات تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- بد گُمانی کے معاشرتی نقصانات پر چارٹ تیار کریں۔
- بد گمانی کی عملی صورتوں پر تبادلہ خیال کریں۔
- بد گمانی کے متعلق ایک آیتِ مبارک اور ایک مستند حدیث مبارک مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔
- بد گمانی اور خوش گمانی سے متعلق ایک خاکہ تیار کریں گے۔

ج۔ بری عادات سے اجتناب

حرص و طمع کی ممانعت

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں حرص و طمع کا مفہوم جان سکیں اور حرص و طمع کے معاشرتی نقصانات سمجھ کر اس سے اجتناب کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| --- | --- |
| • [SLO: I-08-D-21] حرص و طمع کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-22] اسلام میں حرص و طمع کی مذمت اور وعید کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-23] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سیرت اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے قناعت کی مثالوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-D-24] حرص و طمع کے معاشرتی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-08-D-25] حرص و طمع کے معاشرے پر مضر اثرات کو سمجھتے ہوئے ان سے گریز کر سکیں۔ قناعت کو دینی فریضہ اور کامیابی کا ذریعہ سمجھتے ہوئے حرص و طمع سے اجتناب کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حرص و طمع کے معاشرتی نقصانات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی کوئی سی دو مثالیں بیان کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حرص و طمع کی مذمت سے متعلق دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیثِ مبارکہ (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔
- قناعت کی فضیلت اور حرص و طمع کی مذمت کے موضوع پر کسی مہمان مقرر سے تقریر کا اہتمام کریں یا طلبہ میں تقریری مقابلہ کروائیں۔

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت [SLO: I-08-E-__]

**معیار**

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

**الف۔ حقوق العباد (مریض، معذور، یتیم)**

**حاصل تعلّم**

- قرآن و سنت کی روشنی میں مریض، معذور اور یتیم کے حقوق کی اہمیت و فضیلت جان کر حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| قرآن و سنت کی روشنی میں طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-E-01] حقوق العباد میں مریض، معذور اور یتیم کے حقوق کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-02] مریض اور معذور کے حقوق سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-03] یتیموں کے حقوق اور ان کے سر پر دست شفقت رکھنے کا فضائل سے روشناس ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-E-06] مریض، معذور اور یتیم کے حقوق کو سمجھتے ہوئے انھیں خوش اسلوبی سے ادا کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-08-E-04] مریض کی عیادت کے آداب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-05] اسوۂ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت سے مذکورہ حقوق العباد کی پاسداری کی مثالیں سمجھ سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت سے حقوق العباد (یعنی، معذور، یتیم) سے متعلق مثالیں تحریر کریں گے۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مریض، معذور اور یتیم کے حقوق پر ایک فہرست تیار کریں گے۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ حقوق العباد کے بارے میں ایک آیت مبارکہ اور ایک حدیث مبارک درج کریں۔
- طلبہ اظہار خیال کریں کہ وہ مریض، معذور اور یتیم کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟
- عیادت کے متعلق ایک خاکہ کمرہ جماعت میں پیش کیا جائے۔

## ب۔ خرید و فروخت کے احکام و آداب:

**حاصل تعلّم**

- اسلام میں خرید و فروخت کے احکامات و آداب اور طریقوں سے واقف ہو سکیں اور لین دین کے معاملات میں اسلامی آداب پر عمل کر کے معاشرے میں بہتری کا سبب بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-08-E-07] معاشی سرگرمیوں اور کسب حلال کی فضیلت و اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-08] اسلام میں خرید و فروخت کے احکام و آداب اور طریقوں سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-09] لین دین کے معاملات میں حسنِ طلب اور حسنِ ادائیگی کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-E-10] لین دین کے معاملات میں بے اعتدالیوں (ادائی میں تاخیر و ٹال مٹول، گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی، مال کا عیب چھپانا، عہد شکنی کرنا وغیرہ) کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-08-E-11] لین دین کے معاملات میں اسلامی احکام و آداب پر عمل کر کے معاشرے میں بہتری کا سبب بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: لین دین کے معاملات میں بداعتدالیوں کے اسباب کی فہرست بنائیں اور معاشرے پر ان کے اثرات تحریر کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: اسلام میں خرید و فروخت کے احکام و آداب اور طریقوں کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ خرید و فروخت کے معاہدے کی رسید بنائیں۔
- طلبہ مارکیٹ میں جا کر خرید و فروخت کا جائزہ لیں کہ اسلامی احکام پر کتنا عمل ہوتا ہے اور کلاس میں تبصرہ کریں۔
- اسلام میں خرید و فروخت کے احکام و آداب اور طریقوں پر جماعت میں مذاکرہ کروایا جائے۔

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام [SLO: I-08-F-__]

الف۔ حضرت جویریہ، حضرت صفیہ، حضرت اُمِّ حبیبہ، حضرت میمونہ اور حضرت ماریہ قِبطیہ رضی اللہ عنہن

حاصل تعلّم

- مذکورہ امہات المومنین کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور انکے حالات زندگی کا تفصیل سے مطالعہ کر سکیں اور ان کی صفات کو اپنا سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-08-F-01] امہات المومنین کی شخصیات سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-08-F-02] قرآن مجید کی روشنی میں امہات المومنین کے مقام سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-08-F-03] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO: I-08-F-04] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت و کردار اور ان کی دینی و علمی خدمات کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-08-F-05] امہات المومنین کی شخصیات کے متعلق بتا سکیں۔
- [SLO: I-08-F-06] مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت سے آگاہ ہو کر اسے اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون امہات المومنین کے اخلاق اور دینی و عملی خدمات کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی گھریلو زندگی کے بارے میں مختصراً تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مذکورہ ام المومنین رضی اللہ عنہن کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل نوٹ تحریر کریں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقاب، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔

ب۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حاصل تعلّم

| |
|---|
| • حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ کے حالات زندگی اور ان کی سیرت سے آگاہ ہو کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-11] حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بچپن کے اہم واقعات سے سبق سیکھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-12] آپ رضی اللہ عنہ کی صفات، شجاعت، عبادت وریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-13] آپ رضی اللہ عنہ کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے اسوہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-07] حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالت زندگی جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-08] آپ رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار اور مرتبہ و مقام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-09] حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور شہدائے کربلا کی بے مثال قربانی، کربلا کا پس منظر اور شہادت کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-10] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کا جائزہ لے سکیں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام و مرتبہ کے بارے میں کوئی سی دو مستند احادیث مبارکہ تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بارے میں مختصراً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر معلوماتی چارٹ تیار کریں۔<br>• حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی زندگی سے ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں تبادلہ خیال کیا جائے۔ |

| |
|---|
| ج۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم<br>• حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت معاذ بن جبل، حضرت ابوذر غفاری، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو سکیں اور ان کے کردار سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-18] صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے محبت اور ادب واحترام کو اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں<br>• [SLO: I -08-F-19] ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی عملی ذندگی بہتر بنائیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-14] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالات زندگی و مقام و مرتبہ سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-15] مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی امتیازی خصوصیات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-16] مذکورہ صحابہ کرام کے اخلاق و |

| | |
|---|---|
| صفات سے واقفیت حاصل کر سکیں<br>• [SLO: I-08-F-17] مذکورہ صحابہ کرام کی دینی خدمات اور مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی امتیازی خصوصیات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالات اور مقام و مرتبہ زندگی کے بارے میں کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ سے سیکھے جانے والے اسباق پر تبصرہ کریں۔
- مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

**د۔ صوفیائے کرام**

حاصل تعلّم: حضرت معین الدین چشتی اجمیری، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی اور حضرت فرید الدین گنج شکر رحمہم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی سے آگاہی حاصل کرکے ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-20] قرآن وسنت کی روشنی میں تصوف کا معنیٰ و مفہوم بتا سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-21] مذکورہ صوفیا کرام رحمہم اللہ کے مختصر حالات زندگی اور مقام و مرتبہ سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-22] ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• اشاعت اسلام، تصوف و روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-23] ان کی سیرت کے روشن پہلوؤں اور تعلیمات سے سبق حاصل کریں اور ان کے ذکر پر ادب و احترام کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمہم اللہ کے اخلاق وصفات پر مختصر مضمون تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: اشاعت اسلام، تصوف و روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ کیلئے خدمات کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ صوفیا کرام رحمہم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل نوٹ تحریر کریں۔
- مذکورہ صوفیائے کرام کے پیغام امن و محبت پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔

### ہ۔ علماء ومفکرین

حاصل تعلّم: امام غزالی، شاہ ولی اللہ، اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی اور مقام ومرتبہ سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-27] مذکورہ علماء رحمہم اللہ علیہم کی تعلیمات و تصنیفات سے آگاہ ہو کر ان سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-28] مذکورہ علماء رحمہم اللہ علیہم کے اعلیٰ افکار و کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-24] مذکورہ فقہا، علمائے کرام اور مفکرین رحمۃ اللہ علیہم کے مختصر حالات زندگی، مقام و مرتبہ اور امتیازی خصوصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-25] مذکورہ علما رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق وصفات اور علمی و فقہی کارناموں کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-26] مذکورہ علما رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے دلچسپ واقعات سنا سکیں۔ |

#### مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ علمائے کرام رحمہم اللہ کے علمی اور فقہی کارناموں کے بارے میں کوئی سے تین واقعات تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ علمائے کرام کے اخلاق وصفات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔(کوئی سے پانچ)۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

#### مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ مذکورہ علما کے حالاتِ زندگی پر مشتمل کوئی دستاویزی ویڈیو دکھائی جائے۔
- مذکورہ علما کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔

### و۔ فاتحین

#### حاصل تعلّم

- سلطان نور الدین زنگی، سلطان صلاح الدین ایوبی اور سلطان محمد فاتح رحمہم اللہ علیہم کا اجمالی تعارف جان سکیں اور ان کی بہادری اور عظمت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-35] ان کی بہادری اور عزم وہمت سے سبق حاصل کر کے اپنے اندر یہ اوصاف پیدا کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-F-29] غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-30] مذکورہ فاتحین رحمۃ اللہ علیہم کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-31] ان کے اعلیٰ کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-08-F-32] سلطان نورالدین زنگی کے خواب میں دیدارِ نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور روضہِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حفاظت کی اہمیت کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-33] بیت المقدس کی فتح میں سلطان صلاح الدین ایوبی کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-08-F-34] قسطنطنیہ کی فتح کے تناظر میں سلطان محمد فاتح کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ فاتحین کی فتوحات کے بارے میں معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ فاتحین کی بہادری کے واقعات میں سے کوئی سے دو واقعات تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ مذکورہ فاتحین کی زندگی پر مشتمل کوئی دستاویزی ویڈیو دکھائی جائے۔
- جماعت میں مذکورہ فتوحات کے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- سلطان صلاح الدین ایوبی کی فتوحات میں شیخ عبد القادر جیلانی اور امام غزالی رحمہم اللہ کے کردار کے متعلق مذاکرہ کروایا جائے۔

## دائرہ کار۔۷: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے [SLO: I-08-G-__]

الف۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر

دعوت و تبلیغ

حاصل تعلّم

- امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت اور احکام کو سمجھ کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-08-G-01] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-02] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-03] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے احکام و آداب کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-04] ختم نبوت کی روشنی میں دعوت و تبلیغ کی ذمہ داری کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-05] مبلغ کی صفات اور تبلیغ کی شرائط سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-08-G-06] اُسوہِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، سیرتِ اہلِ بیتِ اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی مثالوں کے ذریعے ان کی اہمیت سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-08-G-07] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں استفادہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے معنی و مفہوم کی وضاحت کریں / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے موضوع کے بارے میں ایک آیت مع ترجمہ و تشریح تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ گروہ کی صورت میں ایک دوسرے سے عملی طور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے بہتر طریقوں پر تبصرہ کریں۔

**ب۔ ذرائع ابلاغ کا استعمال**

**حاصل تعلّم**

- ذرائع ابلاغ کا معنی و مفہوم، احکام اور درست استعمال سے آگاہ ہو کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-08-G-08] ابلاغ کا معنی و مفہوم اور ذرائع جان سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-09] دورِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-10] ذرائع ابلاغ کے آداب و احکام سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-11] خبر کی تحقیق و تصدیق کی اہمیت اور بلا تصدیق تشہیر و ترسیل اور ردِ عمل کی ممانعت اور نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-12] ذرائع ابلاغ کے درست استعمال کے فوائد اور غلط استعمال کے نقصانات سے واقف ہو سکیں۔ | • [SLO: I-08-G-13] سوشل میڈیا پر موجود فحاشی و خرافات اور فتنوں سے بچتے ہوئے ذرائع ابلاغ کا درست استعمال کر سکیں۔<br>• [SLO: I-08-G-14] دورِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کو علم دین اور مثبت معلومات کے حصول اور اشاعت کے لیے استعمال کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: خبر کی تحقیق و تصدیق کے حوالے سے ایک آیت اور حدیث مع ترجمہ و تشریح تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: ذرائع ابلاغ کے درست استعمال کے فوائد اور غلط استعمال کے نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:** طلبہ گروپ کی صورت میں ذرائع ابلاغ کے درست استعمال کے فوائد اور غلط استعمال کے نقصانات پر مذاکرہ کریں اور خلاصہ بحث نکات کی صورت میں پیش کریں۔

- دورِ حاضر میں جدید ذرائع ابلاغ کے استعمال کی اہمیت پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت نہم)

# نصابی خاکہ (جماعت نہم)

دائرہ کار۔ ۱: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO:I-09-A-__]

**الف۔ ترجمہ قرآن مجید**

سورۃ مریم تا سورۃ الحج، سورۃ الفرقان تا سورۃ السجدۃ، سورۃ سبا تا سورۃ ص، سورۃ الاحقاف

**حاصل تعلّم:** منتخب سورتوں کا تعارف، بامحاورہ ترجمہ اور مرکزی مضامین سمجھ کر عملی زندگی میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-9-A-01] مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شان نزول جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-02] سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-03] مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-04] سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-A-05] تلاوت قرآن مجید کے آداب پر عمل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-06] منتخب سورتوں میں مذکورہ تعلیمات کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان پر عمل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہر سورۃ کے ترجمے کے بعد طلبہ متعلقہ سورۃ کے موضوعات کا خلاصہ بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** منتخب سورتوں کی تفہیم کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔ / بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- منتخب سورتوں میں سے کسی ایک موضوع پر تحقیقی مضمون لکھیں۔
- مذکورہ سورتوں میں سے کسی ایک کے مرکزی مضامین پر مشتمل ایک چارٹ بنائیں۔

**ب۔ تعارفِ قرآنِ مجید:**

**قرآن مجید کی تدوین اور اس کی حفاظت**

**حاصل تعلّم**

قرآن مجید کا تعارف، فضیلت، اعجاز اور تدوین و حفاظت کے بارے میں جان کر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: |
| --- | --- |
| • [SLO:I-09-A-07] قرآن مجید میں ہر قسم کی تحریف سے حفاظت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-08] قرآنِ مجید کی عالمگیریت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-09] قرآن مجید کی جمع و تدوین کے مراحل (عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور عہدِ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-10] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے دور میں قرآن مجید کی جمع و تدوین کے طریقہ کار کا جائزہ لے سکیں۔ | • قرآنِ مجید کے قیامت تک محفوظ ہونے پر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-11] قرآن مجید کو ہدایت کا سر چشمہ سمجھتے ہوئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** سوالات، گفتگو، تصوراتی نقشہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ سے مندرجہ بالا موضوعات پر گفتگو کروائی جائے گی نیز تفویض کار Assignment بھی دیا جا سکتا ہے۔
- قرآن مجید کے جمع و تدوین کے مراحل کے بنیادی نکات کے بارے میں گروپ کی صورت میں کام کروایا جائے۔

**ج۔ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم**

- حدیث کی تعریف، اہمیت اور فضیلت سمجھ سکیں اور دس مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ اور اُن کے مفاہیم کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ ان احادیث نبوی کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-A-12] حدیثِ نبوی کی تعریف اور اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-13] حدیثِ نبوی کی فضیلت اور مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-14] شاملِ نصاب احادیثِ نبوی کا ترجمہ سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-A-15] احادیثِ نبوی میں بیان کی گئی تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ ان احادیث مبارکہ کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-A-16] احادیث میں موجود موضوعات کو سمجھ کر اپنی روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پیرا ہو کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

| |
|---|
| **تشکیلی جانچ:** ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ متعلقہ حدیث کے مضمون کا خلاصہ بیان کریں گے۔<br>**تکمیلی جانچ:** منتخب احادیث میں موجود تعلیمات پر نوٹ لکھوایا جائے۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• منتخب احادیث کا ترجمہ و تشریح اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق واحکام پر تحقیقی مضمون لکھ کر لائیں۔<br>• طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔<br>• 20 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھائے جائیں۔ (**الْحَيُّ**) ہمیشہ زندہ رہنے والا (**الْقَيُّومُ**) سب کو اپنی تدبیر سے قائم رکھنے والا (**الْوَاجِدُ**) وجود عطا فرمانے والا (**الْمَاجِدُ**) عظمت اور بزرگی والا (**الْوَاحِدُ**) یکتا (**الصَّمَدُ**) بے نیاز سب کا مرکز نیاز (**الْقَادِرُ**) قدرت و طاقت والا (**الْمُقْتَدِرُ**) قدرتِ کاملہ کا مالک (**الْمُقَدِّمُ**) آگے کرنے والا / بڑھانے والا (**الْمُؤَخِّرُ**) پیچھے رکھنے والا (**الْأَوَّلُ**) سب مخلوقات اور موجودات سے پہلے (**الْآخِرُ**) سب موجودات کے فنا ہونے کے بعد بھی باقی رہنے والا (**الظَّاهِرُ**) اپنی قدرت کے اعتبار سے ظاہر (**الْبَاطِنُ**) اپنی ذات کے اعتبار سے پوشیدہ (**الْوَالِي**) تصرف اور اختیار کا مالک (**الْمُتَعَالِي**) بلند و برتر (**الْبَرُّ**) اچھائی اور بھلائی فرمانے والا (**التَّوَّابُ**) زیادہ توبہ قبول کرنے والا (**الْمُنْتَقِمُ**) بدلہ لینے والا (**الْعَفُوُّ**) معاف فرمانے والا |

**دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات** [SLO:I-09-B-__]

**الف: ایمانیات** **(عقیدہ توحید)**

**حاصل تعلّم :**

طلبہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں، شرک اور اس کے نقصانات سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے اس سے اجتناب کر سکیں۔

| **علم** | **صلاحیت** |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: |
| • [SLO:I-09-B-01] توحید کا معنی و مفہوم، فرضیت و اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-02] قرآن و سنت کی روشنی میں توحید کی اقسام جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-03] شرک کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-04] شرک کی بنیادی اقسام کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-05] توحید کے عملی زندگی پر اثرات اور شرک کے نقصانات کا ادراک کر سکیں۔ | • [SLO:I-09-B-06] عقیدہ توحید سے واقفیت حاصل کر کے ایک اللہ پر اپنا ایمان مضبوط کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-07] اللہ تعالیٰ کو ایک واحد رب جانتے اور مانتے ہوئے تمام معاملات میں اُسی سے رُجوع کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-08] شرک کی وعید سے آگاہ ہو کر اس سے دُور رہنے کی شعوری کوشش کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs)/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ٹیسٹ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

طلبہ کو نظام کائنات کے متعلق سائنسی ویڈیو دکھائی جائے (گروہی مباحثہ منعقد کیا جائے گا)

طلبہ عقیدہ توحید کے متعلق قرآن وحدیث کے حوالوں کے ساتھ تحقیقی نوٹ تیار کریں۔

**دائرہ کار:** ایمانیات وعبادات

**الف: ایمانیات (عقیدہ رسالت)**

**حاصل تعلّم**

سبق کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

قرآن وسنت کی روشنی میں عقیدہ رسالت کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں اور عقیدہ ختم نبوت کے مفہوم واہمیت کو سمجھتے ہوئے اس پر خُلوصِ دل سے ایمان مضبوط کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: |
| • [SLO:I-09-B-09]عقیدہ رسالت سے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-10]عقیدہ رسالت کے مفہوم، اہمیت اور ضرورت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-11]انبیاء کرام علیہم السلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی نمایاں خصوصیات اور عظمت کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-12]عقیدہ ختم نبوت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔ | • [SLO:I-09-B-13]عقیدہ رسالت کی روح کو سمجھتے ہوئے عملی زندگی میں تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی عزت وتکریم کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-14]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی نمایاں خصوصیات، عظمت اور عقیدہ ختمِ نبوت کو ایمان کا لازمی حصہ سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-15]عقیدہ رسالت کی روشنی میں اپنے اعمال کا جائزہ لے سکیں اور اپنی زندگیوں میں عقیدہ ختم نبوت کے اثرات کا مشاہدہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کئے گئے سوالات / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ، مقابلہ ذہنی آزمائش (بین الجماعتی / سیکشن)۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی خصوصیات بالخصوص عقیدہ ختم نبوت پر تحقیقی نوٹ لکھیں ۔
- فراہم کردہ تحقیقی مواد پر گروہی مباحثہ کروائیں۔

**دائرہ کار: ایمانیات وعبادات**

**الف ایمانیات: (ملائکہ، آسمانی کتب اور آخرت پر ایمان)**

## حاصل تعلم

سبق کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

قرآن وسنت کی روشنی میں بنیادی عقائد (ملائکہ، آسمانی کتب اور آخرت) پر ایمان سے متعلق تفصیلی معلومات جان سکیں اور ان کے عملی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے کر اپنی زندگی کو بہتر بنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-B-16] قرآن وسنت کی روشنی میں بنیادی عقائد (ملائکہ ، آسمانی کتب اور آخرت) کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-17] بنیادی عقائد (ملائکہ، آسمانی کتب اور آخرت) پر ایمان کی ضرورت واہمیت کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-B-18] ان عقائد پر ایمان لانے کی روح کو سمجھتے ہوئے روزمرہ معاملات میں اپنے قول وفعل میں تضاد کی اصلاح کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-19] مذکورہ عقائد کے عملی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-20] مذکورہ عقائد کو مضبوط بنانے کی غرض سے قرآن وسنت کے مطالعہ کا رجحان پیدا کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-21] عقیدہ آخرت کی روح کو سمجھتے ہوئے ذاتی اصلاح کی عملی کوشش کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:**

- سوالات (open/ closed ended Qs)
- ہم مرتبہ تشخیص (peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** ٹیسٹ، کوئز

**مجوّزہ سرگرمیاں**

جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کیا جائے اور شاملِ نصاب بنیادی عقائد سے متعلق مستند ذرائع (قرآن وحدیث) سے اکھٹے کیے گئے معاون مواد (Handouts) کو گروہوں میں تقسیم کیا جائے۔ طلبہ دیے گئے معلوماتی مواد کا مطالعہ کریں۔ اہم نکات کی فہرست تیار کریں اور جماعت کے سامنے پیش کریں۔

**دائرہ کار: ایمانیات وعبادات** [SLO:I-09-B-__]

**ب۔ عبادات: نماز**

**حاصل تعلّم**

نماز کے بارے میں جان کر اس کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھتے ہوئے نماز کی پابندی کر سکیں نیز اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-B-22] قرآن وسنت کی روشنی میں نماز کی فرضیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-23] نماز بالخصوص باجماعت نماز کی فضیلت و اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-24] نماز کے بنیادی فلسفے کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-25] نماز کی حکمت اور اس کے معاشرتی، روحانی اور جسمانی فوائد سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-26] نماز کی پابندی کرنے کے ظاہری و باطنی اثرات (طہارت وپاکیزگی، نظم وضبط، پابندئ وقت، تزکیہ نفس) کا عملی زندگی میں جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-B-27] نماز کی فرضیت اور فوائد کو سمجھتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں باجماعت نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-09-B-28] نماز کے احکام و مسائل گھر / مسجد سے سیکھ کر اُن پر عمل کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران طلبہ کی سوال جواب کے ذریعے مستقل شمولیت / نماز کے متعلق اظہارِ خیال۔

**تکمیلی جانچ:** مفروضی / موضوعی سوالات پر مشتمل ہفتہ وار / ماہانہ ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- فرض نمازوں کے علاوہ مختلف مواقع پر پڑھی جانے والی نمازوں پر مشتمل چارٹ بنائیں جس میں نمازوں کے نام، اوقات، رکعات، مقام، حیثیت (واجب، سنت، نفل، مستحب)، مسنون دُعائیں، مواقع کی نشاندہی شامل ہو۔
- نماز کی پابندی کرنے کے ظاہری و باطنی اثرات پر جماعتی مباحثہ کروائیں۔

## دائرہ کار: ایمانیات و عبادات

### ب۔عبادات (روزہ)

### حاصل تعلم

قرآن و سنت کی روشنی میں روزہ کے مقصد اور اہمیت و فضیلت سے واقف ہو کر ماہِ رمضان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم کے معمولات سے واقفیت حاصل کرکے انہیں اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- [SLO:I-09-B-29] قرآن و سنت کی روشنی میں روزہ کے مقصد اور فلسفہ سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-B-30] روزہ کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔
- روزہ کے روحانی وجسمانی اور معاشرتی فوائد سمجھ سکیں۔
- [SLO:I-09-B-31] ماہ رمضان میں بدنی و مالی عبادات بالخصوص تلاوتِ قرآن مجید، قیام اللیل، تراویح، شبِ قدر، اعتکاف کرنے، سحری کرنے، افطار کروانے اور صدقہ و خیرات کی فضیلت کو سمجھ سکیں۔
- [SLO:I-09-B-32] روزے کے ظاہری و باطنی اثرات (تقویٰ، طہارت و پاکیزگی، نظم وضبط، پابندیِ وقت، تزکیہ نفس، ایثار) کا عملی زندگی میں جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- [SLO:I-09-B-33] مکمل آداب کے ساتھ روزہ رکھنے والے اور عملی زندگی میں تقویٰ اختیار کرنے والے بن سکیں۔
- [SLO:I-09-B-34] ماہِ رمضان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے معمولات سے واقفیت حاصل کرکے انھیں اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔
- [SLO:I-09-B-35] ماہِ رمضان میں بدنی عبادات، صدقات و خیرات، ایثار و غم خواری کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران طلبہ کی سوال جواب کے ذریعے مستقل شمولیت / روزہ کے مقصد اور فلسفہ پر اظہار خیال

**تکمیلی جانچ:** مفروضی / موضوعی سوالات پر مشتمل ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- ماہِ رمضان المبارک میں کیے جانے والے مسنون کاموں کی فہرست بنوائیں۔
- حدیث مبارک کی روشنی میں سحر وافطار اور شب قدر کی دعا یاد کرا وئی جائے۔
- رمضان المبارک کی برکات و ثمرات حاصل ہونے یا نہ ہونے کی وجوہات واثرات پر مذاکرہ کروایا جائے۔

- **دائرہ کار۔۳: سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم** [SLO:I-09-C-]

**1-عہدِ نبوی کے ماہ وسال (مدنی دور)**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے لیے نصرتِ الٰہیہ کا ظہور اور اسلام کا پھیلاؤ

**الف: فتح مکّہ**

**حاصل تعلّم**

- جزیرۃ العرب میں اسلام کے فروغ کے سلسلے میں فتحِ مکہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور نصرتِ الٰہیہ کے ظہور کو سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے سچا ہونے پر یقین رکھیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-C-01] فتحِ مکہ کے پس منظر، اسباب اور وجوہات کو جان سکیں۔
- [SLO:I-09-C-02] اسلام کے فروغ کے سلسلے میں فتحِ مکہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-C-03] فتحِ مکہ کے واقعات و معجزات سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-C-03] قدرت واختیار ملنے پر معاف کرنے کی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-C-04] فتحِ مکہ کے تناظر میں عفو ودرگزر کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- فتحِ مکہ کے نتائج کا جائزہ لے سکیں۔
- [SLO:I-09-C-05] فتحِ مکہ کے بعد تطہیر کعبہ بتوں کو گرانا اور کلید کعبہ کی سپردگی کے حوالے سے سبق حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-C-06] فتحِ مکّہ میں نصرتِ الٰہیہ کے ظہور کو سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے سچا ہونے پر یقین رکھیں۔
- [SLO:I-09-C-07] فتحِ مکہ کے نتائج کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے روز مرّہ میں لوگوں کو کھلے دِل سے معاف کرنے والے بنیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کو دعوت و تبلیغ میں درپیش مشکلات پر گفتگو۔/کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل جائزہ -ہم مرتبہ تشخیص(peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** تحریری ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نقشے، گلوب یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کی مسافت کا جائزہ کروایا جائے۔
- فتحِ مکہ کے متعلق ایک فہرست تیار کروائی جائے جس میں لشکر کی تعداد، جھنڈوں کی تعداد اور علمبرداروں کے نام وغیرہ شامل ہوں۔
- فتحِ مکہ کے موقع پر اسلام کی اشاعت اور مسلمانوں کی شان و شوکت کے مظاہرہ پر گفتگو کروایں۔

**عہدِ نبوی کے ماہ و سال (مدنی دور)**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے لیے نصرتِ الٰہیہ کا ظہور اور اسلام کا پھیلاؤ

**ب: غزوۂ حنین**

**حاصل تعلم**

- غزوہ حنین کے واقعات کو جان کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی استقامت و ثابت قدمی سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی کثرت و قوت پر فخر کرنے کی بجائے نصرتِ الٰہیہ پر بھروسہ کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-09-C-08]غزوہ حنین کے پسِ منظر اور اسباب کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-09]غزوہ حنین کے واقعات و معجزات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-10]غزوہ حنین کے نتائج کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-11]غزوہ حنین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بے مثل شجاعت، استقامت اور ثابت قدمی سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • [SLO:I-09-C-12]اپنی قوت و کثرت پر فخر کرنے کی بجائے نصرتِ الٰہیہ پر بھروسہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-13]عملی زندگی میں غزوہ حنین کے واقعات سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-14]مشکل حالات میں ثابت قدم رہتے ہوئے اپنے حواس کو متزلزل ہونے سے بچا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** غزوہ حنین سے حاصل اسباق پر گفتگو

**تکمیلی جانچ:** تحریری ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نقشے، گلوب یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے مکہ سے حُنین تک کی مسافت کی نشاندہی کروائی جائے۔
- غزوہ حنین کے متعلق ایک فہرست تیار کروائی جائے جس میں لشکر کی تعداد وغیرہ شامل ہوں۔
- غزوہ حنین کے واقعات پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- غزوہ حنین کی فتح پر ایک رپورٹ تیار کریں اور کمرا جماعت میں پیش کریں۔

**عہدِ نبوی کے ماہ و سال (مدنی دور)**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے لیے نصرتِ الٰہیہ کا ظہور اور اسلام کا پھیلاؤ

**ج:** عام الوفود

**حاصل تعلّم**

سبق کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- عام الوفود کی معنویت کو سمجھتے ہوئے جزیرۃ العرب میں اسلام کے پھیلاؤ کو جان سکیں۔ وفود کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے برتاؤ کو سامنے رکھتے ہوئے مہمانوں اور وفود کے اعزاز واکرام کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-C-15] عام الوفود کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-16] عام الوفود کی اہمیت اور اس کی معنویت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-17] تین وفود کے اجمالی حالات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے حُسنِ معاملہ سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-18] وفود کی آمد کی وجہ سے جزیرۃ العرب میں اسلام کے پھیلاؤ اور حجۃ الوداع میں اس کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-C-19] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے مہمانوں اور وفود کے اعزاز واکرام کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-20] عملی زندگی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے حُسنِ معاملات سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کو دعوت و تبلیغ میں درپیش مشکلات پر گفتگو۔/کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل جائزہ - ہم مرتبہ تشخیص (peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** مختلف وفود کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی طرف سے دی جانے والی ہدایات واحکام کے سوالات پر مشتمل جائزہ

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- دس وفود پر مشتمل ایک فہرست تیار کروائی جائے جس میں وفد کا نام، علاقہ، قبیلہ اور سنہ / مہینہ وغیرہ شامل ہوں۔
- اساتذہ کی راہنمائی میں وفود سے ملاقات اور اس دوران ہونے والے مکالماتِ نبوی پر ایک مذاکرہ کروایا جائے۔

**۲۔ اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

الف۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا بچپن اور جوانی

**حاصل تعلّم**

خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن اور جوانی سے آگاہ ہو سکیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن اور جوانی کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-09-C-21] خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن اور جوانی کے واقعات و معمولات کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-22] آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ حسن سلوک اور خوش طبعی وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-23] جوانی میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بے مثل عفت وحیا، شجاعت و بہادری اور حُسنِ معاملات کے واقعات کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-24] آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے، خدمتِ خلق اور کسبِ معاش اور دوسروں کی راحت رسانی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-09-C-25] آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن اور جوانی میں دوسروں کی راحت رسانی اور خدمتِ خلق کے جذبے کو اپناتے ہوئے معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا بچپن اور جوانی میں اپنے عزیز واقارب اور قریبی دوستوں بلخصوص ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ پیش آنے والے واقعات پر گفتگو کروائی جائے۔

**تکمیلی جانچ:** ماہانہ تحریری ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بچپن اور جوانی کے واقعات پر سیر حاصل گفتگو کروائی جائے گی ۔

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کی روشنی میں خدمتِ خلق کی چند مثالیں تحریر کیجیے ۔

**اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم ورہماری عملی زندگی**

**ب۔ حضرت محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم **کا ذوقِ عبادت**

**حاصل تعلّم**

خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ذوقِ عبادت سے آگاہ ہو سکیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ذوقِ عبادت کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق مضبوط کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-C-26]حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ذوقِ عبادت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-C-27]آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عبادت کے واقعات و معمولات سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-C-28]عبادت میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ذوق وشوق اور خشوع وخضوع کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-09-C-29]عبادت میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اعتدال ومیانہ روی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت:**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-C-30]عبادت میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ذوق وشوق، خشوع وخضوع کی پیروی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا قُرب حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-C-31]آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اعتدال میانہ روی کے واقعات کی روشنی میں اپنی عملی زندگی میں اعتدال کی صفت کو اپنا سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی عبادت میں ذوق وشوق اور خضوع وخشوع کے حوالے سے گفتگو کروائی جائے۔

**تکمیلی جانچ:** ماہانہ تحریری ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- عبادت کے سلسلے میں شب وروز کے معمولاتِ نبوی کے بارے میں جماعتی مباحثہ کروائیں۔
- عبادت کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنوایا جائے۔

**اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

| |
|---|
| **ج۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سخاوت وایثار**<br><br>**حاصل تعلّم**<br><br>خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سخاوت وایثار سے آگاہ ہوسکیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سخاوت وایثار کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق قائم کر سکیں۔ |

| **علم** | **صلاحیت:** |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-C-32]اُسوہ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے سخاوت وایثار کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-33]سیرتِ طیبہ سخاوت اور ایثار کی مختلف صورتوں (مالی، بدنی اور علمی) کے متعلق آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-34]رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرت میں اہل بیت وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سخاوت اور ایثار کی ترغیب وتلقین کے واقعات سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-35]معاشرتی زندگی میں سخاوت وایثار کے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-C-36]معاشرتی فلاح وبہبود کے لئے سخاوت وایثار جیسی صفات کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-37]اُسوہ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سخاوت اور ایثار کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-C-38]سخاوت اور ایثار جیسی صفات کو روزمرّہ زندگی میں اپنا کر معاشرے کی ترقی کا باعث بن سکیں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br><br>**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بے مثال سخاوت اور بے پناہ جذبہ ایثار پر گفتگو کروائی جائے۔<br><br>**تکمیلی جانچ:** ماہانہ تحریری ٹیسٹ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br><br>• طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے جمع شُدہ رقم اور اشیا کے ذریعے فلاحی کاموں میں اپنا حصہ ڈالیں۔<br>• نشان دہی کریں کہ روزمرہ زندگی میں سخاوت اور ایثار کی ضرورت کن کن مواقع پر پیش آتی ہے۔<br>• طلبہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ بخل سے پناہ مانگنے کی مسنون دُعا پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔ |

**دائرہ کار۴۔ اخلاق وآداب** [SLO:I-09-D- ]

| |
|---|
| **الف۔ شُکر وقناعت**<br><br>**حاصل تعلّم :**<br><br>قرآن وسنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ (شُکر وقناعت) کو سمجھ کر اپنی زندگی میں لاگو کرتے ہوئے اچھی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-06]شُکر و قناعت کی مثالوں سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-07]عملی زندگی کے معاملات میں شُکر و قناعت کا مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-08]شُکر و قناعت کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-01]قرآن و سنت کی روشنی میں شُکر و قناعت کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-02]شُکر و قناعت کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-03]روز مرّہ معاملات میں شُکر و قناعت اختیار نہ کرنے کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-04]سیرتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے شُکر و قناعت کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-05]عملی زندگی میں شُکر و قناعت کے معاشرتی فوائد و ثمرات سے استفادہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے سے شُکر و قناعت کے واقعات پر گفتگو کروائی جائے۔

**تکمیلی جانچ:** ماہانہ ٹیسٹ / معروضی سوالات سے ہفتہ وار ٹیسٹ

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ شُکر و قناعت پر تحقیقی مضمون تحریر کریں۔
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اُسوۂ حسنہ سے شُکر و قناعت کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- طلبہ اپنی روز مرّہ زندگی سے شُکر کے واقعات سنائیں۔
- طلبہ اساتذہ کی راہنمائی میں شُکر سے متعلق خاکہ (Role Play) پیش کریں۔

**دائرہ کار: اخلاق و آداب**

**امانت و دیانت**

**حاصل تعلّم :**

قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ (امانت و دیانت) کو سمجھ کر اپنی زندگی میں اس کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |

| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| --- | --- |
| • [SLO:I-09-D-09] قرآن و سنت کی روشنی میں امانت و دیانت کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-10] امانت و دیانت کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-11] سیرتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ سے امانت و دیانت کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-12] عملی زندگی میں بد دیانتی اور دھوکہ دہی کے نقصانات سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO:I-09-D-13] امانت و دیانت کی مثالوں سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-14] روزمرہ کے معاملات میں امانت و دیانت کا مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-15] عملی زندگی میں امانت و دیانت کے معاشرتی فوائد و ثمرات سے استفادہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-16] امانت و دیانت کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے امانت و دیانت کے واقعات پر گفتگو کروائی جائے۔

**تکمیلی جانچ:** ماہانہ تحریری جائزہ بذریعہ معروضی / تفصیلی مضمون لیا جائے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیا جائے، ہر گروہ امانت پر مشتمل چند ذاتی مثالیں اپنے ہم جماعتوں کے سامنے پیش کریں۔
- امانت کے مختلف پہلوؤں (رازداری اور مشورہ) پر جماعتی مذاکرہ کروایا جائے۔

### ب) بُری عادات سے اجتناب (تکبر)

**حاصل تعلّم**

طلبہ بری عادات (تکبّر) سے آگاہ ہو کر اس کے معاشرتی نقصانات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے عملی زندگی میں اس سے محفوظ رہ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-17] قرآن و سنت کی روشنی میں تکبر کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-18] تکبر کی مذمت اور وعید کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-19] اُسوہ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے تکبر کے بارے میں تعلیمات جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-20] تکبر سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لے کر عملی زندگی میں تکبر سے محفوظ رہ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-21] تکبر کی وجہ سے ابلیس کے مردود ہو جانے کے قرآنی واقعات سے سبق سیکھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** تکبر کے معنیٰ و مفہوم کے حوالے سے دو آیات اور دو احادیث تحریر کریں گے۔/ ہم مرتبہ تشخیص (peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** معاشرے میں تکبر کی مختلف صورتیں اور انکے نقصانات کا تدراک بذریعہ معروضی یا موضوعی سوالات تفصیلی مضمون کی صورت میں تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- تکبر کی وجہ سے ابلیس کے مردود ہو جانے کے قرآنی واقعات کی روشنی میں سیر حاصل بحث کروائی جائے۔
- گروہوں کی صورت میں تکبر کے نقصانات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ایک مکالمہ کروایا جائے۔
- عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کیسے تکبر سے بچتے ہوئے عاجزانہ رویّہ اپنا سکتے ہیں؟

### ج) بُری عادات سے اجتناب (حسد)

**حاصل تعلّم**

طلبہ بری عادت (حسد) سے آگاہ ہو کر اس کے نقصانات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے عملی زندگی میں اس معاشرتی بُرائی سے خود کو محفوظ رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-22] قرآن و سنت کی روشنی میں حسد کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-23] رشک اور حسد میں فرق کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-24] حسد کی وجوہات اور اسباب و علامات کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-25] اُسوہ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے حسد سے بچنے کے متعلق احکامات سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-D-28] حسد کی علامات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اپنا احتساب کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-29] حسد سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لے کر عملی زندگی میں اس سے محفوظ رہ سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-09-D-26] عملی زندگی میں حسد سے بچنے کے فوائد کی مثالیں بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-D-27]حسد سے ہونے والے انفرادی واجتماعی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** حسد اور رشک کے معنٰی ومفہوم کے حوالے سے ایک آیات اور ایک حدیث تحریر کریں۔رشک کے مثبت اور حسد کے منفی پہلو کے فرق کو تحریر کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:**حسد کے عنوان کو بذریعہ معروضی / تفصیلی مضمون کی صورت میں تحریر کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کن کن مواقع پر ہم حسد سے بچ سکتے ہیں؟فہرست بنائیں۔
- حسد کی ممانعت پر دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیث مع ترجمہ تحریر کر کے لائیں۔

**دائرہ کار-5: حسنِ معاملات ومعاشرت**[SLO:I-09-E-      ]

**قسم کے احکام ومسائل**

حاصل تعلّم:

قرآن وسنت کی روشنی میں قسم کے احکام ومسائل کو جان کران کا فہم حاصل کریں اور روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہوسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-E-01] قسم کے معنی اور مفہوم اور اس کی صورتیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-02]قسم اور حلف میں فرق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-03]قسم کی انفرادی اور اجتماعی اہمیت سمجھ سکیں<br>• [SLO:I-09-E-04] قرآن وسنت کی روشنی میں قسم کے احکام ومسائل سے واقفیت حاصل کرسکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-05]قسم کے متعلق اسلامی تعلیمات کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-06]قسم کے انفرادی اور اجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-E-07]روزمرہ معاملات میں قسم کی اہمیت کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اس کو پورا کرنے کی کوشش کریں۔<br>• [SLO:I-09-E-08]جھوٹی قسم کھانے سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-09]قسم کی حساسیت سمجھتے ہوئے روزمرہ میں غیر ضروری قسموں سے اجتناب کرسکیں اور حلف کی پاسداری کرسکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

| |
|---|
| **تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص (peer assessment)<br>**تکمیلی جانچ:** قسم کے متعلقہ احکام و مسائل پر گفتگو کروائی جائے۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• قسم کی مختلف اقسام اور اُن کے احکام پر مشتمل چارٹ بنوایا جائے۔<br>• طلبہ اپنا نمائندہ (مانیٹر) منتخب کر کے اس کی حلف برداری کی تقریب کروائیں۔ |

| | |
|---|---|
| **گواہی کے احکام و مسائل**<br>حاصل تعلّم:<br>قرآن و سنت کی روشنی میں گواہی کے احکام و مسائل کو جان کر ان کا فہم حاصل کریں اور روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-E-10] گواہی کے معنی اور مفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-11] قرآن و سنت کی روشنی میں گواہی کی فرضیت اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-12] جھوٹی گواہی دینے اور گواہی کو چھپانے کی وعید جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-13] قرآن و سنت کی روشنی میں گواہی کے احکام و مسائل سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-14] سچی اور جھوٹی گواہی کے معاشرتی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-E-15] روزمرہ معاملات میں گواہی کی اہمیت کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے بوقت ضرورت سچی گواہی دینے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-16] جھوٹی گواہی کی وعید کو سمجھتے ہوئے اس سے بچ سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص (peer assessment)<br>**تکمیلی جانچ:** سچی گواہی کی عظمت، جھوٹی گواہی کی مذمت اور گواہی چھپانے کی وعید پر گفتگو کروائی جائے۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• گواہی کے احکام پر جماعت میں مذاکرہ کروایا جائے۔<br>• قرآن مجید میں موجود گواہی کے متعلق آیات مبارکہ تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>• جھوٹی گواہی کی مختلف صورتوں کی نشاندہی کی جائے۔ | |

| | |
|---|---|
| **ہمسایوں کے حقوق**<br>حاصل تعلّم:<br>قرآن و سنت کی روشنی میں ہمسایوں کے حقوق کی اہمیت و فضیلت کو سمجھتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ | |
| **علم** | **صلاحیت** |

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-E-23]اپنی عملی زندگی میں ہمسایوں کے حقوق کا خیال رکھتے ہوئے اسے اپنا شعار بنا سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-24]ہمسایوں کے ساتھ بد سلوکی کے دنیوی و اخروی نقصانات سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>•<br>• [SLO:I-09-E-17]حقوق العباد کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-18]قرآن و سنت کی روشنی میں ہمسایوں کے حقوق کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-19]ہمسایوں کی اقسام سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-20]ہمسایوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-21]ہمسایوں کے حقوق کو پورا کرنے کے مختلف پہلوؤں کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-E-22]ہمسایوں کے حقوق ادا کرنے کے معاشرتی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص(peer assessment)

**تکمیلی جانچ:**

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- قرآن مجید میں موجود ہمسایوں کے حقوق کے متعلق آیات مبارکہ تلاش کر کے تحریر کریں۔
- ہمسایوں کی اقسام پر مشتمل فہرست بنائیں۔
- کمرا جماعت میں ہمسایوں کو تکلیف دینے کی مختلف صورتوں پر مذاکرہ کروایا جائے۔

**دائرہ کار-6: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**[SLO:I-09-F-]

**اہل بیت: حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ**

## حاصل تعلم

حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے کردار کو اپنا سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-05]حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق و صفات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-06]حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کی قائدانہ صلاحیتوں سے واقفیت حاصل کرتے ہوئے انہیں عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-01]حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-02]آپ رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ کربلا میں کردار جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-03]آپ رحمۃ اللہ علیہ کی صفات، عبادت و ریاضت اور دینی و |

| | |
|---|---|
| معاشرتی خدمات کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-04]واقعہ کربلا کے بعد امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے مقصد کی تکمیل میں حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کا کردار جان سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ کربلا کے بعد خواتین اسلام کو بحفاظت مدینہ منورہ پہنچانے کے موضوع پر گفتگو کریں۔

**تکمیلی جانچ:**

واقعہ کربلا کے مقصد کی تکمیل میں حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے کردار کا جائزہ لیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنوائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش ولقب، عمر، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کی دینی و ملّی خدمات پر مذاکرہ کروائیں۔

**دائرہ کار ۶: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

**صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:**

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

**حاصل تعلّم**

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے کردار کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-07]حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-08]تربیتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-09]حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-10]حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی خوش الحانی کی صفت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-12]حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو اُن کے مطابق ڈھال سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-13]حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی خوش الحانی کی صفت سے آگاہ ہو کر تجوید کے ساتھ حُسنِ قراءت کا ذوق پیدا کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-09-F-11] قرآن مجید اور حدیثِ نبوی کے حوالے سے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی دینی و علمی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی زندگی کے متعلق تفصیلی نوٹ لکھیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

**صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:**

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

**حاصل تعلّم**

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-14] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-15] تربیتِ نبوی کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-16] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے اخلاق و صفات اور عبادت و ریاضت سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-17] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے مجموعہ حدیث "**صحیفہ صادقہ**" کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-18] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی دینی و علمی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-19] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی عبادت و ریاضت سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو اُن کے مطابق ڈھال سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-20] حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی تدوینِ حدیث کی خدمات کو جان کر علم حدیث میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی خدمات پر گفتگو کریں۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی زندگی کے متعلق تفصیلی نوٹ لکھیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے صحیفہ صادقہ کی روشنی میں تدوینِ حدیث کے بارے میں مذاکرہ کروایا جائے۔

**دائرہ کار: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

**صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:**

حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ

**حاصل تعلّم**

حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-21]حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-F-22]تربیتِ نبوی کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-23]حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-24]حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی سفارت کاری کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-25]حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی سفارت کاری (حبشہ وروم) کو جان کر اس کے واقعات سے سبق حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-26]حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی دینی خدمات کو جان کر عملی زندگی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی خدمات پر گفتگو کریں۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی زندگی پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

### مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت عمرو بن اُمیّہ رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- گوگل میپ / نقشہ / گلوب کی مدد سے مدینہ سے حبشہ اور روم کے جغرافیائی فاصلے کی نشاندہی کریں۔

### دائرہ کار: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام

**صحابیات رضی اللہ عنہن:**

حضرت شفار رضی اللہ عنہا، حضرت اُمِّ سُلیم رضی اللہ عنہا، حضرت اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا

### حاصل تعلّم

مذکورہ صحابیات کے مقام ومرتبہ سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-27]مذکورہ صحابیات کے حالاتِ زندگی اور مقام ومرتبہ سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-F-28]مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہن کی سیرت ومعاشرتی کردار سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-F-29]عہدِ نبوی میں خواتین کو تحصیلِ علم اور معاشرتی کردار ادا کرنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جانے کی حوصلہ افزائی کا ادراک کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-30]ان صحابیات کی علمی وطبّی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-31]مذکورہ صحابیات کے معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-32]ان کی علمی وطبی خدمات سے متاثر ہو کر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے جذبے سے سرشار ہو کر معاشرے میں کردار ادا کر سکیں۔

### مجوّزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہن کی سیرت ومعاشرتی کردار پر گفتگو کریں۔

**تکمیلی جانچ:** ٹیسٹ، زبانی جانچ۔

### مجوّزہ سرگرمیاں

- مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقاب، قبیلہ، عمر، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- ہم مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہن کی زندگی سے ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، کمرا جماعت میں تبادلہ خیال کیا جائے۔

**دائرہ کار: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

**صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ**

ابو القاسم قشیری، شیخ فرید الدین عطار، خواجہ نظام الدین دہلوی رحمہم اللہ تعالیٰ

**حاصل تعلّم**

مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-33] مذکورہ شخصیات کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-F-34] ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-35] اشاعتِ اسلام، روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-36] ان صوفیائے کرام کی معاشرتی وروحانی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-09-F-37] مذکورہ صوفیائے کرام کے دینی و معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-38] ان کی سیرت کے روشن پہلوؤں اور تعلیمات سے سبق حاصل کر کے دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔
- [SLO:I-09-F-39] مذکورہ صوفیائے کرام کی زندگی کا مطالعہ کر کے اپنی اصلاح کی فکر کر سکیں۔
- [SLO:I-09-F-40] اہل اللہ کی صحبت کے فوائد و ثمرات کے بارے میں جان کر مستفید ہو سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ کی تعلیمات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی نوٹ لکھیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش کے علاوہ تصانیف اور خدمات بھی شامل ہوں۔
- مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرا جماعت میں مکالمہ کریں۔
- مذکورہ شخصیات کے اخلاق و کردار پر مبنی واقعات اور ان سے حاصل ہونے والے عملی اسباق تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔

**دائرہ کار: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

**علماء و مفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ:**

امام شاطبی، امام جلال الدین سیوطی، ابن خلدون رحمہم اللہ تعالیٰ

**حاصلِ تعلّم**

مذکورہ علماء و مفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقام و مرتبہ اور خدمات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-41]مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-42]ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-43]ان کی علمی و معاشرتی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-44]ان کی تعلیمات اور تصانیف سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-F-45]مذکورہ علماء و مفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ کے معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-F-46]ان کی زندگی کے مختلف روشن پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مذکورہ شخصیات کی تعلیمات اور تصانیف پر نوٹ لکھیں۔

**تکمیلی جانچ:** مذکورہ علماء و مفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقام و مرتبہ اور خدمات پر نوٹ لکھیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ علماء و مفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات،، تصانیف اور خدمات وغیرہ شامل ہوں۔
- مذکورہ شخصیات کی حالاتِ زندگی اور تعلیمات پر کمرا جماعت میں مذاکرہ کریں۔

**دائرہ کار-7: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے [SLO:I-09-G-]**

**خود اعتمادی و خود انحصاری**

**حاصلِ تعلّم:**

اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اپنے اندر خود اعتمادی و خود انحصاری کا جذبہ پیدا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-09-G-01] خود اعتمادی و خود انحصاری کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-02]خود اعتمادی و خود انحصاری کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-G-06]خود اعتمادی و خود انحصاری اختیار کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-07]اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-09-G-03]اُسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں خود اعتمادی وخود انحصاری کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-04] خود اعتمادی وخود انحصاری کی مختلف صورتوں اور ان کے اسباب سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-05]خود اعتمادی وخود انحصاری کے انفرادی واجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | ہوئے اپنے اندر خود اعتمادی وخود انحصاری کا جذبہ پیدا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** خود اعتمادی وخود انحصاری کے انفرادی واجتماعی اثرات پر مضمون لکھیں۔

**تکمیلی جانچ:** معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- خود اعتمادی وخود انحصاری کے اسباب پر جماعت میں مذاکرہ کروایا جائے۔
- خود اعتمادی وخود انحصاری کی مختلف صورتوں پر مشتمل فہرست بنائیں۔
- خود اعتمادی وخود انحصاری کے فوائد پر مشتمل فلیش کارڈز بنائیں۔

**دائرہ کار: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے**

**جسمانی وذہنی صحت اور جسمانی ریاضت**

**حاصل تعلّم:**

اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ذہنی صحت اور جسمانی ریاضت کا باہمی تعلق اور اہمیت سمجھتے ہوئے اپنی جسمانی اور ذہنی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-G-08] اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جسمانی ریاضت اور ذہنی صحت کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-09] یہ سمجھ سکیں کہ جسمانی ریاضت صحت مند معاشرے کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔<br>• [SLO:I-09-G-10] جسمانی ریاضت وذہنی صحت اور کھیل کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-11] اسلام کی روشنی میں جسمانی ریاضت کی حدود وقیود کو جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-09-G-13] جسمانی ریاضت کے مختلف اصولوں اور طریقوں سے واقف ہو کر اپنی زندگیوں میں وقت کی پابندی، برداشت، ٹیم ورک اور نظم وضبط کو شامل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-14] جسمانی ریاضت کے مختلف اصولوں اور طریقوں پر عمل کرتے ہوئے وقت کے ضیاع سے بچ سکیں۔<br>• [SLO:I-09-G-15] جسمانی ریاضت وذہنی صحت کا باہمی تعلق |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-09-G-12]جسمانی ریاضت کے ذہنی اور جسمانی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | اور اہمیت سمجھتے ہوئے اپنی جسمانی اور ذہنی صحت کا خیال رکھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** جسمانی ریاضت کے ذہنی اور جسمانی اثرات پر گفتگو کریں۔

**تکمیلی جانچ:** معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- جسمانی و ذہنی صحت کے متعلق احادیث تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- حفظانِ صحت کے اصولوں پر مبنی کوئی دستاویزی فلم دکھائیں تاکہ وہ جان سکیں کہ اپنی صحت کا خیال کیسے رکھ سکتے ہیں۔
- مختلف جماعتوں کے درمیان کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے جائیں جن میں اسلامی تعلیمات کا خیال رکھا جائے۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت دہم)

# نصابی خاکہ جماعت دہم

دائرہ کار: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO:I-10-A- ]

**الف) ترجمہ قرآن مجید**

سورۃ الانعام، سورۃ الاعراف، سورۃ یونس، سورۃ ھود، سورۃ الرّعد، سورۃ ابراھیم، سورۃ الحجر، سورۃ النحل، سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ الکھف، سورۃ المؤمنون، سورۃ الزّمر، سورۃ المومن، سورۃ حم السجدۃ، سورۃ الشوریٰ

**حاصل تعلّم:** منتخب سورتوں کا تعارف، بامحاورہ ترجمہ اور مرکزی مضامین سمجھ کر عملی زندگی میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔

قرآن مجید ترجمہ، مختصر تشریح، اہم مضامین اور عملی ہدایات سے واقف ہو سکیں، اپنی عملی زندگی قرآنِ مجید کے مطابق بسر کرنے کے قابل ہو سکیں۔ قرآنِ مجید کے ساتھ اپنے تعلق کو مضبوط کر سکیں۔ اِس پر دل سے ایمان رکھیں اور اِسے سمجھیں، اِس پر عمل کر کے ایک صالح معاشرے کے قیام کا ذریعہ بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-01] مذکورہ سورتوں کا تعارف اور شان نزول جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-A-02] سورتوں کے منتخب الفاظ کے معانی جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-A-03] مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں<br>• [SLO:I-10-A- 04] سورتوں میں موجود تعلیمات کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-05] تلاوت قرآن مجید کے آداب پر عمل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-A-06] منتخب سورتوں میں مذکورہ تعلیمات کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان پر عمل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہر سورۃ کی تکمیل کے بعد طلبہ متعلقہ سورۃ کے موضوعات کا خلاصہ بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** منتخب سورتوں کی تفہیم کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔/ بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- منتخب سورتوں میں سے کسی ایک موضوع پر تحقیقی مضمون لکھیں۔
- مذکورہ سورتوں میں سے کسی ایک کے مرکزی مضامین پر مشتمل ایک چارٹ بنائیں۔

**ب) حفاظت و تدوین حدیث: دورِ اوّل (عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، عہدِ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم )**

**حاصل تعلّم**

حدیث شریف کی اہمیت، حفاظت اور تدوین کے ادوار کو سمجھ سکیں نیز احادیثِ مبارکہ کا فہم حاصل کر کے عملی زندگی میں بہتر مسلمان بننے کی کوشش کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-11]حدیث شریف کی تدوین اور حفاظت کے بارے میں جان کر یہ ایمان پختہ کریں کہ قرآن مجید کے بعد حدیث شریف ہدایت اور رہنمائی کا اولین ذریعہ ہے۔<br>• [SLO:I-10-A-12]حدیث شریف اور سنت کی اہمیت و حجیت کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور فتنہ انکار حدیث سے محفوظ رہیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-07]تدوینِ حدیث شریف کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-A-08]عہدِ رسالت میں تدوینِ حدیث شریف کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-A-09]قرونِ اولیٰ میں حدیث شریف کی جمع و تدوین کے لیے صحابہ کرام، تابعین و تبع تابعین کی خدمات کی اہمیت جان سکیں<br>• [SLO:I-10-A-10]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دور میں حدیث شریف کی جمع و تدوین کے طریقہ کار کا جائزہ لے سکیں۔ |
| | |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** سوالات، گفتگو، تصوراتی نقشہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار<br>**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔ | |
| | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>منتخب احادیث میں سے چند موضوعات پر گفتگو کروائی جائے گی نیز تفویضِ کار Assignment بھی دیا جا سکتا ہے۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، صحابہ کرام، تابعین و تبع تابعین کے ادوار میں حدیث کی جمع و تدوین کے طریقہ کار پر اظہارِ خیال کروایا جائے۔ | |

**ج۔ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلم**

حدیث کی تعریف، اہمیت اور فضیلت سمجھ سکیں اور دس مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ اور اُن کے مفاہیم کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

| صلاحیت | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ ان احادیث مبارکہ کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-13]احادیث میں موجود موضوعات کو سمجھ کر اپنی روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پیرا ہو کر سکیں۔ | طلبہ ان احادیث مبارکہ کو پڑھنے کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-A-14]احادیث میں موجود موضوعات کو سمجھ کر اپنی روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پیرا ہو کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ متعلقہ حدیث کے مضمون کا خلاصہ بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** منتخب احادیث میں موجود تعلیمات پر نوٹ لکھوایا جائے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- منتخب احادیث کے تراجم و تشریح اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق پر تحقیقی مضمون لکھ کر لائیں۔
- مذکورہ احادیث کا عربی متن دیا جائے اور طلبہ از خود ترجمہ کر کے لائیں۔
- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان احادیث مبارکہ اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔
- 20 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھائے جائیں۔ ( **الرَّءُوفُ** )نہایت مہربان ( **مَالِكُ الْمُلْكِ** )سب سلطنت اور حکمرانی کا مالک ( **ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ** )عظمت اور بزرگی والا ( **الْمُقْسِطُ** )عدل و انصاف کرنے والا ( **الْجَامِعُ** )جمع کرنے والا ( **الْغَنِيُّ** )بے پرواہ و بے نیاز ( **الْمُغْنِي** )بے نیاز کر دینے والا ( **الْمَانِعُ** )روکنے والا ( **الضَّارُّ** )نقصان کا مالک ( **النَّافِعُ** )نفع کا مالک نفع عطا فرمانے والا ( **النُّورُ** (نور) الْهَادِي (ہدایت دینے والا) **الْبَدِيعُ** )بے مثال موجد عدم سے وجود میں لانے والا ( **الْبَاقِي** )ہمیشہ رہنے والا ( **الْوَارِثُ** )وارث و مالک ( **الرَّشِيدُ** (نیکی اور راستی کرنے والا)اور **الصَّبُورُ** (بہت زیادہ مہلت دینے والا) ہے۔

**دائرہ کار:** ایمانیات و عبادات [SLO:I-10-B-]

**الف۔ ایمانیات**

1) **ملائکہ (قرآنی آیات و احادیثِ نبوی)**

**حاصل تعلّم:** فرشتوں کے تصوّر، تخلیق کے مقصد اور ذمہ داریوں کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔ ان کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر ان پر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-B- 01] فرشتوں کے تصوّر اور اُن کی تخلیق کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-B- 05] اس پر ایمان پختہ کر سکیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اپنے احکام کی انجام دہی کے لیے فرشتوں سمیت کسی بھی مخلوق کی محتاج نہیں |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-10-B- 02] فرشتوں کی صفات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 03] فرشتوں کی ذمہ داریوں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 04] حدیثِ جبریل کے تناظر میں تعلیم و تعلّم کے آداب کا جائزہ لے سکیں۔ | ہے۔<br>• [SLO:I-10-B- 06] اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں پر ایمان پختہ کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں ان کے ادب و احترام کو ملحوظِ خاطر رکھ سکیں اور اُن کے متعلق بات کرتے ہوئے تعظیمی رویّہ اختیار کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 07] حدیث جبریل سے سبق حاصل کرتے ہوئے تعلیم و تعلّم کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs)/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

طلبہ چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں فرشتوں کا ذکر ہو۔

قرآن و سنت میں مذکور چند فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں پر مشتمل فہرست بنائیں۔

2) **کتبِ سماویہ (قرآنی آیات و احادیثِ نبوی)**

**حاصل تعلّم** : آسمانی کتب کو ہدایت کے سرچشمے سمجھتے ہوئے ان پر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: |
| • [SLO:I-10-B- 08] انسانوں کی ہدایت کے لیے آسمانی کتب کے نازل ہونے کی اہمیت اور ان کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 09] صاحب کتب اور صاحب صحف انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 10] آسمانی کتب کی مختصر تاریخ جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 11] آسمانی کتب کی مشترکہ تعلیمات جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 12] مشرکین اور اہل کتاب میں فرق جان کر اہل کتاب کے بارے میں مختصر احکام جان سکیں۔ | • [SLO:I-10-B-13] آسمانی کتب پر ایمان پختہ کرتے ہوئے ان کے ادب واحترام کو ملحوظِ خاطر رکھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 14] آسمانی کتب کی مشترکہ تعلیمات کو جان کر اعمال خیر میں عالمی اشتراک اور تعاون کی روح پیدا کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 15] اہل کتاب کے بارے میں شرعی ہدایات کو ملحوظ رکھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B- 16] قرآن مجید کو آخری و ابدی اور ہر قسم کی تحریف سے پاک آسمانی کتاب مانتے ہوئے اس پر عمل کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

طلبہ چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں آسمانی کتب کی مشترکہ تعلیمات کا ذکر ہو۔

قرآن و سنت میں مذکور سابقہ امتوں کے متعلق بیان کردہ چند واقعات سنائے جائیں۔

**3) عقیدہء آخرت (قرآنی آیات و احادیثِ نبوی)**

**حاصل تعلم** : عقیدہء آخرت، برزخ، حشر و نشر، میزان، شفاعت، جنت و جہنم کے بارے میں جان کر اس پر ایمان پختہ کر سکیں۔مابعد الموت زندگی کی کامیابی کو مقصد قرار دیتے ہوئے اس کے لیے تیاری کرنے والے بن سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- [SLO:I-10-B-17] عقیدۂ آخرت اور اس کے نقلی و عقلی دلائل جان سکیں۔
- [SLO:I-10-B-18] برزخ، حشر نشر، مقام محمود، حوضِ کوثر، میزان، شفاعت اور جنت اور جہنم کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-10-B-19] جنت اور جہنم میں لے جانے والے اعمال کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- [SLO:I-10-B-20] عقیدہء آخرت پر ایمان پختہ کر کے جنت کا شوق اور جہنم کا خوف قلوب میں پیدا کر سکیں۔
- [SLO:I-10-B-21] آخرت کی تیاری کر کے حقیقی کامیابی پانے والے بن سکیں۔

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں عقیدہء آخرت اور جنت و جہنم کا ذکر ہو۔
- جنت اور جہنم میں لے جانے والے اعمال کی فہرست بنائیں۔

- عقیدہ آخرت کے عملی زندگی پر اثرات کے متعلق ایک مذاکرہ کرایا جائے۔

## دائرہ کار: ایمانیات وعبادات

### ب۔ عبادات

**1) زکوٰۃ (قرآنی آیات واحادیثِ نبوی)**

**حاصل تعلّم:** زکوٰۃ وعشر، ان کے مصارف، آداب اور حکمتوں کے بارے میں جان سکیں۔ اپنی عملی زندگی میں زکوٰۃ وعشر ادا کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>قرآن وسنت کی روشنی میں<br>• [SLO:I-10-B-22] زکوٰۃ وعشر میں فرق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-23] زکوٰۃ وعشر کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-24] زکوٰۃ وعشر کے دلائل جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-25] زکوٰۃ وعشر کی فرضیت کی حکمت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-26] اسلام کے معاشی نظام میں معاشی انصاف کے لیے زکوٰۃ وعشر کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-B-27] زکوٰۃ وعشر کی اہمیت سے آگاہ ہو کر اپنے قلوب میں سخاوت کا جذبہ پیدا کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-28] اسلامی معاشی مساوات سے آگاہ ہو کر معاشی اعتبار سے کمزور طبقے کے مددگار بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں زکوٰۃ کا ذکر ہو۔
- کمرا جماعت میں اسلامی نظام معیشت اور اس کی مصالح نیز غیر اسلامی نظام معیشت اور اس کے مفاسد کے بارے میں مذاکرہ کریں۔

**2) حج اور قربانی (قرآنی آیات واحادیثِ نبوی)**

**حاصل تعلّم** : مناسک حج، قربانی اور ان کے آداب اور حکمتوں کے بارے میں جان سکیں۔ صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں حج اور قربانی کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>قرآن و سنت کی روشنی میں<br>• [SLO:I-10-B-29] حج اور قربانی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-30] حج اور قربانی کے دلائل جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-31] حج اور عمرہ کے فضائل اور مناسک سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-32] حج اور قربانی کے فلسفہ اور حکمتوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-33] حرمین شریفین، بیت اللہ، روضہء رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، آثار نبویہ اور مقامات مقدسہ کی اہمیت و برکت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-34] امتِ مسلمہ کی آفاقیت اور اجتماعیت کے سلسلے میں حج کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-B-35] حج اور عمرہ کی اہمیت سے آگاہ ہو کر صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں حج اور عمرہ کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-36] قربانی کی اہمیت سے آگاہ ہو کر صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں جذبہ اخلاص کے ساتھ قربانی کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-37] حرمین شریفین، بیت اللہ، روضہء رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، آثار نبویہ اور مقامات مقدسہ کے انوار و فیوض سے مستفیض ہونے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-B-38] ملتِ اسلامیہ کی آفاقیت اور اجتماعیت کے تصور سے آگاہ ہو کر عالمی اخوت و یگانگت کی روح پیدا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں حج اور قربانی کا ذکر ہو۔
- کمرا جماعت میں حج اور قربانی کی حکمتوں کے بارے میں مذاکرہ کریں۔
- مناسک حج کے متعلق کوئی مستند ویڈیو دکھائی جائے۔

**دائرہ کار: عہد نبوی کے ماہ وسال (مدنی دور)** [SLO:I-10-C-]

**الف) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطور معاشرتی مصلح**

**1) غزوہ تبوک**

**حاصل تعلّم:** غزوہ تبوک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قربانیوں اور اس کے نتائج سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-01]غزوہ تبوک کے اسباب، وجوہات اور پس منظر سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-02]غزوہ تبوک کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-03]اس غزوہ کی مشکلات اور منافقین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-04]اس غزوہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالخصوص حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قربانیوں اور اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-05]غزوہ تبوک کے موقع پر مدینہ منورہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی انتظامی صلاحیتوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-06]نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قربانیوں سے آگاہ ہو کر اِعلاءِ کلمۃ اللہ (غلبہ اسلام) کے لیے قربانی کا جذبہ پیدا کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-07]منافقین کے کردار سے آگاہ ہو کر منافقت کی تمام صورتوں سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-08]حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واقعے سے سبق حاصل کرتے ہوئے ہر حال میں سچائی پر کاربند رہنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs)/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی/ بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- سورۃ توبہ میں غزوہ تبوک سے متعلق آیات کی فہرست بنائیں۔
- کمرۂ جماعت میں منافقت کی مختلف صورتوں پر مذاکرہ کریں۔

**2) حجۃ الوداع**

**حاصل تعلّم** : حجۃ الوداع کے واقعے اور خطبہ حجۃ الوداع سے واقف ہو کر ان تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: <br>• [SLO:I-10-C-09] حجۃ الوداع کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ <br>• [SLO:I-10-C-10] خطبہ حجۃ الوداع کی اہمیت اور تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔ <br>• [SLO:I-10-C-11] حجۃ الوداع سے واپسی پر غدیر خم کے خطبے کو جان کر اہل بیت خصوصاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فضیلت و منقبت سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: <br>• [SLO:I-10-C-12] نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجِ مبارک کے واقعات سے آگاہ ہو کر حج کا شوق اور ترغیب حاصل کر سکیں۔ <br>• [SLO:I-10-C-13] خطبہ حجۃ الوداع کی تعلیمات سے آگاہ ہو کر ان کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ <br>• [SLO:I-10-C-14] اہل بیت کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر ان سے محبت، احترام و توقیر اور پیروی کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ چارٹ تیار کریں جس میں حجۃ الوداع کے واقعے کو نقشے کی صورت میں واضح کریں۔
- کمرا جماعت میں آخری خطبے کی تعلیمات پر مذاکرہ کریں۔
- موجودہ دور میں انسانی حقوق اور خطبہ حجۃ الوداع میں مماثلت تلاش کر کے لکھیں۔

3) **وصال نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم** : وصال نبوی کے واقعے سے واقف ہو سکیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی آخری وصیتوں سے آگاہ ہو کر ان تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: <br>• [SLO:I-10-C-15] وصال نبوی کے واقعے کو جان سکیں۔ <br>• [SLO:I-10-C-16] نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی آخری وصیتوں خصوصاً نماز، خواتین اور زیر دست افراد سے حسن | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ: <br>• [SLO:I-10-C-18] نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی آخری وصیتوں سے آگاہ ہو کر اپنی عملی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| سلوک سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-17] نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے روضہ مبارک پر حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام پڑھنے کی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO:I-10-C-19] نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی محبت سے اپنے قلوب کو منور کر کے کثرت سے صلوٰۃ وسلام پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی وصیتوں کے متعلق مذاکرہ کریں۔
- طلبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حیات مبارکہ کے آخری ایام کی ہدایات (نماز، طہارت، خواتین کے حقوق، ماتحت افراد سے حسن سلوک وغیرہ) کی فہرست بنائیں اور موجودہ دور میں ان کی اہمیت کے متعلق کمرا جماعت میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

**ب۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بطور سرچشمۂ ہدایت**

**1) صلہ رحمی**

**حاصل تعلّم:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ میں صلہ رحمی سے واقف ہو کر اس صفت کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-20] اسوہ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ سے صلہ رحمی کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-21] رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ کی سیرت میں اہل بیت اطہار وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو صلہ رحمی کی ترغیب و تلقین کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-22] عمر اور رزق میں اضافہ وبرکت کے حوالے سے صلہ رحمی کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-23] سیرتِ طیبہ سے صلہ رحمی کی مختلف صورتوں (مالی وبدنی) کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-24] معاشرتی زندگی میں صلہ رحمی کے فوائد اور | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-25] صلہ رحمی جیسی صفت کو اپنا کر قرابت داری کے حقوق ادا کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-26] اُسوہ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صلہ رحمی کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-27] صلہ رحمی جیسی صفت کو روزمرّہ زندگی میں اپنا کر خاندانی زندگی کے استحکام کا باعث بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| قطع رحمی کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

طلبہ صلہ رحمی کی مختلف صورتوں پر مذاکرہ کریں۔

موجودہ دور میں بکھرتے ہوئے خاندانی نظام کے استحکام کے لیے خاندان کے افراد (ماں باپ، اولاد، بہن بھائی وغیرہ) کے کردار کی فہرست بنائیں۔

## 2) خواتین کے ساتھ حسن سلوک

**حاصل تعلّم :** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا خواتین کے ساتھ احترام اور حسن سلوک سے واقف ہو کر اس صفت کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-28]اسوہ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ میں خواتین کے احترام کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-29]رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رشتہ دار خواتین اور صحابیات کے ساتھ حسن سلوک کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-30]سیرت طیبہ کی روشنی میں معاشرتی زندگی میں خواتین کے احترام اور حسنِ سلوک کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-31]سیرت طیبہ کی روشنی میں خواتین کے ساتھ حسن سلوک کو اپنا کر ان کے حقوق ادا کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-32]اُسوہ حسنہ کی روشنی میں خواتین کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے حسن سلوک کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-33]خواتین کے ساتھ احترام کرنے والے بن کر روحانی تزکیہ اور معاشرتی اصلاح کا باعث بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs) / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی)

**مجوّزہ سرگرمیاں**

خواتین کے احترام، حقوق اور ان کے ساتھ حسن سلوک پر مذاکرہ کریں۔

| |
|---|
| سیرت طیبہ کی روشنی میں اسلام میں خواتین کو دیے جانے والے احترام اور حقوق کی فہرست بنائیں۔ |

| | |
|---|---|
| **3) انداز تربیت**<br>**حاصل تعلّم**: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے انداز تربیت سے آگاہ ہو کر ہو کر اسے اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-34]نبی کریم صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ کی حیاتِ طیبہ سے اندازِ تربیت کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-35]رسول اللہ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ کی سیرت طیبہ میں اہل بیت اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی تربیت کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-C-36]تربیت کے مختلف طریقوں کو سمجھ کر انھیں اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-37]اُسوہ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کے انداز تربیت کو سمجھ کر اسے اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-C-38]نبی کریم صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ کے انداز تربیت کو روز مرّہ زندگی میں اپنا کر معاشرتی اصلاح و تربیت کا باعث بن سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ**: سبق کے دوران کیے گئے سوالات (open/ closed ended Qs)/طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔<br>**تکمیلی جانچ**: ہفتہ وار، ماہانہ ٹیسٹ ذہنی آزمائش کا مقابلہ (کل جماعتی / بین الجماعتی) | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>طلبہ نبی کریم صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ کے انداز تربیت کی خوبیوں پر مذاکرہ کریں۔<br>مثالی تربیت کے اہم عناصر مثلاً خیر خواہی، شفقت و محبت اور احترام باہمی سے متعلق مذاکرہ کروایا جائے۔ | |

## دائرہ کار-4: اخلاق و آداب [SLO:I-10-D-]

### الف) اخلاص و تقویٰ

**حاصل تعلّم:** قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاص و تقویٰ کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ کر انہیں اپنی زندگی میں لاگو کرتے ہوئے ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-01] اخلاص و تقویٰ کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-02] قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاص و تقویٰ کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-03] سیرتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے اخلاص و تقویٰ کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-04] اخلاص و تقویٰ اختیار نہ کرنے کے دنیاوی و اخروی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-05] عملی زندگی میں اخلاص و تقویٰ کے معاشرتی فوائد و ثمرات کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-06] سیرتِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے اخلاص و تقویٰ کی مثالوں سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-07] عملی زندگی کے معاملات میں اخلاص و تقویٰ کا مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-08] اخلاص و تقویٰ کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر اپنی دنیا و آخرت بہتر بنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، سوالات، گفتگو، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رول پلے

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اُسوۂِ حسنہ سے اخلاص و تقویٰ کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- معاملات و معاشرت میں اخلاص و تقویٰ اختیار کیے جانے والے کاموں کی فہرست بنائیں۔

### ب) پردہ پوشی

**حاصل تعلّم:** قرآن و سنت کی روشنی میں پردہ پوشی کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی میں لاگو کرتے ہوئے ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-09] پردہ پوشی کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-10] قرآن و سنت کی روشنی میں پردہ پوشی کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-14] سیرتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے پردہ پوشی کی مثالوں سے سبق حاصل کر کے عملی زندگی میں پردہ پوشی کرنے والے بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-10-D-11] نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی روشنی میں پردہ پوشی کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-12] پردہ پوشی کی صفت کو اختیار نہ کرنے کے دنیاوی واخروی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-13] روزمرہ زندگی میں دوسروں کے عیبوں کی پردہ پوشی کے معاشرتی فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-10-D-15] روزمرہ زندگی میں دوسروں کے عیبوں کی پردہ پوشی کرکے معاشرے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** دو / سہ فریقی مباحثہ، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، سوالات، گفتگو، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رول پلے

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اُسوۂ حسنہ میں پردہ پوشی سے سبق حاصل کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر کردار کشی کرنے کے گناہ اور نقصانات کے متعلق مذاکرہ کرائیں۔
- پردہ پوشی اختیار نہ کرنے کے نقصانات کے واقعات جماعت میں بیان کریں۔

**ج۔ جھوٹ**

**حاصل تعلّم:** قرآن وسنت کی روشنی میں جھوٹ سے بچنے کی اہمیت وفضیلت اور احکام کو سمجھ کر اپنی زندگی میں سچ کو لاگو کرتے ہوئے اپنی دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-16] جھوٹ کے معنی ومفہوم اور مختلف صورتوں کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-17] قرآن وسنت کی روشنی میں جھوٹ سے بچنے اور سچ کو اختیار کرنے کی اہمیت وفضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-18] سیرتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ اور سیرتِ اہل بیت اطہار وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جھوٹ سے بچنے اور سچ کو اختیار کرنے کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-19] جھوٹ کے دنیاوی واخروی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-20] روزمرہ زندگی میں سچ بولنے اور سچائی کا ساتھ دینے کے معاشرتی فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-21] سیرتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ اور سیرتِ اہل بیت اطہار وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جھوٹ سے بچنے اور سچ کو اختیار کرنے کی مثالیں جان کر اپنے قول وفعل کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-22] "سچ بولیں اور سچوں کا ساتھ دیں" کے نعرے کو معاشرے میں پروان چڑھائیں۔ |

| |
|---|
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** دو / سہ فریقی مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، سوالات، گفتگو، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رول پلے<br>**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• گروپ کی صورت میں جھوٹ کے نقصانات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ایک مکالمہ کروایا جائے۔<br>• جھوٹ کی ممانعت پر دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ تحریر کر کے لائیں۔ |

**د ۔ غیبت اور بہتان**

| **حاصل تعلّم:** قرآن و سنت کی روشنی میں غیبت اور بہتان سے بچنے کی اہمیت و فضیلت اور احکام کو جان اور سمجھ کر اپنی زندگی ان رذائل سے بچا کر گزار سکیں۔ | |
|---|---|
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-23]غیبت اور بہتان کے معنی و مفہوم، اسباب، مختلف صورتیں اور غیبت اور بہتان کے درمیان فرق کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-24]قرآن و سنت کی روشنی میں غیبت اور بہتان سے بچنے کے طریقے، اس کی اہمیت اور فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-25]غیبت اور بہتان کے دنیاوی و اخروی نقصانات سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-26]اس بات کا ادراک کر سکیں کہ غیبت اور بہتان باہمی تعلقات کی خرابی اور معاشرتی بگاڑ کی جڑ ہے۔<br>• [SLO:I-10-D-27]روز مرہ زندگی میں غیبت اور بہتان سے بچنے کے معاشرتی فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-28]غیبت اور بہتان کے دنیوی و اخروی نقصانات کو جان کر اس سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-29]روز مرہ معاملات میں غیبت اور بہتان سے بچتے ہوئے معاشرے کو ان رذائل سے پاک کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** دو / سہ فریقی مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، سوالات، گفتگو، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رول پلے<br>**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کیونکر غیبت اور بہتان سے بچتے ہوئے خلوص اور خیر خواہی کا رویّہ اپنا سکتے ہیں؟<br>• غیبت اور بہتان کی ممانعت پر قرآنی آیات اور مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ چارٹ پر تحریر کر کے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

**ہ۔ جادو، فال اور توہم پرستی**

| |
|---|
| **حاصل تعلّم:** قرآن و سنت کی روشنی میں جادو، ستاروں کے ذریعے قسمت کا حال جاننے اور توہم پرستی سے بچنے کی اہمیت و فضیلت اور احکام کو سمجھ کر اپنی زندگی ان رذائل سے بچ کر گزار سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-30]ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننے اور توہم پرستی کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-31] قرآن و سنت کی روشنی میں ستاروں کے ذریعے قسمت کا حال جاننے اور توہم پرستی کے فتنوں کے بارے میں شرعی احکام جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-32]جادو سیکھنے، سکھانے، کرنے اور کروانے کی ممانعت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-33]پر امید رہنے اور نیک شگون لینے کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-34]ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننے اور توہم پرستی کے معاشرے پر ہونے والے نقصانات کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-35] ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی کی مختلف صورتوں اور ان کے تدارک کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-D-36]ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی کی اپنے معاشرے میں موجود مختلف صورتوں کی نشان دہی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-D-37] قرآن و سنت کی روشنی میں جادو، ستاروں کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی کی مذمت سے آگاہ ہو کر روز مرہ زندگی میں اس سے اجتناب کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** دو / سہ فریقی مباحثے، سوالات، گفتگو، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی سے ہونے والے نقصانات پر مذاکرہ کروائیں۔
- خاندانی اور معاشرتی تعلقات میں ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننے اور توہم پرستی سے ہونے والی غلط فہمیوں کی فہرست بنائیں۔
- ستاروں اور فال کے ذریعے قسمت کا حال جاننے ، توہم پرستی اور نجومیوں کے پاس جانے کی مذمت کے متعلق گفتگو کریں۔

**دائرہ کار-5: حسنِ معاشرت و معاملات [SLO:I-10-E-]**

**الف۔ سود کی حُرمت**

حاصل تعلّم:

قرآن و سنت کی روشنی میں سود کی حُرمت اور اسکے احکام و مسائل کو جان کر ان کا فہم حاصل کریں اور روز مرہ زندگی میں سود کی لعنت سے بچ سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-06]سود کی حرمت اور قرضِ حسنہ کی ترغیب کو سمجھ کر ان کو روزمرہ زندگی کو اس کے مطابق ڈھال سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-07]سودی لین دین سے ممانعت کی حکمت اور احکام ومسائل سمجھ کر اس سے نفرت اور گریز کرنے والے بن سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-01]سود کے معنی اور مفہوم اور اس کی اقسام جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-02]قرآن وسنت کی روشنی میں سود کی حرمت کے احکام جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-03]سودی لین دین کے احکام ومسائل سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-04]سودی معاملات سے بچ کر دیگر اسلامی کاروباری ذرائع کے استعمال کا موازنہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-05]سود کے انفرادی، اجتماعی نقصانات دینی اور دنیاوی نقصانات اور مضر اثرات کا تجزیہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص(peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری ٹیسٹ۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- موجودہ دور میں سود کی مختلف صورتوں کی فہرست بنوائی جائے۔
- سود کی حرمت پر قرآنی آیات اور احادیث نبوی تلاش کر کے لکھیں۔

**ب۔ اسلامی ریاست**

حاصل تعلّم:

قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی ریاست کے قیام، اغراض ومقاصد اور اس کے دائرہ کار کو جان کر فلاحی ریاست کے ذمہ دار شہری بن سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-13]سلامی ریاست کے اصولوں کو سمجھتے ہوئے ایک مثالی شہری بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-14]ریاست کے قوانین کو جانتے ہوئے اپنے حقوق وفرائض سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-15]اسلامی ریاست کی خصوصیات کو جانتے ہوئے مملکت خداداد پاکستان کو ایک مثالی فلاحی اسلامی ریاست بنانے کے لیے اپنا کردار ادا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-08]اسلامی ریاست کے معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-09]قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی ریاست کے اغراض ومقاصد جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-10]یہ سمجھ سکیں کہ اسلامی ریاست اصل میں فلاحی ریاست ہوتی ہے۔<br>• [SLO:I-10-E-11]اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کے حقوق کو سمجھ سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-10-E-12]اسلامی ریاست میں افراد کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص(peer assessment)

**تکمیلی جانچ:** قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی ریاست کے قیام،اغراض ومقاصد اور اس کے دائرہ کار پر نوٹ لکھیں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اسلامی ریاست کے اہم اداروں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں کی فہرست تیار کریں۔
- اسلامی ریاست میں افراد کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا جائزہ لے کر تبصرہ کریں۔

**ج۔جہاد فی سبیل اللہ**

حاصل تعلّم:

قرآن وسنت کی روشنی میں جہاد فی سبیل اللہ کے اغراض ومقاصد اور اس کے دائرہ کار کو جان کر اسلامی فلاحی ریاست کے قیام میں اپنے کردار کا جائزہ لے سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-16]جہاد فی سبیل اللہ کے معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-17]"پیغام پاکستان"کی روشنی میں جہاد فی سبیل اللہ اور فساد فی الارض(دہشت گردی)میں فرق کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-18]قرآن وسنت کی روشنی میں جہاد فی سبیل اللہ کی ضرورت واہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-19] جہاد فی سبیل اللہ کی اقسام،شرائط اور اس کے دائرہ کار کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-E-20]اس بات کو سمجھ سکیں کہ عملی جہاد صرف حاکمِ وقت کی اجازت سے ہو سکتا ہے۔<br>• [SLO:I-10-E-21]جہاد فی سبیل اللہ میں افراد کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-E-22] اسلام میں جہاد فی سبیل اللہ کی اہمیت جان کر اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے جدوجہد کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** ہم مرتبہ تشخیص(peer assessment)

| |
|---|
| **تکمیلی جانچ:** جہاد کی اقسام بیان کریں |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• اسلامی تاریخ میں کوئی سے دس بڑے غزوات کی فہرست تیار کریں جس میں ان غزوات کے نام، مقام، سپہ سالار، صحابہ کرام کی تعداد، کفار کی تعداد، پس منظر، اسباب اور نتائج کا ذکر ہو۔<br>• جہاد کی فضیلت پر قرآنی آیات اور احادیث نبویہ مع ترجمہ پر مشتمل چارٹ بنائیں۔<br>• پیغام پاکستان کے ضمن میں دیے گئے متفقہ فتویٰ کے نمایاں نکات کمرا جماعت میں سنائے جائیں۔ |

| | |
|---|---|
| **دائرہ کار-6:ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام** [SLO:I-10-F-]<br>**الف)حضرت امام زید بن علی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ**<br>**حاصل تعلم**<br>حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے مقام ومرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کی سیرت کو اپنا سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-01]حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-02]آپ رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-03]آپ رحمۃ اللہ علیہ کی صفات، علم، تفقہ، عبادت و ریاضت اور دینی و معاشرتی خدمات کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-04]حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کر کے ان کو اپنی عملی زندگی میں لائیں۔<br>• [SLO:I-10-F-05]حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت سے سبق حاصل کر کے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔<br>**تکمیلی جانچ:** حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔ | |

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت امام زید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنوائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش ولقب، عمر، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت امام زید رحمۃ اللہ علیہ کی علمی، دینی اور جہادی خدمات پر مذاکرہ کروائیں۔

ب) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

**حاصل تعلّم**

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے مقام ومرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-10-F-06] حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-07] تربیتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-08] حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-09] حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی سفارت کاری کی صفت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-10] قرآن مجید اور حدیثِ نبوی کے حوالے سے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی دینی و جہادی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-10-F-11] حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-12] حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے جدوجہد سے آگاہ ہو کر دین کی خدمت کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

ج) حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ

## حاصل تعلم

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-13]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-14]تربیتِ نبوی کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-15]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی علمیت، اخلاق و صفات اور جہاد فی سبیل اللہ سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-16]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی ہمشیر گان کی کفالت کے واقعے کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-17]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی دینی و علمی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-18]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے علم، تفقہ اور اخلاق سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو اُن کے مطابق ڈھال سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-19]حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی دینی خدمات کو جان کر عملی زندگی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی روایت حدیث کے بارے میں مذاکرہ کروایا جائے۔

د) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

## حاصل تعلم

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے مقام و مرتبہ، سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-20]حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-21]تربیتِ نبوی کے نتیجے میں اُن کے امتیازی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-22]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی خدمت کے صلہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملنے والی دعا کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-23]حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-24]حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت نبوی، روایت حدیث کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-25]حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے کردار بالخصوص بچپن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی خدمت کے متعلق جان کر سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-26]حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی علمی ودینی خدمات کو جان کر عملی زندگی میں انہیں اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا اسم گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔

**ہ) صحابیات رضی اللہ عنہن:**

حضرت اُم اَیمن رضی اللہ عنہا، حضرت اُمّ عمارہ رضی اللہ عنہا، حضرت اَسماء بنت اَبی بکر رضی اللہ عنہا

**حاصل تعلم**

مذکورہ صحابیات کے مقام ومرتبہ سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-27]مذکورہ صحابیات کے حالاتِ زندگی اور مقام ومرتبہ سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-28]مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہن کی سیرت ومعاشرتی کردار | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-30]مذکورہ صحابیات کے معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-31]ان کی دینی خدمات سے متاثر ہو کر دینی جذبے سے |

| | |
|---|---|
| سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-29]ان صحابیات کی دینی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | سرشار ہو کر معاشرے میں کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** صحابیات کرام رضی اللہ عنھن کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** صحابیات کرام رضی اللہ عنہما کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقاب، قبیلہ، عمر، اولاد، وفات اور امتیازی خصوصیات شامل ہوں۔
- ہم مذکورہ صحابیات رضی اللہ عنھن کی زندگی سے ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، کمرا جماعت میں تبادلہ خیال کیا جائے۔

**و) صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ**

حضرت سید عبد اللطیف کاظمی رحمہ اللہ المعروف امام بری، عبد الرحمن جامی، عثمان مروندی المعروف شہباز قلندر رحمہم اللہ تعالیٰ

**حاصلِ تعلّم**

مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-32]مذکورہ شخصیات کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-33]ان کے اخلاق وصفات اور کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-34]اشاعتِ اسلام، تصوف، روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-35]ان صوفیائے کرام کے پیغامِ امن و محبت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-36]ان صوفیائے کرام کی معاشرتی وروحانی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-37]مذکورہ صوفیائے کرام کے دینی، روحانی و معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-38]ان کی سیرت کے روشن پہلوؤں اور تعلیمات سے سبق حاصل کر کے دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-39]مذکورہ صوفیائے کرام کی زندگی کا مطالعہ کر کے اپنی اصلاح کی فکر کریں۔<br>• [SLO:I-10-F-40]اللہ والوں کی صحبت کے فوائد و ثمرات کے بارے میں جان سکیں اور مستفید ہو سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** صوفیائے کرام کے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** صوفیائے کرام کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش والقابات، عمر، تصانیف اور وفات اور خدمات وغیرہ شامل ہوں۔
- مذکورہ شخصیات کے اخلاق و کردار پر مبنی واقعات اور ان سے حاصل ہونے والے عملی اسباق تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔
- صوفیائے کرام کی تعلیمات کی روشنی میں موجودہ دور کے مسائل کے حل کے لیے تجاویز پر گفتگو کریں۔

**ز) علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ:**

شیخ ابن عربی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، ابن رشد رحمھم اللہ تعالیٰ

**حاصل تعلّم**

مذکورہ علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ کے مقام و مرتبہ اور خدمات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-41] مذکورہ شخصیات کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-42] ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-43] ان کی علمی و معاشرتی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-44] ان کی تعلیمات اور تصانیف سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-F-45] مذکورہ علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ کے معاشرتی کردار کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اُسوہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO:I-10-F-46] ان کی زندگی کے مختلف روشن پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰکے حالاتِ زندگی مختصر بیان کریں۔

**تکمیلی جانچ:** علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ کا تعارف اور دینی خدمات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی نوٹ لکھیں جس میں ان کی خدمات بھی شامل ہوں۔
- مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرا جماعت میں مذاکرہ کریں۔

## دائرہ کار-7: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے[SLO:I-10-G-]

### الف) اسلام میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت

حاصل تعلّم:

اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-G-01]مستقبل کی منصوبہ بندی کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-02]قرآن وسنت کی روشنی میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-03]اُسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-04]مستقبل کی منصوبہ بندی کے اسباب کی مختلف صورتوں اور شرعی حدود وقیود سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-05]مستقبل کی منصوبہ بندی کے انفرادی واجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-10-G-06]شرعی حدود وقیود میں مستقبل کی منصوبہ بندی اختیار کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-07]اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت کو قرآن وسنت کی روشنی میں تحریر کریں/

**تکمیلی جانچ:** معروضی سوالات /موضوعی سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- مستقبل کی قلیل المعیاد، وسط مدتی اور طویل المعیاد منصوبہ بندی کے ثمرات پر جماعت میں مذاکرہ کروایا جائے۔
- مستقبل کی منصوبہ بندی کی مختلف صورتوں پر مشتمل فہرست بنائیں۔
- اپنی آنے والی زندگی کی منصوبہ بندی پر مبنی چارٹ بنائیں۔

### ب) اسلامی تہذیب کے امتیازات

حاصل تعلّم:

<table>
<tr><td colspan="2">اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اسلامی تہذیب کے امتیازات سمجھتے ہوئے ان کو اپنی عملی زندگی پر لاگو کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br><br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br><br>• [SLO:I-10-G-08]اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اسلامی تہذیب کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-09]اسلامی تہذیب کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-10]اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات کو سمجھ کر ان کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-10-G-11]اسلامی تہذیب کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔</td><td>صلاحیت<br><br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br><br>• [SLO:I-10-G-12]اسلامی تہذیب کے مختلف اصولوں اور طریقوں سے واقف ہو کر اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br><br>تشکیلی جانچ: قرآن و سنت میں اسلامی تہذیب کے خدوخال پر مبنی فہرست تیار کریں۔<br><br>تکمیلی جانچ: معروضی سوالات / موضوعی سوالات کے جوابات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br><br>• اسلامی تہذیب کے متعلق آیات اور احادیث تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔<br>• اسلامی تہذیب کے بارے میں کمرا جماعت میں مذاکرہ کروائیں۔</td></tr>
</table>

# نصابی خاکہ اسلامیات

## (جماعت یازدہم / دوازدہم)

# قومی نصاب (اسلامیات)

# نصابی خاکہ (جماعت یازدہم / دوازدہم)

## دائرہ کار۔ا: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**معیار:**

قرآن مجید (ترجمہ)، حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم اور ان کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں لاگو کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔

**الف۔ترجمہ قرآن مجید**

سورۃ البقرۃ - سورۃ آل عمران - سورۃ الانفال - سورۃ التوبۃ - سورۃ المائدۃ - سورۃ النساء، سورۃ النور - سورۃ الاحزاب۔ سورۃ محمؐد تا سورۃ الحجرات ۔سورۃ الحدید تا سورۃ التحریم

**حاصلات تعلم:**

منتخب سورتوں کا تعارف، بامحاورہ تراجم اور مرکزی مضامین سمجھ کر عملی زندگی میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-A-01] مذکورہ سورتوں کے تعارف اور شان نزول سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-02] سورتوں میں موجود منتخب الفاظ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-03] مذکورہ سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ پڑھ کر سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-04] سورتوں میں موجود تعلیمات کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-05] سورتوں میں موجود تعلیمات پر عمل کرنے کے دنیاوی واخروی فوائد وثمرات اور عمل سے گریز کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ شاملِ نصاب سورتوں کے ترجمے کی تکمیل کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-A-06] سورتوں میں موجود تعلیمات کو اپنی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-07] منتخب سورتوں میں مذکورہ تعلیمات کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:**

- ہر سورۃ کی تکمیل کے بعد طلبہ، اس کے موضوعات کا خلاصہ بیان کر سکیں۔
- متعلقہ سورتوں میں دیے گئے انبیاء کے قصوں کو بیان کر سکیں۔

**تکمیلی جانچ:**

- منتخب سورتوں کے مفہوم وتعلیمات پر مبنی تحریری امتحان لیا جائے۔
- طلبہ منتخب سورتوں میں دیے گئے احکام کی عملی زندگی میں تطبیق پر پریزینٹیشن دیں۔
- مختصر سوالات پر ذہنی آزمائش (تحریری یا زبانی) منعقد کی جائے۔

## مجوّزہ سرگرمیاں

- منتخب سورتوں میں سے کسی ایک موضوع پر تحقیقی مضمون لکھیں۔
- مذکورہ سورتوں میں سے کسی ایک کے مرکزی مضامین پر مشتمل چارٹ بنائیں۔
- منتخب سورتوں میں سے مذکور کسی ایک ہستی کے بارے میں پریزنٹیشن بنائیں اور جماعت میں پیش کریں۔
- متعلقہ سورتوں میں انبیاء کے واقعات سے متعلق مستند ذرائع سے معلومات تلاش کریں اور ہم جماعتوں کو بتائیں۔

## ب۔علوم القرآن

### حاصلاتِ تعلم:

فضائل قرآن، اسمائے قرآن، مکی و مدنی سورتوں کا تعارف، آیات احکام کے بارے میں جان کر قرآن کریم پر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-A-08] قرآن مجید کے فضائل اور خصوصیات (عالمگیریت، ابدیت، جامعیت، اور کاملیت) جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-09] قرآنِ مجید کے اسمائے مبارکہ اور ان کے معانی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-10] مکی، مدنی سورتوں کی تعریف اور خصوصیات جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-A-11] آیات احکام کے بنیادی تصور سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-A-12] اس بات پر ایمان پختہ کر سکیں کہ قرآن مجید ایک الہامی اور معجزاتی کتاب ہے۔<br>• [SLO: I-11-A-13] اعجاز القرآن پر یقین رکھتے ہوئے قرآن مجید کو آخری اور ابدی سرچشمہ ہدایت سمجھتے ہوئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

### مجوّزہ جانچ :

**تشکیلی جانچ:** سوالات، گفتگو، تصوراتی نقشہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار

**تکمیلی جانچ:** مکی و مدنی سورتوں کی خصوصیات کو ملا کر لکھا جائے اور طلبہ انھیں مکی و مدنی کے عنوان کے تحت الگ الگ لکھیں۔

معروضی و موضوعی سوالات پر مبنی تحریری امتحان لیا جائے۔

### مجوّزہ سرگرمیاں:

- طلبہ سے مندرجہ بالا موضوعات پر گفتگو کروائی جائے۔ تفویض کار کیا جائے کہ مزید معلومات اکٹھی کر کے لائیں۔
- قرآن مجید کے اسمائے مبارکہ اور خصوصیات کا عنوان دیا جائے اور گروہی سرگرمی کروائی جائے۔
- قرآن مجید کے اسماء اور قرآن مجید کی خصوصیات کے بارے میں چارٹ پر نکات لکھیں اور ان بنیادی نکات کے بارے میں جوڑے کی صورت میں کام کروایا جائے۔

## ج۔علوم الحدیث

**حاصلاتِ تعلم:**

حفاظت حدیث (تدوینِ حدیث کے ادوار، صحاح ستہ اور کتب اربعہ کی تدوین) ،حجیت حدیث، اقسام حدیث اور منتخب متن حدیث کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔

### علم

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- [SLO: I-11-A-14] حجیت و حفاظت حدیث کے تناظر میں تدوین حدیث کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-11-A-15] دور ثانی اور ثالث میں حدیث نبوی کی جمع و تدوین کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO: I-11-A-16] کتب حدیث (صحاح ستہ اور کتب اربعہ) اور اقسام حدیث کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO: I-11-A-17] شاملِ نصاب احادیثِ نبوی کا ترجمہ سمجھ کر اس کے عملی زندگی سے تعلق کا جائزہ لے سکیں۔

### صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- [SLO: I-11-A-18] اس بات پر ایمان پختہ کر سکیں کہ احادیث نبوی تحریری صورت میں محفوظ کی گئیں اور قرآن مجید کے بعد حدیث مبارک ہی ہدایت اور راہنمائی کا سرچشمہ ہے۔
- [SLO: I-11-A-19] حفاظت حدیث مبارکہ کے متعلق منکرین حدیث اور مستشرقین کے پیدا کردہ شبہات سے محفوظ رہ سکیں۔
- [SLO: I-11-A-20] مستند احادیث میں موجود تعلیمات کو سمجھ کر اپنی روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔

### مجوزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ متعلقہ حدیث کے مضمون کا خلاصہ بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ**

- منتخب احادیث میں موجود تعلیمات کا تحریری امتحان لیا جائے۔
- حفاظت حدیث کی اہمیت، دلائل اور دور ثانی و ثالث میں تدوین کے موضوع پر پریزینٹیشن دی جائے۔
- معروضی و موضوعی سوالات بنا کر جائزہ لیا جائے۔

### مجوزہ سرگرمیاں

- منتخب احادیث سے حاصل ہونے والے اسباق و احکام اخذ کر کے لکھیں۔
- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ منتخب احادیث میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں فہرست بنائیں۔
- مختلف ادوار میں تدوین حدیث کے لیے کیے گئے اقدامات، نکات کی صورت میں لکھیں۔
- دو گروپس بنائیں اور ان کے درمیان کتب حدیث کے موضوع پر کوئز کروائیں

## دائرہ کار۔۲:ایمانیات وعبادات

### 1:ایمانیات

**معیار:**

عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت وختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کر سکیں۔

**الف:توحید کے دلائل اور تقاضے**

**حاصلاتِ تعلم:**

طلبہ توحید کے دلائل اور تقاضوں کو جان کر اور سمجھ کر توحید پر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-B-01]توحید کے معنی ومفہوم کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-02] وجود باری تعالیٰ اور توحید کے دلائل سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-03]توحید وشرک کی اقسام اور توحید کے تقاضوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-04] عملی زندگی میں توحید کے فوائد واثرات اور شرک کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-B-05] اقسام توحید جان کر اپنا ایمان مضبوط کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-06] وجود باری تعالیٰ کے دلائل سے آگاہ ہو کر کفر و الحاد سے بچ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-07] توحید کے دلائل جان کر شرک سے پاک رہ سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ وجود باری تعالیٰ اور کائنات میں خدا کی نشانیوں کے بارے میں مواد تلاش کر کے کمرہ جماعت میں پیش کریں۔
- اثبات توحید اور رد شرک کے عقلی و نقلی دلائل جمع کریں۔

- اقسام توحید و اجتناب شرک کے بارے میں مستند کتب کا مطالعہ کر کے معاشرے میں اس کے عملی اطلاق کی صورتوں پر بحث کریں۔
- مندرجہ ذیل میں سے ایسے کاموں کی نشاندہی کریں جو عملی شرک کہلاتی ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مخلوق کو سجدہ کرنا | مظاہرِ فطرت کی پرستش | جھوٹ بولنا | عبادت میں ریاکاری | ظلم کرنا | خیانت کرنا |

## (ب) رسالت محمدی ﷺ کی خصوصیات

**حاصلاتِ تعلم:**

طلبہ قرآن وسنت کی روشنی میں رسالتِ محمدی کی خصوصیات جان سکیں خصوصاً ختم نبوت کی اہمیت سمجھتے ہوئے اس پر اپنا ایمان مضبوط کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ: |
| • [SLO: I-11-B-08] عقیدہ رسالت کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-09] وحی کی تعریف، اہمیت، اقسام اور صورتوں کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-10] رسالت محمدی کی خصوصیات اور معجزات کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-11] عقیدہ ختم نبوت کے عقلی و نقلی دلائل کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-11-B-12] رسالت محمدی کی خصوصیات جان کر اس پر ایمان کامل، محبت، اطاعت و اتباع اور تعظیم و توقیر کا مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-13] عقیدہ ختمِ نبوت کے تقاضوں کو سمجھ کر دعوت دین اور حفاظت دین کا فریضہ سر انجام دے سکیں اور انکار ختم نبوت کرنے والے کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھ سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ مستند کتب سیرت کا مطالعہ کر کے رسالت محمدی کی مزید خصوصیات تلاش کر کے نوٹ بک میں لکھیں۔
- طلبہ نبی کریم ﷺ کے مزید معجزات تلاش کر کے کمرہ جماعت میں بیان کریں۔
- ختمِ نبوت کی اہمیت اور تقاضوں پر مذاکرہ کا اہتمام کریں۔

## ج۔ ملائکہ پر ایمان

**حاصلاتِ تعلم:** فرشتوں کے تصور، تخلیق کا مقصد اور ذمہ داریوں سے آگاہ ہو سکیں۔ ان کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو کر ان پر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • [SLO: I-11-B-14]-13] عقیدہ ملائکہ کے نقلی و عقلی دلائل کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-15]-14] فرشتوں کی صفات، مقام و مرتبہ اور دنیوی و اخروی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-11-B-17] عقیدہ ملائکہ پر ایمان پختہ کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-11-B-18] ملائکہ کی تعظیم اور احترام کرنے والے بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| ● [SLO: I-11-B-16] -15] عقیدہ ملائکہ پر پختہ ایمان کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- ملائکہ سے متعلق مستند کتب کا مطالعہ کریں۔
- طلبہ گروپ کی صورت میں دنیا، حفاظت، موت، قبر اور آخرت سے متعلق ملائکہ کے کردار و ذمہ داریوں کی معلومات جمع کرکے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
- مندرجہ ذیل میں سے ملائکہ کی صفات کی نشاندہی کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عبادتِ الٰہی | کھانا، پینا، سونا | اطاعتِ امرِ الٰہی | وحی لے کر آنا | نکاح و اولاد | خدا کے فیصلے نافذ کرنا |

## (د) کتبِ سماویہ پر ایمان

**حاصلاتِ تعلم:** آسمانی کتب اور صحائف پر ایمان پختہ کرتے ہوئے قرآن مجید کو ہدایت کا آخری اور ابدی سرچشمہ سمجھ سکیں اور اپنی زندگیوں کو اس کی تعلیمات کے مطابق ڈھال سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| ● [SLO: I-11-B-19]-18] آسمانی کتب اور صحائف کے جامع تعارف اور نزول کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● وحی کو بطور مستند اور قطعی ذریعہ علم سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-20] -19] عقیدہ آسمانی کتب اور صحائف کے نقلی و عقلی دلائل کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-21] -20] آسمانی کتب کی مشترکہ تعلیمات اخذ کر سکیں۔ | ● [SLO: I-11-B-22] اس بات پر یقین رکھ سکیں کہ گزشتہ آسمانی کتب کی شریعت منسوخ ہو چکی ہے اور قرآن مجید ہی واحد آخری آسمانی کتاب ہے جو ہر قسم کی تحریف سے مکمل طور پر محفوظ ہے۔<br>● [SLO: I-11-B-23] قرآن مجید کی تعلیمات کی اہمیت جان کر ان پر عمل کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- عقیدہ آسمانی کتب سے متعلق سبق کے علاوہ معلومات تلاش کرکے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
- قرآن مجید اور دیگر آسمانی کتب کی خصوصیات کا موازنہ کریں۔
- قرآن مجید کے مندرجہ ذیل مضامین کی نشاندہی کریں۔ کسی ایک سورۃ کا حوالہ تحریر کریں۔

| مضامین | تخلیق کائنات کا ذکر | حیوانات کا ذکر | فلکیات کا ذکر | نباتات کا ذکر | جنات کا ذکر | ملائکہ کا ذکر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حوالہ سورۃ | | | | | | |

## (ہ) آخرت پر ایمان

**حاصلاتِ تعلم:**

عقیدہ آخرت، برزخ، حشر نشر، میزان، شفاعت، حوض کوثر، جنت، جہنم کے بارے میں جان کر اس پر ایمان پختہ کر سکیں۔ حیات بعد الموت کی کامیابی کو مقصد قرار دیتے ہوئے اس کے لیے تیاری کرنے والے بن سکیں۔

**علم**

- [SLO: I-11-B-24] عقیدہ آخرت کے جامع تعارف اور اس کے عقلی و نقلی دلائل سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO: I-11-B-25] برزخ، حشر نشر، میزان، پل صراط، شفاعت اور حوض کوثر کے تصورات کو سمجھ سکیں۔
- [SLO: I-11-B-26] جنت اور جہنم کی زندگی کا موازنہ کر سکیں۔
- [SLO: I-11-B-27] عملی زندگی میں عقیدہ آخرت کی اہمیت اور اس کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

- [SLO: I-11-B-28] دنیا کے عارضی ہونے اور عقیدہ آخرت پر ایمان پختہ کر کے فکر آخرت کو اپنی زندگی کا اولین مقصد بنا سکیں۔
- [SLO: I-11-B-29] عقیدہ آخرت کے تناظر میں زیادہ سے زیادہ نیکی کرنے والے اور برائیوں سے اجتناب کرنے والے بن کر حصول شفاعت کی کوشش کر سکیں۔

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

مجوزہ سرگرمیاں:

- عقیدہ آخرت سے متعلق قرآن و حدیث سے معلومات تلاش کر کے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
- عقیدہ آخرت سے متعلق مستند دینی کتب کا مطالعہ کریں اور مذکورہ موضوعات کے حوالہ جات تحریر کریں۔
- جنت اور جہنم کی زندگی کا موازنہ پر مبنی چارٹ بنائیں جس میں ان کے نام، وسعت، ملائکہ کے نام، دروازوں کی تعداد وغیرہ کا ذکر ہو۔
- انسانی زندگی کے دیے گئے مراحل کو ترتیب زمانی میں لکھیں۔

| عالم برزخ | عالم حشر | جنت یا جہنم | عالم دنیا | عالم ارواح | بطن مادر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

## 2۔ عبادات

**معیار:** ارکانِ اسلام اور دیگر عبادات میں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اصل روح کو جان کر اپنی زندگی ان کے مطابق گزاریں اور ان کے روحانی و معاشرتی فوائد حاصل کریں

### (الف) فلسفۂ نماز

**حاصلاتِ تعلم:**

نماز کے فلسفے اور اس کی معاشرتی اہمیت و اثرات کو سمجھتے ہوئے نماز کی پابندی کر سکیں۔ نیز اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

| | |
|---|---|
| ● [SLO: I-11-B-30] نماز کی اہمیت، فلسفے اور احکام کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-31] نماز میں خشوع خضوع اور اخلاص کی اہمیت کا ادراک کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-32] نماز کے روحانی وجسمانی فوائد اور معاشرتی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | ● [SLO: I-11-B-33] عملی زندگی میں نماز باجماعت کی پابندی کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-34] خشوع وخضوع اور اخلاص کے ذریعے تزکیہ نفس کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی کام، گروہی مقابلہ، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

## مجوزہ سرگرمیاں:

- طلبہ مستند کتب کے ذریعے اور اپنے بڑوں سے نماز کے احکام ومسائل سمجھیں۔
- نماز میں خشوع وخضوع پیدا کرنے کی تدابیر تلاش کر کے اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔
- سبق میں دی گئی نماز کی حکمتوں اور فضائل کے علاوہ مزید تلاش کریں۔
- نماز بے حیائی اور برائی سے روکنے میں کیسے مددگار ہوتی ہے۔ اس موضوع پر تقریر کا اہتمام کریں۔
- نماز باجماعت کے ذریعے مندرجہ ذیل میں سے آپ نے کون سی صفات واثرات محسوس کیے، نشاندہی کریں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وقت کی پابندی | نظم وضبط | خشوع وخضوع | عاجزی | اللہ تعالیٰ کا خوف محسوس ہونا | مساوات | جسمانی چستی |

## (ب) فلسفہ زکوٰۃ وصدقات

حاصلاتِ تعلم: زکوٰۃ وصدقات کی حکمتوں اور فلسفے کے بارے میں جان سکیں، اہم مسائل و آداب سمجھ سکیں اور صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اس پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>● [SLO: I-11-B-35] زکوٰۃ کی فرضیت اور حکمتوں کو جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-36] عُشر اور خُمس کے متعلق جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-37] زکوٰۃ کے احکام ومسائل اور آداب عاملین زکوٰۃ کی تحدید کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-38] زکوٰۃ وعشر اور خُمس کی حکمت اور فضائل سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-39] اسلام کے معاشی نظام میں زکوٰۃ وصدقات کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>● [SLO: I-11-B-40] صاحب نصاب ہونے کی صورت میں اپنے گھر والوں، بزرگوں یا علماء کی مدد سے زکوٰۃ کا حساب کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-41] زکوٰۃ وصدقات کو مستحقین تک پہنچانے کا ذریعہ بن سکیں۔<br>● [SLO: I-11-B-42] صدقات اور رفاہ عامہ کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے بن سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی کام، گروہی مقابلہ، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ اپنے گھر والوں، بزرگوں یا علماء کی مدد سے زکوٰۃ کا حساب کریں۔
- زکوٰۃ کے علاوہ فقراء و مساکین کی مدد کرنے کے دیگر طریقے اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔
- زکوٰۃ و عشر کی حکمتیں تلاش کریں اور کمرا جماعت میں ساتھیوں کو بتائیں۔
- زکوٰۃ و صدقات غربت ختم کرنے اور معاشی توازن قائم کرنے میں کیسے مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اس موضوع پر تحقیق کر کے کمرا جماعت میں مباحثہ کا اہتمام کریں۔

## (ج) فلسفہ صوم

### حاصلاتِ تعلم

روزے کا مقصد، اہمیت و فضیلت اور ماہِ رمضان میں نبی کریم ﷺ کے معمولات سے واقفیت حاصل کر کے انہیں اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • [SLO: I-12-B-43] روزہ کا فلسفہ، فرضیت، فضیلت، احکام و مسائل (ادا، قضاء، کفارہ اور فدیہ) اور اقسام کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-44] رمضان المبارک میں کیے جانے والے مسنون اعمال مثلاً قیام اللیل، کثرت صدقات، تلاوت قرآن، مسنون دعائیں، اعتکاف، شب قدر اور فطرانہ کی حکمتوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-45] عملی زندگی پر روزہ کے اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-12-B-46] آداب کے ساتھ روزہ رکھ کر تقویٰ اور صبر جیسی صفات اپنانے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-47] رمضان المبارک کے مسنون اعمال (تلاوت قرآن، اعتکاف، صدقہ و خیرات اور فطرانہ) وغیرہ کا اہتمام کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- روزہ کے احکام و مسائل (مفسدات، مکروہات) کی تفصیلات اپنے گھر، مساجد وغیرہ سے سیکھیں۔۔
- روزہ سے تقوی کا حصول کیسے ہوتا ہے؟ اس موضوع پر مذاکرہ کا اہتمام کریں -
- دیگر مذاہب میں روزے کے تصور اور تفصیلات کی معلومات مستند ذرائع سے حاصل کریں۔

## (د) فلسفہ حج و قربانی

### حاصلاتِ تعلم

مناسک حج، آداب اور حکمتوں کے بارے میں جان کر، اسے دین کا بنیادی ستون سمجھتے ہوئے صاحبِ استطاعت ہونے کی صورت میں حج کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • [SLO: I-12-B-48] حج کی فرضیت، حکمت اور فلسفے کو سمجھ سکیں۔ | • [SLO: I-12-B-52] صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-12-B-49] حج کے احکام و مسائل (شرائط، مناسک، اقسام وغیرہ) جان سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-50] قربانی کے فضائل، احکام اور مسائل سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-51] عملی زندگی پر حج کے انفرادی و اجتماعی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | آداب کے ساتھ حج اور قربانی کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-12-B-53] فلسفہ حج کو سمجھتے ہوئے اجتماعیت کی روح کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- حج کے احکام و مسائل (مفسدات، مکروہات) کی تفصیلات اپنے گھر، مساجد وغیرہ سے سیکھیں۔۔
- حج اور قربانی کے فلسفہ پر کمرا جماعت میں مباحثہ کروائیں۔
- احرام باندھنے کی اور تلبیہ کہنے کی عملی مشق کروائیں۔
- حج کے مندرجہ ذیل مناسک کو ترتیب وار لکھیں۔

| تلبیہ | میقات / احرام باندھنا | رمی جمرات | حلق یا قصر | طواف زیارت | ھدی (قربانی) | وقوف عرفات | طواف وداع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

## دائرہ کار۔۳: سیرتِ طیبہ

**معیار:**

سیرت نبوی سے عملی راہنمائی حاصل کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو عملی زندگی میں ڈھالنے کے دنیوی اور اخروی فوائد و ثمرات سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے اس پر عمل کر سکیں اور مثالی نبوی معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

**الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم بطور مثالی سربراہ خاندان**

حاصلاتِ تعلّم: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بطور سربراہ خاندان تعلیمات سے واقف ہو کر اپنی عملی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-11-C-1] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بطور سربراہ خاندان (تعلیمی، اخلاقی، اور نفسیاتی) کردار کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-2] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بطور سربراہ خاندان مختلف افراد (بزرگوں، ازواج، اولاد، بہن بھائیوں و دیگر اراکین خاندان) سے حسنِ تعامل کو سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-11-C-3] سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں سربراہ خاندان کی ذمہ داریوں پر عمل کے فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | [SLO: I-11-C-4] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے سربراہ خاندان کی عملی مثالیں جان کر انھیں اپنی عملی زندگی میں شامل کرتے ہوئے معاشرے اور خاندان کے استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>[SLO: I-11-C-5] سیرتِ نبوی کی روشنی میں سربراہ خاندان کی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے ادا کرنے کے ثمرات حاصل کر کے دنیوی راحت اور اخروی سعادت حاصل کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، معاشی سرگرمیوں میں شرکت۔

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان۔

## مجوزہ سرگرمیاں

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے سربراہ خاندان کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- روزمرہ زندگی میں سربراہ خاندان کی ایسی دس خوبیوں کی فہرست بنائیں جن کو اپنا کر ایک مثالی خاندان کی تشکیل کی جا سکتی ہے۔
- نیچے دیئے گئے سربراہ خاندان کے رویوں میں سے درست اور غلط رویوں کی نشاندہی کریں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ ان رویوں کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

| مشاورت | بے جا سختی | نگرانی | بے جا تنقید | حوصلہ افزائی | اظہار رائے کی آزادی |
|---|---|---|---|---|---|

- سربراہ خاندان کی ذمہ داریوں میں سے پانچ ایسی ذمہ داریوں پر نشان لگائیں جو آپ اپنے اندر پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

| ذمہ داریاں | بلوں کی ادائیگی | پودوں کی دیکھ بھال | سودا سلف کی خریداری | باورچی خانہ کی دیکھ بھال | گھر کی صفائی | ہجوم والی جگہوں پر افراد خانہ کی نگرانی | تنازعات کا حل | مشاورت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

| | |
|---|---|
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-C-6] سیرتِ نبوی کی روشنی میں سربراہ ریاست کے اوصاف اور کردار کی عملی مثالیں جان سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-C-10] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے سربراہ ریاست کی عملی مثالوں کو بوقت ضرورت اپنے کردار کا حصہ بنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-11-C-7] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بطور سربراہِ ریاست نبوی منہج (جہاد کے ذریعے امن و امان، استحکام، ترقی، بین الاقوامی تعلقات، امر بالمعروف و نہی عن المنکر) کے بارے میں شعور حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-8] ریاست مدینہ کے تناظر میں سیرت نبوی سے نظم ونسق کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-9] سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں سربراہ ریاست کی ذمہ داریوں کی ادائی کے فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-11-C-11] سربراہ ریاست کے نمایاں اوصاف کو اپنی مختلف سربراہی حیثیتوں میں عملی طور پر اپنا کر اپنی دنیا اور آخرت کو سنوار سکیں۔ |

## ج۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم بطور مثالی سپہ سالار

**حاصلاتِ تعلّم :** نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بطورِ سپہ سالار سیرت سے واقف ہو کر اس صفت کو اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-11-C-12] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں سپہ سالار کے اوصاف اور ذمہ داریوں سے واقف ہو سکیں۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی جہاد میں بطور سپہ سالار (اعلاء کلمۃ اللہ، مشاورت، امن و صلح کی ترجیح) تعلیمات کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-13] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں آدابِ جہاد، مقتولین کے بارے میں احکام، قیدیوں اور مفتوحین کے ساتھ حسن سلوک کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-14] سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں سپہ سالار کی ذمہ داریوں پر عمل کرنے کے فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-11-C-15] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم سے سپہ سالار کی ذمہ داریوں کی عملی مثالیں جان کر اسلام کے تصور جہاد اور دہشت گردی میں فرق کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-16] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں بطورِ سپہ سالار خصوصیات کو بوقت ضرورت اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-17] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بطورِ سپہ سالار خصوصیات کو روزمرہ زندگی میں اپنا کر معاشرے کے امن وامان اور استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

### مجوزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** مباحثہ، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی/ گروہی مقابلے، معروضی سوالات، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، معاشی سرگرمیوں میں شرکت۔

**تکمیلی جانچ :** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان ، معاشی سرگرمیوں کے کاموں میں شمولیت کا سالانہ پراجیکٹ۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے سپہ سالار کی خصوصیات کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- روزمرہ زندگی میں ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بطورِ سپہ سالار خصوصیات کو کب اور کہاں اپنا سکتے ہیں؟۔
- مستشرقین کی طرف سے جہاد پر کیے گئے اعتراضات کے مدلل جوابات پر مذاکرہ کروائیں جس سے جہاد اور دہشت گردی میں فرق واضح ہو۔

**د۔ نبی کریم ﷺ کی معاشی تعلیمات اور اسوہ**

حاصلاتِ تعلّم: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی معاشی تعلیمات اور اسوہ سے واقف ہو کر اسے اپنی عملی زندگی میں اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>• [SLO: I-11-C-18] سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں اسلام کے معاشی نظام اور اس کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-19] سیرتِ نبوی ﷺ کی معاشی تعلیمات (ارتکاز دولت کی مذمت، ذخیرہ اندوزی، سود کا خاتمہ، گردش دولت کے طریقے وغیرہ) سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-20] سیرت النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں معاشی تعلیمات پر عمل کے فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-11-C-21] سیرتِ نبوی کی معاشی تعلیمات کی مثالوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے ان کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-C-22] نبوی آداب کے مطابق معاشی سرگرمیوں کو اپنا کر معاشرے کے معاشی استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثہ، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، معاشی سرگرمیوں میں شرکت۔

**تکمیلی جانچ :** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان، معاشی سرگرمیوں کے کاموں میں شمولیت کا ماہانہ پراجیکٹ۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے معاشی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- معاشی استحکام کے انفرادی اور اجتماعی سطح پر اثرات کا جائزہ لیں۔
- سیرت طیبہ کی روشنی میں دورِ جدید کے معاشی ذرائع (ای کامرس وغیرہ) کے اخلاقیات پر مذاکرہ کروائیں۔

- نیچے دی گئی معاشی سرگرمیوں میں سے آپ کن کن میں حصہ لیتے رہے ہیں، ان کی نشان دہی کریں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ یہ کام آپ نے کب کیے، کس کی مدد سے کیے اور ان کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔ یہ بھی بتائیں کہ اس میں آپ نے نبوی آداب پر کیسے عمل کیا۔

| کمیٹی ڈالنا | پیسے جمع کرنا | شراکت داری | والدین کے کاروبار میں معاونت | ای کامرس | کھانے پینے اور دیگر اشیا کی خرید و فروخت |
|---|---|---|---|---|---|

- سیرت نبوی کی روشنی میں کامیاب معاشی سرگرمیوں کے لیے پانچ ایسی خوبیوں پر نشان لگائیں جو آپ اپنے اندر پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ وہ خوبیاں آپ کن کن کاموں سے پیدا کریں گے۔

| خوبیاں | خود اعتمادی | دیانت داری | وعدے کی پاسداری | ملاوٹ اور ذخیرہ اندوزی سے پرہیز | مل جل کر کام کرنا | مناسب قیمت پر اشیا کی خرید و فروخت | مستقل مزاجی اور محنت سے کام کرنا | وقت کی پابندی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاشی سرگرمی | | | | | | | | |

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

معیار: عائلی زندگی میں آدابِ معاشرت، حسنِ اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی فضیلت و اہمیت سے واقف ہوں اور اُن کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی اس کے مطابق ڈھال سکیں۔

### الف۔ اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت

حاصلات تعلم : قرآن و سنت کی روشنی میں اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی میں لاگو کرتے ہوئے ایک فلاحی معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

**علم**

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

- [SLO: I-11-D-01] اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-11-D-02] قرآن و سنت کی روشنی میں اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔
- [SLO: I-11-D-03] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سیرتِ اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کی مثالیں سمجھ سکیں۔
- [SLO: I-11-D-04] عملی زندگی میں اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کے معاشرتی فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-11-D-05] سیرتِ نبوی سے اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کی مثالوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے اسے اپنی زندگیوں کا حصہ بنا سکیں۔
- [SLO: I-11-D-06] عملی زندگی کے معاملات میں اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت کے کاموں میں شمولیت اختیار کر کے معاشرتی فلاح و بہبود میں اپنا کردار ادا کر کے اپنی دنیا و آخرت بہتر بنا سکیں۔

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رفاہ عامہ کے کاموں میں شمولیت

تکمیلی جانچ: معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان، رفاہ عامہ کے کاموں میں شمولیت کا سالانہ پراجیکٹ۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

- خطبہ حجۃ الوداع کی روشنی میں احترام انسانیت اور اجتماعی خیر خواہی کے چیدہ چیدہ نکات کی فہرست مرتب کریں۔
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اجتماعی خیر خواہی کے چند واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- روز مرہ زندگی میں ہم جن جن اجتماعی خیر خواہی کے کاموں میں شمولیت اختیار کر سکتے ہیں، ان کی فہرست بنائیں۔
- نیچے دیے گئے اجتماعی خیر خواہی کے کاموں میں سے آپ کن کن کاموں میں حصہ لیتے رہے ہیں، ان کی نشان دہی کریں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ ان کاموں کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

| محلے / کمرا جماعت کی | شجرکاری کی مہم | ناداروں کی مدد | پارکوں کی صفائی | معذوروں کی امداد | ہسپتال میں عوام کی راہنمائی |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صفائی | | | | | |

- اجتماعی خیر خواہی کے کاموں سے پانچ ایسی خوبیوں پر نشان لگائیں جو آپ اپنے اندر پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ وہ خوبیاں کن کن کاموں سے پیدا ہوتی ہیں۔

| خوبیاں | احترام انسانیت | ایثار | حقوق العباد کا احترام | خدمتِ خلق | جانوروں کا خیال | خداترسی | حسنِ اخلاق | سخاوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجتماعی خیر خواہی کے کام | | | | | | | | |

## ب۔ اخلاقی رذائل سے اجتناب (تعصب، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی، بد عنوانی)

**حاصلاتِ تعلم**: قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاقی رذائل (تعصب، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی، بد عنوانی) سے اجتناب کی اہمیت اور احکام کو سمجھ کر اپنی زندگی، ان رذائل سے بچ کر گزار سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

- [SLO: I-11-D-07] اخلاقی رذائل (تعصب، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی، بد عنوانی) کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-11-D-08] قرآن و سنت کی روشنی میں مذکورہ اخلاقی رذائل کی مذمت کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO: I-11-D-09] سیرتِ نبوی، سیرتِ اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مذکورہ اخلاقی رذائل سے اجتناب کی تلقین کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO: I-11-D-10] اس بات کا جائزہ لے سکیں کہ مذکورہ اخلاقی رذائل اپنانے سے معاشرے میں کون کون سے بگاڑ پیدا ہو سکتے ہیں اور ان کا تدارک کس طرح کیا جا سکتا ہے۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

- [SLO: I-11-D-11] قرآن و سنت کی روشنی میں مذکورہ اخلاقی رذائل کی مذمت سے آگاہ ہو کر روز مرہ زندگی میں اس سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔
- [SLO: I-11-D-12] روز مرہ زندگی کے معاملات میں مذکورہ اخلاقی رذائل سے اجتناب کر کے معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثے، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، رول پلے، تفویض کار، مشاہداتی چیک لسٹ

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان، انٹرویوز۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

● رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ میں اخلاقی رذائل (عصبیت، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی، بد عنوانی) سے اجتناب سے سبق حاصل کرتے ہوئے ان رذائل کے گناہ اور نقصانات کے متعلق مذاکرہ کرائیں۔
● عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کیونکر اخلاقی رذائل (عصبیت، خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی، بد عنوانی) سے بچتے ہوئے خلوص اور خیر خواہی کا رویہ اپنا سکتے ہیں۔

## (ج) معاشرتی تعلق کے اخلاق و آداب

**حاصلاتِ تعلم:** قرآن و سنت کی روشنی میں معاشرتی تعلق کے اخلاق و آداب کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی میں لاگو کرتے ہوئے ایک پر امن فلاحی معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-11-D-13]معاشرتی تعلق کے معنی و مفہوم اور اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-11-D-14] سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم اور سیرتِ اہلِ بیت اطہار و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے معاشرتی تعلق کے اخلاق و آداب کی روشن مثالیں سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-D-15]روز مرہ زندگی میں معاشرتی تعلق بشمول سوشل میڈیا کے استعمال کے آداب اور حدود و قیود کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-D-16] روز مرہ معاملات اور گھریلو زندگی میں معاشرتی تعلق کے اخلاق و آداب اپنانے کے معاشرتی فوائد و ثمرات کی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-11-D-17] سیرتِ نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سیرتِ اہلِ بیت اطہار و صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے معاشرتی تعلق کی مثالیں جان کر اپنے قول و فعل کا جائزہ لے سکیں۔<br>● [SLO: I-11-D-18]معاشرتی تعلق کے اخلاق اپنا کر معاشرے میں پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کے سدِّباب میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثہ، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، رول پلے، تفویض کار، مشاہداتی چیک لسٹ

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان، انٹرویوز،

**مجوزہ سرگرمیاں**

● معاشرتی تعلق کے اخلاق و آداب سے سبق حاصل کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر دوسروں کی کردار کشی کرنے کے گناہ اور نقصانات کے متعلق مذاکرہ کرائیں۔
● روز مرہ زندگی میں ہم اپنے گھر، خاندان یا محلے کے جن ممکنہ تنازعات اور جھگڑوں میں مصالحت اور صلح صفائی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، ان کی فہرست بنائیں۔
● معاشرتی تعلق کو نقصان پہنچانے والے عیوب کی نشان دہی کریں مثلاً استہزاء، بد گمانی وغیرہ

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت

معیار: باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کر سکیں۔

### الف۔ حقوق العباد (اساتذہ کرام، معاون عملہ، زوجین، اولاد، بیوہ)

**حاصلاتِ تعلم:** قرآن و سنت کی روشنی میں اساتذہ، طلبہ اور معاون عملہ کے حقوق کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں ان کی ادائیگی کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:۔<br>● [SLO: I-11-E-01] حقوق العباد کا معنیٰ و مفہوم اور اہمیت جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-02] قرآن و حدیث کی روشنی میں اساتذہ، معاون عملہ، زوجین، اولاد اور بیوہ کے حقوق کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-03] سیرتِ نبوی، سیرتِ اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مذکورہ حقوق العباد کی پاسداری کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-04] مذکورہ حقوق کی عدم ادائیگی کے دُنیوی اور اخروی نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ :۔<br>● [SLO: I-11-E-05] عملی زندگی میں انسانوں کے حقوق کی ادائیگی کرنے والے بن سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-06] آخرت میں حقوق العباد کی جواب دہی کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے حقوق کی عدم ادائیگی سے اجتناب کر سکیں۔ |

### مجوزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** مباحثہ، ذہنی آزمائش کے مختصر انفرادی / گروہی مقابلے، معروضی سوالات، گروہی اور انفرادی کام، تفویض کار، رول پلے

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان

### مجوزہ سرگرمیاں

- سیرتِ نبوی، سیرتِ اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مذکورہ حقوق العباد کی پاسداری کی مثالیں جمع کریں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- قرآن و حدیث کی روشنی میں اساتذہ کے حقوق کی فہرست مرتب کروائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کروائیں۔
- معاون عملہ کے ساتھ روز مرہ زندگی میں کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے، تبادلہ خیال کریں۔

### ب۔ وراثت کی اسلامی تعلیمات

**حاصلاتِ تعلم:** قرآن و سنت کی روشنی میں تقسیم وراثت کے احکام و مسائل کو جان کر ان کا فہم حاصل کریں اور روز مرہ زندگی میں ان مسائل کا جائزہ لے کر ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:۔<br>● [SLO: I-11-E-07] وراثت کے معنیٰ و مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-08] قرآن و سنت کی روشنی میں وراثت اور وصیت کے | ● [SLO: I-11-E-11] تقسیم وراثت اور وصیت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے روز مرہ زندگی میں اس پر عمل کرنے والے بن سکیں۔<br>● [SLO: I-11-E-12] خواتین اور یتیموں کی وراثت کی حساسیت کو سمجھتے ہوئے روز مرہ زندگی میں شرعی احکام پر عمل کرنے والے بن سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| احکام ومسائل سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-09] قرآن و سنت کی روشنی میں وراثت سے محروم کرنے والوں کے لیے وعید سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-10] وراثت کی ادائیگی کے فوائد اور عدم ادائیگی کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** مباحثے، ذہنی آزمائش، معروضی سوالات، رول پلے، تفویض کار، مشاہداتی چیک لسٹ

**تکمیلی جانچ:** معروضی اور انشائیہ ہفتہ وار اور ماہانہ تحریری امتحان،

**مجوزہ سرگرمیاں**

- طلبہ وراثت کے متعلق ایک آیت مبارکہ اور ایک حدیث مبارکہ سبق کے علاوہ تلاش کریں۔
- دورِ حاضر کے وراثت کے مسائل کے موضوع پر مذاکرہ کروائیں۔
- "اسلام کے معاشی نظام میں تقسیم وراثت کے ذریعے ارتکازِ دولت کا خاتمہ اور معاشی توازن" کے موضوع پر مذاکرہ کروائیں۔

## ج۔ نکاح و طلاق کی اسلامی تعلیمات

**حاصلاتِ تعلم:** قرآن و سنت کی روشنی میں نکاح و طلاق کی اسلامی تعلیمات کے بارے میں جان سکیں اور ان کے احکام و مسائل کو سمجھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>• [SLO: I-11-E-13] نکاح و طلاق / خلع کا مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-14] قرآن و سنت کی روشنی میں نکاح و طلاق / خلع کے احکام سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-15] روزمرہ زندگی میں شادی بیاہ میں ہونے والی غیر شرعی رسومات اور فضول خرچی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-16] عملی زندگی میں نکاح کے فوائد اور طلاق کے انفرادی اور اجتماعی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-11-E-17] نکاح و طلاق کے متعلق شرعی احکامات جان کر کامیاب عائلی زندگی گزارنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-11-E-18] روزمرہ زندگی میں شادی بیاہ میں ہونے والی غیر شرعی رسومات اور فضول خرچی کے نقصانات سمجھ کر ان سے اجتناب کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ طلاق و خلع کے نقصانات کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں۔

**تکمیلی جانچ:** نکاح و طلاق کے بارے میں دو قرآنی آیات کا ترجمہ تحریر کریں۔ مشقی معروضی اور موضوعی سوالات کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔

**مجوزہ سرگرمی**

- موجودہ دور میں طلاق / خلع کی شرح میں اضافے کی وجوہات اور اس میں کمی لانے کی تجاویز پر ایک مضمون تحریر کریں۔
- شادی بیاہ کی تقریبات میں غیر اسلامی رسومات کے خاتمے کے لیے مذاکرے کا اہتمام کیا جائے۔
- معاشرے میں رائج ظلم پر مبنی رسوم و رواج مثلاً سورہ، قتلِ غیرت وغیرہ کے خلاف کیا اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ اس موضوع پر گفتگو کا اہتمام کرائیں۔

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام

معیار

انبیاء کرام علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام رحمہم اللہ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

**الف۔ خلافتِ راشدہ**

**حاصلاتِ تعلم** خلافت راشدہ کا تعارف حاصل کر سکیں۔ خلافت راشدہ کی دینی اور سماجی خدمات کو جان کر اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:۔ |
| ● [SLO: I-11-F-01] خلافتِ راشدہ کا بطور فلاحی ریاست تعارف جان سکیں۔ | ● [SLO: I-11-F-05]خلافتِ راشدہ کے حسن انتظام اور عدل اجتماعی کے بارے میں جان کر اپنے اجتماعی معاملات میں نظم وضبط کے عادی ہو سکیں۔ |
| ● [SLO: I-11-F-02] خلافتِ راشدہ کی نمایاں خصوصیات اور امتیازی پہلوؤں کو سمجھ سکیں۔ | ● [SLO: I-11-F-06]خلافتِ راشدہ کی علمی خدمات سے رہ نمائی حاصل کر کے علم کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |
| ● [SLO: I-11-F-03] خلفائے راشدین کے دور میں رفاہِ عامہ، امانت، عدل وانصاف، جہاد، اقلیتوں سے حسنِ سلوک اور احتساب جیسی صفات کا جائزہ لے سکیں۔ | ● [SLO: I-11-F-07] خلفائے راشدین کی صفات وخصوصیات کو جان کر ان کی پیروی کرنے والے بن سکیں۔ |
| ● [SLO: I-11-F-04]خلفائے راشدین کے ادوار کی علمی ترقی اور انتظامی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | |

**مجوزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی کام، گروہی مقابلہ، معروضی سوالات۔

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سر گرمیاں:**

- طلبہ سبق کے علاوہ خلافت راشدہ کے متعلق دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔
- اسلامی نظام حکومت کی خصوصیات کے موضوع پر تقریر کا اہتمام کریں۔
- مندرجہ ذیل میں سے خلافت راشدہ کی خصوصیات کی نشان دہی کریں۔

| بحری بیڑے کا قیام | سیاسی اداروں کا قیام | بیت المقدس کی فتح | مرتدین اور منکرین ختم نبوت سے جہاد | خوارج سے جہاد | **اقدامات** |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | **ادوار** |

**(ب) ائمہ اہل بیت اطہار**

**حاصل تعلم:**

ائمہ اہل بیت اطہار کے تعارف اور سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں ان کے کردار کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • [SLO: I-11-F-08] ائمہ اہل بیت اطہار کا تعارف جان سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-09] ائمہ اہل بیت اطہار کے علم و تقویٰ کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-10] ائمہ اہل بیت اطہار کی صفات و اخلاق کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-11] ائمہ اہل بیت اطہار کی دینی و سماجی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-11-F-12] ائمہ اہل بیت اطہار کی علمی خدمات سے رہنمائی حاصل کر کے علم کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-13] ائمہ اہل بیت اطہار کی اصلاحی کوششوں سے سبق حاصل کر کے اصلاح معاشرہ میں اپنا کردار ادا کرنے والے بن سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-14] ائمہ اہل بیت اطہار کی صفات واخلاق جان کر ان کی پیروی کرنے والے بن سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ:**

تشکیلی جانچ: گروہی مقابلہ، علمی سرگرمیاں۔

تکمیلی جانچ: ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ ائمہ اہل بیت اطہار کی شخصیات کے متعلق معلومات اکٹھی کر کے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
- ائمہ اہل بیت اطہار کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کی فہرست بنائیں۔
- ائمہ اہل بیت اطہار کی دینی و سماجی خدمات کے موضوع پر مذاکرہ کریں۔
- مندرجہ ذیل صفات کن ائمہ اہل بیت اطہار کی خصوصیت ہیں۔

| جہاد فی سبیل اللہ | اشاعت علم وفقہ | حکومت وسیاست | امن وامان کا قیام | صبر و تحمل اور غصے پر قابو | **خصوصیات** |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | **ائمہ اہل بیت اطہار** |

**(ج) صوفیائے کرام**

**سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ**

**حاصل تعلم**

سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ اور میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کے مقام و مرتبہ اور خدمات و کردار سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

<table>
<tr>
<td>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-11-F-15] مذکورہ صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-16] ان کے اخلاق وصفات اور کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-17] اشاعت اسلام، خدمت دین، اتباع سنت، تصوف، روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں اُن کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔</td>
<td>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-11-F-18] مذکورہ صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہ کے دینی، روحانی، معاشرتی وسماجی کردار کے بارے میں جان کر عملی زندگی میں اُن کے اسوہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-F-19] ان کی سیرت کے روشن پہلوؤں، اتباع سنت کے جذبے، اور پاکیزہ تعلیمات سے سبق حاصل کر کے دنیا وآخرت میں کامیاب ہو سکیں۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوزہ جانچ:<br>تشکیلی جانچ: گروہی مقابلہ، علمی سرگرمیاں۔<br>تکمیلی جانچ: ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوزہ سرگرمیاں:<br>• طلبہ سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کے متعلق معلومات اکٹھی کر کے کمرا جماعت میں پیش کریں۔<br>• میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کی معاشرتی، سماجی، دینی اور روحانی خدمات کی فہرست بنائیں۔</td>
</tr>
</table>

## دائرہ کار۔۷: اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

**معیار:**

اسلامی تہذیب وتمدن کے خدوخال کی پہچان کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل (قومی اور بین الاقوامی) کے حل میں اپنا کردار ادا کرسکیں اور اس کی روح کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کرسکیں اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ سمجھیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں اسلامی، اخلاقی اور روحانی اقدار وروایات کو فروغ دے سکیں نیز یہ کہ غم وخوشی کے موقعوں پر اسلامی وغیر اسلامی تہذیب میں امتیاز کرسکیں۔

### الف۔ قانون کی پاسداری

**حاصلاتِ تعلم**

قرآن وسنت کی روشنی میں قانون کی پاسداری اور حکمرانی کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں قانون کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں:

- [SLO: I-11-G-01]اسلام کے نظام انصاف میں قانون کی پاسداری کی اہمیت جان سکیں۔
- [SLO: I-11-G-02]عصرِ حاضر میں قانون کی حکمرانی سمجھتے ہوئے اس کی پاسداری کا عہدِ رسالت وخلفائے راشدین سے موازنہ کرسکیں۔
- [SLO: I-11-G-03]قوانین پر عمل پیرا ہونے کے فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں:

- [SLO: I-11-G-04]زندگی کے معاملات میں قانون کی پاسداری کرکے معاشرتی فلاح وبہبود اور امن عامہ کے قیام میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔
- [SLO: I-11-G-05]قانون کے دائرہ میں رہتے ہوئے معاشرے کے کمزور طبقوں کو ایک باعزت مقام دلوانے میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

**مجوزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ قانون کی بالادستی اور پاسداری کے عنوان پر پریزنٹیشن تیار کریں اور کمرا جماعت میں پیش کریں۔

مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی وگروہی کام، معروضی سوالات

**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔

**مجوزہ سرگرمیاں**

- ہم قانون کی پاسداری کیسے کرسکتے ہیں، طلبہ ہم جماعتوں کے سامنے اظہارِ خیال کریں۔
- اسلامی معاشرے میں قوانین کی پابندی پر تقریری مقابلہ کروائیں۔
- قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے اور قانون شکنی کے نقصانات پر مذاکرہ کروائیں۔

### ب۔ اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں

**حاصلاتِ تعلم**

| |
|---|
| اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے لیے مسلمانوں کی ذمہ داریوں اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے متعلق جان کر اپنی اجتماعی ذمہ داریوں سے عہدہ بر آ ہو سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>● [SLO: I-11-G-06] فلاح و ترقی کے اسلامی تصور اور نشاۃ ثانیہ کا مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-07] مستقبل کی منصوبہ بندی میں مادی وسائل کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-08]-[10] اپنے سنہری اور قابل فخر ماضی کی ایجادات کو قابل تقلید جان کر امت مسلمہ کے موجودہ مسائل کا ادراک کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-09]-[14] امت مسلمہ کی ترقی کے لیے سائنس، ٹیکنالوجی، معیشت اور خود انحصاری کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>● [SLO: I-11-G-10]-[15] دور جدید کی ضروریات کے مطابق مسلمانوں کی معاشی و معاشرتی ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-11]-[17] ماضی کی عظیم اسلامی ہستیوں کو سنہرے نمونے جان کر ان پر بلاوجہ تنقید نہ کرنے اور ان پر فخر کرنے والے بن سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-12] فلاح و ترقی کے اسلامی تصور کو اپنا کر دنیا و آخرت کو سنوار سکیں۔ |

| |
|---|
| **مجوزہ جانچ:**<br>**تشکیلی جانچ:** مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔<br>**تکمیلی جانچ:** ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔ |
| **مجوزہ سرگرمیاں:**<br>● طلبہ گروپ کی صورت میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں تحریر کریں اور ہر گروپ کا ایک نمائندہ جماعت کے سامنے پیش کرے۔<br>● مسلمانوں کے سنہری دور کی سائنسی، سماجی، علمی، اخلاقی، تعمیراتی و دیگر میدانوں میں ترقی کی مثالیں تلاش کریں اور کمرا جماعت میں پیش کریں۔<br>● قوموں کا عروج و زوال علم ہی سے وابستہ ہے کے موضوع پر مذاکرہ کروائیں۔ |

| |
|---|
| **ج۔ اسلاموفوبیا اور ہماری ذمہ داریاں**<br>**حاصلاتِ تعلم** دنیا میں بڑھتے ہوئے اسلامو فوبیا کی صورتیں اور وجوہات کو جانتے ہوئے اس کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ :<br>● اسلام بطور دین امن و سلامتی کے بارے میں جان سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-13] اسلاموفوبیا کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-14] اسلامو فوبیا کی مختلف صورتوں کا تجزیہ کر سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-15] پیغام پاکستان کی روشنی میں مسلمانوں کے | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:<br>● [SLO: I-11-G-17] باہمی افہام و تفہیم اور احترام کو فروغ دے سکیں۔<br>● [SLO: I-11-G-18] مختلف عقائد، ثقافتوں اور عالمی نظریات کے لوگوں کے ساتھ تعمیری اور باعزت مکالمے میں مشغول ہونے کے |

<table>
<tr>
<td>درمیان اتحاد اور یکجہتی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-11-G-16]اسلاموفوبیا کا مقابلہ کرنے کے لیے نوجوانوں کی ذمہ داریوں (امتیازی طرزِ عمل کے خلاف آواز اٹھانا اور مثبت اقدامات اور مکالمے کے ذریعے اسلام کی مثبت تصویر کو فروغ دینا وغیرہ) کا ادراک کر سکیں۔</td>
<td>لیے تیار ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-11-G-19] میڈیا اور معاشرے میں اسلام اور مسلمانوں کی جانبدارانہ یا غیر منصفانہ تصویر کشی کی شناخت اور چیلنج کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• [SLO: I-11-G-20]-16[اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے علمی و عملی سطح پر ہر ممکن کردار ادا کر سکیں۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوزہ جانچ:<br>تشکیلی جانچ: مکالمہ، ذہنی آزمائش کا مقابلہ، انفرادی و گروہی کام، معروضی سوالات۔<br>تکمیلی جانچ: ہفتہ وار، ماہانہ اور سالانہ امتحانات۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوزہ سرگرمیاں:<br>• اسلاموفوبیا اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں کے عنوان پر مقابلہ مضمون نویسی کروایا جائے۔<br>• پیغامِ پاکستان کے تحت دیے گئے مشترکہ فتویٰ کو پڑھیں اور اس کے اہم نکات جماعت کے کمرے میں پیش کریں۔</td>
</tr>
</table>

# ہدایات برائے اساتذہ کرام

1. قرآن کریم کی تدریس کے لیے طلبہ کو کسی مستند قاری کی آواز میں آڈیو سنائی جائے تاکہ بچے تجوید کا خیال رکھ سکیں۔
2. روزمرہ کی مسنون دعائیں یاد کروائی جائیں اور ان کی اہمیت سے طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔
3. طلبہ کو عقائد و عبادات کی اصل روح سے آگاہ کیا جائے۔
4. اساتذہ طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، عظمت اور کبریائی کی پہچان کروائیں تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور توحید کے تقاضے بتائے جائیں۔
5. اساتذہ طلبہ کو اپنی زندگی پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنت کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب دیں۔
6. طلبہ کو اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت، انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دی جائے
7. اساتذہ طلبہ کو ختم نبوت کے عقیدہ کے بارے میں مکمل طور پر آگاہی دیں۔
8. واقعات اور روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی مثالوں سے بچوں میں باہمی تعاون اور برداشت کا جذبہ بیدار کریں اور خود بھی اس کا عملی نمونہ پیش کریں۔
9. اساتذہ بچوں کو اچھے اخلاق اور معاشرتی زندگی کے آداب سے آگاہی دیں تاکہ بچہ معاشرے میں ایک مفید اور کامیاب شہری بن سکے۔
10. طلبہ کو مستند حوالہ جات اکھٹے کرنے کی تاکید کی جائے۔
11. طلبہ میں نظم وضبط اور قانون کا احترام جیسی صفات پیدا کرنے کے لیے عملی کوشش کی جائیں۔
12. طلبہ میں عبادات کی اصل روح بیدار کی جائے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں اور اپنی بندگی کا اظہار کر سکیں۔
13. کتاب میں دی گئی مجوزہ سرگرمیاں کروانے سے طلبہ کی استعداد میں اضافہ ہوگا۔ تاہم ان کے علاوہ ضرورت اور سہولیات کے مطابق مزید سرگرمیاں کرائی جاسکتی ہیں۔
14. اساتذہ طلبہ کو حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد ادا کرنے کی ترغیب دیں اور روزمرہ مثالوں سے سمجھائیں۔
15. سمعی وبصری معاونات اور پراجیکٹ وغیرہ تدریس اسلامیات کو دلچسپ بنانے میں مددومددگار ثابت ہوں گے۔

## طریقہ تدریس

1. طلبہ سے سوالات پوچھنا
2. فکری قوت کا تحرک (Brainstorming)
3. جماعتی مباحثہ
4. انفرادی یا گروہ یا گروپ میں کام کرنا
5. مطالعاتی دورہ
6. سروے
7. رول پلے
8. پروجیکٹ / ٹیکنالوجی کا استعمال

## اساتذہ کے لیے اہم سوالات

- سبق کی بہتر تدریس کے لیے منصوبہ بندی (Lesson Planning) کر لی گئی ہے؟
- طلبہ کو کیا علم دینا چاہتے ہیں؟
- کن سرگرمیوں کو اختیار کرنے سے تدریسی مقاصد بہتر انداز میں حاصل ہو سکیں گے؟
- سرگرمیوں کی پیش رفت کے لیے کیا وسائل درکار ہوں گے؟
- کام کا تجزیہ کرنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ ان میں حائل رکاوٹوں کا تدارک کیا جا سکے؟
- حاصلات تعلم کے مطابق طلبہ کی تعلیم و تربیت کا اہتمام کیسے کیا جا سکتا ہے؟
- جدید سمعی و بصری معاونات کا استعمال کیونکر مدد و معاون ثابت ہو سکتا ہے؟

# جائزہ اور امتحانات

تدریسی عمل اور اس کی کامیابی کا جائزہ لینا بے حد ضروری ہوتا ہے یہ جائزہ فوری (Formative) بھی ہونا چاہیے اور معیادی (Summative) بھی ہونا چاہیے۔ جائزہ لیتے ہوئے بچوں کی یادداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم، اطلاق، تجزیہ، تشکیل اور تشخیص کی صلاحیتوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔

جائزہ اور امتحانات کا کچھ حصہ زبانی اور زیادہ تحریری ہونا چاہیے اور سالانہ امتحانات میں زبانی حصے کے نمبر بھی مخصوص کرنے چاہئیں تاکہ اس کی طرف امتحانی نظر سے بھی بھرپور توجہ رہے۔ زبانی جائزہ میں قرآن پاک کا تلفظ، ادائیگی، لب و لہجہ، روانی اور حسن قرأت کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

معروضی آزمائشوں پر توجہ کے ساتھ ساتھ جائزہ اور امتحانات کا زیادہ تر حصہ انشائی طرز کا ہونا چاہیے جس کے ذریعے بچوں کی تفہیم یعنی سمجھنے کی صلاحیت اور تجزیہ بشمول اطلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملے اور بچوں کے انداز بیان میں ربط و تسلسل پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

کوشش کرنی چاہیے کہ امتحان اور جائزہ کا عمل محض معلومات کی جانچ کے دائرے تک ہی محدود نہ رہے۔ بلکہ جائزہ اور جانچ کے عمل کے دوران نصابی کتب کے ساتھ ساتھ حاصل تعلّم کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے اور طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ طلبہ کو اپنے خیالات کو الفاظ میں ڈھالنے پر اضافی نمبر دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

# نصابی کتب کے مصنفین کے لیے رہنما اصول

1۔ علوم اسلامیہ کے موضوع پر ترتیب پانے والی تمام درسی کتب کا مواد قرآن وحدیث کی روشنی میں شامل کیا جائے اور ایسا کوئی تصور، نظریہ اور فکر شامل نہ کی جائے جو قرآن و سنّت سے متصادم ہو۔

2۔ اسلامی تعلیمات قرآن مجید، سنّت نبوی، علم الکلام، فقہ اسلامی، اخلاق و آداب اور تاریخ اسلام سے حسبِ ترتیب اور حسبِ ضرورت استفادہ کیا جائے۔

3۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مسلکی تعصب، اختلاف و منافرت، مقامی وعلاقائی روایات، آراء اور رجحانات شامل کرنے سے ہر ممکن اجتناب کیا جائے۔

4۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مظاہر فطرت کی مثالوں کی مدد سے طلبہ کو اسلامی عقائد، تصورات اور موضوعات سمجھائے جائیں۔

5۔ درسی کتب مرتب کرتے وقت کائناتی حقائق اور فنی و سائنسی امور میں اسلام کی صداقت اور حقانیت کو اجاگر کیا جائے تاکہ اسلام کی دیگر ادیان کے مقابلے میں برتری اور فوقیت اجاگر ہو۔

6۔ درسی کتب کو مرتب کرتے ہوئے اخلاق و آداب، کردار سازی اور حسنِ معاشرت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے تاکہ قرآن و سنت پر مبنی اسلامی تعلیمات طلبہ کے ذہنوں پر نقش ہوں اور طلبہ کو تمام تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب حاصل ہو سکے۔

7۔ نصاب میں دیے گئے تمام حاصلات تعلم بشمول علم اور صلاحیت کا احاطہ سبق میں کر دیا جائے۔ جانچ اور سرگرمیاں مجوزہ ہیں اور ان کے علاوہ سرگرمیوں کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

8۔ علومِ اسلامیہ کی درسی کتب میں بہت سی محترم اور مقدس شخصیات کا ذکر آتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان محترم شخصیات کے ناموں کی نہ صرف املا درست ہو بلکہ ان کے اسمائے گرامی کے ساتھ تعظیمی اور تکریمی عبارات بھی شامل ہوں، مثلاً

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم
  نبی کریم یا اسم ضمیر (آپ) کی صورت میں صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم
- انبیائے کرام کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام
- صحابی رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ
- صحابیہ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہا
- بزرگ، ولی، محدث، فقیہہ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ
- صرف رمضان کی جگہ رمضان المبارک

9۔ اسلامیات کی درسی کتب میں درج ذیل تکریمی امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، مثلاً

- خالق کائنات کے لیے اللہ تعالیٰ

- صرف مکہ کی جگہ — مکہ مکّرمہ
- صرف مدینہ کی جگہ — مدینہ منّورہ
- قرآن کی جگہ — قرآن مجید
- دیگر آسمانی کتابوں کے ناموں کے ساتھ — مقدّس
- صرف حدیث کی جگہ — حدیث مبارک

10۔علوم اسلامیہ کی درسی کتب میں قرآن وحدیث کے اقتباسات اور تراجم درست نقل کیے جائیں اور حوالے دیے جائیں۔مثال کے طور پر (البقرۃ:۳۱) یا صحیح بخاری: 1216

11۔درسی کتب مرتب کرتے وقت کتاب کے ہر سبق کے آخر میں طلبہ کو ایسا پیغام دیں کہ وہ ان کی عملی زندگی میں کام آسکے۔

12۔ایسی اسلامی معلومات اور تعلیمات شامل کی جائیں جو طلبہ کی ذہنی تربیت کرسکیں اور انہیں تزکیہ نفس اور کردار سازی کی ترغیب دے سکیں۔

13۔طلبہ کی عمر، جماعت اور ذہنی سطح کے مطابق تمام مواد کی تحریر سادہ، آسان الفاظ پر مشتمل اور عام فہم ہو۔الفاظ واصطلاحات کی املا درست ہو اور تمام مواد معیاری، مستند اور چربہ سازی سے پاک ہو۔

14۔عنوانات اور ذیلی عنوانات مناسب جلی الفاظ میں تحریر ہوں۔

15۔موضوعات کو مختصر، مربوط اور مناسب پیراگراف میں تقسیم کیا جائے جو اپنا مکمل اور واضح تصور رکھتے ہوں۔

16۔ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام کے عنوان کے تحت اسباق میں مذکور شخصیات کو ایک ہی سبق میں ترتیب وار ذکر کر دیا جائے۔اس ذکر میں ہر شخصیت کا نام ونسب، مختصر تعارف، دینی، علمی ومعاشرتی خدمات اور خصوصیات وامتیازات کا ذکر ایک یا دو پیراگراف میں کر دیا جائے۔

17۔سبق میں دی جانے والی تعلیمات اور معلومات کا موجودہ دور کے حالات سے ربط ہو تاکہ طلبہ آج کے دور میں ایک مفید فرد بن سکیں۔

18۔درسی کتب مرتب کرتے ہوئے فاضل مصنفین کتاب غیر ضروری طوالت سے پرہیز کریں اور جہاں ممکن ہو جدول وغیرہ کی مدد سے حاصل تعلّم کو شامل کریں۔

19۔ہر سبق کے شروع میں حاصل تعلّم درج کرنے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ اساتذہ ان کے تحت طلبہ کی تعلیم وتربیت کرسکیں۔

20۔قران مجید کا متن انجمن حمایت اسلام کے نسخے کے مطابق ہو جو وزارت مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔آیات کے ترجمہ کے لیے متفقہ ترجمہ قران مجید (حکومت پاکستان کا منظور شدہ) استعمال کیا جائے۔

21۔اسلامیات کی درسی کتب مرتب کرتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ پورا مواد مستند مصادر سے اخذ کیا جائے اور جو فرقہ واریت اور مسالک کی فکر سے بالاتر ہو کر اسلام کی سچی تصویر پیش کرتا ہو اور عالمی مذاہب میں باہمی ہم آہنگی کو فروغ دے۔

22۔ ہر سبق کے آخر میں طلبہ کے لیے سر گرمیوں اور اساتذہ کے لیے ہدایات کا اضافہ کیا جائے کیونکہ بعض اسباق کے مقاصد کی تکمیل سر گرمیوں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(الف) طلبہ کے لیے ایسی دل چسپ سر گرمیاں شامل ہوں جو انہیں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں جیسے بڑوں کی عزت، غریبوں کی مدد، صفائی کا خیال، عبادت کی ترغیب وغیرہ۔

(ب) اساتذہ کرام کے لیے ایسی ہدایات شامل کی جائیں کہ وہ طلبہ کو مزید معلومات فراہم کریں تاکہ طلبہ کی کردار سازی ہو، وہ سچے مسلمان اور مفید شہری بن سکیں۔ مثلاً طلبہ کو وضو اور نماز کا طریقہ گھر یا مسجد سے سیکھنے کی ترغیب دیں۔

23۔ درسی کتب میں ہر سبق / کتاب کے آخر میں نئے الفاظ اور اصطلاحات کے معنی شامل کیے جائیں۔

24۔ سیرت رسول کے باب میں صرف سیرت النبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واقعات دیئے جائیں۔

25۔ سیرت و اسلامی تاریخ کے واقعات میں انسانوں کی تصاویر سے گریز کیا جائے بلکہ مظاہر قدرت، مظاہر فطرت، مساجد اور مدارس کی تصاویر اور نقشہ جات سے کتب کو مزّین کیا جائے۔

26۔ درسی کتب کا اولین صفحہ کسی موزوں اسلامی تہذیبی و ثقافتی تصویر، نقشے یا خاکے سے مزین ہو۔

27۔ درسی کتب میں جمیل نوری نستعلیق فانٹ استعمال کیا جائے۔

28۔ ہر کتاب قومی نصاب 2023 کے عین مطابق ترتیب دی جائے۔

29۔ مصنفین کا مختصر تعارف کتاب کے آخر میں شامل کیا جائے۔

30۔ اسلامیات کی کتب کی مجوزہ ضخامت درج ذیل ہے:

| جماعت | مجوزہ صفحات کی تعداد |
|---|---|
| ۱ | ۵۰ سے ۶۰ |
| ۲ | ۶۰ سے ۷۰ |
| ۳ | ۷۰ سے ۸۰ |
| ۴ | ۸۰ سے ۹۰ |
| ۵ | ۹۰ سے ۱۰۰ |
| ۶ | ۱۰۰ سے ۱۲۰ |
| ۷ | ۱۰۰ سے ۱۲۰ |
| ۸ | ۱۰۰ سے ۱۲۰ |

| | |
|---|---|
| ۹ | ۱۲۰سے ۱۴۰ |
| ۱۰ | ۱۲۰سے ۱۴۰ |
| ۱۱۔۱۲ | ۱۲۰سے ۱۴۰ |

## مشقی سوالات سے متعلقہ ہدایات

مشقی سوالات بناتے وقت مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

1۔ ہر سبق کے آخر میں مشقوں کا اضافہ کیا جائے۔ سوالات کا طریقہ تین طرح سے منقسم ہو۔

الف: معروضی (خالی جگہ ،کالم ملانا، کثیر الانتخابی)۔ جماعت اول و دوم کے لیے کثیر الانتخابی تین آپشنز۔

معروضی (کثیر الانتخابی )۔ جماعت سوم تا انٹر میڈیٹ کے لیے چار آپشنز۔

ب: نیم معروضی (مختصر سوالات)۔ نیم معروضی سوالات فہمی صلاحیتوں کی جانچ پر مشتمل ہوں۔

ج: موضوعی سوالات (تفصیلی سوالات)۔ موضوعی سوالات تخلیقی، تنقیدی اور تجزیاتی صلاحیتوں کی جانچ پر مشتمل ہوں۔

2۔ بچوں کی یاداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مد نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم اور اطلاق کو بھی مد نظر رکھا جائے۔

3۔ سوالات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق مقررہ اسباق میں سے پوچھے جائیں، تمام سوالات حاصلات تعلّم سے اخذ شدہ ہوں۔ سوالات علم (Knowledge)، فہم (Understanding) اور اطلاق (Application) پر مبنی ہوں۔

4۔ ہر جماعت میں سوالات کی تعداد تدریجاً بڑھائی جائے۔

5۔ معروضی، نیم معروضی اور موضوعی سوالات میں باہمی تکرار سے گریز کیا جائے۔

# ضمیمہ احادیث

# اول تا دوازدہم

## جماعت اول

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ<br>صفائی نصف ایمان ہے۔ | صحیح مسلم، حدیث: ۵۳۴ | مستدرک الوسائل ومستنبط المسائل، ج1، ص: 365 |

## جماعت دوم

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا<br>جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجتا ہے۔ | صحیح مسلم، کتاب صلاۃ، حدیث: ۳۸۴ | الکافی، ج2، ص: 494 |
| 2. | الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ<br>نیکی حسن اخلاق کا نام ہے | صحیح مسلم حدیث: ۶۵۱۶ | نہج الفصاحۃ، ص: 376 |

## جماعت سوم

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ<br>بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ | صحیح بخاری، باب کیف کان بدء الوحی إلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ح1 | تہذیب الاحکام، ج4، ص: 187 |
| 2 | خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ<br>تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو خود قرآن مجید سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔ | صحیح بخاری، باب خَیرُکُم مَن تَعَلَّمَ القُرآنَ وَعَلَّمَہُ، ح5027 | مستدرک الوسائل، ج4، ص: 236 |
| 3 | الدُّعَاءُ مخ ٌالعِبَادَةِ<br>دعا عبادت کا مغز (حاصل ونچوڑ) ہے۔ | سنن ترمذی، بَاب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ، ح3371 | وسائل الشیعۃ، ج7، ص: 35 |
| 4 | كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ<br>ہر نیکی کا کام صدقہ ہے۔ | صحیح بخاری، بَابٌ: كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، ح6021 | من لا یحضرہ الفقیہ، ج2، ص: 56 |

# جماعت چہارم

| | | | |
|---|---|---|---|
| .1 | مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللَّهَ | سنن ترمذي،بَابُ مَا جَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ،ح1954 | مستدرک الوسائل ومستنبط المسائل،ج12،ص: 359 |
| | جس شخص نے کسی دوسرے انسان کا شکرادا نہیں کیا، اس نے اللہ کا شکرادا نہیں کیا۔ | | |
| .2 | لَا يَدْخُلُ الجَنَّةَ قَتَّاتٌ | صحيح بخاري،بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّمِيمَةِ، ح6056 | من لایحضره الفقیہ، ج4، ص: 7 |
| | بدگوئی کرنے والاجنت میں داخل نہیں ہوگا۔ | | |
| .3 | لاَ يَرْحَمُ اللَّهُ مَنْ لاَ يَرْحَمُ النَّاسَ | سنن ترمذي،بَابُ مَا جَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ،ح1954 | مستدرک الوسائل ومستنبط المسائل،ج12،ص: 359 |
| | اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔ | | |
| .4 | إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلاَقًا | صحيح بخاري، بَابُ مَنَاقِبِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، ح 3759 | الکافی، ج2، ص: 103 |
| | بے شک میرے نزدیک تم میں سے عزیز تر وہ ہے جو اخلاق میں سب سے بہتر ہے۔ | | |
| .5 | لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ | صحيح مسلم، بَابُ بَيَانِ تَحْرِيمِ إِيذَاءِ الْجَارِ،ح: 46 | مستدرک الوسائل، ج:8، ص: 422 |
| | وہ شخص جنت میں نہ جائے گا، جس کے پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔ | | |

# جماعت پنجم

<table>
<tr><td>1.</td><td>إذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ</td><td>صحيح مسلم، بَابُ إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ، 6120</td><td>بحار الانوار, ج68، ص: 334</td></tr>
<tr><td colspan="4">جب (کسی شخص کو) حیا (کی فکر) نہ ہو تو وہ جو چاہے کرے۔</td></tr>
<tr><td>2.</td><td>لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ</td><td>سنن دارمي،بَاب: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ، ح2782</td><td>نہج الفصاحۃ، ص: 679</td></tr>
<tr><td colspan="4">تم میں سے کوئی (کامل) ایمان نہیں لایا حتیٰ کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہ پسند کرے جو وہ اپنی ذات کے لیے پسند کرتا ہے۔</td></tr>
<tr><td>3.</td><td>مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ، يُحْرَمِ الْخَيْرَ</td><td>صحیح مسلم، بَابُ فَضْلِ الرِّفْقِ، ح2592</td><td>الکافی, ج2، ص: 120</td></tr>
<tr><td colspan="4">جو شخص نرمی/احسان کا دامن چھوڑا، گویا اس نے خیر کو خود پر حرام کیا۔</td></tr>
<tr><td>4.</td><td>لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ</td><td>صحيح مسلم، بَابُ صِلَةِ الرَّحِمِ وَتَحْرِيمِ قَطِيعَتِهَا، ح 2556</td><td>بحار الانوار، ج71، ص 91</td></tr>
<tr><td colspan="4">قطع رحمی کرنے والا (شخص) جنت میں داخل نہیں ہوگا۔</td></tr>
<tr><td>5.</td><td>لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ</td><td>سنن دارمی، 2782</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="4">تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔</td></tr>
</table>

| | | | |
|---|---|---|---|
| .6 | اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لاَ نَبِيَّ بَعْدِي | سنن ترمذي، بَابُ مَا جَاءَ لاَ تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ كَذَّابُونَ، ح2219 | بحارالانوار، ج28، ص: 32 |
| میں خاتم النبیّین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ | | | |
| .7 | مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي | صحيح مسلم، بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا»، ح164 | الوافی، ج18، ص: 970 |
| جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔ | | | |

## جماعت ششم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى البِرِّ، وَإِنَّ البِرَّ يَهْدِي إِلَى الجَنَّةِ، | بخاری:۶۰۹۴ | شرح الکافي، ج1، ص:465 |
| | سچائی نیکی کا راستہ دکھاتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے | | |
| ۲۔ | قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ قَالَ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أُمُّكَ ثُمَّ أَبُوكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ | مسلم ۲۵۴۸ | بحار الانوار، ج71، ص49 |
| ایک شخص نے پوچھا: اللہ کے رسول! لوگوں میں سے (میری طرف سے) حسن سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "تمہاری ماں، پھر تمہاری ماں، پھر تمہاری ماں، پھر تمہارا باپ، پھر جو تمہارا زیادہ قریبی (رشتہ دار) ہو، (پھر جو اس کے بعد) تمہارا قریبی ہو۔" (اسی ترتیب سے آگے حق دار بنیں گے۔) | | | |
| ۳۔ | مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الخَمْسِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ غَمْرٍ على بَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ | مسلم ۶۶۸ | الوافی ج:7 |
| پانچ نمازوں کی مثال اس لبالب جاری نہر کی طرح ہے جو تم میں سے کسی شخص کے دروازے پر ہو، وہ اس سے روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو۔ | | | |
| ۴۔ | المَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبّ | بخاری ۶۱۶۸ | وسائل الشیعۃ، ج16، |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | ص183 |
| | (روزِ قیامت) ہر آدمی اس کے ساتھ محشور ہو گا جس سے وہ دنیا میں محبت کرتا ہو گا۔ | | |
| ۵۔ | وَلاَ تَحَاسُدَ | (بخاری ۳۲۵۴) | بحارالانوار، ج73، ص38 |
| | آپس میں حسد نہ کرو۔ | | |
| ۶۔ | لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ | (صحیح بخاری ۱۴) | بحارالانوار، ج37، ص86 |
| | تم میں سے کوئی بھی ایمان دار نہیں ہو سکتا تا آنکہ میں اسے اس کے والد اور اس کی اولاد سے زیادہ محبوب نہ بن جاؤں۔ | | |
| ۷۔ | لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللَّهُ عَلَيْك | بخاری:۱۴۳۳ | نھج الفصاحۃ، ص:267 |
| | صدقہ دینے کے لیے گن گن کر مت رکھو، ورنہ اللہ بھی تمھیں گن گن کر ہی دے گا | | |

## جماعت ہفتم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | قَالَ اللَّهُ: أَنْفِقْ يَا ابْنَ آدَمَ أُنْفِقْ عَلَيْكَ | بخاری:۵۳۵۲ | الکافی، ج7، ص:341 |
| | اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! تو خرچ کر، میں تجھ پر خرچ کروں گا۔ | | |
| ۲۔ | مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَطْلُبُ فِيهِ عِلْمًا سَلَكَ اللَّهُ بِهِ طَرِيقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ | سنن ابی داوود: ۳۶۴۱ | بحار الانوار، ج108، ص:18 |
| | جو شخص کسی راستے میں حصول علم کی خاطر چلا ہو، تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کی راہوں میں سے ایک راہ پر چلائے گا۔ | | |
| ۳۔ | آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلاَثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ. | بخاری ۳۳ | بحار الانوار، ج74، ص46 |
| | منافق کی تین نشانیاں ہیں: جب بات کہے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔ | | |
| ۴ | إِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ | بخاری ۳۹ | |
| | بے شک دین اسلام بہت آسان ہے | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۔ | الْيَدُ الْعُلْيَاخَيْرٌ مِنْ الْيَدِ السُّفْلَى | بخاری ۲۵۳۳ | الکافي، ج4، ص:12 |
| | دینے والا ہاتھ، لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ | | |
| ۶۔ | وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ | مسلم ۲۶۹۹ | نہج الفصاحۃ، ص:248 |
| | اللہ تعالیٰ اس وقت تک بندے کی مدد میں لگا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے | | |
| ۷۔ | لَيْسَ الشَّدِيدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الغَضَبِ | بخاری ۶۱۱۴ | بحار الانوار، ج74، 151 |
| | پہلوان وہ نہیں جو کشتی کرتے وقت دوسرے کو بہت زیادہ پچھاڑنے والا ہو کہ بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے کی حالت میں اپنے آپ پر کنٹرول کرلے۔ | | |

## جماعت ہشتم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | الحیاء شعبةمِن الْایمانٌ | بخاری ۲۶ | مستدرک الوسائل، ج۸، ص ۴۶۳ |
| | حیا ایمان کا حصہ ہے۔ | | |
| ۲۔ | الكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ | بخاری ۲۹۸۹ | بحارالانوار، ج۸۰، ص ۳۶۹ |
| | اچھی بات صدقہ ہے۔ | | |
| ۳۔ | المؤمن لِلْمؤْمن كالبُنْيان يَشُدُّ بَعْضه بَعْضا | بخاری 481 | جامع الاخبار، ص85 |
| | ایک مومن دوسرے مومن کے لیے ایک عمارت کی طرح ہے کہ اس کے ایک حصے سے دوسرے حصے کو تقویت ملتی ہے۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۔ | اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ | بخاری ۶۰۲۳ | الوافی، ج ۲۶، ص ۱۶۳ |
| | جہنم سے بچو، اگرچہ کھجور کا ٹکڑا دینے سے ہو۔ | | |
| ۵۔ | عَائِدُ الْمَرِيضِ فِي مَخْرَفَةِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَرْجِعَ | بخاری ۲۵۶۸ | شرح فروع الكافي، ج2، ص:103 |
| | مریض کی عیادت کرنے والا واپس آنے تک جنت کے درمیان گزرنے والی روش پر ہوتا ہے۔ | | |
| ۶۔ | أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ | بخاری 5200 | بحار الانوار (ط-بیروت)، ج 72، ص: 39 |
| | تم سب نگہبان ہو اور تم سب سے اپنی رعایا کے متعلق باز پرس ہوگی۔ | | |
| ۷۔ | كفٰى بِالمَر ِكَذِبا اَنْ يُحَدّثَ بِكُلِ مَا سَمِعَ | مسلم 4.02 | بحار الانوار، ج ۱۴، ص ۴۹۴ |
| | آدمی کے جھوٹا ہونے کیلیے کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات آگے منتقل کردے۔ | | |
| ۸۔ | المُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ المُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ | بخاری ۱۰ | وسائل الشیعۃ، ج ۱۲، ص ۲۷۸ |
| | مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں | | |

# جماعت نہم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ | اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ | سنن ترمذي 1162 | وسائل الشيعة، ج12، ص: 157 |
| | تم میں سے بہترین ایمان والا وہ ہے جو اپنے اخلاق میں بہترین ہے، اور تم میں سے بہترین وہ ہیں جو اپنی عورتوں سے بہترین سلوک کرنے والے ہیں۔ | | |
| ۲۔ | مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا | سنن ترمذي 1920 | بحار الانوار، ج93، ص:232 |
| | وہ جو ہمارے بچوں پر رحم نہیں کرتا، اور ہمارے بزرگوں کا حق نہیں پہچانتا وہ ہم میں سے نہیں۔ | | |
| ۳۔ | أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللَّهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، فَإِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتَّى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا وَإِنْ أَبْطَأَ عَنْهَا، فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، خُذُوا مَا حَلَّ، وَدَعُوا مَا حَرُمَ | سنن ابن ماجہ ۲۱۴۴ | نہج الفصاحۃ ص:366 |
| | اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور اعتدال کے ساتھ روزی طلب کرو کیونکہ کوئی انسان اپنا رزق پورا کیے بغیر نہیں مرے گا اگرچہ اس رزق کے حصول میں دیر ہو جائے۔ چنانچہ اللہ سے ڈرو اور اچھے طریقے سے روزی طلب کرو۔ جو حلال ہے، وہ لے لو اور جو حرام ہے، وہ چھوڑ دو | | |
| ۴۔ | مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ وَيُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ | مسلم ۶۵۲۴ | نہج الفصاحۃ ص:762 |
| | جو چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں فراخی ہو اور اس کی عمر لمبی ہو تو وہ صلہ رحمی کرے | | |
| ۵۔ | عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَبَائِرِ، قَالَ: الشِّرْكُ بِاللهِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَقَوْلُ الزُّورِ. | مسلم ۸۸ | الوافي، ج4، ص:112 |
| | کبائر کے بارے میں فرمایا: اللہ کی ذات میں شرک کرنا؛ والدین کی نافرمانی کرنا؛ قتل کرنا اور جھوٹ بولنا۔ | | |
| ۶۔ | إِنَّ إِخْوَانَكُمْ خَوَلُكُمْ جَعَلَهُمُ اللَّهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ، فَمَنْ كَانَ أَخُوهُ تَحْتَ يَدِهِ، فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلاَ تُكَلِّفُوهُمْ | بخاری ۲۵۴۵ | بحار الانوار، ج71، ص:142 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | مَا يَغْلِبُهُمْ، فَإِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَأَعِينُوهُمْ | | |
| | تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں، انہیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے ماتحت رکھا ہے، چنانچہ جس شخص کا بھائی اس کے قبضے میں ہو، اسے چاہیئے کہ اسے وہی کھلائے جو خود کھاتا ہے اور اسے وہی لباس پہنچائے جو وہ خود پہنتا ہے۔ اور ان سے وہ کام نہ لو جو ان کی طاقت سے زیادہ ہو۔ اور اگر ایسے کام کی انہیں زحمت دو تو خود بھی ان کا ہاتھ بٹاؤ | | |
| ۷۔ | مَنْ أُفْتِيَ بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ وَمَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيهِ بِأَمْرٍ يَعْلَمُ أَنَّ الرُّشْدَ فِي غَيْرِهِ فَقَدْ خَانَهُ | سنن ابی داود ۳۶۵۷ | بحار الانوار، ج2، ص:124 |
| | جس نے علم کے بغیر فتویٰ دیا تو عمل کرنے والے کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہو گا اور جس نے اپنے بھائی کو کوئی ایسا مشورہ دیا جبکہ اسے علم تھا کہ بھلائی اس کے خلاف میں ہے تو اس نے اس کی خیانت کی | | |
| ۸۔ | الْحَيَاءُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ | صحیح مسلم ۳۷ | شرح الكافي-الأصول و الروضة، ج1، ص:354 |
| | حیا سے ہمیشہ بھلائی پیدا ہوتی ہے | | |
| ۹۔ | اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا | ابن ماجہ ۹۲۵ | الكافي، ج4، ص:431 |
| | اے اللہ! بے شک میں تجھ سے فائدہ دینے والا علم، حلال روزی اور قبولیت والا عمل مانگتا ہوں۔ | | |
| ۱۰۔ | كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ، دَمُهُ، وَمَالُهُ، وَعِرْضُهُ | مسلم ۲۵۶۴ | جامع أحاديث الشيعة ج31، ص:76 |
| | ہر مسلمان پر (دوسرے) مسلمان کا خون، مال اور عزت حرام ہیں | | |

# جماعت دہم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ | أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الطَّاعُونَ فَقَالَ بَقِيَّةُ رِجْزٍ أَوْ عَذَابٍ أُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ فَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا مِنْهَا وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلَا تَهْبِطُوا عَلَيْهَا | ترمذی ۱۰۶۵ | شرح الکافي-الأصول و الروضة، ج12، ص: 43 |
| | یہ اس عذاب کا بچا ہوا حصہ ہے، جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بھیجا گیا تھا جب کسی زمین (ملک یا شہر) میں طاعون ہو جہاں پر تم رہ رہے ہو تو وہاں سے نہ نکلو اور جب وہ کسی ایسی سرزمین میں پھیلا ہو جہاں تم نہ رہتے ہو تو وہاں نہ جاؤ | | |
| ۲۔ | إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يَرْضَى لَكُمْ ثَلَاثاً وَ يَكْرَهُ ثَلَاثاً يَرْضَى لَكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَ لَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئاً وَ أَنْ تَعْتَصِمُوا بِحَبْلِهِ جَمِيعاً وَ لَا تَفَرَّقُوا وَ أَنْ تُنَاصِحُوا مَنْ وَلَّاهُ اللَّهُ أَمْرَكُمْ وَ يَكْرَهُ كَثْرَةَ الْقِيلِ وَ الْقَالِ وَ كَثْرَةَ السُّؤَالِ وَ إِضَاعَةَ الْمَالِ. | مسلم ۱۷۱۵ | تھذیب الاحکام، ج7، ص:232 |
| | بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے تین چیزوں کو پسند اور تین چیزوں کو ناپسند کرتا ہے خالص اللہ کی عبادت کرو، اور اللہ کا شریک نہ ٹھہراو، اور اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقوں میں نہ بٹو۔ اور جن کو اللہ نے تمہارے معاملات (حکمرانی) کا اختیار دیا ہے ان کی خیر خواہی کرو- اللہ تعالی فضول باتیں کرنے، کثرت سے سوال کرنے اور مال کو ضائع کرنے کو پسند نہیں کرتے۔ | | |
| ۳۔ | مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيمَةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ | بخاری ۲۳۲۰ | مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل، ج13، ص: 460 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | کوئی مسلمان شجر کاری یا کاشتکاری کرتا ہے، پھر اس میں سے کوئی پرندہ، انسان یا حیوان کھاتا ہے تو اسے صدقہ وخیرات کا ثواب ملتا ہے۔ | | |
| ۴۔ | مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ | بخاری ٦٠١٨ | وسائل الشیعة، ج12، ص:127 |
| | جو کوئی اللہ پر ایمان اور آخرت پر یقین رکھتا ہو اسے چاہئے کہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔ جو شخص اللہ پر ایمان اور آخرت پر یقین رکھتا ہو وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ اور کوئی اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اچھی بات کہے یا پھر خاموش رہے۔ | | |
| ۵۔ | الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ، وَلَا يَحْقِرُهُ | مسلم ٢٥٦٤ | الکافي، ج2، ص:168 |
| | مسلمان (دوسرے) مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے، نہ اسے بے یار و مددگار چھوڑتا ہے اور نہ اس کی تحقیر کرتا ہے۔ | | |
| ٦۔ | اللَّهُمَّ إِنِّي أُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِيفَيْنِ الْيَتِيمِ وَالْمَرْأَةِ | ابن ماجہ ٣٦٧٨ | بحار الانوار، ج61، ص:273 |
| | اے اللہ! میں (لوگوں کو) دو کمزوروں یتیم اور عورت، کی حق تلفی کرنا (تاکید کے ساتھ) حرام ٹھہراتا ہوں۔ | | |
| ۷۔ | مَا أَمَرْتُكُمْ بِهِ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا | سنن ابن ماجہ 1 | شرح اصول الکافي، ج2، ص:334 |
| | جس کام کا میں تمہیں حکم دوں، اس پر عمل کرو اور جس سے منع کروں، اس سے باز رہو | | |
| ۸۔ | إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ | مسلم ٢٥٦٣ | وسائل الشیعة، ج27، ص:60 |
| | بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے۔ | | |
| ۹۔ | لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الرَّاشِي وَالْمُرْتَشِي | سنن ابن ماجہ ٢٣١٣ | بحار الانوار، ج101، ص:275 |
| | رشوت دینے والے اور لینے والے دونوں پر اللہ کی لعنت ہے۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۔ | إِنَّ اللَّهَ يَرْفَعُ بِهَذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهِ آخَرِينَ | مسلم ۸۱۷ | |
| | اللہ تعالیٰ اس کتاب (قرآن) کے ذریعے بہت سے لوگوں کو اونچا کر دیتا ہے اور بہت سے لوگوں کو اس کے ذریعے سے نیچا گراتا ہے | | |

# ضمیمہ احادیث برائے اسلامیات لازمی انٹر میڈیٹ

| نمبر شمار | عنوان حدیث | حوالہ حدیث | اہل تشیع حوالہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | مَنْ يُرِدْ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ | بخاری۔۷۱ | الکافی ج1، ص:33 |
| جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔ | | | |
| ۲ | مَا شَيْءٌ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ وَإِنَّ اللَّهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ | ترمذی۔۲۰۰۲ | مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل، ج8، ص:443 |
| قیامت کے دن مومن کے میزان میں اخلاق حسنہ سے بھاری کوئی چیز نہیں ہوگی اور اللہ تعالیٰ بے حیاء، بدزبان سے نفرت کرتا ہے۔ | | | |
| ۳ | مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ | مسلم۔۶۸۵۳، ۲۶۹۹ | وسائل الشیعة، ج16، ص:372 |
| جس شخص نے کسی مسلمان کی دنیاوی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کی، اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کرے گا اور جس شخص نے کسی تنگ دست کے لیے آسانی کی، اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانی کرے گا اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس وقت تک بندے کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے | | | |
| ۴ | لَا تَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ وَعَنْ عِلْمِهِ فِيمَ فَعَلَ وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أَنْفَقَهُ وَعَنْ جِسْمِهِ فِيمَ أَبْلَاهُ | ترمذی۔۲۴۱۶ | بحار الأنوار، ج36، ص: 80 |
| قیامت کے دن کسی بندے کے دونوں پاؤں نہیں ہٹیں گے یہاں تک کہ اس سے یہ نہ پوچھ لیا جائے: اس کی عمر کے بارے میں کہ اسے کن کاموں میں ختم کیا، اور اس کے علم کے بارے میں کہ اس پر کیا عمل کیا اور اس کے مال کے بارے میں کہ اسے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا، اور اس کے جسم کے بارے میں کہ اسے کہاں کھپایا۔ | | | |
| ۵ | اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقَاتِ قَالُوا يَا رَسُولَ | بخاری۔۲۷۶۶ | وسائل الشیعة، ج15، |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | اللَّهِ وَمَا هُنَّ قَالَ الشِّرْكُ بِاللَّهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَكْلُ الرِّبَا وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ وَالتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ | | ص:331 |
| "سات گناہوں سے جو تباہ کر دینے والے ہیں، بچتے رہو۔" صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا یا رسول اللہ ! وہ کون سے گناہ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا' جادو کرنا' کسی کی ناحق جان لینا کہ جسے اللہ تعالی نے حرام قرار دیا ہے' سود کھانا' یتیم کا مال کھانا' لڑائی میں سے بھاگ جانا' پاک دامن بھولی بھالی ایمان والی عورتوں پر تہمت لگانا۔" | | | |
| ۶ | مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ | مسلم۔۴۹،۱۷۷ | مستدرک الوسائل و مستنبط المسائل، ج12، ص:193 |
| تم میں سے جو شخص منکر (ناقابل قبول کام) دیکھے اس پر لازم ہے کہ اسے اپنے ہاتھ (قوت) سے بدل دے اور اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے اس کو بدلے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنے دل سے (اسے برا سمجھے) اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے۔ | | | |
| ۷ | نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنْ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ | بخاری۔۶۴۱۲ | سفینۃ البحار، ج6، ص: 601 |
| دو نعمتیں ایسی ہیں کہ اکثر لوگ ان کی قدر نہیں کرتے، صحت اور فراغت۔ | | | |
| ۸ | الْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهَا كَثِيرٌ مِنْ النَّاسِ فَمَنْ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ كَالرَّاعِي حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يَرْتَعَ فِيهِ أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى أَلَا وَإِنَّ حِمَى اللَّهِ مَحَارِمُهُ | ابن ماجہ۔۱۲ | الهدایاالشیعة أئمة الهدی ج1، ص:613 |
| حلال ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں جنہیں اکثر لوگ نہیں جانتے، چنانچہ جو شخص ان مشتبہ چیزوں سے بچ گیا اس نے اپنے دین اور اپنی آبرو کو بچا لیا اور جو کوئی ان مشتبہ چیزوں میں مبتلا ہو گیا اس کی مثال اس چرواہے کی سی ہے جو شاہی چراگاہ کے آس پاس (اپنے جانوروں کو) چرائے، قریب ہے کہ چراگاہ کے اندر اس کا جانور گھس جائے۔ آگاہ رہو کہ ہر بادشاہ کی ایک چراگاہ ہوتی ہے۔ خبردار! اللہ کی چراگاہ اس کی زمین میں حرام کردہ چیزیں ہیں۔ | | | |
| ۹ | لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنْ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ | بخاری۔۵۸۸۶ | بحار الأنوار، ج76، ص: |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنْ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ | | 66 |
| رسول اللہ ﷺ نے ان مردوں پر لعنت کی ہے جو عورتوں کی مشابہت کریں اور ان عورتوں پر بھی لعنت کی ہے جو مردوں کی مشابہت کرتی ہیں۔ | | | |
| ۱۰ | إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ أَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ يَسُبُّ الرَّجُلُ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ وَيَسُبُّ أُمَّهُ | بخاری۔۵۹۷۳ | بحار الأنوار، ج71، ص: 47 |
| یقیناً سب سے بڑے گناہوں میں سے یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے والدین پر لعنت بھیجے۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ ﷺ! کوئی شخص اپنے ہی والدین پر کیسے لعنت بھیجے گا؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص دوسرے کے باپ کو برا بھلا کہے گا تو دوسرا بھی اس کے باپ کو اور اس کی ماں کو برا بھلا کہے گا۔ | | | |
| ۱۱ | اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ | بخاری۔۲۴۴۸ | نہج الفصاحۃ، ص:162 |
| مظلوم کی بددعا سے بچتے رہنا کیونکہ اس کی بددعا اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا۔ | | | |
| ۱۲ | يُوشِكُ الرَّجُلُ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيكَتِهِ يُحَدَّثُ بِحَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِي فَيَقُولُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا وَجَدْنَا فِيهِ مِنْ حَلَالٍ اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ أَلَا وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللَّهُ | ابن ماجہ۔۱۲ | ریاض السالکین فی شرح صحیفۃ سید الساجدین، ج3، ص:381 |
| عنقریب (ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ) آدمی اپنے تخت پر ٹیک لگائے بیٹھا ہوگا، اسے میری کوئی حدیث سنائی جائے گی تو کہے گا: ہمارے اور تمہارے درمیان (فیصلہ کرنے والی) اللہ عزوجل کی کتاب ہے۔ ہمیں اس میں جو چیز حلال ملے گی، اسے حلال مانیں گے اور ہے جس طرح اللہ کا حرام کیا ہوا۔ | | | |
| ۱۳ | دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِينَةٌ وَإِنَّ الْكَذِبَ رِيبَةٌ | ترمذی۲۵۱۸۔ | وسائل الشیعۃ، ج27، ص:168 |
| مشکوک اور مشتبہ چیز کو چھوڑ کر وہ اختیار کرو جو مشتبہ نہ ہو۔ بے شک سچائی اطمینان کا باعث ہے اور بے شک جھوٹ شک کا باعث ہے۔ | | | |
| ۱۴ | لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ | بخاری و مسلم | بحار الأنوار، ج17، ص: 14 |
| تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے والد، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ | | | |
| ۱۵ | عن عَبْدِ اللَّهِ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى | بخاری و مسلم | مستدرک الوسائل و |

<table>
<tr><td>مستنبط المسائل، ج3، ص:43</td><td></td><td>اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ قَالَ الصَّلَاةُ عَلَى وَقْتِهَا قَالَ ثُمَّ أَيُّ قَالَ ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قَالَ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="4">میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اللہ تعالٰی کے نزدیک سب سے محبوب عمل کونسا ہے آپ نے فرمایا نماز کو اسکے وقت پر ادا کرنا، انہوں نے کہا پھر؟ آپ صلی اللّٰہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا پھر والدین کے ساتھ نیکی انہوں نے کہا پھر کونسا آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے رستے میں جہاد۔</td></tr>
</table>

# پروگریشن گریڈ برائے اسلامیات (لازمی) جماعت اوّل تا انٹرمیڈیٹ

| اجزاء/ابواب | اول | دوم | سوم | چہارم | پنجم | ششم | ہفتم | ہشتم | نہم | دہم | یازدہم/دوازدہم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. قران مجید و حدیثِ نبوی | الف۔ ناظرہ قرآن مجید<br>ب۔حفظ وترجمہ<br>ج۔حدیث نبوی ﷺ<br>د۔دعائیں (زبانی) | الف۔ ناظرہ قرآن مجید<br>ب۔حفظ و ترجمہ<br>ج۔حدیثِ نبوی ﷺ<br>د۔دعائیں (زبانی) | الف۔ ناظرہ قرآن مجید<br>ب۔حفظِ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیثِ نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔ ناظرہ قرآن مجید<br>ب۔حفظِ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیثِ نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔ ناظرہ قرآن مجید<br>ب۔حفظِ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیثِ نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔ مطالعہ قرآن مجید<br>ب۔حفظِ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیث نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔مطالعہ قرآن مجید<br>ب۔حفظ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیث نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔ مطالعہ قرآن مجید<br>ب۔حفظِ قرآن مجید<br>ج۔حفظ وترجمہ<br>د۔حدیث نبوی ﷺ<br>ہ۔دعائیں (زبانی) | الف۔ مطالعہ قرآن مجید (حصّہ چہارم)<br>ب۔علوم القرآن<br>ج۔حدیثِ نبوی ﷺ (دس احادیث بمطابق ضمیمہ) | الف۔ مطالعہ قرآن مجید (حصّہ پنجم)<br>ب۔علوم الحدیث<br>-تدوین حدیث (دور اوّل)<br>ج۔حدیثِ نبوی ﷺ (دس احادیث بمطابق ضمیمہ) | الف۔ مطالعہ قرآن مجید<br>ب۔علوم القرآن<br>فضائل قرآن، اسمائے قرآن، مکی ومدنی سورتوں کا تعارف، آیات احکام<br>ج۔علوم الحدیث<br>حفاظت حدیث (تدوین حدیث کے ادوار، صحاح ستہ اور کتب اربعہ کی تدوین)، حجیت حدیث، اقسام حدیث،<br>دس احادیث (بمطابق ضمیمہ) |
| 2. ایمانیات وعبادات | ا۔ایمانیات<br>الف۔توحید کا | ا۔ایمانیات<br>الف۔آسمانی | ا۔ایمانیات<br>الف۔توحید کا | ا۔ایمانیات<br>الف۔فرشتوں پر | ا۔ایمانیات<br>الف۔آخرت | ا۔ایمانیات<br>الف۔توحید کی | ا۔ایمانیات<br>الف۔عقیدۂ ختم | ا۔ایمانیات<br>الف۔تقدیر پر ایمان | ا۔ایمانیات<br>الف۔عقیدہ توحید (قرآنی آیات و | ا۔ایمانیات<br>الف۔ملائکہ اور کتب سماویہ (قرآنی آیات و | ا۔ایمانیات<br>الف۔توحید کے دلائل |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعارف<br>ب۔ نبوت ورسالت<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ مسجد و اذان<br>ب۔ نماز | کتب اور فرشتے<br>ب۔ آخرت<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ روزہ<br>ب۔ عیدین | تعارف<br>ب۔ نبوت ورسالت<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ کلمۂ شہادت<br>ب۔ اذان<br>ج۔ وضو<br>د۔ نماز<br>ہ۔ قبلہ و مسجد | ایمان<br>ب۔ آسمانی کتابوں پر ایمان<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ روزہ<br>ب۔ حقوق اللہ<br>ج۔ تلاوتِ قرآن مجید | ب۔ ختمِ نبوت اور اطاعتِ رسول<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ زکوٰۃ<br>ب۔ جمعۃ المبارک کی فضیلت<br>ج۔ عیدین | اہمیت اور اثرات<br>ب۔ نبوت ورسالت<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ اسلام میں عبادت کا جامع تصوّر<br>ب۔ طہارت و پاکیزگی<br>ج۔ نماز کی فرضیت واہمیت | نبوت<br>ب۔ آسمانی کتابوں پر ایمان<br>ج۔ فرشتوں پر ایمان<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ روزہ اور اس کی فضیلت<br>ب۔ نمازِ جنازہ اور دیگر نمازیں<br>ج۔ دُعا کی اہمیت و فضیلت | ب۔ عقیدۂ آخرت<br>ج۔ خشیتِ الٰہی اور فکرِ آخرت<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ زکوٰۃ کی فضیلت واہمیت<br>ب۔ حج اور اس کی عالمگیریت<br>ج۔ اسلامی عبادات کے تقاضے 8 اور اثرات | احادیثِ نبوی)<br>ب۔ عقیدۂ رسالت- عقیدۂ ختم نبوت (قرآنی آیات و احادیثِ نبوی)<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ نماز (احکام و مسائل)<br>ب۔ روزہ (احکام و مسائل) | احادیثِ نبوی)<br>ب۔ عقیدۂ آخرت- قبر، برزخ، حشر، جنت، جہنم۔۔(قرآنی آیات واحادیثِ نبوی)<br>ب۔ عبادات<br>الف۔ زکوٰۃ- عُشر۔۔(احکام و مسائل)<br>ب۔ حج- قربانی۔۔(احکام و مسائل) | اور تقاضے<br>ب۔ رسالت محمدی ﷺ کی خصوصیات<br>ج۔ ملائکہ پر ایمان<br>د۔ کتب سماویہ پر ایمان<br>ہ۔ آخرت پر ایمان<br>**۲۔ عبادات**<br>الف۔ فلسفۂ نماز<br>ب۔ فلسفۂ زکوٰۃ<br>ج۔ فلسفۂ صوم<br>د۔ فلسفۂ حج و قربانی |
| 3. سیرتِ طیّبہ | الف۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ<br>ب۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اخلاق | الف۔ نبی کریم کی محبت اور اطاعت<br>ب۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اخلاقِ حسنہ | الف۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت)<br>ب۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی صداقت و امانت اور | الف۔ نزولِ وحی کا واقعہ<br>ب۔ دعوت و تبلیغ<br>ج۔ ہجرتِ حبشہ<br>د۔ شعبِ ابی طالب | الف۔ معراج النبی<br>ب۔ بیعتِ عقبہ اولیٰ وثانیہ<br>ج۔ ہجرتِ مدینہ<br>د۔ مؤاخاتِ مدینہ<br>ہ۔ مسجدِ نبوی | عہدِ نبوی کے ماہ وسال (مدنی دور)<br>الف۔ نبی کریم ﷺ اور مدنی معاشرے کا قیام<br>ب۔ ریاستِ مدینہ کا قیام | عہدِ نبوی کے ماہ و سال (مدنی دور)<br>الف۔ نبی کریم ﷺ اور مدنی معاشرے کا استحکام<br>ب۔ غزوۂ خندق | عہدِ نبوی کے ماہ وسال (مدنی دور)<br>الف۔ نبی کریم ﷺ کی دعوت کی عالمگیریت و آفاقیت<br>ب۔ غزوۂ خیبر | عہدِ نبوی کے ماہ و سال (مدنی دور)<br>الف۔ نبی کریم صلّی اللہ عَلَیہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَصحابِہٖ وَسَلَّمَ کے لیے نصرتِ الٰہیہ کا ظہور اور اسلام کا پھیلاؤ | عہدِ نبوی کے ماہ و سال (مدنی دور)<br>الف۔ نبی کریم صلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصحابِہٖ وَسَلَّمَ بطور معاشرتی مُصلح<br>ب۔ غزوۂ تبوک | اسوۂ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی<br>الف۔ نبی کریم ﷺ بطور مثالی سربراہ خاندان<br>ب۔ نبی کریم ﷺ بطور مثالی سربراہ |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | حسنہ | | حسنِ معاملات<br>ج۔ نبی کریم ﷺ کی رواداری اور صبر و تحمل | ہ۔ عام الحزن<br>و۔ سفر طائف | و۔ میثاقِ مدینہ<br>ز۔ غزوات | ج۔ ریاست مدینہ کا استحکام (غزوہ بدر)<br>د۔ غزوۂِ اُحد<br>**اُسوۂِ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی**<br>الف۔ نبی کریم ﷺ سے محبت اور اطاعت<br>ب۔ نبی کریم ﷺ کا بچوں کے ساتھ حُسنِ سلوک<br>ج۔ نبی کریم ﷺ کا ایفائے عہد | ج۔ غزوہ بنو قُریظہ<br>د۔ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمی و تربیتی سرگرمیاں<br>ہ۔ صلح حدیبیہ<br>و۔ نبی ﷺ بطور داعی امن<br>**اُسوۂِ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی**<br>الف۔ نبی کریم ﷺ کا صبر و شکر<br>ب۔ نبی کریم ﷺ کا سادہ طرزِ زندگی اور قناعت<br>ج۔ نبی کریم ﷺ کا اندازِ گفتگو | ج۔ معرکہ مؤتہ<br>**اُسوۂِ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی**<br>د۔ نبی کریم ﷺ کی معاشرتی تعلیمات<br>ہ۔ نبی کریم ﷺ کے شمائل و خصائص | ب۔ فتح مکّہ<br>ج۔ غزوۂِ حنین<br>د۔ عام الوفود<br>**اُسوۂِ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی**<br>الف۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ کا بچپن اور جوانی<br>ب۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ ذوقِ عبادت<br>ج۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ کا سخاوت و ایثار | ج۔ خطبہ حجۃ الوداع<br>د۔ وصالِ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ<br>ہ۔ سیرتِ نبوی بطور سرچشمۂِ ہدایت<br>**اُسوۂِ رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی**<br>الف۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ کی صلہ رحمی<br>ب۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمُ کا خواتین کے ساتھ حُسنِ سلوک<br>ج۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا اندازِ تربیت<br>د۔ تنازعات کے حل | ریاست<br>ج۔ نبی کریم ﷺ بطور مثالی سپہ سالار<br>د۔ نبی کریم ﷺ کا معاشی اسوہ |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | کے لیے نبی کریم<br>ﷺ کی حکمت عملی | |
| 4. اخلاق و آداب | الف۔اچھے اخلاق<br>ب۔سلام کرنا | الف۔اسلامی آدابِ زندگی<br>ب۔بڑوں کا ادب<br>ج۔جانوروں سے اچھا سلوک | الف۔سچ کی اہمیت<br>ب۔گفتگو کے آداب | الف۔سادگی<br>ب۔آدابِ مجلس<br>ج۔وقت کی پابندی | الف۔رواداری<br>ب۔عفوودرگزر<br>ج۔کفایت شعاری | الف۔مشاورت کی اہمیت<br>ب۔صبر و تحمل<br>ج۔اسلامی آدابِ زندگی<br>بُری عادات سے اجتناب<br>چوری،غصب اور دھوکادہی | الف۔میانہ روی<br>ب۔سخاوت اور ایثار<br>ج۔تعلیم و تَعَلُّم کے آداب<br>بُری عادات سے اجتناب<br>د۔ریاکاری اور نمودو نمائش<br>ہ۔منافقت اور دورخی | الف۔مساوات<br>ب۔اخوتِ اسلامی اور اتحادِ ملی<br>:بری عادات سے اجتناب<br>ج۔بدگُمانی اور تجسس سے پرہیز<br>د۔حرص و طمع کی ممانعت | الف۔شُکرو قناعت<br>ب۔امانت و دیانت<br>بُری عادات سے اجتناب<br>ج۔تکبر<br>د۔حسد | الف۔اخلاص و تقوی<br>ب۔پردہ پوشی<br>بُری عادات سے اجتناب<br>ج۔جھوٹ<br>د۔غیبت اور بہتان<br>ہ۔علم نجوم،جادو اور توہم پرستی | الف۔اجتماعی خیر خواہی اور احترام انسانیت<br>ب۔برے اخلاق سے اجتناب(تعصب،خود پسندی، فحش گوئی، منشیات کا استعمال، رشوت ستانی اور بد عنوانی)<br>(ج)معاشرتی ربط کے اخلاق و آداب |
| 5. حسنِ معاملات و معاشرت | -----------<br>- | --------<br>---- | الف۔باہمی تعلقات | الف۔دیانت داری<br>ب۔حقوق العباد(خدمتِ خلق)<br>ج۔وطن سے محبت<br>(ذمہ دار شہری) | الف۔ایفائے عہد<br>ب۔اسلامی اخوت<br>ج۔بری عادات سے اجتناب(چغل خوری) | الف۔حقوق العباد (والدین اور رشتہ داروں کے حقوق)<br>ب۔عدل واحسان<br>ج۔اسلام میں رفاہِ عامہ کی اہمیت | الف۔حقوق العباد(خواتین، مہمان، مسافر اور دوست)<br>ب۔نظم وضبط اور قانون کا احترام<br>ج۔کسبِ حلال | الف۔حقوق العباد( مریض، معذور، یتیم)<br>ب۔مزدوروں، ملازمین اور ماتحتوں کے ساتھ حُسنِ سلوک<br>ج۔مسلمانوں کے حقوق (دین، جان ومال، عزت و | الف۔قسم کے احکام ومسائل<br>ب۔گواہی کے احکام ومسائل<br>ج۔ہمسایوں کے حقوق | الف۔سود کی حُرمت<br>ب۔اسلامی ریاست<br>ج۔جہاد فی سبیل اللہ | الف۔حقوق العباد (اساتذہ کرام، معاون عملہ، زوجین، اولاد، بیوہ)<br>ب۔ وراثت کی اسلامی تعلیمات<br>ج۔نکاح و طلاق کی |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | د۔ قومی املاک و وسائل کے استعمال کے آداب | آبرو)<br>د۔ خرید و فروخت کے احکام و آداب | | | اسلامی تعلیمات |
| 6. ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام | الف۔ انبیا کرامؑ کا تعارف | انبیائے کرامؑ | الف۔ حضرت آدمؑ<br>ب۔ حضرت نوحؑ<br>ج۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ | الف۔ حضرت ابراہیمؑ<br>ب۔ حضرت موسیٰؑ<br>ج۔ حضرت عمرِ فاروقؓ<br>د۔ حضرت عثمانِ غنیؓ | الف۔ حضرت عیسیٰؑ<br>ب۔ حضرت علی المرتضیٰؓ<br>ج۔ صوفیائے کرام | الف۔ امھات المومنینؓ<br>● حضرت خدیجہؓ<br>● حضرت سودہؓ<br>● حضرت عائشہؓ<br>ب۔ نبی اکرم ﷺ کی اولاد مبارکہ<br>● حضرت فاطمہؓ<br>● حضرت زینب بنت علیؓ<br>ج۔ صحابہ کرامؓ<br>● طلحہ و زبیرؓ<br>● سعد بن آبی وقاص و سعید بن زیدؓ<br>● ابو عبیدۃ بن جراح و عبد الرحمن بن عوفؓ | الف۔ امھات المومنینؓ<br>● حضرت حفصہؓ<br>● حضرت زینبؓ بنت خزیمہ<br>● حضرت ام سلمہؓ<br>● حضرت زینب بنت جحشؓ<br>● حضرت امام حسنؓ<br>ج۔ صحابہ کرامؓ<br>● حضرت عبد اللہ بن عباسؓ<br>● حضرت اُبی بن کعبؓ<br>● حضرت زید بن ثابتؓ<br>د۔ صوفیائے کرام<br>● حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ<br>● حضرت شہاب | الف۔ امھات المومنینؓ<br>● حضرت جویریہؓ<br>● حضرت صفیہؓ<br>● حضرت اُمِّ حبیبہؓ<br>● حضرت میمونہؓ<br>● حضرت ماریہ قبطیہؓ<br>ب۔ حضرت امام حسینؓ<br>ج۔ صحابہ کرامؓ<br>● حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ<br>● حضرت معاذ بن جبلؓ<br>د۔ صوفیائے کرام<br>● حضرت بہاؤ الدین نقشبند بخاریؒ<br>● حضرت معین الدین چشتی اجمیریؒ<br>● حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ<br>● حضرت فرید الدین گنجؒ | الف۔ اہل بیت<br>● حضرت امام زین العابدینؒ<br>ب۔ صحابہ کرامؓ<br>● حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ<br>● حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص<br>● حضرت عمرو بن اُمیّہ<br>ج۔ صحابیات<br>● حضرت شفاؓ<br>● حضرت اُمِّ سُلیمؓ<br>● حضرت اُمِّ عطیہؓ<br>د۔ صوفیائے کرام<br>● ابو القاسم قشیری<br>● شیخ فرید الدین عطار<br>● خواجہ نظام الدین | الف۔ اہل بیت<br>● حضرت زید بن علیؒ<br>ب۔ صحابہ کرامؓ<br>● حضرت جابر بن عبد اللہ انصاریؓ<br>● حضرت انسؓ<br>ج۔ صحابیات<br>● حضرت اُمِّ ایمنؓ<br>● حضرت اُمِّ عمّارہ رضی اللہ عنہا<br>● حضرت اسماء بنت ابو بکرؓ<br>د۔ صوفیائے کرام<br>● شیخ عبد الرحمن جامی<br>● شیخ ابو نصر سراج<br>● لعل شہباز قلندر<br>ہ۔ علماء و مفکرین رحمھم اللہ تعالیٰ | الف۔ خلافتِ راشدہ<br>ب۔ آئمہ اہل بیت اطہار<br>ج۔ صوفیائے کرام |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | د۔ صوفیائے کرامؒ<br>● حضرت عبد اللہ غازی شاہؒ<br>ہ۔ علماء ومفکرین<br>● حضرت امام جعفر صادقؒ<br>● حضرت امام ابو حنیفہؒ<br>● امام مالکؒ<br>و۔ فاتحین<br>● حضرت خالد بن ولیدؓ | الدین سہر وردیؒ<br>● مولانا رومؒ<br>● حضرت علی بن عثمان الہجویریؒ<br>ہ۔ علماء ومفکرین<br>● حضرت امام شافعیؒ<br>● حضرت امام احمد بن حنبلؒ<br>و۔ فاتحین<br>● موسیٰ بن نُصیرؒ<br>● طارق بن زیادؒ | شکرؒ<br>ہ۔ علماء ومفکرین<br>● امام غزالیؒ<br>● شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ<br>● شاہ ولی اللہؒ<br>و۔ فاتحین<br>● سلطان نور الدین زنگیؒ<br>● سلطان صلاح الدین ایوبیؒ<br>● سلطان محمد فاتحؒ | دہلوی<br>ہ۔ علماء ومفکرین رحمہم اللہ تعالیٰ<br>● امام شاطبی<br>● امام ابن تیمیہ<br>● ابن خلدون | ● ابن حجر عسقلانی<br>● ابن رُشد | |
| 7. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے | ----------<br>-- | --------<br>---- | الف۔ صحت و تندرستی | الف۔ صفائی کی ضرورت واہمیت<br>ب۔ پانی کی اہمیت | الف۔ حادثات سے بچنے کی تدابیر<br>ب۔ پودوں اور درختوں کی اہمیت | الف۔ زندگی اور ماحول کی اہمیت<br>ب۔ جانوروں کی اہمیت اور اُن کے حقوق | الف۔ اسلام میں علم کی اہمیت<br>ب۔ اسلام اور امن عامہ | الف۔ امر بالمعروف ونہی عن المنکر<br>ب۔ ذرائع ابلاغ کا استعمال | الف۔ خود اعتادی و خود انحصاری<br>ب۔ جسمانی وذہنی صحت اور کھیل | الف۔ اسلامی تعلیمات اور مستقبل کی منصوبہ بندی<br>ب۔ باہمی ارتباط<br>ج۔ اسلامی تہذیب کے امتیازات | الف۔ قانون کی پاسداری<br>ب۔ نشاۃ ثانیہ اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں<br>ج۔ اسلاموفوبیا اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں |

# قومی نصاب کونسل سیکریٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

حکومت پاکستان